مفاتیح الجنان و باقیات الصالحات (اردو)

نام کتاب مفاتیح الجنان و باقیات الصالحات (اردو)
تألیف خاتم المحدثین شیخ عباس بن محمد رضا قمی
ترجمہ ہئیت علمی مؤسسہ امام المنتظر (عج)
زیر نگرانی حجة السلام والمسلمین حاج آقای سید نیاز حسین نقوی مد ظلہ العالی
کمپو زنگ سید محمد رضا ،سید نجم عباس ،سید امجد حسین ،سید جعفر رضا،سید حسین علی
ناشر مؤسسہ امام المنتظر (عج)
اشاعت اول ۱٤اگست ۲۰۰۲ بمطابق ٥جمادی الثانی ۱٤۲۳ھ مرداد ۸۱
صفحات ۱۰٦۳
چھاپخانہ شریعت قم
جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں ۔
نوٹ :اس کتاب کی عربی یا اردو ترجمہ وچھوٹے یا بڑے سائز میں اصل یا منتخب کسی بھی عنوان سے مؤسسہ امام المنتظر (عج) کی اجازت کے بغیر چھاپناشرعاً و قانوناًممنوع ہے ۔

ملنے کا پتہ
امام المنتظر(عج) پبلیکیشنر
پوسٹ بکس ۳٦۸۳/۳۷۱۸٥:
قم جمہوری اسلامی ایران مؤ سسہ امام المنتظر(عج)خیابان انقلاب کوچہ ۱۷رو بروی مسجد گذر قلعہ
فیکس و ٹیلی فون نمبر:۷۷۳٦۷٦۰
موبائل:۰۹۱۱۲۱۲۰۹۳٥
@hotmail.com۱۲Email: montazar

فهرست

مفاتیح الجنان و باقیات الصالحات (اردو) 1

فہرست.. 3

عرض ناشر.. 12

مقدمہ 14

مطلب اول:دعا کی اہمیت وفضیلت ، قبولیت دعا کے شرائط، آداب دعا، اور دعا کے مخصوص اوقات، حالات اور مقامات ۔ 15

آداب دعا 17

مقبول دعائیں 22

مطلب سوم :مؤلف محترم کے مختصر حالات زندگی.. 26

۱.(سور قرآنی).. 28

فضائل سورہ یٰس 28

فضائل سورۂ رحمن 34

فضائل سورۂ واقعہ 37

فضیلت سورہ جمعہ.. 41

فضائل سورہ ملک 42

فضائل سورہ نبائ 44

فضائل سورہ اعلی و سورہ شمس.. 46

فضیلت سو ر ہ قدر و سو رہ زلزال 47

فضیلت سورہ عادیات..48

فضائل سورہ کا فرون، نصر، توحید، فلق اور ناس 49

فضائل آیت الکرسی 50

سورہ عنکبوت 51

سورہ روم 58

سورہ دخان..63

مقدمہ تعارف 66

باب اول.. 66

پہلی فصل ---------------------------- تعقیبات مشترکہ 67

دوسری فصل --------تعقیبات مخصوص.. 73

تعقیب نماز ظہر 73

تعقیب نماز عصر 74

تعقیب نماز مغرب..75

نماز غفیلہ 76

تعقیب نماز عشا 77

تعقیب نمازصبح 77

بعض ادعیہ صبح و شام اول: 82
تیسری فصل: ----- ملحقاتِ صحیفہ سجا دیہ سے منقو ل ایام ہفتہ کی دعائیں........... 84
چوتھی فصل --------- جمعرات وجمعہ کے فضائل واعمال 92
شب جمعہ کے اعمال.. 93
(۱)نماز امیرالمومنین - 95
روز جمعہ کے اعمال.. 100
نماز حضرت رسول اللہ 105
نماز حضرت ا میر المؤمنین.. 106
نماز حضرت فا طمہ 108
نماز امام حسن و حسین 111
نماز اما م زین العابدین 111
نماز حضرت امام محمد باقر 112
نماز حضرت امام جعفر صادق 113
نماز حضرت امام موسیٰ کاظم.. 113
نماز حضرت امام علی رضا.. 114
نماز حضرت امام محمد تقی 114

نماز حضرت امام علی نقی 115

نماز امام حسن عسکری 115

نماز حضرت صاحب الزّمان عجل اللہ تعالی فرجہ‘ 116

نما ز حضرت جعفر طیا ر 117

پا نچویں فصل ------ تعین ایام ہفتہ برائے معصومین 128

زیارت حضرت امیرالمومنین اتوار:..131

زیارت حضرت فاطمہ..132

زیارت امام حسن و حسین روزپیر:..133

زیارت حضرت امام حسین..133

زیارت آئمہ بقیع روز منگل: 134

چار آئمہ کی زیارات بروز بدھ:..135

زیارت امام عسکری روز جمعرات 136

زیارت امام العصر (عج)روزجمعہ 136

چھٹی فصل ----- اس میں بعض مشہو ر د عا ئو ں کا تذ کر ہ ہے۔..............................139

دعائے صبا ح 139

دعائے کمیل بن زیاد(رح)..142

دعائے عشرات..151

دعا ئے سما ت.. 156
دعا ئے مشلول.. 163
دعائے یستشیر.. 169
دعائے مجیر.. 174

دعا عدیلہ 179

دعائے جوشن کبیر.. 184
دعائے جوشن صغیر.. 209
دعائ سیفی صغیر یعنی دعائ قاموس.. 221
ساتویں فصل ---------- بعض قرآنی آیات اور دعائیں 224
(۲) دعائ توسل.. 224
(۲) دعائے توسل دیگر.. 228
(۳) دعائے فرج شیخ کفعمی نے بلدالامین میں ایک دعا.. 230
(۴) حرز حضرت فاطمہ الزہرائ اور قید سے رہائی کی دعا.. 231
(۵)بخار سے شفا پانے کی دعا.. 232
(۶)حرز حضرت امام زین العابدین-.. 232
(۷)دعائ امام زین العابدین-.. 234
(۸)دعائے حضرت رسول.. 234
(۹)دعائے سریع الاجابت 235
(۱۰)دعا امن.. 236
(۱۱)دعا فرج حضرت حجت(عج).. 237
(۱۲)دعا فرج حضرت حجت(عج).. 238
(۱۳)دعا فرج حضرت حجت(عج).. 239

(١٤)استغاثہ بہ حضرت قائم (عج).. 239
آٹھویں فصل --- مناجات کے بیان میں.. 241
پہلی مناجات.. 241
دوسری مناجات 243
تیسری مناجات.. 244
چوتھی مناجات 245
چھٹی مناجات 249
ساتویں مناجات.. 250
آٹھویں مناجات 251
نویں مناجات.. 252
دسویں مناجات 254
گیارہویں مناجات.. 255
بارہویں مناجات.. 256
تیرہویں مناجات.. 258
چودھویں مناجات.. 259
پندرہویں مناجات.. 260
مناجات منظومہ حضرت امیرالمومنین علی بن ابی طالب - 262
باب دوم.. 267
سال کے مہینوں کے اعمال.. 267
پہلی فصل - ماہ رجب کی فضیلت اور اس کے اعمال.. 267
ماہ رجب کے مشترکہ اعمال 268

زیارت رجبیہ (۷) 274

رجب میں دن رات کے مخصوص اعمال... 279

تیرھویں رجب کا دن.. 284

پندرھویں رجب کی رات... 284

پندرہ رجب کا دن... 285

اعمال ام داؤد (۵) 286

ستائیس رجب کی رات 293

ستائیس رجب کا دن 298

(دوسری فصل) - ماہ شعبان کی فضیلت واعمال.. 303

ماہ شعبان کے مشترکہ اعمال 303

ماہ شعبان کے مخصوص اعمال... 311

تیسری شعبان کا دن 315

فضیلت و اعمال نیمہ شعبان.. 317

پندرہ شعبان کا دن 325

(تیسری فصل) - ماہ رمضان کے فضائل و اعمال 329

پہلا مطلب... 332

ماہ رمضان کے مشترکہ.. 332

پہلی قسم:.. 332

دوسری قسم :..335

دعائے افتتاح..336

تیسری قسم...345

ماہ رمضان میں سحری کے اعمال 345

دعا ئے ابو حمزہ ثمالی (۴)...347

دعا سحر یا عدتِیْ (۵)...368

دعا سحر یا مفزعی عند کربتی (۷) 373

چوتھی قسم:ماہ رمضان میں دنوں کے اعمال 375

دوسرا مطلب :ماہ رمضان میں شب وروز کے مخصوص.........................397

اعمال شب ۱۳ و ۱۵ رمضان 408

انیسویں شب کی رات 411

اعمال مشترکہ شب ہای قدر...411

اعمال مخصوص لیالی قدر...414

اکیسویں رمضان کی رات 414

تئیسویں رمضان کی رات...419

اکیسویں رات کے باقی اعمال: 425

اکیسویں رمضان کا دن...427

تئیسویں رمضان کی رات..427

تیسویں رمضان کا دن 431

ماہ رمضان کی راتوں کی نمازیں اور دنوں کی دعائیں...432

ماہ رمضان کی راتوں کی نمازیں 432

ماہ رمضان کے دنوں کی دعائیں 434

(چوتھی فصل) - ماہ شوال کے اعمال..440

اعمال شب عید فطر 440

پہلی شوال کا دن 444

(۸)نماز عید 446

پچیسویں شوال کا دن 447

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض ناشر

خاتم المحدثین جناب شیخ عباس قمی قدس سرہ کی مشہور و معروف اور مقبول عام کتاب مفاتیح الجنان کا جدید اردو ترجمہ پیش خدمت ہے ۔

اس تر جمہ کی ایک امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ حوزہ علمیہ قم کے فضلاء پر مشتمل ایک جماعت نے حضرت آیت اللہ الحاج حافظ سید ریاض حسین نجفی دامت برکاتہ کے ترجمہ اور علمی عبارات اور اصطلاحات سے بھر پور استفادہ کرنے کے ساتھ ساتھ سابقہ تمام تراجم کو پیش نظر رکھا ہے اور تقریباً دو سال کی مسلسل سعی و کوشش کے بعد اس کو مرتب و منظم کیا ہے عربی عبارات کی تصحیح اور اصلاح پر خصوصی توجہ دی ہے ۔

تا حد امکان کو شش کی گئی ہے کہ موجودہ ترجمہ اور عربی عبارات اغلاط سے پاک ہوں اگرچہ کسی بھی انسانی کام کو بے عیب ونقص قرار نہیں دیا جا سکتا امید ہے قارئین کرام اپنی گرانقدر آ را ء و نظریات سے مطلع فرما کر کتاب کی مزید اصلاح اور بہتر سے بہتر اشاعت میں ضرور تعاون فرمائیں گے ۔

ہماری یہ کاوش استاد العلماء حضرت آیت اللہ سید محمد یارنجفی اور محسن ملت حضرت حجۃ السلام والمسلمین علامہ سید صفدر حسین نجفی قدس سرھما کی کوششوں اور محنتوں کا تسلسل ہے بار گاہ رب العزت میں التجا ہے کہ خدا وند منان ان کے درجات بلند اور ان پر اپنی رحمات نازل فرمائے اور انہیں جوار آئمہ معصومین میں جگہ عنایت فرمائے ۔

اس وقت محسن ملت کی عظیم یاد گار حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر لاہور -----حوزہ علمیہ مدینۃ العلم اسلام آباد، مدرسہ امام المنتظر و مؤ سسہ امام المنتظر قم اور محسن ملت کے دیگر تمام مدارس اور مراکز کی سرپرستی حضرت آیت اللہ الحاج حافظ سید ریاض حسین نجفی فرما رہے ہیں اور شب وروز ان کی تعمیر و ترقی میں مصروف عمل ہیں ۔

ہماری دعا ہے کہ خدا وند عالم انہیں صحت و سلامتی اور طول عمر عطا فرمائے اور انہیں اپنے حفظ وامان میں رکھے اور ان کی توفیقات میں اضافہ فرمائے اور مومنین کرام کو بھی توفیق عنایت فرمائے تا کہ ان تمام دینی مراکز کی تعمیر ترقی میں ان کے ساتھ تعاون فرما کر ثواب دارین حاصل کریں ۔

آخر میں مؤسسہ امام المنتظر(عج) ان تمام طلباء و فضلاء کاممنون و مشکور ہے جنہوں نے حجۃ الاسلام والمسلمین سید نیاز حسین نقوی کی زیر نگرانی میں اپنی شب و روز کی مساعی سے اس کتاب کے ترجمہ ،تصحیح اور کمپوزنگ جیسے امور کو خلوص دل سے انجام دیا ہے خدا وند عالم ان تمام حضرات کی توفیقات میں اضافہ فرمائے اور انہیں اپنی حفظ امان میں رکھے

آخر میں قوم کے مخیر اور درد مند مومنین ہمارے مفید اور عظیم الشان منصوبوں کی تکمیل میں عملی معاونت فرمائیں ہمارے پاس مراجع عظام (مدظلہم العالی) کے اجازے اور وکالت نامے موجود ہیں آپ حضرات وجوبات شرعیہ و عطیات دے کر اپنے فرائض کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ ان منصوبوں یعنی مدرسہ مدینۃ العلم اسلام آباد،

مدرسہ امام المنتظر مشہد مقدس وسوریہ(شام) کی عملی تکمیل میں حصہ لے کر اپنے لئے یا اپنے رفتگان کیلئے آخرت کا سامان مہیا کرسکتے ہیں ۔
خداوند متعال ہم سب کے نیک کاموں کی توفیق میں اضافہ فرمائے(آمین)
ربطہ ایڈریس
پاکستان
لاہور: H بلاک ماڈل ٹاؤن حوزہ علمیہ جامعة المنتظر (عج)
محترم جناب حضرت آیة اللہ حافظ سید ریاض حسین نجفی دام ظلہ الوارف
فون نمبر: ۰۰۹۲-۴۲-۵۸۶۶۷۳۲،۳۳،۳۴
کراچی :کمرشل ایونیو،فیز فور ایریا،دیفنس سوسائٹی، جامعہ علمیہ
محترم جناب علامہ سید فیاض حسین نقوی دام ظلہ
فون نمبر: ۰۰۹۲-۲۱-۵۸۸۸۶۴۰ & ۵۸۸۶۶۷۶
ایران
قم: جمہوری اسلامی ایران مؤ سسہ امام المنتظر(عج)خیابان انقلاب کوچہ ۱۷رو بروی مسجد گذر قلعہ
جناب قبلہ قاضی سید نیاز حسین نقوی دام ظلہ الوارف
فون نمبر : ۰۰۹۸-۲۵۱-۷۷۴۵۶۴۰۔ فیکس:۷۷۳۶۷۶۰ موبائل :۰۰۹۸-۹۱۱-۲۱۲۰۹۳۵

والسلام علیکم و رحمة اللہ و برکاتہ ۔
مؤسسہ امام المنتظر(عج) حوزہ علمیہ قم المقدسہ ایران

مقدمہ

کتاب مفاتیح الجنان ایک معروف و مشہور اور معتبر ترین کتاب ہے اور ایک مومن اور عبادت گزار انسان کی تمام ضروریات زندگی پر حاوی ہے اور انسان کی زندگی کے تمام مسائل اور مشکلات کا حل اس کتاب میں موجود ہے خاتم المحدثین شیخ عباس قمی قدس سرہ نے دعاؤں کی کتاب مفتاح الجنان سے مستند دعاؤں کو منتخب فرما کر اس کتاب کی ترتیب کے مطابق مرتب کیا ہے اور بعض معتبر دعاؤں اور زیارات کا اضافہ بھی فرمایاہے کتاب مفاتیح الجنان تین ابواب پر مشتمل ہے۔

باب اول: میں تعقیبات نماز ،ایام ہفتہ کی دعائیں ،شب وروز جمعہ کے اعمال اور بعض مشہور دعاؤں اور مناجات کو بیان کیا گیا ہے۔

باب دوم :سال بھر کے مہینوں اور ایام کے اعمال پر مشتمل ہے ۔

باب سوم :زیارات کے بیان میں ہے ۔

مؤلف محترم نے مفاتیح الجنان کے آخر میں باقیات الصالحات کا بھی اضافہ فرمایا ہے جو کہ چھ ابواب اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے جسے ہم کتاب کے حاشیہ میں ذکر کر رہے ہیں ۔

کتاب کے مطالب کی مناسبت سے ہم مقدمہ میں تین مطلب ذکر کریں گے۔

مطلب اول:دعا کی اہمیت وفضیلت ، قبولیت دعا کے شرائط، آداب دعا، اور دعا کے مخصوص اوقات، حالات اور مقامات ۔

مطلب دوم زیارات :آیات وروایات کی روشنی میں معصومین کی زیارت ۔

مطلب سوم :مؤلف محترم کے مختصر حالات زندگی ۔

مطلب اول:دعا کی اہمیت وفضیلت ، قبولیت دعا کے شرائط، آداب دعا، اور دعا کے مخصوص اوقات، حالات اور مقامات ۔

۱۔ دعا کی اہمیت و فضیلت آیات وروایات :معصومین کی سیرت اور باقی اعمال کی نسبت دعاکے دنیوی واخروی فوائد پر نظر کی جائے تو دعاکی اہمیت و فضیلت روزروشن کی طرح واضح ہو جاتی ہے خدا وند متعال نے خود بھی اپنے بندوں کو دعا کے لئے حکم دیا ہے اور اپنے پیغمبروں کو بھی فرمایا ہے کہ میرے بندوں کودعا کی سفارش کریں ۔

ارشاد رب العزت ہے ۔

ادْعونِی اسْتجِبْ لکمْ مجھے پکارو اور(مجھ سے دعا مانگو)میں تمہای دعا کو قبول کرونگا (۱)

قلْ ادْ عوْا اللہ۔ اے رسول میرے بندوں سے کہو کہ مجھ سے دعا مانگیں (۲)

یےاموْ سیٰ مرعِبادِی یےدْ عوْنِی۔ اے موسیٰ میرے بندوں کو حکم دو کہ وہ مجھے پکاریں (اور مجھ سے دعا مانگیں)(۳)

یےا عِیْسیٰ مرْھمْ انْ یےدْ عوْ نِیْ معک۔ اے عیسیٰ مومنین کو حکم دو کہ وہ آپکے ساتھ مل کر دعا کریں (٤)

حضرت موسیٰ و عیسیٰ جیسے بزرگترین انبیاء بلکہ خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفی ؐکو دعا کے لئے مامور کرنا دعا کی فضیلت واہمیت پر بہترین دلیل ہے۔

پیغمبر اکرم ؐاور آئمہ کے فرامین میں بھی دعا کی اہمیت و فضیلت روز روشن کی طرح واضح ہے ۔

پیغمبر اکرم ؐفرماتے ہیں :یےاعلِیْ اوْصِیْک بِالدّعائِ ۔ اے علی میں تمہیں دعا کی سفارش کرتا ہوں (٥)

قال امام محمد باقر ۔:افْضل الْعِبادةِ الْدّعائ ۔ امام محمد باقر ۔ فرماتے ہیں افضل اور بہترین عبادت دعا ہے (٦)

قال علی ۔:احبّ الْاعمال اِلی اللہ عزّ وجلْ فِیْ الْارْضِ الدّ عائ۔حضرت علی ۔ فرماتے ہیں خدا کے نزدیک زمین پر محبوب ترین عمل دعا ہے (۷)

قال رسول اللہ ؐ:الْدّعائ مخ الْعِبادةِ ولا یھْلِک مع الّدعا ء احد۔ رسول اکرم ؐ:دعاعبادت کی اصل اور بنیاد ہے دعا کی صورت میں کوئی شخص ہلاک نہیں ہوتا (۸)

قال الامام علی ۔: الدّعا ترْس الْمومِنْ ۔امام علی ۔ فرماتے ہیں دعا مومن کے لئے ڈھال اور نگہبان ہے

اور اسے شیطان کے حملہ اور گناہوں سے محفوظ رکھتی ہے (۹)

قال الامام الصادق ۔: علیک بِالدّعائِ: فاِنّ فِیْہِ شِفائ مِنْ کلّ دائٍ ۔حضرت امام صادق ۔ فرماتے ہیں تیرے لیے دعا ضروری ہے کیونکہ اس میں ہر بیماری کی شفا ہے (۱۰)

قال رسول اللہ ؐ:ترْک الدّ عائِ معْصِےة :پیغمبر اکرم ؐفرماتے ہیں دعا کا ترک کرناگنا ہ ہے (۱۱)

قال رسول اللہ ؐ:اِدْفعوْا ابْواب الْبلائِ بِالّد عائِ :رسول اکر م ؐفرماتے ہیں مصیبتوں اور مشکلات کو دور کرو دعا کے ذریعے (۱۲)

قال امام علی ۔: منْ قرع باب اللہ سبْحانہ فتِح لہ:حضرت علی ۔ فرماتے ہیں جو شخص بھی (دعا کے ذریعے)اللہ کے دروازے کو کھٹکائے گا تو اس کے لئے (قبولیت کا دروازہ) کھول دیا جا ئے گا(۱۳)

دوسری حدیث میں فرماتے ہیں کہ یہ ممکن نہیں ہے کہ خدا ونددعا کا دروازہ کھلا رکھے لیکن قبولیت کا دروازہ بند کر دے (١٤)

شرائط قبولیت دعا جس طرح ہر عمل اور عبادت کی قبولیت لئے کچھ شرائط ہیں کہ جن کے بغیر عمل اور عبادت قبول نہیں ہے اسی طرح دعا کے لئے بھی شرائط ہیں جب تک ان شرائط پر عمل نہ کیا جائے تو دعا قبول نہیں ہوتی ۔

١۔ معرفت و شناخت خدا

قال رسول اللہ ؐ:یقول اللہ عزّ وجلّ :منْ سا ٔلنِیْ و ھو ےعْلم انِّی اضرّ و انْفع: اسْتجِبْ لہْ۔حضرت پیغمبر اکرم ؐسے منقول ہے خدا فرماتا ہے کہ جو شخص مجھ سے سوال اور دعا کرے اور یہ جانتاہو (اور معرفت رکھتا ہو)کہ نفع و نقصان میرے ہاتھ میں ہے تو میں اس کی دعا قبول کروں گا (١٥)

امام صادق ۔ سے جب سوال کیا گیا کہ ہم دعا کرتے ہیں لیکن قبول نہیں ہو تی تو آپ نے جواب میں فرمایا :

لاِ نّکمْ تدْعوْن منْ لا تعْرفوْنہ ۔آپ اس کو پکارتے ہو(اور اس سے دعا مانگتے ہو)جس کو نہیں جانتے اور جس کی معرفت نہیں رکھتے ہو (١٦)

٢۔محرمات اور گناہ کا ترک کرنا

قال الامام الصادق ۔:اِنّ اللہ ےقوْل اوْفوْا بِعھْدِی اوْفِ بِعھْدِکمْ :واللّٰہِ لوْ وفےْتمْ اللہ لوفٰی اللّٰہ لکمْ۔حضرت امام صادق ۔ سے منقول ہے : خدا فرماتا ہے میرے عہد و پیمان اور وعدے کو پورا کرو تا کہ میں بھی تمہارے عہد و پیمان (اور وعدے) کو پورا کروں امام فرماتے ہیں اللہ کی قسم اگر تم اپنا وعدہ پورا کرو اور احکام الٰہی پر عمل کرو تو اللہ بھی تمہارے لئے اپنا وعدہ پورا کرے گا تمہاری دعاؤں کو قبول اور تمہاری مشکلات کو حل فرمائے گا (١٧)

٣۔کمائی اور غذا کا پاک و پاکیزہ ہونا

قال الامام الصادق ۔: منْ سرّہ انْ ےسْتجاب دعائہ فلْیطیّبْ کسْبہ۔امام صادق ۔ فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ پسند کرتا ہے کہ اس کی دعا قبول ہو تو اس کو چاہیے کہ اپنے کاروبار اور کمائی کو پاک کرے (١٨)

حضرت موسیٰ نے دیکھا ایک آدمی ہاتھ بلند کر کے تضرع و زاری کے ساتھ دعا کر رہا ہے خدا نے حضرت موسیٰ کی طرف وحی کی اور فرمایا اس شخص کی دعا قبول نہیں ہو گی :لاِنّ فِیْ بطْنِہ حراماً و علیٰ ظھرہ حراماً و فِی بیْتِہ حراماً۔کیونکہ اس کے پیٹ میں حرام ہے (یعنی اس نے حرام کا مال کھایا ہوا ہے) اور جو لباس پہنا ہوا ہے وہ بھی حرام ہے اور اس کے گھر میں بھی حرام ہے(١٩)

پیغمبر اکرم ؐفرماتے اگر تم چاہتے ہو کہ تمہاری دعا قبول ہو تو اپنی غذا کو پاکیزہ کرو اور اپنے پیٹ میں حرام داخل نہ کرو۔

٤۔حضور ورقت قلب

قال رسول اللہ ﷺ: اِعْلموْا انّ اللّٰہ لا یےسْتجِیْب دعائ مِنْ قلْبٍ غافِلٍ لاہٍ۔رسول اکرم ﷺ فرماتے ہیں : یہ جان لو کہ خدا وند اس دل سے دعا قبول نہیں کرتا جو غافل اوربے پرواہو (٢٠)

٥۔اخلاص وعبودیت
فادْعوْا اللّٰہ مخْلِصِیْن لہ الدِّیْن۔خدا کو پکارو (اور اس سے دعا مانگو خلوص نیت کے ساتھ یعنی)اس حال میں کہ اپنے دین کو اس کے لئے خالص قرار دو (٢١)
امام جعفر صادق ـفرماتے ہیں :وقدْ وعد عِبادہ الْموْمِنِیْن الْاِسْتِجا بۃ۔ بے شک خدا نے اپنے مومنین بندوں سے قبولیت دعا کا وعدہ فرمایا ہے (٢٢)

٦۔سعی و کوشش
یعنی دعا کا معنی یہ نہیں ہے کہ انسان کام و سعی اور کوشش چھوڑ دے اور گھر بیٹھ کر فقط دعا کرتا رہے ۔
امام جعفر صادق ۔ فرماتے ہیں : ثلاثۃ تردّ علیْہمْ د عْوتہمْ: رجل جلس فِیْ بیتِہ و قال یےا ربِّ ارْزقِیْ فےقال لہ المْ اجْعلْ لک السّبِیْل اِلیٰ طلبِ الرّزْق۔تین قسم کے لوگوں کی دعا قبول نہیں ہو گی (ان میں سے)ایک وہ شخص ہے جو فقط گھر میں بیٹھ کر یہ دعا کرتا رہے کہ خدا وندا مجھے روزی عطا فرما اسے جواب دیا جائے گا۔ کیا میں نے تیرے لئے روزی کمانے کا ذریعہ اور وسیلہ قرار نہیں دیا دوسرے لفظوں میں حصول رزق کیلئے تلاش وکو شش کرنا کام کرنا ایک چیز ہے لیکن روزی کا نصیب ہونا اس کا با برکت ہونا توفیق الٰہی کا شامل حال ہونا دوسرا مطلب ہے جس میں دعا بہت مؤثر ہے (٢٣)
اسی طرح علاج کرواناشفاء کیلئے ڈاکٹر یا حکیم کے پاس جانا اس کے دستور کے مطابق دوائی استعمال کرنا ایک مطلب ہے لیکن ڈاکٹرکی تشخیص کا صحیح ہونا دوائی کا شفاء میں مؤثر ہونا دوسرا مطلب ہے جس میں دعا اور صدقہ وغیرہ بہت مؤثر ہیں جب یہ دونوں حصے اکھٹے ہوں تو مؤثر واقع ہونگے اور ہمیں ان دونوں کی طرف تو جہ کرنی ہوگی۔

آداب دعا

١۔بِسْمِ اللہ پڑھنا :
قال رسول اللہ ﷺ:لا یردّ دعائ: اوّلہ بِسْمِ اللّٰہِ الرّحْمٰنِ الرّحِیْمِ۔رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں : وہ دعا رد نہیں ہوتی جس کے شروع میں بسم اللہ پڑھ لیا جائے (٢٤)

٢۔تمجید
قال رسول اللہ ﷺ:اِنّ کلّ دعائٍ لا یےکون قبْلہ تمْجِیْد فھوابْتر۔رسول اکرم ﷺ:ہر وہ دعا کہ جس سے پہلے اللہ تبارک و تعالیٰ کی تعریف و تمجید اور حمد و ثنا نہ ہو وہ ابتر ہے اور اسکا کوئی نتیجہ نہیں ہو گا (٢٥)

٣۔صلوات بر محمد و آل محمد

قال رسول اللہ ﷺ:صلاتکمْ علّی اِجابة لِدعائِکمْ وزکاة لاعْمالِکمْ۔رسول اکرم ﷺفرماتے ہیں :تمہارا مجھ پر درود و صلوات بھیجنا تمہاری دعاؤں کی قبولیت کا سبب ہے اور تمہارے اعمال کی زکاۃ ہے (٢٦)

امام جعفر صادق ـ فرماتے ہیں :لا یزال الدّ عاء محجوباً حتّٰی یصلِّی علٰی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ:دعا اس وقت تک پردوں میں چھپی رہتی ہے جب تک محمد ﷺوآل محمد ﷺپر صلوات نہ بھیجی جائے (٢٧)

حضرت امام جعفر صادق ـ ایک اور روایت میں فرماتے ہیں جوشخص خدا سے اپنی حاجت طلب کرنا چاہتا ہے تو اسے چاہیے کہ پہلے محمد و آل محمد پر صلوات بھیجے پھر دعا کے ذریعہ اپنی حاجت طلب کرے اس کے بعد آخرمیں درود پڑھ کر اپنی دعا کو ختم، کرے (تو اس کی دعا قبول ہو گی) کیونکہ خدا وند کریم کی ذات اس سے بالاتر ہے کہ وہ دعا کے اول و آواخر (یعنی محمد و آل محمد پر درود و صلواة)کو قبول کرے اور دعا کے درمیانی حصے(یعنی اس بندے کی حاجت)کو قبول نہ فرمائے (٢٨)

٤۔آ ئمہ معصومین کی امامت ولایت کا اعتقاد رکھنا اور انہیں واسطہ اور شفیع قرار دینا

قال اللہ تعالیٰ : فمنْ سا ٔلنِیْ بِهِمْ عارِفاً بِحقِّهِمْ ومقامِهِمْ اوْجبْت لہ مِنِّی الْاِجابة۔خدا فرماتا ہے کہ جو شخص پیغمبر اکرم ﷺاور آئمہ معصومین کا واسطہ دے کر مجھ سے سوال کرے اور دعا مانگے جبکہ وہ ان کے حق اور مقام کو پہچانتا ہوتو مجھ پر لازم ہے کہ میں اس کی دعا قبول کروں (٢٩)

امام محمدباقر ـ فرماتے ہیں :منْ دعا اللہ بِنا افْلح :یعنی جو شخص ہم اہلبیت کا واسطہ دے کر دعا کرے تو وہ شخص کامیاب و کامران ہے (٣٠)

جناب یوسف کے واقعہ میں بیان ہوا ہے کہ جناب جبرائیل حضرت یعقوب کے پاس آئے اور عر ض کی کیا میں آپ کو ایسی دعا بتاؤں کہ جس کی وجہ سے خدا آپ کی بینائی اور آپ کے دونوں بیٹے (یوسف وبنیامین)آپکو واپس لوٹا دے حضرت یعقوب نے کہا وہ کون سی دعا ہے ۔

فقال جبرائیلْ :قلْ اللّٰهمّ اِنِّی اسئلک بِحقّ محمّدٍ و علِّیٍ وفاطِمة والْحسنِ والْحسیْنِ انْ تا ٔتِیْنِی بِیوْسف وبنْیامِیْن جمِیاً وتردَّ علیّ عیْنِی۔حضرت جبرائیل نے حضرت یعقوب سے کہا کہ یوں دعا مانگوخدا یا میں تجھے محمد ﷺ،علی ،فاطمہ، حسن و حسین کے حق کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں کہ میرے دونوں بیٹوں (یوسف اور بنیا مین)کو اور میری بینائی کو واپس لوٹا دے جناب یعقوب کی یہ دعا ابھی تمام ہی ہوئی تھی کہ قاصد (بشیر)نے آکر جناب یوسف کی قمیص حضرت یعقوب پر ڈال دی تو آپ کی آنکھیں بینا ہو گئیں (٣١)

حدیث قدسی میں ہے کہ بنی اسرائیل کے ایک شخص نے چالیس شب عبادت کرنے کے بعد دعا کی لیکن اس کی دعا قبول نہیں ہوئی تواس نے حضرت عیسیٰ ـ کے پاس شکایت کی حضرت عیسیٰ ـ نے بارگاہ خداوندی سے سوال کیا تو جواب ملا کہ اس نے دعا کا صحیح راستہ اختیار نہیں کیا :اِنّہ دعانِیْ وفِیْ قلْبِہ شک مِنْک۔کیوں کہ وہ مجھ سے تو دعا کرتا ہے اور حاجت طلب کرتا ہے لیکن اسکے دل میں تیری نبوت کے بارے میں شک ہے (یعنی تیری نبوت کا معتقد نہیں ہے)(٣٢)

لہذا وہ اگر اس (شک اور عدم اعتقاد کی)حالت میں اتنا دعا کرے کہ اس کا سانس ختم ہو جائے اور اس کی انگلیاں ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں تب بھی میں اس کی دعا قبول نہیں کروں گا ۔

۵۔گناہوں کا اقرار کرنا

قال الامام الصادق ۔ :انّما ھِی الْمِدْحة ثمّ الْاِقْرار بِا الّذنبِ ثمّ الْمسْئلة۔امام جعفر صادق ۔ فرماتے ہیں کہ دعا کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے خدا کی حمد و تعریف کرو پھر گناہوں کا اقرار اور پھر اپنی حاجت طلب کرو (۳۳)

٦۔خشوع و خضوع کے ساتھ اور غمگین حالت میں دعا مانگنا

قال اللّٰہ :یٰا عِیْسیٰ ادْعوْنِی دعائ الْحزِیْنِ الْغرِیقِ الّذِی لیْس لہ مغِیْث۔خدا فرماتا ہے اے عیسیٰ مجھ سے اس غرق ہونے والے غمگین انسان کی طرح دعا مانگو جس کا کوئی فریادرس نہ ہو (۳٤)

۷۔دو رکعت نماز پڑھنا

امام جعفر صادق ۔ فرماتے جو شخص دو رکعت نماز بجا لانے کے بعد دعا کرے تو خدا اسکی دعا قبول فرمائے گا (۳۵)

۸۔ اپنی حاجت اور مطلوب کو زیادہ نہ سمجھو

رسول اکرمؐ سے روایت ہے خدا فرماتا ہے کہ اگر ساتوں آسمانوں اور زمینوں کے رہنے والے مل کر مجھ سے دعا مانگیں اور میں ان سب کی دعاؤں کو قبول کر لوں اور ان کی حاجات پوری کر دوں تو میری ملکیت میں مچھر کے پر کے برابر بھی فرق نہیں آئے گا (۳٦)

۹۔ دعا کو عمومیت دینا

قال رسول اللہؐ: اِذادعا احدکمْ فلْیعِمّ فاِنّہ اوْجب لِلدّعائِ۔پیغمبر اکرمؐ فرماتے ہیں کہ جب تم میں سے کوئی دعا مانگے تو اسے چاہیے کہ کہ اپنی دعا کو عمومیت دے یعنی دوسروں کو بھی دعا میں شریک کرے کیونکہ ایسی دعا قبولیت کے زیادہ قریب ہے (۳۷)

قال الامام الصادق ۔ :منْ قدّم اربْعِیْن مِن الْموْمِنِیْن ثمّ دعاہ اسْتجِیب لہ۔جو شخص پہلے چالیس مومنین کے لئے دعا کرے اور پھر اپنے لئے دعا مانگے تو اس کی دعا قبول ہوگی (۳۸)

۱۰۔قبولیت دعا کے بارے میں حسن ظن رکھنا

مخصوص اوقات وحالات اور مقامات میں دعا کرنا ۔

دعا کیلئے بعض اوقات حالات اور مقامات کو افضل قرار دینا اس کا معنی ہر گز یہ نہیں ہے کہ باقی اوقات اور مقامات میں دعا قبول نہیں ہوتی اور ان میں رحمت خدا کے دروازے بند ہیں کیونکہ تمام اوقات اور مقامات خدا سے متعلق ہیں اور اس کی مخلوق ہیں جس وقت جس مقام اور جس حالت میں بھی خدا کو پکارا جائے تووہ

سنتا ہے اور اپنے بندے کو جواب دیتا ہے لیکن جس طرح خدا نے اپنے بعض انبیاء کو بعض پر فضیلت دی ہے اسی طرح بعض اوقات ومقامات کو بھی بعض پر فضیلت حاصل ہے لہذا ہمیں چاہیے کہ ہم دعا کے لئے افضل ترین کو انتخاب کریں ۔
مفاتیح الجنان اور دیگر کتب دعا میں مفصل طور پر دعا کے مخصوص اوقات اور حالات اور مقامات کو بیان کیا گیا ہے ہم اجمالاً بعض کو ذکر کرتے ہیں ۔

۱۔نماز کے بعد
قال الصادق ـ: اِنّ اللّٰہ فرض الْصّلوٰت فِیْ أحبِّ الْاوْقاتِ فأسْئالوْا حوائِجکمْ عقِیْب فرائِضکمْ۔ امام صادق ـ فرماتے ہیں کہ خدا نے نمازوں کو محبوب ترین اور افضل ترین اوقات میں واجب قرار دیا ہے بس تم اپنی حاجات کو واجب نمازوں کے بعد طلب کرو (۳۹)

۲۔حالت سجدہ میں
قال الرضا ـ: اقْرب ما ےکوْن الْعبْد مِن اللّٰہ تعالیٰ وھو ساجد۔امام رضا ـ فرماتے ہیں کہ حالت سجدہ میں بندہ اپنے خالق سے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے (٤۰)

۳۔ قرآن مجید کی ایک سو آیات کی تلاوت کے بعد
قال امیر المومنین ـ:منْ قرئ مِائة آےةٍ مِن الْقرآنِ مِنْ ایِّ الْقرآنِ شائ ثمّ قال ... ےاللّٰہ سبْع مرّاتٍ فلوْ دعا علیٰ الْصخْرةِ لِقلْعِھا اِنْ شائ اللّٰہ۔امام علی ـ فرماتے ہیں جو شخص قرآن کی ایک سو آیات پڑھے پھر سات مرتبہ یااللہ کہے تو خدا اس کی دعا قبول فرمائے گا (مضمون حدیث)(٤۱)

٤۔سحری کے وقت
پیغمبر اکرمؐ فرماتے ہیں بہترین وقت جس میں تم اللہ سے دعا مانگو سحر کا وقت ہے کیونکہ حضرت یعقوب نے بھی استغفار کو سحر کے وقت لئے مؤخر کر دیا تھا (مضمون حدیث)(٤۲)

۵۔رات کی تاریکی میں مخصوصاً طلوع فجر کے قریب ۔

٦۔ شب و روز جمعہ ۔
۷۔ماہ مبارک رمضان ماہ رجب و ماہ شعبان ۔

۸۔شب ہای قدر (شب ۱۹،۲۱،۲۳،رمضان)۔

۹۔ماہ رمضان کا آخری عشرہ اور ماہ ذالحجہ کی پہلی دس راتیں ۔

۱۰۔ عید میلاد پیغمبر اکرمؐ و آئمہ معصومین ۔عید فطر ۔عید قربان ،عید غدیر ۔

۱۱۔بارش کے وقت ۔

۱۲۔عمرہ کرنے والے کی دعا واپسی کے وقت یا واپسی سے پہلے ۔

۱۳۔جب اذان ہو رہی ہو ۔

۱٤ تلاوت قرآن سننے کے وقت ۔

۱۵ ۔حالت روزہ میں افطار کے وقت یا افطار سے پہلے ۔

دعا کے لئے مخصوص مقامات (۱) مکہ مکرمہ ،بیت اللہ ،مسجد الحرام ،مسجد النبی ؐحرم مطہر و مزارات چہاردہ معصومین مخصوصاً حرم مطہر مام حسین ۔
(۲)وہ خاص مساجد جن مین انبیاء و آئمہ معصومین اور اولیاء خدا نے نماز و عبادت انجام دی ہے جیسے مسجد اقصیٰ، مسجد کوفہ، مسجد صعصعہ، مسجد سہلہ، سرداب سامرہ، مسجد جمکران ۔
(۳)مذکورہ خاص مقامات کے علاوہ ہر مسجد قبولیت دعا کیلئے بہترین مقام ہے ۔
اہم نکتہ :حالات اوقات اور مقامات دعا کے انتخاب میں مہم ترین نکتہ یہ ہے کہ ایسا وقت اور مقام انتخاب کرنا چاہیے جس میں انسان ریاکاری تظاہر اور دکھاوے جیسی آفت کا شکار نہ ہو۔اور خلوص تواضع و انکساری اور رقت قلب زیادہ سے زیادہ حاصل ہو یہی وجہ ہے کہ روایات میں سفارش کی گئی ہے کہ رات کی تاریکی میں اور سحر کے وقت دعا مانگی جائے خدا فرماتا ہے ۔ےا بْن عِمْران ...وادْعنِی ْفِی ْالظلمِ اللّیلِ فاِنّک تجِدنِی ْقریْباً مجیْباً۔اے موسیٰ مجھے رات کی تاریکی میں پکارو تو مجھے اپنے قریب اور دعا قبول کرنے والا پاؤ گے(٤۳)

مقبول دعائیں

قال امیر المومنین ۔:ارْبعة لا تردّ لھمْ دعْوة: الْاِمام الْعادِل لِرعِیّتِہ والْوالِد الْبارّ لِولْدِہِ والْولد الْبارّ لِوالِدِہ والْمظْلوْم (لِظالِمِہ)۔ امام علی ۔ فرماتے ہیں چار افراد کی دعا رد نہیں ہوتی امام و حاکم عادل جب اپنی رعیت کے حق میں دعا کرے نیک باپ کی دعا اولاد کے حق میں نیک و صالح اولاد کی دعا باپ کے حق میں مظلوم کی دعا (ظالم کے بر خلاف)(٤٤)

قال رسول اللہ ؐ: دعائ اطْفالِ امّتِیْ مسْتجاب ما لمْ یقارفوْا الذّنوْب۔پیغمبر اکرم ؐ فرماتے ہیں کہ میری امت کے بچوں کی دعا قبول ہے جب تک وہ گناہوں سے آلودہ نہ ہوں (٤٥)

قال الامام الحسن ۔:منْ قرئ الْقرآن کانتْ لہ دعْوۃ مجابۃ اِمّا معجّلۃً واِمّا مؤجّلۃً۔امام حسن ۔ فرماتے ہیں جو شخص قرآن کی تلاوت کرے اس کی دعا جلدی یا دیر سے قبول ہوگی (٤٦)

دعا بے فائدہ نہیں ہوتی

قال الامام زین العابدین۔: الْموْمِن مِنْ دعائِہ علیٰ ثلاثٍ اِمّا انْ یدّخر لہ، واِمّا انْ یعجّل لہ واِمّا انْ یدْفع عنْہ بلائً یریْد انْ یصِیْب۔ امام زین العابدین ۔ فرماتے ہیں مومن کی دعا تین حالات سے خارج نہیں ہے (١)یا اس کے لئے ذخیرہ آخرت ہو گی ۔(٢)یا دنیا میں قبول ہو جاے گی ۔(٣)یا مومن سے اس مصیبت کو دور کر دے گی جو اسے پہنچنے والی ہے ۔(٤٧)

مومنین ومومنات کے لئے دعا کرنے کا فائدہ

قال الامام الصادق ۔ : دعائ الْموْمِنِ لِلْموْمِنِ یدْفع عنْہ الْبلائ ویدِرّ علیْہِ الرِّزْق۔مومن کا مومن کیلئے دعا کرنا دعا کرنے والے سے مصیبت کو دور کرتا ہے اور اس کے رزق میں اضافہ کاسبب بنتا ہے ۔(٤٨)

مطلب دوم :زیارت آیات اور روایات کی روشنی میں

جب پیغمبر اکرم ؐ اور معصومین سے منقول روایات میں غور فکر کی جائے تو پھر زیارت کی اہمیت و فضیلت بھی واضح ہو جاتی ہے اور اس بحث کی بھی ضرورت محسوس ہو تی ہے آیا انبیا ،آئمہ اور اولیا ء خدا کی مزارات کی زیارت کرنا ان کی بار گاہ میں سلام عرض کرنا اور انہیں ان کی وفات اور شہادت کے بعد بار گاہ الٰہی میں وسیلہ اور شفیع قرار دینا جائز ہے یا نہ چونکہ یہ حضرات قرآن مجید کی اس آیہ مجیدہ کے مصداق اعلیٰ و اکمل ہیں جس میں ارشاد ہوتا ہے :و لا تحْسبن الّذِیْن قتِلوا فِیْ سبِیْلِ اللّٰہِ امْواتاً بلْ احْیائ عِنْد ربِّھِمْ یرْزقوْن۔جو حضرات راہ خدا میں شہید ہوئے ہیں انہیں مردہ نہ سمجھو بلکہ وہ زندہ ہیں اور اپنے پروردگار کے مہمان ہیں (٤٩)

پیغمبر اکرم ؐ بھی فرماتے ہیں :من زارنِی حیّاً ومیّتاً کنْت لہ شفِیْعاً یوم الْقِیامۃِ۔جو شخص میری زندگی یا معرفت یا میری وفات کے بعد میری زیارت کرے میں بروز قیامت اسکی شفاعت کروں گا(٥٠)

امام صادق ۔ فرماتے ہیں :مَنْ زارنا فِیْ مماتِنا کانّمٰا زارنا فِیْ حےاتِنا جو شخص ہماری وفات کے بعد ہماری زیارت کرے تو گویااس نے ہماری زندگی میں ہماری زیارت کی ہے (۵۱)

پیغمبر اکرمﷺ فرماتے ہیں : ومنْ سلّم علیّ فِیْ شیئٍ مِنْ الْارْضِ بلغتْنِی ومنْ سلّم علیّ عنْد الْقبْر سمِعْته جو شخص زمین کے کسی بھی حصے سے مجھ پر سلام بھیجتا ہے اس کا سلام مجھ تک پہنچ جاتا ہے اور جو شخص میری قبر کے پاس آکر مجھ پر سلام بھیجتا ہے تو اس کا سلام بھی میں سنتا ہوں (۵۲)

مذکورہ آیت و روایات سے واضح ہوجاتا ہے کہ پیغمبر اکرمﷺ ،،و آئمہ معصومین جس طرح اپنی حیات و زندگی میں خالق اور مخلوق کے درمیان رابط اور وسیلہ ہیں اس طرح اپنی شہادت اور وفات کے بعد بھی ہمارا سلام ہماری زیارت ہماری دعائیں سنتے ہیں اور بار گاہ خدا میں ہماری شفاعت فرماتے ہیں ۔

امام صادق ۔ فرماتے ہیں :منْ لمْ ےقْدِرْ علیٰ زےارتِنا فلیزرْ صالِحِیْ موالِینا ےکْتب له ثوّاب زےارتِنا۔جو شخص ہماری زیارت پر قدرت و طاقت نہیں رکھتا اسے چاہیے کہ وہ ہمارے نیک و صالح موالی اور دوستوں کی زیارت کرے اس کے لئے (خدا کی طرف سے)ہماری زیارت کا ثواب لکھا جائے گا (۵۳)

قال امام علی ۔فرماتے ہیں :زوْروا موْتاکمْ فاِنّهمْ ےفْرحوْن بِزےارتِکمْ والْےطْلب الْرجل حاجته عنْد قبْر ابِےْهِ وامِّهِ بعْد ما ےدْعوا لهما۔ اپنے مردوں کی (قبر پر جا کر)زیارت کیا کرو کیونکہ وہ تمہاری زیارت سے خوش ہوتے ہیں انسان کو چاہیے کہ جب اپنے ماں باپ کی قبر پر جائے تو پہلے ان کے لئے دعائے خیر کرے اس کے بعد اپنی حاجت خدا سے طلب کرے جب نیک اور صالح لوگوں کی زیارت کا اتنا ثواب ہے اور انسان اپنے ماں باپ کی قبر پر جاکر خدا سے اپنی حاجات طلب کر سکتا ہے تو پھر انبیا ء آئمہ معصومین اور اولیاء خدا کی قبور اور روضہ بارگاہ مطہر کی زیارت وسلام دعا ومناجات اور ان کو اپنی حاجات و مشکالات اور اپنے گناہوں کی بخشش کے لئے بارگاہ خدا میں وسیلہ اور شفیع قرار دینے میں کسی مسلمان کو شک و شبہ نہیں ہونا چاہئے(۵٤)

خدا فرماتا ہے :ےا اےّها الّذِیْن امنوا اِتّقوا الله وابْتغوا اِلیْهِ الْوسِیْلة۔اے ایمان والو تقویٰ اختیار کرو اور اللہ تک پہنچنے کا وسیلہ تلاش کرو (۵۵)

پیغمبر اور اہل بیت سے افضل اور بر تر پیش خدا کونسا وسیلہ ہے ۔

حضرت علی ۔ فرماتے ہیں ہم خدا اور مخلوق کے درمیان وسیلہ ہیں ۔

حضرت فاطمہ زہرا فرماتی ہیں ہم (اہل بیت پیغمبر)خلق و خالق کے درمیان رابط ہیں)

نہ فقط بزرگ ہستیوں کو وسیلہ قرار دیا جا سکتا ہے بلکہ بعض مقدس و مبارک اوقات اور مقامات کو بھی وسیلہ قرار دیا گیا ہے حضرت امام سجاد ۔ خدا کو ماہ مبارک رمضان کا واسطہ دیتے ہیں (۵٦)

امام حسین ۔ خدا کو شب روز عرفہ کی قسم دیتے ہیں ۔

قرآن مجید کی اس آیت کے مطابق : فلمّا انْ جائَ الْبشِیْر الْقٰه علیٰ وجْهِه فارْتدّ بصِےْراً ۔جب حضرت یوسف ۔ کا قمیص حضرت یعقوب کی آنکھوں کے ساتھ میں ہوتا ہے تو ان کی آنکھوں کی بینائی واپس لوٹ آئی کپڑا خود کچھ بھی حیثیت نہیں رکھتا

لیکن چونکہ حضرت یوسف جیسے نبی کے بدن سے متصل رہا ہے اس میں خدا نے یہ اثر عطا فرمایا ہے(۵۷)

امام ہادی ـ جب بیمار ہوتے ہیں تو ایک شخص کو کربلا روانہ کرتے ہیں کہ جا کر قبر مطہر امام حسین ـ پر میرے لئے دعا کرو ۔

جب اس شخص نے تعجب سے سوال کیا مولا آ پ معصوم ہیں میں غیر معصوم ہوں آپ کیلئے جا کر میں دعا کروں امام نے جو اب دیا رسول اکرمؐ خانہ کعبہ اور حجر الاسود سے افضل تھے لیکن خانہ کعبہ کا طواف کرتے اور حجر اسود کو بوسہ دیتے تھے۔

خدا نے کچھ ایسے مقامات قرار دیے ہیں جہاں خدا چاہتا کہ وہاں جا کر دعا مانگی جائے اور میں دعا قبول کروں گا خانہ کعبہ اور حرم امام حسین ـ بھی انہیں مقامات مقدسہ میں سے ہیں ۔

اگر ہم ضریح یا ضریح مطہر کے دروازوں کو بوسہ دیتے ہیں اور چومتے ہیں تو فقط و فقط پیغمبر یا اس معصوم کے احترام کی وجہ سے کیوں کہ اب یہ ضریح و بارگاہ اور یہ در و دیوار اسی معصوم ـ کی وجہ سے مقدس اور با برکت ہو گئے ہیں جس طرح قرآن مجید کی جلد یا کاغذ قرآن کی وجہ سے مقدس ہو گئے ہیں چو نکہ اگر یہی کاغذ اور جلد کسی اور کاپی یاکتاب پر ہوں تو مقدس نہیں ہے ۔

اولیاء خدا پر سلام و درود خدا نے اپنی کتاب مقدس قرآن مجید میں اپنے انبیاء اور اولیاء پر درووِد بھیجتا ہے

(۱)سلام علٰی نوْحٍ فِی الْعالمِیْن (۲)سلام علٰی اِبْراہِیْم (۳)سلام علٰی موسٰی وھٰرونْ (٤) وسلام علٰی الْمرسلِیْن (۵) سلام علیْہِ یوْم ولِد ویوْم یموْت ویوْم یبْعث حیًّا۔ (۱) نوح پر دونوں جہانوں میں سلام ہو(۲) ابراہیم پر سلام ہو (۳) موسیٰ وہارون پر سلام ہو(٤) رسولوں پر سلام ہو(۵) سلام ہو اس پر ولادت کے وقت، موت کے وقت اور جب دوبارہ زندہ کیا جائے گا(۵۸)

ہم بھی قرآن مجید کی پیروی کرتے ہوئے رسول اکرمؐ و آئمہ کی زیارت کرتے ہیں اور ان پر سلام و درود بھیجتے ہیں ۔

معصومین اور زیارت قال رسول اللہ ؐ: منْ اتانِی زائِراً کنْت شفِیْعہ یوْم الْقِیامةِ۔رسول اللہ ؐ: فرماتے ہیں جو شخص میری زیارت کے لئے آئے گاقیامت کے دن میں اس کی شفاعت کروں گا (۵۹)

قال الامام موسیٰ کاظم ـ :منْ زار اوّلنا فقدْ زار آخِرنا ومنْ زار آخِرنا فقدْ زار اوّلنا۔امام موسیٰ کاظم ـ فرماتے ہیں جس شخص نے ہمارے اول کی زیارت کی گویا اس نے ہمارے آخری کی بھی زیارت کی ہے اور جس نے ہمارے آخر کی زیارت کی گویا اس نے ہمارے پہلے کی بھی زیارت کی ہے (٦٠)

امام حسن ـ اپنے نانا رسول خداؐ کی خدمت میں عرض کرتے ہیں جو شخص آپ کی زیارت کرے اس کو کیا ثواب ملے گا آپ نے فرمایاجو شخص میری زندگی میں یا میری وفات کے بعد زیارت کرے آپ کے بابا علی کی زیارت کرے یا آپ کے بھائی

حسین ۔ کی زیارت کرے یا آپ کی زیارت کے لئے آئے تو مجھ پر حق بن جاتا ہے قیامت کے دن میں اس کی زیارت کروں اور (اس کی شفاعت کر کے)اس کے گناہ معاف کرادوں ۔(٦١)

قال الامام صادق ۔ :منْ زار الْحسےْنِ ۔ عارفاً بِحقِّہ کتب اللہ لہ ثوّاب الْفِ حِجّةٍ مقْبوْلةٍ والْفِ عمْرةٍ مقْبوْلةٍ وغفرلہ ما تقدّم مِنْ ذنْبِہِ وما تأخّر۔امام جعفر صادق ۔ فرماتے ہیں جو شخص امام حسین ۔ کی زیارت کرے اس حال میں کہ ان کے حق کو پہچانتا ہو تو اللہ تبارک و تعالیٰ اس کے نامہ اعمال میں ایک ہزار حج مقبول اور ایک ہزار عمرہ مقبول کا ثواب لکھ دے گا اور اس کے گذشتہ اور آئندہ گناہ بھی معاف فرما دے گا (٦٢)

الامام صادق ۔ :اِےْتوا قبْرالْحسےْنِ فِیْ کلِ سنّةٍ مرّةً۔امام جعفر صادق ۔ فرماتے ہیں کہ ہر سال ایک مرتبہ قبر مطہر امام حسین ۔ زیارت پر جاؤ (٦٣)

امام صادق ۔ نماز کے بعد زائرین امام حسین ۔ کے لئے یوں دعا فرماتے ہیں خدایا میرے جد امجدامام حسین ۔ کی قبر مطہر کی زیارت کرنے والوں کی مغفرت فرما (٦٤)

قال الامام الصادق ۔:منْ زارنِی غفِرتْ لہ ذنوبہ ولمْ ےمتْ فقےْراً۔ امام صادق ۔ فرماتے ہیں جو شخص میری زیارت کرے اس کے گناہ معاف کر دیے جائیں گے اور وہ حالت فقر میں نہیں مرے گا (٦٥)

قال الامام الرضا۔:منْ زارنِی علیّ بعْدِ دارِیْ أتیْتہ ےوْم الْقِےامةِ فِی ثلاثِ مواطِنِ حتّی اخْلِصہ مِن اھْوالِھٰا اِذا تظاہرتِ الْکتّب ےمِیناً وشِمالاً عِنْد الصِّراطِ وعِنْد الْمِےْزانِ۔امام رضا ۔ فرماتے ہیں جو شخص میری زیارت کے لئے آئے گا (میری قبر کے دور ہونے کے باوجود)میں قیامت کے دن تین مقامات پر اس کے پاس آؤں گا تا کہ شفاعت کروں اور اسے ان مقامات کے ہولناکیوں اور سخت حالات سے اسے نجات دلاؤں (٦٦)

(١)جب اعمال نامے دائیں بائیں پھیلا دئیے جائیں گے ۔

(٢) پل صراط پر

(٣)حساب کے وقت

قال الامام الجواد ۔ :منْ زار قبْر عمتِی بِقمٍّ فلہ الْجنّة۔امام جوا د ۔ فرماتے ہیں جو شخص قم میں میری پھوپھی(حضرت فاطمہ معصومہ) کی زیارت کرے خدا اسے جنت عطا فرمائے گا (٦٧)

امام حسن عسکری ۔ فرماتے ہیں جو شخص عبد العظیم (حسنی)کی زیارت کرے تو گویا اس نے حضرت امام حسین ۔ کی زیارت کی ہے (اور اسے آپ کی زیارت کا ثواب ملے گا)(٦٨)

امام صادق ۔ سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص اپنے والدین یا کسی رشتہ دار یا غیر رشتہ دار کی قبر پر جاتا ہے اور اس کے لئے دعا کرتا ہے کیا اس سے قبر والے کوکو ئی فائدہ پہنچے گا ؟آپ نے جواب میں فرمایا ہاں اگر تم میں سے کسی کو ہدیہ و تحفہ دیا جائے تو جس طرح تم خوش ہوتے ہو صاحب قبر (مرنے والا)بھی تمہارے اس عمل سے اسی طرح خوش ہوتا ہے (٦٩)

قرآنی آیات اور احادیث کے حوالہ جات (١)سورہ غافرہ آیة ٦٠(٢)سورہ اسراء آیة ١١٠(٣،٤)کلمة اللہ صفحہ ٤٠٩ حدیث ٤٠٥و٤٠٦ (٥) وسائل الشیعہ ابواب دعا ،باب

دوم حدیث ۳(۶،۷)کافی کتاب الدعائ(۸ تا ۱۹)میزان الحکمۃ باب دعائ(۲۱)سورہ غافر آیۃ ۱٤(۲۲)میزان الحکمۃ (۲۳) وسائل الشیعہ ابواب دعا باب ۵۰ حدیث ۳(۲٤تا ۲۸) میزان الحکمۃ حدیث ۵۶۲۰ تا ۵۶۲۵(۲۹ تا ۳۱) وسائل ،ابواب دعا ،باب ۳۷ حدیث ۷،۱۰،۱۲(۳۲)کلمۃ اللہ حدیث ۹۳(۳۳تا۳۸)میزان الحکمۃ حدیث ۵۶۳۰،۵۶۳۲،۵۶۳۵،۵۶۳۹،۵۶٤۷،۵۶٤۸ (۳۹) وسائل الشیعہ کتاب الصلاۃ ابواب تعقیب حدیث ۸ (٤۰) وسائل الشیعہ کتاب الصلاۃ ابواب سجود باب ۲۳ حدیث ۵(٤۱) وسائل الشیعہ ابواب دعاء باب ۲۳ حدیث ٤(٤۲) میزان الحکمۃ حدیث ۵۶۵۸(٤۳)وسائل الشیعہ ابواب دعا باب ۳۰ حدیث ۲ (٤٤ تا ٤۸) میزان الحکمۃ ۵۶۹۶،۵۶۹۸،۵۷۰۰،۵۷۲۳،۵۷۳۶(٤۹) آل عمران آیۃ ۱۶۹(۵۰ تا ۵٤) میزان الحکمۃ حدیث ۷۹۵۲،۷۹٤۸، ۷۹٤۸،۷۹۸۶،۷۹۸۷(۵۵) مائدہ آیۃ ۳۵(۵۶)صحیفہ سجادیہ دعای ٤٤(۵۷)یوسف آیۃ ۹۶(۵۸) صافات آیۃ ۷۹،۱۰۹،۱۲۰،۱۸۱(۵۹تا ۶۹) میزان الحکمۃ حدیث ۷۹٤۶،۷۹۵۱،۷۹٤۹،۷۹۶۱،۷۹۶۳،۷۹۶۶۔

مطلب سوم :مؤلف محترم کے مختصر حالات زندگی

انبیاء اور آئمہ اطہار اور ان کے بعد نیک اور با فضیلت علماء کی سیرت سے آگاہ ہونا ان تمام لوگوں کیلئے جو نمونہ عمل کی جستجو میں ہیں روحانی ارتقاء کا موجب ہے چونکہ یہ عظیم ہستیاں روحانی اعتبار سے ممتاز ہیں اور عمدہ کردار و اخلاق کی حامل ہیں مفاتیح الجنان کے مؤلف خاتم المحدثین الحاج شیخ عباس قمی ہیں جو کہ محدث قمی کے نام سے مشہور ہیں آپ ۱۲۹٤ھ میں مذہبی شہر قم میں پیدا ہوئے وہ مقدس شہر کہ جو کریمہ اہل بیت فاطمہ معصومہ کا مدفن ہے اور علم و روحانیت کا مرکز ہے ۔

والد گرامی

آپ کے والد بزرگوار الحاج محمد رضا قمی ہیں جنہیں قم کے لوگ متقی پرہیزگار شخص کے طور پر پہچانتے تھے چو نکہ آپ دینی مسائل سے بھی آگاہ تھے اس لئے لوگ شرعی احکام پوچھنے کے لئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے۔

والدہ معظمہ

محدث قمی کی والدہ مکرمہ پرہیز گار خاتون تھیں ان کے متعلق خود محدث قمی نے کئی مقامات پر اس امر کا اظہار کیا ہے کہ میری تالیفات اور دیگر کام میری والدہ کی تربیت کی وجہ سے ہیں کہ انہوں نے اس قدر کوشش کی کہ مجھے ہمیشہ باوضو دودھ پلایا کرتی تھیں ۔

تعلیمی مراحل

محدث قمی نے اپنا بچپن اور جوانی قم جیسے مذہبی شہر میں گزار دی اور اس زمانے کے علماء سے ادبیات اور فقہ و اصول کی تعلیم حاصل کی اس کے بعد اعلی تعلیم کے لئے ۱۳۱۶ھ میں نجف اشرف تشریف لے گئے اور حضرت آیت اللہ حاج سید محمد کاظم یزدی جیسے بزرگ و عظیم مجتہدین و مراجع سے کسب فیض کیا لیکن

چونکہ علم حدیث ،رجال اور درایہ سے خصوصی لگاؤ تھا اس لئے علامہ نامدار حاج میرزا حسین نوری کی خدمت میں گئے چونکہ وہ اس زمانے میں علم حدیث کے علمبردار تھے آپ کا زیادہ وقت ان کی خدمت میں گزرا ۔

عمدہ صفات

محدث قمی نے اپنی جوانی کے دوران خود سازی کو اپنا سرنامہ زندگی قرار دیا فضائل اخلاقی اور عمدہ صفات کے حصول میں کوشاں رہے یہاں تک کہ اپنے زمانہ کے علم اخلاق کے بزرگ معلمین میں ان کا شمار ہوتا تھا اور لوگ انہیں ایک روحانی متقی شخص کے طور پر پہچانتے تھے آپ کے درس اخلاق میں لوگ جوق در جوق شریک ہوتے تھے آپ کی ممتاز ترین صفات میں تین اوصاف انتہائی نمایاں ہیں ۔

١۔دعا اور اہلبیت کے ساتھ گہرا تعلق ٢۔زہد و تقویٰ ٣۔تواضع و انکساری ۔

مدرسہ و مؤسسہ امام المنتظر (عج) قم

محسن ملت حضرت علامہ سید صفدر حسین نجفی اعلیٰ اللہ مقامہ نے ١٤٠٣ہجری قمری بمطابق ١٩٨٢ عیسوی میں مدرسہ امام المنتظر(عج)کی بنیاد رکھی یہ مدرسہ آج محلہ گذرقلعہ قم میں اپنی خدمات انجام دے رہا ہے محسن ملت مرحوم کی خواہش تھی کہ قم کی طرح مشہد مقدس اور شام میں بھی اس مدرسہ کی شاخیں ہوں ان کے علاوہ ایک عظیم علمی ،ثقافتی اور دینی ادارہ بھی معرض وجود میں آئے تاکہ وہاں سے دینی کتب کی اشاعت ہو سکے علامہ محسن ملت کی یہ خواہش ١٤١٨ ہجری قمری بمطابق ١٩٩٧ عیسوی کو مؤسسہ ہذا کی صورت میں پایہ تکمیل تک پہنچی ،یہ ادارہ اس وقت تک کئی کتب شائع کر چکا ہے مؤسسہ ہذا کے شعبہ تحقیقات میں فاضل طلباء کے توسط سے مختلف موضوعات پر مناسب اور با اعتماد منابع سے تحقیقی کام ہو رہا ہے (جیسے تفسیر وعلوم قرآن ،تاریخ وسیرت اہل بیت اور اس کے علاوہ دیگر موضوعات) بہر حال یہ سب کچھ علامہ محسن ملت کی باقیات وصالحات اور صدقہ جاریہ ہیں خدا وند متعال علامہ مرحوم کے درجات بلند فرمائے ۔آمین ۔

سید نیاز حسین نقوی

مؤسسہ اما م المنتظر (عج)

قم المقدسہ اسلامی جمہوریہ ایران

مؤسسہ امام المنتظر (عج)

کا شعبہ نشر واشاعت مختلف زبانوں میں اب تک کئی کتب شائع کر چکا ہے ۔

قرآن (١)

چراغ ہدایت

تفسیر وجیر (۱)
عدالت اجتماعی(معاشرتی انصاف)
مفاتیح الجنان (۱) مرحوم شیخ عباس قمی
آئینہ حقیقت
مکاسب (۳) جلد شیخ مرتضیٰ انصاری
پیام امام زمانہ(عج)
فارسی
رہبر بشریت کا اعلان
قرآن ترجمہ فارسی
زیر طبع کتب اردو
مفاتیح الجنان ترجمہ فارسی
اہل بیت قرآن وسنت کی روشنی میں
نہج البلاغہ ترجمہ فارسی
علم وحکمت قرآن وسنت کی روشنی میں
حقیقت مکتوم ترجمہ فارسی
عقل قرآن وسنت کی روشنی میں
در مکتب حسین شیعہ شدم ترجمہ فارسی
محبت قرآن وسنت کی روشنی میں
راز خلقت انسان در قرآن
خطبہ غدیر(انگلش)
عدالت اجتماعی (بخش اقتصاد)
فصول شرح کفایۃ الاصول

۱.(سور قرآنی)

مفاتیح الجنان و باقیات الصالحات (اردو)

فضائل سورہ یٰس

مفاتیح النجاح میں سورہ یاسین کے فضائل کے ضمن میں حضرت رسول اکرم (ص)سے منقول ہے کہ جو شخص خدا کی خوشنودی کیلئے سورہ یٰس پڑھے تو خدا اسکے گناہ معاف کردیگا اور اسے بارہ مرتبہ قرآن کو ختم کرنے ثواب عطافرمائیگا ۔نیزجب یہ سورہ کسی مریض کے پاس تلاوت کیا جائے تو اسکے سامنے ہر حرف کے بدلے میں دس فرشتے صف بستہ ہوکرنازل ہوتے ہیں جو اس کیلئے مغفرت طلب کرتے ہیں اور اسکی روح قبض ہونے تک حاضر رہتے ہیں اسکے جنازے کے ساتھ چلتے

ہیں اس پر نماز پڑھتے ہیں اور اسکے دفن میں شریک ہوتے ہیں اگر کوئی مریض وقت نزع خود یا کوئی دوسرا شخص اس کے پاس سورہ یٰس کی تلاوت کرے تورضوان جنت بہشت کے پانی کا ایک کا سہ لا کر اسے دیتا ہے جسے وہ پیتا ہے اور سیراب ہوکر اس دنیا سے رخصت ہوتا ہے اور اپنی قبرسے سیراب ہی اٹھے گااورنبیوں کے کسی حوض کامحتاج نہ ہو گاحتی کہ وہ سیراب ہو کر جنت میں داخل ہو گا۔نیزمنقول ہے کہ سورہ یٰس اپنے پڑھنے والے کو دنیا اور آخرت کی بھلائی عنایت کرے گا، قیامت کی ہولناکی اور دنیا کی بلائوں سے بچائے گا نیز ہر شر کو اس سے دور کرے گا اور اسکی ہر حاجت برلائے گا۔ سو رہ یٰس پڑھنے والے کے لیے بیس حج کا ثواب ہے اور اسے سننے والے کے لیے ہزار نور، ہزار رحمتیں اور ہزار برکتیں ہوں گی اور یہ سورہ اس کو ہر مصیبت سے نجات دلائے گا۔حضور (ص) سے مروی ہے کہ جو شخص قبرستان میں سورہ یٰس کی تلاوت کرے تو خدا وہاں مدفون لوگوں کے عذاب میں کمی کرے گا اور اسکو مرد وں کی تعداد کے برابر نیکیاں عطا فرمائیگا۔امام جعفرصادق (ع)سے منقول ہے کہ جو شخص دن میں سورہ یٰس پڑھے وہ رات تک محفوظ رہے گا اور روزی سے نوازا جائے گااور جو شخص رات کوسو نے سے پہلے یہ سورہ پڑھے تو خدا اس کو ہر آفت اور شیطان کے ہر شر سے بچانے کیلئے اس پر ہزار فرشتے مقرر کرے گا اور اگروہ اسی روز مر جائے تو خدا اس کو جنت میں داخل فرمائے گا ۔

بِسْمِ اللهِ الرحْمنِ الرحيمْ

خدا کے نام سے(شروع کرتا ہوں)جو بڑا مہربا ن نہایت رحم والا ہے

يٰس ٓ(١) والْقرْآنِ الْحكِيمِ (٢) إنّک لمِنِ الْمرْسلِين (٣) على صِراطٍ مسْتقِيمٍ (٤)

یاسین۔پرحکمت قرآن کی قسم۔(اے رسول)بے شک آپ ضرور پیغمبروں میں سے ہیں ۔ سیدھے راستے پر (قائم) ہیں

تنْزِيل الْعزِيزِالرّحِيمِ (٥) لِتنْذِر قوْماً ما أنْذِر آباؤهمْ فهمْ غافِلون (٦)

یہ (قرآن) بڑے مہربان غالب خدا کانازل کردہ ہے تاکہ تم ان لوگوں کو ڈرائو جن کے باپ دادا نہیں ڈرائے گئے پس وہ بے خبر ہیں

لقدْ حقّ الْقوْل على أكْثرِهِمْ فهمْ لا يؤْمِنون (٧) إنّاجعلْنا فِی أعْناقِهِمْ أغْلالاً فهِی إلى

ہیں یقینًا ان میں اکثر پر حق واضح ہو چکا لیکن وہ ایمان نہ لائیں گے بے شک ہم نے ان کی گردنوں میں طوق ڈال دیئے ہیں جو انکی

الْأذْقانِ فهمْ مقْمحون (٨)وجعلْنا مِنْ بيْنِ أيْدِيهِمْ سدّاً ومِنْ خلْفِهِمْ سدّاً فأغْشيْناهمْ

ٹھوڑیوں تک ہیں اور انہوں نے منہ اٹھا رکھے ہیں ہم نے ان کے آگے اور پیچھے دیوار کھڑی کر کے انہیں ڈھانپ دیا

فهمْ لايبْصِرون (٩) وسواءٌ عليْهِمْ أ أ نْذرْتهمْ أمْ لمْ تنْذِرْهمْ لا يؤْمِنون(١٠) إنّما

لہذا وہ کچھ نہیں دیکھتے اور ان کیلئے برابر ہے آپ انہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں وہ ایمان نہیں لائیں گے بس آپ اسی

تنْذِر منِ اتّبع الذِّكْر وخشِی الرّحْمن بِالْغيْبِ فبشِّرْه بِمغْفِرةٍ وأجْرٍ كرِيمٍ (١١) إنّا

کو ڈرا سکتے ہیں جو نصیحت مانے اوران دیکھے خدا سے ڈرے آپ اسے بخشش اورباعزت اجر کی نوید دے دیں یقینا ہم ہی مردوں

نحْن نحْیِ الْموْتى ونكْتب ما قدّموا وآثارهمْ وكلّ شيْءٍ أحْصيْناه فِی إمامٍ مبِينٍ (١٢)

کو زندہ کرتے ہیں اور جو کچھ پہلے لوگ کر چکے اور ہم انکے آثار کو لکھتے جاتے ہیں اور ہم نے ہر چیز کو ایک واضح پیشوا کے تابع کر دیا ہے

واضْربْ لهمْ مثلاً أصْحاب الْقرْيةِ إذْ جائها الْمرْسلون (١٣) إذ أرْسلْنا إليْهم اثْنيْنِ

اور ان کیلئے(بستی انطاکیہ) والوں کی مثال بیان کریں جب انکے پاس رسول آئے جب ہم نے انکی طر ف دو رسول بھیجے تو انہوں انکو

فكذّبوهما فعزّزْنا بِثالِثٍ فقالوا إنّا إليْكمْ مرْسلون (١٤) قالوا ما أ نْتمْ إلاّ بشرٌ مِثْلنا

جھٹلایا تب ہم نے انکو تیسرے(رسول) سے قوت دی تو انہوں نے کہا ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں ان لوگوں نے کہا تم بھی ہمارے جیسے آدمی ہی ہو

وما أ نْزل الرّحْمن مِنْ شيْئٍ إنْ أ نْتمْ إلاّ تكْذِبون (١٥)قالوا ربّنا يعْلم إنّا إليْكمْ

اور رحمن نے کچھ بھی نازل نہیں کیا تم واضح جھوٹ بول رہے ہو انہوں نے کہا ہمارا رب جانتا ہے کہ ہم ضرور تمہاری طرف

لمرْسلون (١٦) وما عليْنا إلاّ الْبلاغ الْمبِين(١٧) قالوا إنّا تطيّرْنا بِكمْ لئِنْ لمْ

بھیجے گئے ہیں اور ہمارا کام تو بس پیغام پہنچا دینا ہے وہ بولے ہم نے تمہیں بد شگون پایا اگر تم باز نہ آئے تو ہم تمہیں

تنْتهوا لنرْجمنّكمْ وليمسّنّكمْ مِنّا عذابٌ ألِيمٌ (١٨) قالوا طائِركمْ معكمْ أ إنْ ذكِّرْتمْ

ضرور سنگسار کریں گے اور ہمارے ہاتھوں تمہیں درد ناک عذاب پہنچے گا وہ بولے تمہاری بدشگونی تمہارے ساتھ ہے کیا تم نصیحت کو برا سمجھتے ہو

بلْ أ نْتمْ قوْمٌ مسْرِفون (١٩) وجاءَ مِنْ أقْصى الْمدِينةِ رجلٌ يسْعى قال يا قوْمِ اتّبِعوا

بلکہ تم حد سے بڑھنے والے ہو اور شہر کے آخری کنارے سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا اس نے کہا اے لوگو ان رسولوں کی

الْمرْسلِين (٢٠) اتّبِعوا منْ لا يسْأ لكمْ أجْراً وهمْ مهْتدون (٢١) وما لِی لا أعْبد

پیروی کرو ۔ہاں ان کی پیروی کرو جو تم سے کوئی اجر نہیں مانگتے اوریہ تو ہدایت یافتہ ہیں مجھے کیا ہوا ہے کہ میں اپنے پیدا کرنے والے کی

الّذِی فطرنِی و إليْهِ ترْجعون (٢٢)أ أتّخِذ مِنْ دونِهِ آلِهةً إنْ يرِدْنِ الرّحْمن بِضرٍّ لا

عبادت نہ کروں اور تم اسی کی طرف لوٹائے جائو گے۔کیا میں اس کے سوا دوسرے معبود بنا لوں ؟ اگر خدا مجھے کوئی تکلیف دے تو نہ

تغْنِ عنِّی شفاعتهمْ شيْئاً ولا ينْقِذونِ (٢٣) إنِّی إذاً لفِی ضلالٍ مبِينٍ (٢٤) إنِّی

انکی شفاعت کام آئے نہ وہ مجھے چھڑا سکیں تب یقینا میں کھلی گمراہی میں ہوں گا میری مانو

آمنْت بِربِّكمْ فاسْمعونِ (٢٥) قِيل ادْخلِ الْجنّة قال يا ليْت قوْمِی يعْلمون (٢٦)

کہ میں تمہارے رب پر ایمان لایا ہوں (قوم نے اسے مار ڈالا تو) کہا گیا جنت میں داخل ہو جا اس نے کہا کاش میری قوم جان لیتی

بِما غفر لِی ربِّی وجعلنِی مِن الْمكْرمِين (٢٧) وما أنْزلْنا على قوْمِهِ مِنْ بعْدِهِ مِنْ جنْدٍ

کہ میرے رب نے مجھے بخش دیا اور عزت والوں میں شامل کردیا ہے اس شہید کے بعد ہم نے اسکی قوم پر آسمان سے لشکر نہ اتارا

مِن السّماءِ وما كنّا منْزِلِين (٢٨) إنْ كانتْ إلاّ صيْحةً واحِدةً ف إذا همْ خامِدون (٢٩)

نہ ہم اتارنے والے تھے وہ تو ایک چنگھاڑ ہی تھی جس سے وہ بجھ کر رہ گئے

يا حسْرةً على الْعِبادِ ما يأْتِيهِمْ مِنْ رسولٍ إلاّ كانوا بِهِ يسْتهْزِؤن (٣٠)ألمْ يروْا كمْ أهْلكْنا

لوگوں کے حال پر افسو س ہے کہ ان کے پاس جو بھی رسول آیا وہ اس کا مذاق اڑاتے تھے ۔کیا انہوں نے دیکھا نہیں کہ ہم
قبْلهمْ مِن الْقرونِ أ نّهمْ إليْهِمْ لا يرْجِعون (٣١) و إنْ كلٌّ لمّا جمِيعٌ لديْنا محْضرون (٣٢)
نے ان سے پہلے کئی قومیں ہلاک کر دیں جو ان کی طرف لوٹنے والی نہیں ۔البتہ وہ اکھٹے ہمارے سامنے حاضر ہوں گے
و آيةٌ لهم الْأرْض الْميْتة أحْييْناها وأخْرجْنا مِنْها حبّاً فمِنْه يأْكلون (٣٣) وجعلْنا فِيها
اور مردہ زمین بھی ان کیلئے ایک نشانی ہے جسے ہم نے زندہ کیا ہم نے اس سے غلہ نکالا اور وہ اسے کھاتے ہیں اور ہم نے اس
جنّاتٍ مِنْ نخِيلٍ وأعْنابٍ وفجّرْنا فِيها مِن الْعيونِ (٣٤) لِيأْكلوا مِنْ ثمرِهِ وما عمِلتْه
میں کھجوروں اور انگوروں کے باغ اگائے اور ہم نے اس میں کچھ چشمے جاری کیے تاکہ وہ زمین کے ان پھلو ں کو کھا ئیں جسے ان
أيْدِيهِمْ أفلا يشْكرون (٣٥) سبْحان الّذِی خلق الْأزْواج كلّها مِمّا تنْبِت الْأرْض
کے ہاتھوں نے نہیں اگایا۔کیا وہ شکر نہیں کرتے؟ پاک ہے وہ ذات جس نے زمین سے اگنے والی سب چیزوں کے جو ڑے پیدا کیے اور
ومِنْ أ نْفسِهِمْ ومِمّا لا يعْلمون (٣٦) و آيةٌ لهم اللّيْل نسْلخ مِنْه النّهار ف إذا همْ
انکی جانوں سے بھی اور ان چیزوں سے جنکو وہ نہیں جانتے اور رات بھی ان کیلئے ایک نشانی ہے کہ ہم اس میں سے دن کو کھینچ لیتے ہیں تو
مظْلِمون(٣٧) والشّمْس تجْرِی لِمسْتقرٍّ لها ذلِك تقْدِير الْعزِيزِ الْعلِيمِ (٣٨)
وہ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں ۔ اور سورج اپنے مدار پر چلتا رہتاہے اور یہ بڑے علم اور غلبے والے کا مقرر کیا ہوا اندازہ ہے
والْقمر قدّرْناه منازِل حتّى عاد كالْعرْجونِ الْقدِيمِ (٣٩) لا الشّمْس ينْبغِی لها أنْ
اور ہم نے چاند کے لیے منزلیں مقررکی ہیں کہ آخر میں کھجور کی سوکھی ٹہنی کا سا ہو جاتا ہے نہ سو رج کے بس میں ہے کہ چاند
تدْرِك الْقمر ولا اللّيْل سابِق النّهارِ وكلٌّ فِی فلكٍ يسْبحون (٤٠) و آيةٌ لهمْ أنّا
کو لے جائے اور نہ رات دن پر سبقت کر سکتی ہے اور یہ سب اپنے اپنے مدار میں چکر لگارہے ہیں اور ان کے لیے ایک نشانی یہ ہے
حملْنا ذرِّيّتهمْ فِی الْفلْكِ الْمشْحونِ(٤١) وخلقْنا لهمْ مِنْ مِثْلِهِ ما
کہ ہم نے بھری کشتی میں ان کی اولاد کو اٹھایا اور ہم نے ان کیلئے کشتی کی مانند ہی چیزیں بنائیں جن پر
يرْكبون(٤٢)و إنْ نشأْ نغْرِقْهمْ فلا صرِيخ لهمْ ولا همْ ينْقذون(٤٣) إلاّ رحْمةً مِنّا
و ہ سوار ہوتے ہیں اور اگر ہم چاہیں تو انہیں غرق کر دیں تو نہ کوئی انکا فریاد رس ہو گا نہ وہ بچ سکیں گے مگر یہ کہ ہم ان پر رحمت کریں اور ایک
ومتاعاً إلى حِينٍ (٤٤) و إذا قِيل لهم اتّقوا ما بيْن أيْدِيكمْ وما خلْفكمْ لعلّكمْ
وقت تک فائدہ پہنچائیں اور جب ان سے کہا جائے کہ اس عذاب سے ڈروجو تمہارے سامنے اور تمہارے پیچھے ہے تاکہ تم پر
ترْحمون (٤٥) وما تأْتِيهِمْ مِنْ آيةٍ مِنْ آياتِ ربِّهِمْ إلاّ كانوا عنْها معْرِضِين (٤٦)
رحم کیا جائے تو وہ توجہ نہیں کرتے اور انکے رب کی نشانیوں میں سے جو نشانی بھی انکے پاس آتی ہے وہ اس سے منہ پھیر لیتے ہیں
و إذا قِيل لهمْ أنْفِقوا مِمّا رزقكم الله قال الّذِين كفروا لِلّذِين آمنوا أنطْعِم منْ لوْ يشاء

اور جب ان سے کہا جائے کہ اللہ کے دئیے ہوئے رزق سے خرچ کرو تو کافرمؤمنین سے کہتے ہیں کیا ہم اسے کھلائیں جسے اللہ
اللَّہ أطْعمہ إنْ أ نْتمْ إلاّ فِی ضلالٍ مبِینٍ (٤٧) ویقولون متی ھذا الْوعْد إنْ کنْتمْ
چاہتا تو کھلا دیتا۔تم توکھلی گمراہی میں ہو۔ اور وہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو بتاؤ یہ وعدہ کب پورا ہو گا؟
صادِقِین (٤٨) ما ینْظرون إلاّ صیْحۃً واحِدۃً تأْخذھمْ وھمْ یخِصِّمون (٥٩) فلا
یہ ایک سخت آواز کا ہی تو انتظار کر رہے ہیں جو ان کو آپکڑے گی اور وہ جھگڑ رہے ہوں گے پس نہ وہ
یسْتطِیعون توْصِیۃً ولا إلی أھْلِھِمْ یرْجِعون (٥٠) ونفِخ فِی الصّورِ ف إذا ھمْ مِن
وصیت کر سکیں گے نہ وہ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹ سکیں گے اور(جب) صور پھونک دیا جائے گا تو وہ اپنی قبروں
الْأجْداثِ إلی ربِّھِمْ ینْسِلون (٥١)قالوا یا ویْلنا منْ بعثنا مِنْ مرْقدِنا ھذا ما وعد
سے (نکل کر)اپنے رب کی طرف چل پڑیں گے اورکہیں گے ہائے ہماری تباہی ہو گئی ہمیں کس نے ہماری خوابگاہ سے اٹھا دیا؟ یہ ہے جس
الرّحْمن وصدق الْمرْسلون (٥٢) إنْ کانتْ إلاّ صیْحۃً واحِدۃً ف إذا ھمْ جمِیعٌ لدیْنا
کا وعدہ رحمن نے کیا تھا اور رسولوں نے سچ کہا تھا کہ وہ ایک سخت آواز ہوگی اور اسی وقت وہ سب ہمارے ہاں حاضر
محْضرون (٥٣) فالْیوْم لا تظْلم نفْسٌ شیْئاً ولا تجْزوْن إلاّ ما کنْتمْ تعْملون (٥٤)
کیے جائیں گے۔پس آج کسی جان پر کچھ ظلم نہ ہو گااور جو تم کرتے رہے صرف اسی کا تمہیں بدلہ دیا جائے گا
إنّ أصْحاب الْجنّۃِ الْیوْم فِی شغلٍ فاکِھون (٥٥) ھمْ وأزْواجھمْ فِی ظِلالٍ علی
بے شک آج کے دن اہل جنت دل بہلانے میں لگے ہوئے ہیں ۔ وہ اور انکی بیویاں گھنے سایوں میں تختوں
الْأرائِکِ متّکِئون (٥٦) لھمْ فِیھا فاکِھۃٌ ولھمْ ما یدّعون (٥٧) سلامٌ قوْلاً مِنْ
پر تکیے لگائے ہوئے ہیں ۔ جنت میں ان کے لیے میوے ہیں اور جو کچھ بھی وہ طلب کریں (ان پر) مہربان خداکی
ربٍّ رحِیمٍ (٥٨) وامْتازوا الْیوْم أیّھا الْمجْرِمون (٥٩) أ لمْ أعْھدْ إلیْکمْ یا بنِی آدم
طرف سے سلام آئے گا (حکم ہو گا) گنہگارو آج تم الگ ہو جاؤ۔ اے اولاد آدم کیا میں نے تمہیں حکم نہیں دیا تھاکہ شیطان
أنْ لاّ تعْبدوا الشّیْطان إنّہ لکمْ عدوٌّ مبِینٌ (٦٠) وأنِ اعْبدونِی ھذا صِراطٌ مسْتقِیمٌ (٦١)
کی عبادت نہ کرنا کیونکہ یقینا وہ تمہارا کھلا دشمن ہے اور یہ کہ میری ہی عبادت کرنا کیونکہ یہی سیدھا راستہ ہے
ولقدْ أضلّ مِنْکمْ جِبِلاًّ کثِیراً أفلمْ تکونوا تعْقِلون (٦٢) ھذِہِ جھنّم الّتِی کنْتمْ
اور اس(شیطان) نے تم میں سے بہت لوگوں کو گمراہ کیا۔کیا تم سمجھتے نہیں تھے؟یہ وہی جہنم ہے جس کا تم
توعدون (٦٣) اصْلوْھا الْیوْم بِما کنْتمْ تکْفرون (٦٤) الْیوْم نخْتِم علی أفْواھِھِمْ
سے وعدہ کیا تھا آج اس میں داخل ہو جاؤ کیونکہ تم کفر کرتے تھے۔آج ہم ان کے ہونٹوں پر مہر لگادیں گے
وتکلِّمنا أیْدِیھِمْ وتشْھد أرْجلھمْ بِما کانوا یکْسِبون (٦٥) ولوْ نشاء لطمسْنا علی

تو ان کے ہاتھ ہم سے کلام کریں گے اور انکے پائوں ان کاموں کی گواہی دیں گے جو وہ کرتے تھے اور اگر ہم چاہتے تو ان کی
أعْيِنِهِمْ فاسْتبقوا الصِّراط فأ ّنى يبْصِرون (٦٦) ولوْ نشاءُ لمسخْناهمْ على مكانتِهِمْ
آنکھیں اندھی کر دیتے پھر وہ راستے کی طرف دوڑتے تو کہاں دیکھ پاتے؟ اور اگر ہم چاہتے تو ان کے گھروں میں ہی انکی صورتیں بدل دیتے
فما اسْتطاعوا مضِيّاً ولا يرْجِعون (٦٧) ومنْ نعمِّرْه ننكِّسْه فِي الْخلْقِ أفلايعْقِلون (٦٨)
پھرنہ وہ آگے جاسکتے نہ پیچھے مڑسکتے اور جسے ہم لمبی عمر دیتے ہیں ،اسے کمزور خلقت میں پھیر دیتے ہیں ۔کیا یہ سمجھتے نہیں ؟
وما علّمْناه الشِّعْر وما ينْبغِي له إنْ هو إلاّ ذِكْرٌ وقرْآنٌ مبِينٌ (٦٩) لِينْذِر
اور ہم نے اپنے نبی کو شعر کہنا نہیں سکھایا اورنہ یہ انکے شایان شان ہے یہ کتاب تو نصیحت اور روشن قرآن ہے تاکہ وہ اسے ڈرائیں
منْ كان حيّاً ويحِقّ الْقوْل على الْكافِرِين (٧٠) أو لمْ يروْا أنّا خلقْنا لهمْ مِمّا عمِلتْ
جو زندہ ہو اور کافروں پر حجت قائم ہو جائے کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اپنے دست قدرت سے بنائی ہوئی مخلوق میں سے
أيْدِينا أنْعاماً فهمْ لها مالِكون (٧١) وذ لّلْناها لهمْ فمِنْها ركوبهمْ ومِنْها يأْكلون (٧٢)
ان کیلئے مویشی بنائے جنکے وہ مالک ہیں اور ہم نے چوپائوں کوانکے تا بع کر دیا تو ان میں سے بعض انکی سواریاں ہیں اور بعض کو وہ کھاتے ہیں
ولهمْ فِيها منافِع ومشارِب أفلا يشْكرون (٧٣) واتّخذوا مِنْ دونِ اللّهِ آلِهةً لعلّهمْ
اور ان کیلئے ان میں فائدے اور پینے کی چیزیں ہیں تو کیا وہ شکر نہیں کرتے ؟اور انہوں نے خدا کے علاوہ معبود بنا لیے شاید کہ ان
ينْصرون (٧٤) لا يسْتطِيعون نصْرهمْ وهمْ لهمْ جنْدٌ محْضرون (٧٥) فلا
سے مدد پائیں وہ انکی مدد نہیں کر سکتے اور یہ کافر انکے لشکر ہیں جو حاضر کیے جائیں گے پس انکی باتیں تمہیں
يحْزنْك قوْلهمْ إنّا نعْلم ما يسِرّون وما يعْلِنون (٧٦) أو لمْ ير الْإِنْسان أنّا خلقْناه مِنْ
غمزدہ نہ کریں بے شک ہم جانتے ہیں جو کچھ وہ چھپاتے اور جو ظاہر کرتے ہیں ۔کیا انسان نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اسے
نطْفةٍ ف إذا هو خصِيمٌ مبِينٌ (٧٧) وضرب لنا مثلاً ونسِي خلْقه قال منْ يحْيِي الْعِظام
نطفے سے پیدا کیاپھر اچانک وہ ہمارا ہی کھلا مقابل بن گیا ہے اور ہمارے لیے مثال بیان کرنے لگا اور اپنی پیدائش کو بھول گیا کہنے لگا کون ہڈیوں
وهِي رمِيمٌ (٧٨) قلْ يحْيِيها الّذِي أ نْشأها أوّل مرّةٍ وهو بِكلِّ خلْقٍ علِيمٌ (٧٩)
کو زندہ کرے گا جبکہ وہ گل سڑگئیں ہونگیں کہہ دو انہیں وہی زندہ کرے گا جس نے ان کو پہلی مرتبہ پیدا کیا اور وہ ہر پیدائش کو جاننے والا ہے
الّذِي جعل لكمْ مِن الشّجرِ الْأخْضرِ ناراً ف إذا أ نْتمْ مِنْه توقِدون (٨٠) أو ليْس الّذِي
جس نے تمہارے لیے سبز درخت سے آگ پیدا کی کہ تم فورا ہی اس سے آگ روشن کرتے ہو کیا وہ جس نے
خلق السّمواتِ والْأرْض بِقادِرٍ على أنْ يخْلق مِثْلهمْ بلى وهو الْخلّاق الْعلِيم (٨١)
آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا وہ ان جیسے اور لوگوں کو پیدا کرنے پر قادر نہیں ہے ؟ ہاں وہ بہت کچھ پیدا کرنے والا ہے
إنّما أمْره إذا أراد شيْئاً أنْ يقول له كنْ فيكون(٨٢) فسبْحان الّذِي بِيدِهِ ملكوت

یہی تو اس کا حکم ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرے اور کہے ہو جا ،تو وہ ہو جاتی ہے پس پاک ہے وہ ذات جس کے دست قدرت
کلِّ شیْئِِ و إلیْہِ ترجعون (۸۳)
اور آل(ع) محمد(ص) پر رحمت فرما اور میرے کبیرہ(بڑے) گناہ معاف کردے کہ بڑے گناہ کو عظیم ذات ہی معاف کر سکتی ہے ۔
جب مغرب کے نوافل سے فارغ ہوجائیں تو جو چاہیں پڑھیں ۔ اور پھر دس مرتبہ کہیں :
ما شائ اللّٰہ لا قوّۃ إلاّ بِاللّٰہِ أسْتغْفِر اللّٰہ پھر یہ کہیں : اللّٰھمّ إنِّی أسْألک موجِباتِ رحْمتِک

جو کچھ خدا چاہے۔ نہیں کوئی قوت سوائے خدا کے میں اس سے بخشش چاہتا ہوں ، خداوند میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ۔تیری رحمت
وعزائِم مغْفِرتِک، والنّجاۃ مِن النّار، ومِن ْکلِّ بلِیّۃٍ، والْفوْز بِالْجنّۃِ، والرِّضْوان فِی دارِ
کے وسائل اورتیری طرف سے یقینی مغفرت آتش جہنم سے نجات ،بلائوں سے بچانے، جنت میں داخل کیے جانے ، دارالسلام
السّلامِ، وجِوارِ نبِیِّک محمّدٍ علیْہِ وآلِہِ السّلام۔ اللّٰھمّ ما بِنا مِنْ نِعْمۃٍ فمِنْک
میں تیری خوشنودی حاصل ہونے اور تیرے نبی حضرت محمد(ص) کے قرب کا ، خداوندا ہمارے پاس جو نعمت ہے وہ تیری طرف سے ہے
لا إلہ إلاّ أنْت، أسْتغْفِرک وأتوب إلیْک۔
تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تجھ سے بخشش چاہتا اور تیرے حضور توبہ کرتا ہوں ۔

نماز غفیلہ

نماز مغرب وعشائ کے درمیان دو رکعت نماز غفیلہ پڑھیں ۔ پہلی رکعت میں حمد کے بعد پڑھیں :
وذا النّونِ إِذْ ذھب مغاضِباً فظنّ أنْ لنْ نقْدِر علیْہِ فنادی فِی الظّلماتِ أنْ لا إلہ
اور جب ذالنون غصے کی حالت میں چلا گیا تو اس کا گمان تھا کہ ہم اسے نہیں پکڑیں گے پھر اس نے تاریکیوں میں فریاد کی کہ تیرے
إلاّ أنْت سبْحانک إِنِّی کنْت مِن الظّالِمِین، فاسْتجبْنا لہ ونجّیْناہ مِن الْغمِّ وکذلِک
سوائ کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بے شک میں ہی خطا کار وں میں سے ہوں تب ہم نے اسکی گزارش قبول کی اور اسے پریشانی سے
ننْجِی الْمؤْمِنِین۔دوسری رکعت میں سورئہ حمد کے بعد پڑھیں :
بچایا اور ہم مومنوں کو اسی طرح نجات دیتے ہیں ۔
وعِنْدہ مفاتِح الْغیْبِ لا یعْلمھا إلاّ ھو ویعْلم ما فِی الْبرِّ والْبحْرِ وما تسْقط مِنْ ورقۃٍ إلاّ
اور غیب کی کنجیاں اسی کے پاس ہیں جسے اس کے سوا کوئی نہیں جانتا اسی کو معلوم ہے جو کچھ خشکی وتری میں ہے کوئی پتہ نہیں گرتا مگر یہ
یعْلمھا ولا حبّۃٍ فِی ظلماتِ الْارْضِ ولا رطْبٍ ولا یابِسٍ إلاّ فِی کِتابٍ مبِینٍ اس کے بعد
کہ وہ اسے جانتا ہے اورزمین کی تاریکیوں میں کوئی دانہ نہیں ۔ کوئی خشک وتر نہیں مگر وہ روشن کتاب میں مذکور ہے۔
دعائے قنوت کیلئے ہاتھ اٹھائیں اور پڑھیں : اللّٰھمّ إِنِّی أسْألک بِمفاتِحِ الْغیْبِ الّتِی لا یعْلمھا
خداوندا میں تجھ سے کلیدہائے غیب کے واسطے سے سوال کرتا ہوں جسے سوائے تیرے کوئی
إلاّ أنْت أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِہِ وأنْ تفْعل بِی کذا وکذا، پھر کہیں : اللّٰھمّ أنْت ولِیّ
نہیں جانتا کہ محمدوآل محمد(ع) پر رحمت نازل فرما اور میرے حق میں یہ کام کر دے کذاوکذا کی جگہ اپنی حاجت بیان کریں اے معبود!
نِعْمتِی، والْقادِر علی طلِبتِی، تعْلم حاجتِی، فأسْألک بِحقِّ محمّدٍ وآلِہِ علیْہِ وعلیْھِم
تومجھے نعمت عطا کرنے والا ہے اور میری حاجت پر قدرت رکھتا ہے میری حاجت کو جانتا ہے پس محمد(ص)وآل محمد(ص) کے
السّلام لمّا قضیْتھا لِی۔

واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ میری حاجت پوری فرما۔
اسکے بعد خدا سے اپنی حاجت طلب کریں ۔کیونکہ روایت ہے کہ جو یہ نماز پڑھے اور حاجت طلب کرے تو اسکی حاجت پوری ہوجائے گی ۔

تعقیب نماز عشا

منقول از متہجد اللٰھمّ إنّہ لیْس لِی عِلْمٌ بِموْضِعِ رِزْقِی، و إنّما أطْلبہ بِخطراتٍ تخْطر علی قلْبِی فأجول
خداوند ا! مجھے اپنی روزی کے مقام کا علم نہیں اور میں اسے اپنے خیال کے تحت ڈھونڈتا ہوں پس میں طلب رزق میں شہر ودیار کے
فِی طلبِہِ الْبلْدان، فأنا فِیما أنا طالِبٌ کالْحیْرانِ، لا أدْری أفِی سہْلٍ ھو أمْ فِی جبلٍ، أمْ
چکر کاٹتا ہوں پس میں جس کی طلب میں ہوں اس میں سرگرداں ہوں اور میں نہیں جانتا کہ آیا میرا رزق صحرا میں ہے یا پہاڑ میں
فِی أرْضٍ أمْ فِی سمائٍ، أمْ فِی برٍّ أمْ فِی بحْرٍ، وعلی یدیْ منْ، ومِنْ قِبلِ منْ، وقدْ علِمْت
زمین میں ہے یا آسمان میں ، خشکی میں ہے یا تری میں ، کس کے ہاتھ اور کس کی طرف سے ہے اور میں جانتا ہوں کہ اسکا علم تیرے
أنّ عِلْمہ عِنْدک، وأسْبابہ بِیدِک، وأنْت الّذِی تقْسِمہ بِلطْفِک، وتسبِّبہ بِرحْمتِک
پاس ہے اسکے اسباب تیرے قبضے میں ہیں اور تو اپنے کرم سے رزق تقسیم کرتا ہے اپني رحمت سے اس کے اسباب فراہم کرتا ہے
اللّٰھمّ فصلِّ علی محمّدٍ وآلِہِ، واجْعلْ یا ربِّ رِزْقک لِی واسِعاً ومطْلبہ سہْلاً ومأْخذہ
یا خدایا محمد(ص) وآل محمد(ع) پر رحمت نازل فرما اور اے پروردگار! اپنا رزق میرے لیے وسیع کر دے اس کا طلب کرنا آسان بنا دے اور
قرِیباً، ولا تعنِّنِی بِطلبِ ما لمْ تقدِّرْ لِی فِیْہِ رِزْقاً ف إنّک غنِیٌّ عنْ عذابِی وأ نا فقِیرٌ إلی
اسکے ملنے کی جگہ قریب کر دے جس چیز میں تو نے رزق نہیں رکھا مجھے اسکی طلب کے رنج میں نہ ڈال کہ تو مجھے عذاب دینے میں
رحْمتِک، فصلِّ علی محمّدٍ وآلِہِ، وجدْ علی عبْدِک بِفضْلِک إنّک ذو فضْلٍ عظِیمٍ۔
بینیاز ہے میں تیر ی رحمت کا محتاج ہوں پس محمد(ص)وآل محمد(ص) پر رحمت فرما اور اس ناچیز بندے کواپنے فضل سے حصہ عطا فرما کہ تو بڑا فضل کرنے والا ہے۔
مولف کہتے ہیں کہ یہ طلبِ رزق کی دعائوں میں سے ہے نیز مستحب ہے کہ نماز عشائ کی تعقیب میں سات مرتبہ سورئہ قدر پڑھیں اور نماز وتر (نماز عشائ کے بعد بیٹھ کر پڑھی جانے والی دو رکعت نماز نافلہ) میں قرآن کی سو آیات پڑھیں اور نیز مستحب ہے کہ ان سوآیتوں کی بجائے پہلی رکعت میں سورئہ واقعہ اور دوسری رکعت میں سورئہ اخلاص پڑھیں :

تعقیب نمازصبح

منقول از مصباح متہجد اللّٰھمّ صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ، واھْدِنِی لِما اخْتلِف فِیہِ مِن الْحقِّ بِ إذْنِک، إنّک
اے معبود ! محمد (ص)وآل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور حق میں اختلاف کے مقام پر اپنے حکم سے مجھے ہدایت دے۔ بے شک تو

تهْدِی منْ تشائ إلی صِراطٍ مسْتقِیمٍ۔اس کے بعد دس مرتبہ کہیں : اللّٰہمّ صلِّ علی محمّدٍ
جسے چاہے سیدھی راہ کی ہدایت فرماتا ہے اے معبود ! محمد(ص) و آل محمد
وآلِ محمّدٍ الْاوْصِیائِ الرّاضِین الْمرْضِیِّین بِأفْضلِ صلواتِک، وبارِکْ علیْہِمْ بِأفْضلِ
پر رحمت فرما جو اوصیائ ہیں کہ جو خدا سے راضی اور خدا ان سے راضی ہے،ان کے لیے اپنی بہترین رحمتیں اور اپنی بہترین
برکاتِک، والسّلام علیْہِمْ وعلی أرْواحِہِمْ وأجْسادِھِمْ ورحْمۃ اللهِ وبرکاتہ۔
برکتیں قرار دے، ان پر اوران کی ارواح واجسام پرسلام ہو اور اللہ کی رحمت وبرکت نازل ہو۔
اس درود و سلام کی جمعہ کے عصر میں پڑھنے کی بڑی فضیلت بیان ہوئی ہے اسکے بعد کہیں :
اللّٰہمّ أحْیِنِی علی ما أحْییْت علیْہِ علِیّ بْن أبِی طالِبٍ، وأمِتْنِی علی ما مات علیْہِ علِیّ
اے معبود ! مجھے اس راہ پر زندہ رکھ جس پر تو نے علی(ع) ابن ابی طالب(ع) کوزندہ رکھا اور مجھے اسی راہ پر موت دے جس پر تونے
بْن أبِی طالِبٍ علیْہِ السّلام۔پھر سو مرتبہ کہیں : أسْتغْفِر الله وأتوب إلیْہِ۔پھر سو مرتبہ کہیں : أسْأل
امیر المومنین علی(ع) بن ابی طالب(ع) کو شہادت عطا فرمائی میں اللہ سے بخشش چاہتاہوں اور اسکے حضور توبہ کرتا ہوں خدا سے
الله الْعافِیۃ۔پھر سو مرتبہ کہیں : أسْتجِیر بِاللهِ مِن النّار۔پھر سو مرتبہ کہیں : وأسْألہ الْجنّۃ۔پھر سو مرتبہ
صحت وعافیت مانگتاہوں میں آتش جہنم سے خدا کی پناہ چاہتا ہوں اس سے جنت کا طالب ہوں
کہیں : أسْأل الله الْحور الْعِین۔پھر سو مرتبہ کہیں : لا إلہ إلاّ الله الْملِک الْحق الْمبِین۔ سومرتبہ
میں اللہ سے حورعین کا طالب ہوں اللہ کے سوائ کوئی معبود نہیں جو بادشاہ اور روشن حق ہے۔
سورہ اخلاص پڑھیں اور پھر سو مرتبہ کہیں : صلّی الله علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ۔سو مرتبہ کہیں :
محمد(ص) وآل(ع) محمد(ص) پر خدا کی رحمت ہو
سبْحان اللهِ والْحمْدللهِ ولا إلہ إلاّ الله والله أکْبر ولا حوْل ولا قوّۃ إلاّ بِاللهِ الْعلِیِّ الْعظِیمِ۔
اللہپاک ہے اور اسی کیلئے حمد ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ برتر ہے نہیں کوئی طاقت و قوت مگر وہ جو اللہ بزرگ وبرتر سے ملتی ہے۔
سو مرتبہ کہیں : ما شائ الله کان ولا حوْل ولا قوّۃ إلاّ بِاللهِ الْعلِیِّ الْعظِیمِ۔پھر کہیں : أصْبحْت
جو خدا چاہے وہی ہوتا ہے اور اللہ بزرگ و بر ترسے بڑھ کر کوئی طاقت وقوت نہیں ہے۔ اے معبود میں نے
اللّٰہمّ معْتصِماً بِذِمامِک الْمنِیعِ الّذِی لا یطاول ولا یحاول مِنْ شرِّ کلِّ غاشِمٍ وطارِقٍ

تیری عظیم نگہبانی میں صبح کی ہے ،جس تک کسی کا ہاتھ نہیں پہنچتا، نہ کوئی نیرنگ بارِ شب میں اس پر یورش کر پاتا ہے، اس مخلوق میں
مِنْ سائِرِ منْ خلقْت وما خلقْت مِنْ خلْقِک الصّامِتِ والنّاطِقِ فِی جنّۃٍ مِنْ کلِّ مخوفٍ
سے جو تو نے خلق فرمائی ہے اور نہ وہ مخلوق جسے تو نے زبان دی اور جسے زبان نہیں دی ہر خوف میں تیری پناہ
بِلِباسٍ سابِغۃٍ ولائِ أہْلِ بیْتِ نبِیِّک محْتجِباً مِنْ کلِّ قاصِدٍ لِی إلی أذِیّۃٍ، بِجِدارٍ حصِینٍ
میں تیرے نبی (ص)کے اہلبیت(ع) کی ولا سے ساختہ لباس میں ملبوس ہر چیز سے محفوظ جو میرے اخلاص کی مضبوط دیوار میں
الاِخْلاصِ في الاعْتِرافِ بِحقِّہِمْ والتّمسُّک بِحبْلِہِمْ، موقِناً أنّ الْحقّ لہمْ ومعہمْ
رخنا ڈالنا چاہے، یہ مانتے ہوئے کہ وہ حق ہیں ان کی رسی سے وابستگی ہے اس یقین سے کہ حق ان کیلئے ان کے ساتھ اور
وفِیہِمْ وبِہِمْ، أوالِی منْ والوْا، وأجانِب منْ جانبوا، فأعِذْنِی اللّٰہمّ بِہِمْ مِنْ شرِّ کلِّ ما
ان میں ہے جو ان کو چاہے میں اسے چاہتا ہوں جوان سے دور ہو میں اس سے دور ہوں پس اے خدا ان کے طفیل مجھے ہر اس شر
أتّقِیہِ یا عظِیمہ حجزْت الْاعادِی عنِّی بِبدِیعِ السّمٰواتِ والْارْضِ، إنّا جعلْنا مِنْ بیْنِ
سے پناہ دے جسکا مجھے خوف ہے اے بلند ذات زمین وآسمان کی پیدائش کے واسطے سے دشمنوں کو مجھ سے دور کر دے بے شک ہم
أیْدِیہِمْ سدّاً ومِنْ خلْفِہِمْ سدّاً فأغْشیْناہمْ فہمْ لا یبْصِرون۔
نے ایک دیوار ان کے سامنے اور ایک دیوار ان کے پیچھے بنا دی پس ان کو ڈھانپ دیا کہ وہ دیکھتے نہیں ہیں ۔
یہ امیرالمومنین - کی دعائے لیلۃ المبیت ہے اور ہر صبح وشام پڑھی جاتی ہے اورتہذیب میں روایت ہے کہ جوشخص نماز صبح کے بعددرج ذیل دعا دس مرتبہ پڑھے توحق تعالیٰ اسکو اندھے پن، دیوانگی، کوڑھ، تہی دستی، چھت تلے دبنے، اور بڑھاپے میں حواس کھو بیٹھنے سے محفوظ فرماتا ہے:
سبْحان اللہِ الْعظِیمِ وبِحمْدِہِ ولا حوْل ولا قوّۃ إلاّ باللہِ الْعلِیِّ الْعظِیمِ۔
پاک ہے خدائے برتر اور تعریف سب اسی کی ہے اور نہیں کوئی حرکت وقوت مگر وہ جو خدائے بلند وبرتر سے ملتی ہے۔
نیز شیخ کلینی(رح)نے حضرت امام جعفر صادق -سے روایت کی ہے کہ جو نماز صبح اور نماز مغرب کے بعد سات مرتبہ درج ذیل دعا پڑھے تو حق تعالیٰ اس سے ستر قسم کی بلائیں دور کر دیتا ہے(ان میں سب سے معمولی زہرباد ، پھلبھری اور دیوانگی ہے) اور اگر وہ شقی ہے تو اسے اس زمرے سے نکال کر سعیدونیک بخت لوگوں میں داخل کر دیا جائے گا۔
بِسْمِ اللہِ الرّحْمنِ الرّحِیمِ، لا حوْل ولا قوّۃ إلاّ بِاللہِ الْعلِیِّ الْعظِیمِ۔
اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے نہیں کوئی حرکت وقوت مگرخدائے بزرگ وبرتر سے ملتی ہے۔
نیز آنحضرت(ص) سے روایت ہے کہ دنیا وآخرت کی کامیابی اور دردِچشم کے خاتمے کیلئے صبح اور مغرب کی نماز کیبعدیہ دعا پڑھیں :
اللہمّ إنِّی أسْألک بِحقِّ محمّدٍ وآلِ محمّدٍ علیْک صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ

خداوندا! محمد(ص) وآل محمد(ص) کا جو تجھ پر حق ہے میں اس کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ محمد(ص) وآل محمد(ص) پر پر اپنی رحمت نازل فرما
واجْعلِ النّور فِی بصری والْبصِیرۃ فِی دِینِی والْیقِین فِی قلْبِی والْاِخْلاص فِی عملِی
کہ میری آنکھوں میں نور ، میرے دین میں بصیرت، میرے دل میں یقین،میرے عمل میں اخلاص،
والسّلامۃ فِی نفْسِی والسّعۃ فِی رِزْقِی والشّکْر لک أبداً ما أبْقیْتنِی۔
میرے نفس میں سلامتی اورمیرے رزق میں کشادگی عطا فرما اورجب تک زندہ رہوں مجھے اپنے شکر کی توفیق دیتا رہ۔
شیخ ابن فہد نے عدۃالداعی میں امام رضا - سے نقل کیا ہے کہ جو شخص نماز صبح کے بعد یہ دعا پڑھے تووہ جو بھی حاجت طلب کرے گا، خداپوری فرمائے گا اور اسکی ہر مشکل آسان کردے گا:
بِسْمِ اللهِ و صلّی الله علی محمّدٍوآلِہِ وا ٔفوّض ا ٔمْرِي إلی اللهِ إنّ الله بصِیرٌ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں ۔ خدا رحمت فرمائے محمد(ص) وآل محمد(ص) پر اور میں اپنا معاملہ سپرد خدا کرتا ہوں بے شک خدا بندوں کو دیکھتا ہے
بِالْعِبادِ فوقاہ الله سیِّئاتِ ما مکروا لا إلہ إلاّأنْت سبْحانک إِنّی
پس خدا اس شخص کو ان برائیوں سے بچائے جو لوگوں نے پیدا کیں ۔اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں ، پاک ہے تیری ذات ۔بیشک
کنْت مِن الظّالِمِین فاسْتجبْنالہ ونجّیْناہ مِن الْغمّ و کذلِک ننْجِی الْمؤْمِنِین حسْبنااللہ
میں ظالموں میں سے تھا تو ہم (خدا)نے اس کی دعا قبول کی اور اسے غم سے نجات دی اور ہم مومنوں کو اسی طرح نجات دیتے ہیں ہمارے لیے خدا کافی ہے
ونِعْم الْوکیل، فانْقلبوا بِنِعْمۃٍ مِن اللهِ وفضْلٍ لمْ یمْسسْھمْ سوئٌ ما شا ئ الله لا حوْل ولا
اور بہترین سرپرست ہے پس (مجاہد) خدا کے فضل وکرم سے اسطرح آئے کہ انہیں تکلیف نہ پہنچی تھی جو اللہ چاہے وہ ہو گا نہیں کوئی طاقت وقوت مگروہ
قوّۃ إلاّ بِاللهِ، ما شائ الله لا ما شائ النّاس ما شائ الله و إنْ کرہ النّاس، حسْبِی الرّبّ مِن
جو اللہسے ملتی ہے جو اللہ چاہے وہ ہوگا نہ وہ جو لوگ چاہیں اور جو اللہ چاہے وہ ہوگا اگرچہ لوگوں پر گراں ہو میرے لئے پلنے والوں کے بجائے پالنے والا
الْمرْبوبِین حسْبِی الْخالِق مِن الْمخلوقِین حسْبِی الرّازِق مِن الْمرزوقِین حسْبِی الله ربّ
کافی ہے میرے لئے خلق ہونے والوں کی بجائے خلق کرنے والا کافی ہے میرے لیے رزق پانے والوں کی بجائے رزق دینے والا کافی ہے۔جہانوں کا
الْعالمِین حسْبِی منْ ھو حسْبِی حسْبِی منْ لمْ یزلْ حسْبِی حسْبِی منْ کان مذْ
پالنے والا ؛اللہ؛ میرے لیے کافی ہے۔ وہ جو میرے لیے کافی ہے وہی میرے لیے کافی ہے وہ جو ہمیشہ سے کافی ہے میرے لیے کافی ہے۔وہ جو کافی
کنْت لمْ یزلْ حسْبِی حسْبِی الله لا إلہ إلاّ ھو علیْہِ توکّلْت وھو ربّ الْعرْشِ الْعظِیمِ ۔
ہے میں جب سے ہوں اور کافی رہے گا ،میرے لیے کافی ہے وہ اللہ جسکے سوا کوئی معبودنہیں میں اسی پر توکل کرتا ہوں اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔

مؤلف کہتے ہیں میرے استاد ثقۃ الاسلام نوری (رح)(خدا انکی قبر کو روشن کرے) کتاب دارالسلام میں اپنے استاد عالم ربانی حاج ملا فتح علی سلطان آبادی سے نقل کرتے ہیں کہ فاضل مقدس اخوند ملا محمد صادق عراقی بہت پریشانی ،سختی اور بد حالی میں مبتلا تھے انہیں اس تنگی سے چھٹکارے کی کوئی صورت نظر نہیں آرہی تھی ۔ ایک رات خواب میں دیکھا کہ ایک وادی میں بہت بڑا خیمہ نصب ہے ، جب پوچھا تو معلوم ہو ا کہ یہ فریادیوں کے فریاد رس اور پریشان حال لوگوں کے سہارے، امام زمانہ (عج)کا خیمہ ہے۔یہ سن کر جلدی سے حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے اپنی بدحالی کا قصہ سنایا اور ان سے غم کے خاتمے اور کشائش کیلئے دعا کے خواستگار ہوئے۔ آنحضرت نے انکو اپنی اولاد میں سے ایک بزرگ کی طرف بھیجا اور انکے خیمہ کی طرف اشارہ کیا اخوند حضرت کے خیمہ سے نکل کر اس بزرگ کے خیمہ میں پہنچے۔مگر کیا دیکھتے ہیں کہ وہاں سید سند حبرمعتمد عالم امجد، مؤید بارگاہ آقای سید محمد سلطان آبادی مصلائے عبادت پر بیٹھے دعا وقرأت میں مشغول ہیں ۔ اخوند نے انہیں سلام کیا اور اپنی حالت زار بیان کی تو سید نے انکو رفعِ مصائب اور وسعت رزق کی ایک دعا تعلیم فرمائی ،وہ خواب سے بیدار ہوئے تو مذکورہ دعا انہیں ازبرہوچکی تھی۔ اسی وقت سید کے گھر کا قصد کیا ۔حالانکہ ذہنی طور پر سید سے بے تعلق تھے اور انکے ہاں آمدورفت نہ رکھتے تھے۔ اخوند جب سید کی خدمت میں پہنچے تو انکو اسی حالت میں پایا جیسا کہ خواب میں دیکھا تھا ۔وہ مصلے پر بیٹھے ،اذکارواستغفار میں مشغول تھے۔ جب انہیں سلام کیا تو ہلکے سے تبسم کے ساتھ سلام کا جواب دیا، گویاوہ صورت حال سے واقف ہیں اخوند نے ان سے دعا کی درخواست کی تو انہوں نے وہی دعا بتائی جو خواب میں تعلیم کر چکے تھے اخوند نے وہ دعا پڑھنا شروع کر دی اور پھر چند ہی دنوں میں ہر طرف سے دنیا کی فراوانی ہونے لگی۔ سختی اور بدحالی ختم ہوئی اور خوشحالی حاصل ہو گئی۔حاج ملا فتح علی سلطان آبادی علیہ الرحمہ سید موصوف کی تعریف کیا کرتے تھے کیونکہ آپ نے ان سے ملاقات کی بلکہ کچھ عرصہ انکی شاگرد بھی رہے۔ سید نے خواب وبیداری میں حاج ملافتح علی کو جو دعا تعلیم کی تھی اس میں یہ تین اعمال شامل ہیں :

(۱)فجر کے بعد سینے پر ہاتھ رکھ کر ستر مرتبہ یافتّاح کہیں ۔ (۲)پابندی سے کافی میں مذکورہ دعا پڑھتے رہیں جس کی رسول اللہ (ص)نے اپنے ایک پریشان حال صحابی کو تعلیم فرمائی تھی اوراس دعا کی برکت سے چنددنوں میں اس کی پریشانی دور ہوگئی

(۳)نماز فجر کے بعد شیخ ابن فہد سے نقل شدہ دعا پڑھا کریں اسکو غنیمت سمجھیں اور اس میں غفلت نہ کریں ۔ اور وہ دعا یہ ہے:

لا حوْل ولا قوّۃ إلاّ بِاللہِ توکّلت علی الْحیّ الّذِی لا یموت والْحمْد لِلّٰہ الّذِی لمْ یتّخِذْ

نہیں کوئی طاقت وقوت مگر وہ جو خدا سے ملتی ہے میں نے اس زندہ خدا پر توکل کیا جس کیلئے موت نہیں اور حمد اس اللہ کیلئے ہے جسکی کوئی

ولداً، ولمْ یکنْ لہ شریکٌ فِی الْملْکِ، ولمْ یکنْ لہ ولِیٌّ مِن الذّلِّ وکبِّرْہ تکْبِیراً۔

اولاد نہیں اور نہ کوئی اس کی سلطنت میں اس کا شریک ہے نہ اس کے عجز کی وجہ سے کوئی اس کا مددگار ہے اور تم اس کی بڑائی بیان کیا کرو

نیز جاننا چاہیے کہ نمازوں کے بعد سجدہ شکر مستحب ِمؤکد ہے اور اس کیلئے بہت سی دعائیں اور اذکاربیان ہوئے ہیں ۔ امام علی رضا -فرماتے ہیں کہ سجدئہ شکر

میں چاہیں تو سومرتبہ شکْرًا یا سومرتبہ عفْوًا عفْوًا کہیں ، حضرت سے یہ بھی منقول ہے کہ سجدئہ شکر میں کم سے کم تین مرتبہ شکْرًاللّٰہ کہیں ۔واضح رہے کہ رسول اللّٰہ (ص)اورآئمہ طاہرین سے طلوع وغروب آفتاب کے وقت بہت سی دعائیں اور اذکار نقل ہوئے ہیں نیز معتبر روایات میں ان دونوں وقتوں میں دعا کرنے کی بہت زیادہ ترغیب دی گئی ہے اس مختصر کتاب میں ہم محض چند مستند دعاؤں کے ذکر پر اکتفا کرتے ہیں ۔

بعض ادعیہ صبح و شام اول:

مشائخ حدیث نے معتبر سند کے ساتھ امام جعفر صادق (ع)سے روایت کی ہے کہ ہر مسلمان پرواجب ہے کہ وہ طلوع آفتاب اور غروب آفتاب سے پہلے دس مرتبہ یہ دعا پڑھے:بعض روایات میں ہے کہ اگر یہ دعا وقت پر نہ پڑھ سکے تو اسکی قضا کرنا ضروری ہے

لا إلہ إلاّ اللّٰہ وحْدہ لا شریک لہ، لہ الْملْک ولہ الْحمْد، یحْیِی ویمِیت

خدا کے سوائ کوئی معبود نہیں وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ملک اسی کا ہے اور اسی کیلئے حمد ہے وہ زندہ کرتا ہے اور موت دیتا ہے

ویمِیت ویحْیِی، وھو حیٌّ لا یموت، بِیدِہِ الْخیر، وھو علی کلِّ شیْئٍ قدِیرٌ۔

اور موت دیتا ہے اور زندہ کرتا ہے وہ زندہ ہے اسے موت نہیں آتی۔ بھلائی اسی کے ہاتھ میں ہے اوروہ ہر چیز پرقدرت رکھتا ہے

دوم:انہی حضرت(ع) کی معتبر روایات میں یہ بھی وارد ہوا ہے کہ طلوع وغروب سے پہلے دس مرتبہ یہ دعا پڑھیں :

أعوذ بِاللّٰہِ السّمِیعِ الْعلِیمِ مِنْ ھمزاتِ الشّیاطِینِ وأعوذ بِاللّٰہِ أنْ یحْضرون، إنّ

میں شیاطین کے وسوسوں سے سننے جاننے والے خدا کی پناہ کا طلبگار ہوں اورخدا کی پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ وہ میرے قریب

اللّٰہ ھو السّمِیع الْعلِیم۔

آئیں بے شک اللّٰہہی سننے اور جاننے والا ہے۔

سوم:آنجناب سے منقول ہے کہ تمہارے لیے کیا رکاوٹ ہے کہ صبح اور شام یہ دعا پڑھ لیا کریں :

اللّٰھمّ مقلِّب الْقلوبِ والْا بْصار ثبِّتْ قلْبِی علی دِینِک، ولا تزغْ قلْبِی بعْد إذْ ھدیْتنِی

اے دلوں اور آنکھوں کے منقلب کرنے والے خدائے پاک میرے دل کو اپنے دین پر جما دے اسکے بعد میرے دل کو ٹیڑھا نہ کر جب تو نے

وھبْ لِی مِنْ لدنْک رحْمۃً إنّک أنْت الْوہّاب، وأجِرْنِی مِن النّار بِرحْمتِک اللّٰھمّ

مجھے ہدایت دی ہے۔ مجھ پر اپنی طرف سے رحمت نازل فرما اسمیں شک نہیں کہ تو بڑا ہی عطا کرنے والا ہے اور اپنی رحمت سے مجھے

امْددْ لِی فِی عمْرِی وأوْسِعْ علیّ فِی رِزْقِی، وانْشرْ علیّ رحْمتک و إنْ کنْت عِنْدک فِی

آگ سے بچا اور محفوظ رکھ اے اللہ میری عمر طویل کر دے میرے رزق میں وسعت پیدا کر دے اور مجھ پر اپنی رحمت کا سایہ فرما دے اور

أمِّ الْكِتابِ شقِيّاً فاجْعلْنِی سعِیداً، ف إنّک تمْحو ما تشائ وتثْبِت، وعِنْدک أمّ الْكِتابِ۔
اگر میں لوح محفوظ میں تیرے نزدیک بدبخت ہوں تو مجھے نیک بخت بنا دے یقینا تو جو چاہے مٹاتا اور لکھتا ہے اور لوح محفوظ تیرے پاس ہے۔

چہارم:آنجناب سے مروی ہے کہ صبح شام یہ دعا پڑھے :
الْحمْد للّهِالّذِی یفْعل ما یشائ، ولا یفْعل ما یشائ غیْرہ، الْحمْد لِلّٰہ كما یحِبّ
ساری تعریف اس اللہ کیلئے ہے کہ جو وہ چاہے کرتا ہے اور اسکے سوا کوئی نہیں جو چاہے کر پائے ساری تعریف اللہ کیلئے ہے کہ جیسی
اللہ أنْ یحْمد، الْحمْد لِلّٰہ كما هو أهْلہ ۔ اللّٰهمّ أدْخِلْنِی فِی كلِّ خیْرٍ أدْخلْت فِیہِ
تعریف وہ پسندکرتا ہے اور ساری تعریف اللہ کیلئے ہے جیسا کہ وہ اسکا اہل ہے اے معبود! مجھے ہر اس نیکی میں داخل فرما جس میں تو
محمّداً وآل محمّدٍ، وأخْرِجْنِی مِنْ كلِّ شرٍّ أخْرجْت مِنْہ محمّداً وآل محمّدٍ، صلّی
نے محمد(ص) وآل محمد(ص) کو داخل فرمایا ہے اور مجھے ہر اس برائی سے بچا کہ جس سے تونے محمد(ص) وآل محمد(ص) کو محفوظ ومامون رکھا خدا کی رحمت ہو
اللہ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ۔سبْحان اللهِ، والْحمْد للّهِ، ولا إلہ إلاّ اللہ، واللہ أكْبر۔
محمد(ص) وآل محمد(ص) پر۔ اللہ پاک ہے ساری تعریفیں اسی کیلئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ ہی بزرگتر ہے۔

تیسری فصل: ------ ملحقات ِصحیفہ سجا دیہ سے منقو ل ایام ہفتہ کی دعائیں

دعا ئے روز ---- بِسْمِ اللهِ الرحْمنِ الرحیمْ--- یک شنبہ(اتو ار) خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔
بِسْمِ اللهِ الّذِی لا أرْجو إلاّ فضْلہ، ولا أخْشی ٰإلاّ عدْلہ، ولا أعْتمِد
اس اللہ کے نا م سے جسکے فضل و کرم ہی کا امید وار ہو ں اور اس کے عد ل ہی سے ڈرتا ہوں اور اسی کے قو ل پر بھر و سہ رکھتا ہو ں
إلاّ قوْلہ، ولا أمْسِک إلاّ بِحبْلِہِ، بِک أسْتجِیر یا ذا الْعفْو والرّضْوانِ مِن الظّلْمِ
اور اسی کی رسی پکڑے ہوئے ہوں اور در گزر کرنے اور راضی ہو جا نے والے (خداوند) میں ظلم
والْعدْوانِ، ومِنْ غِیرِ الزّمانِ، وتواترِ الْاحْزانِ، وطوارِقِ الْحدثانِ، ومِن انْقِضائِ
و دشمنی سے۔ اور زمانے کے تغیرات سے اور پے در پے غموں سے اور پیش آنے والے حا دثو ں سے اورآخرت کیلئے خیرِ ونیکی کے
الْمدّ ۃِ قبْل التّأھّبِ والْعدّۃِ، و إیّاک أسْترْشِد لِما فِیہِ الصّلاح والْاِصْلاح، وبِک
ذخیرہ کی فر اہمی سے قبل زند گی ختم ہو نے سے تیر ی پنا ہ چاہتا ہوں اور جس چیز میں بہتر ی و در ستی ہے اس میں تیری
أسْتعِین فِیما یقْترِن بِہِ النّجاح والْاِ نْجاح، و إیّاک أرْغب فِی لِباسِ الْعافِیۃِ
رہبری چا ہتا ہوں اور اس چیز میں تیری مدد چاہتا ہوں جس میں کامیابی و سہولت ہو اور میں تجھ سے مکمل صحت و تندرستی کی تمنا رکھتا
وتمامِہا وشمولِ السّلامۃِ ودوامِہا، وأعوذ بِک یا ربِّ مِنْ ھمزاتِ الشّیاطِینِ،
ہوں کہ جس میں ہمیشہ کی سلامتی بھی شامل ہو۔خدایا میں شیطانی وسوسوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں
وأحْترِز بِسلْطانِک مِنْ جوْرِ السّلاطِینِ، فتقبّلْ ما کان مِنْ صلاتِی وصوْمِی، و
اور بادشاہوں کے ظلم کے مقابل تیری سلطنت کی پناہ لیتا ہوں پس میری نمازیں اور روزے جیسے بھی ہیں انہیں قبول فرما
اجْعلْ غدِی وما بعْدہ أ فْضل مِنْ ساعتِی ویوْمِی، وأعِزّنِی فِی عشِیرتِی و
کل کا دن اور اس سے اگلے وقت کو میرے آج کے دن اور اس گھڑی سے بہتر بنا دے مجھے اپنے قبیلے اور قوم میں
قوْمِی، واحْفظْنِی فِی یقْظتِی ونوْمِی، فأنْت اللهُ خیْرٌ حافِظاً، وأ نْت أرْحم
عزت عطا فرما خواب و بیداری ہر حال میں میری حفاظت فرما۔ اے اللہ تو بہترین نگہبان ہے اور سب سے زیادہ رحم
الرّاحِمِین۔ اللّٰھمّ إِنِّی أبْرأ إلیْک فِی یوْمِی ھذا وما بعْدہ مِن الْاحادِ، مِن الشِّرْکِ
کرنے والا ہے۔ اے اللہ میں تیرے حضور میں آج کے دن اور اس سے اگلے اتوار کے دنو ں میں شرک و بے دینی
والاِلْحادِ، وأخْلِص لک دعائِی تعرُّضا لِلْاِجابۃِ، وأقِیم علی طاعتِک رجائً
سے بری ہوں اور خلوص کے ساتھ تجھ سے دعا کرتا ہوں کہ قبول ہو جائے اور میں ثواب کی امید پر تیری اطاعت
لِلْاِثابۃِ، فصلِّ علی محمّدٍ خیْر خلْقِک، الدّاعی إلی حقِّک، وأعِزّ نِی بِعِزِّک الّذی

پر قائم ہوں پس تو بہترین مخلو ق اور حق کے دا عی محمد مصطفےٰ(ص) پر رحمت نا ز ل فر ما اور اپنی عزت کے صدقے مجھے وہ عزت دے جس میں
لا یضام، واحْفظْنِی بِعیْنِک الّتِی لا تنام، واخْتِمْ بِالانْقِطاعِ إلیْک أمْری، وبِالْمغْفِرۃِ
ظلم نہ ہو اپنی نہ سونے والی آنکھ سے میری نگہبانی فرما ۔میرا خا تمہ یوں ہو کہ تجھی سے امید لگا ئے رکھو ں اور میری زند گی کو بخشش پر
عمْری، إنّک أ نْت الْغفور الرّحِیم۔
تمام کر دے ۔بے شک تو بخشنے والا مہربان ہے ۔

دعا ئے روز ---- بِسْمِ اللهِ الرحْمنِ الرحیمْ---- دو شنبہ (سو موا ر) خدا کے نام سے شر وع کر تا ہو ں جو بڑا مہر بان اور نہا یت ہی رحم کرنے وا لا ہے ۔
الْحمْد لِلّٰہ الّذِی لمْ یشْھِدْ أحداً حِین فطر السّموٰاتِ والارْض، ولا اتّخذ معِیناً
حمد اس خدا کے لیے ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کرتے وقت کسی کو اپنے ساتھ نہیں ملایا اور جانداروں کو پیدا
حِین برأ النّسمات، لمْ یشارکْ فِی الْاِلٰھِیّۃِ، ولمْ یظاھِرْ فِی الْوحْدانِیّۃِ، کلّتِ
کرنے میں کسی سے مدد نہیں لی اس کے معبود ہونے میں کوئی شریک نہیں اور نہ اس کی یکتائی میں کوئی معاون ہے۔ زبانیں اس
الالْسن عنْ غایۃِ صِفتِہِ، والْعقول عنْ کنْہِ معْرِفتِہِ، وتواضعتِ الْجبابِرۃ لِھیْبتِہِ
کی تعریف کرنے سے قاصر ہیں اور عقلیں اس کی ذات کو سمجھنے سے عاجز ہیں اور بڑے بڑے سرکش اس کی ہیبت سے سرنگوں ہیں
وعنتِ الْوجوہ لِخشْیتِہِ، وانْقاد کلّ عظِیمٍ لِعظمتِہِ، فلک الْحمْد متواتِراً متّسِقاً
اور چہرے اسکے خوف سے جھکے ہوئے ہیں اور اس کی عظمت کے سامنے ہر عظیم مطیع ہے پس تیرے لیے حمد ہے لگاتار اور سلسلہ وار
ومتوالِیاً مسْتوْسِقاً وصلواتہ علی رسو لِہِ أبداً، وسلامہ دائِماً سرْمداً، اللّٰھمّ اجْعلْ
اور بار بار استوار اور اس کے رسول(ص) پر دائمی رحمت اور سرمدی سلام ہو۔ اے معبود! میرے لیے آج کے
أوّل یوْمِی ھذا صلاحاً، وأوْسطہ فلاحاً، وآخِرہ نجاحاً، وأعوذ بِک مِنْ یوْمٍ
دن کے پہلے حصے کو بھلائی ، درمیانی حصے کو فائدہ وبخش اور آخری حصے کو کامیابی کا حامل بنا دے اور اس دن سے تیری پناہ لیتا ہوں
أوّلہ فزعٌ، وأوْسطہ جزعٌ، وآخِرہ وجعٌ۔ اللّٰھمّ إنِّی أسْتغْفِرک لِکلِّ نذْرٍ نذرْتہ، وکلِّ
جس کا اول فریاد، اوسط بے تابی اور آخر تکلیف دہ ہو۔اے اللہ وہ نذریں جو میں نے کیں ، وہ تمام وعدے جو
وعْدٍ وعدْتہ، وکلِّ عھْدٍ عاھدْتہ ثمّ لمْ أفِ بِہِ، وأسْألک فِی مظالِمِ
میں نے کیے اور وہ ذمہ داریاں جو میں نے قبول کیں اور انہیں پورا نہیں کر سکا، ان پر تجھ سے بخشش کا طالب ہوں اور تجھ سے سوال
عِبادِک عِنْدِی، فأیّما عبْدٍ مِنْ عبِیدِک أوْ أمۃٍ مِنْ إمائِک، کانتْ لہ قِبلِی مظْلِمۃٌ
کرتا ہوں کہ تیرے بندوں کے جو حقوق مجھ پر رہ گئے کہ تیرے بندوں میں سے کسی بندہ یا تیری کنزوں میں سے کسی کنیز سے میں
ظلمْتھا إیّاہ، فِی نفْسِہِ، أوْ فِی عِرْضِہِ، أوْ فِی مالِہِ، أوْ فِی أھْلِہِ وولدِہِ، أوْ غیبۃٌ

نے ناانصافی و زیادتی کی ہوچاہے وہ اسکی جان یا اسکی عزت یا اسکے مال یا اسکے اعزّہ اور اولاد کے بارے میں ہے یامیں
اغْتبْتہ بِہا أوْ تحاملٌ عليْہِ بِميْلٍ أوْ ھوىً أوْ أنفۃٍ أوْ حمِيّۃٍ أوْ رِياۂٍ أوْ عصبِيّۃٍ غائِباً
نے اسکی غیبت کی یا اپنی خواہش کے تحت ان پر دبائو ڈالا یا خودپسندی یا بیزاری یا خودنمائی یا تعصب کا برتائو کیا وہ
كان أوْ شاھِداً وحيّاً كان أوْ ميّتاً فقصرتْ يدِی وضاق وسْعِی عنْ ردِّھا إليْہِ
غائب ہے یا حاضر ہے۔ زندہ ہے یا مردہ ہے تو اب اس کا حق دینا ۔یا معاف کرانا میری طاقت سے بالاتر اور دسترس سے
والتّحلّلِ مِنْہ فأسْألک يا منْ يمْلِک الْحاجاتِ وھِی مسْتجِيبۃٌ لِمشِيّتِہِ ومسْرِعۃٌ
باہر ہے پس اے حاجات کے مالک کہ وہ حاجات تیری مشیت میں قبول ہیں اور جلد تیرے ارادے میں آنے والی ہیں
إلى إرادتِہِ أنْ تصلِّی على محمّدٍ وآلِ محمّدٍ وأنْ ترْضِيہ عنِّی بِما شِئْت
میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ محمد (ص)وآل محمد(ع) پر رحمت فرما اور ان لوگوں کو جیسے تو چاہے مجھ سے راضی فرما اور مجھ
وتھب لِی مِنْ عِنْدِک رحْمۃً إنّہ لا تنْقصک الْمغْفِرۃ ولا تضرّک الْموْھِبۃ يا أرْحم
پر مہربانی فرما۔ بے شک بخش دینے سے تیرا کوئی نقصان نہیں اور عطا کرنے میں تجھے کوئی ضرر نہیں ہوتا۔اے سب سے
الرّاحِمِين اللّٰھمّ أوْلِنِی فِی كلِّ يوْمِ اثْنيْنِ نِعْمتيْنِ مِنْک ثِنْتيْنِ سعادۃًفِی أوّلِہِ
زیادہ رحم کرنے والے۔ اے معبود! ہر سوموار کو مجھے دونعمتیں اکٹھی عطا فرما کہ اس دن کے پہلے حصے میں مجھے اپنی اطاعت کی
بِطاعتِک، ونِعْمۃً فِی آخِرِہِ بِمغْفِرتِک، يا منْ ھو الْإِلٰہ، ولا يغْفِر الذّنوب سِواہ۔
سعادتعنایت فرما اور اسکے دوسرے حصے میں مغفرت کی نعمت دے اے وہ جو معبود ہے اور جسکے سوا کوئی گناہ معاف کرنے والا نہیں

دعائے روز ---- بِسْمِ اللهِ الرحْمنِ الرحيمْ---- سہ شنبہ (منگل) اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
الْحمْد لِلّٰہ والْحمْد حقّہ كما يسْتحِقّہ حمْداً كثِيراً، وأعوذ بِہِ مِنْ شرِّ نفْسِی إنّ
حمد خدا کے لیے ہے اور حمد اسی کا حق ہے جیسا کہ حمد کثیر اسی کے شا یا ں شان ہے اور میں اپنے نفس کے شر سے اس کی پنا ہ چا ہتا ہوں
النّفْس لامّارۃٌ بِالسّوۂِ إلاّ ما رحِم ربِّی، وأعوذ بِہِ مِنْ شرِّ الشّيْطانِ الّذِی
بے شک نفس برا ئی پر اکسا نے والا ہے مگر یہ کہ میرا رب رحم کردے اور اسی کی پنا ہ لیتا ہوں شیطان کے شر سے
يزِيدنِی ذ نْباً إلى ذ نْبِی، وأحْترِز بِہِ مِنْ كلِّ جبّارٍ فاجِرٍ، وسلْطانٍ جائِرٍ، وعدوٍّ
جو میر ے لیے ایک گناہ پر دوسرے کا اضافہ کرتا رہتا ہے میں ہر جابر بدکار اور ظالم حکمران اور قو ی دشمن کے مقابل خدا سے
قاھِرٍ اللّٰھمّ اجْعلْنِی مِنْ جنْدِک ف إنّ جنْدک ھم الْغالِبون واجْعلْنِی مِنْ حِزْبِک ف إنّ
تحفظ چاہتا ہوں ۔اے معبود مجھے اپنے لشکر میں قرار دے کیونکہ تیرا لشکر ہی غالب رہنے
حِزْبک ھم الْمفْلِحون، واجْعلْنِی مِنْ أوْ لِيائِک ف إنّ أوْ لِيائک لا خوْفٌ عليْھِمْ ولا

والا ہے اور مجھے اپنے گر وہ میں قرا ردے کیو نکہ تیرا ہی گر وہ کامیاب ہونے والاہے اور مجھے اپنے دوستوں میں شامل فرما کہ
هُمْ يحْزنون، اللّٰهمّ أَصْلِحْ لِی دِينِی ف إنّہ عِصْمۃ أمْری، وأَصْلِحْ لِی آخِرتِی
تیرے دوستوں کو کچھ بھی خوف اور حزن و رنج نہ ہو گا ۔اے معبود میرے دین میں بہتری فرما دے کیونکہ یہ میری ذات کا نگہبان ہے
ف إنّہا دار مقرّی، و إليْہا مِنْ مجا و رۃِ اللِّئامِ مفرّی، واجْعلِ الْحياۃ زِيادۃً لِی فِی
اور میری آخرت کو سنوار دے کہ وہ میرا پکا ٹھکانہ ہے اور وہ پست لوگوں سے فرار کر جانے کی جگہ ہے اور میری زندگی میں ہر خیر ونیکی
كلّ خيْرٍ، و الْو فاۃ راحۃً لِی مِنْ كلّ شرٍّ، اللّٰهمّ صلّ على محمّدٍ خاتمِ النّبِيِّين،
کو بڑھا دے اور میری موت کو ہر برائی سے بچ جانے کا زریعہ بنا ۔اے معبود محمد(ص) پر رحمت فرما جو نبیوں کے خاتم ہیں
وتمامِ عِدّۃِ الْمرْسلِين، وعلى آلِہِ الطّيِّبِين الطّاهِرِين، وأَصْحابِہِ الْمنْتجبِين،
اور جن پر آکر رسولوں کی تعداد پوری ہوئی اور ان کی پاک و پاکیز ہ آل پر اور ان کے صاحب عزت اصحاب پر رحمت فرما
وهبْ لِی فِی الثّلاثاءِ ثلاثاً لاتدعْ لِی ذنْباً إلاّ غفرْتہ ولا غمّاً إلاّ أذْهبْتہ، ولا عدوّاً
اور منگل کے دن مجھے تین چیزیں عطا فرما میرا ہر گناہ بخش دے اور میرا ہر رنج دور کر دے اور میرے ہر دشمن کو مجھ سے
إلاّ دفعْتہ، بِبِسْمِ اللّٰہِ خيْرِ الاسْماءِ، بِسْمِ اللّٰہِ ربِّ الْارْضِ والسّماءِ، أَسْتدْفِع كلّ
دور ہٹادے خدا کے نام کے واسطے سے کہ جو بہترین نام ہے اسکے نام سے جو زمین و آسما ن کو زندہ رکھنے والا ہے میں اپنے آپ
مكْروہٍ أوّلہ سخطہ، وأَسْتجْلِب كلّ محْبوبٍ أوّلہ رِضاہ، فاخْتِمْ لِی مِنْک
سے ہر مکروہ کا خاتمہ چاہتا ہوں جسکا آغاز خدا کا غضب ہے اور ہر محبوب چیز کو چاہتا ہوں کہ جسکاآغاز رضائے الٰہی ہے ۔پس اے
بِالْغفْرانِ يا و لِیّ الْاِحْسانِ ۔
احسان کے مالک میرا خاتمہ اپنی طرف سے بخشش کے ساتھ فرما ۔

دعائے رو ز ---- بِسْمِ اللّٰہِ الرحْمٰنِ الرحيمْ---- چہار شنبہ (بدھ) خد اکے نا م سے شر وع کرتا ہوں جو بڑا مہر با ن اور نہا یت ہی رحم کر نے والا ہے
الْحمْد لِلّٰہ الّذِی جعل اللّيْل لِباساً، والنّوْم سباتاً، وجعل النّہار نشوراً، لک
حمد اس خد اکے لیے ہے جس نے رات کو پر دے اور نیند کو آرام کا ذریعہ بنا یا او ر دن کو کا م کا ج کے لیے قرار دیا تیرے لیے
الْحمْد أنْ بعثْتنِی مِنْ مرْقدِی ولوْ شِئْت جعلْتہ سرْمداً، حمْداً دائِماً لا ينْقطِع
حمد ہے کہ تو نے مجھے میری خوابگاہ سے زندہ اٹھایا اور اگر تو چاہتا تو اس نیند کو دائمی بنا دیتا۔ تیری ایسی حمد جو ہمیشہ رہے کبھی ختم
أبداً، ولا يحْصِی لہ الْخلائِق عدداً، اللّٰهمّ لک الْحمْد أنْ خلقْت فسوّيْت، وقدّرْت
نہ ہو کہ جسکی تعداد کو مخلوق شمار نہ کر سکے۔ اے معبود تیرے ہی لیے حمد ہے کہ تو نے پیدا کیا تو درست پیدا کیا اور قضائ
وقضيْت، وأمتّ وأحْييْت، وأمْرضْت وشفيْت، وعافيْت وأبْليْت، وعلى الْعرْشِ

و قدر بنائی تو موت دیتا اور زندگی بخشتا ہے بیمار کرتا ہے شفا دیتا ہے تو بچاتا ہے اور آزماتا ہے اور عرش پر تیری حکومت

اسْتویْت، وعلی الْملْکِ احْتویْت، أدْعوک دعائ منْ ضعفتْ وسِیلتہ، وانْقطعتْ

اور ملک تیرے قبضہ قدرت میں ہے میں تجھے ایسے شخص کی طرح پکارتا ہوں جس کا وسیلہ کمزور ہو،چارئہ کار منقطع

حِیلتہ، واقْترب أجلہ، وتدانٰی فِی الدّنْیا أملہ، واشْتدّتْ إلی رحْمتِک فاقتہ،

ہو گیا ہو، موت قریب آگئی ہو اور وہ دنیا کی آرزو میں گرفتار ہو اور تیری رحمت کا بہت زیادہ محتاج ہو،اسکی کوتاہیوں کے

وعظمتْ لِتفْرِیطِہٰ حسْرتہ وکثرتْ زلّتہ وعثْرتہ وخلصتْ لِوجْہِک توْبتہ فصلِّ

باعث اسکی حسرتیں بڑھ چکی ہوں اور اسکی لغزشیں اور ٹھوکریں بہت زیادہ ہوں اور تیرے حضور سچی توبہ کر رہا ہوں پس تو نبیوں کے

علی محمّدٍ خاتمِ النّبِیّین وعلی أھْلِ بیْتِہِ الطّیِّبِین الطّاھِرِین وارْزقْنِی شفاعۃ

خاتم محمدمصطفی(ص) پر رحمت فرما اور انکے پاک وپاکیزہ اہل بیت(ع) پر بھی رحمت فرمااور مجھے محمد(ص) وآل محمد(ص) کی شفاعت وحمایت

محمّدٍ صلّی اللہ علیْہِ وآلِہِ ولاتحْرِمْنِی صحْبتہ إنّک أنْت أرْحم الرّاحِمِین

نصیب فرمااور مجھے انکے قرب سے محروم نہ فرما۔ بے شک تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ اے معبود!اس بدھ کے دن

اللّٰھمّ اقْضِ لِی فِی الْارْبعائِ أرْبعاً اجْعلْ قوّتِی فِی طاعتِک ونشاطِی فِی عِبادتِک

میری چار حاجتیں پوری فرما کہ میری قوت اپنی اطاعت میں لگا دے ،میری خوشی اپنی عبادت میں قرار دے اور میری توجہ اپنے

ورغْبتِی فِی ثوابِک وزھْدِی فِیما یوجِب لِی ألِیم عِقابِک إنّک لطِیفٌلِما تشائ۔

ثوابکیطرف کر دے اور جس چیز سے مجھ پر تیرا سخت عذاب آتا ہو مجھے اس سے دور فرما کہ بیشک تو جس پر چاہے لطف فرماتا ہے

دعائے روز ---- بِسْمِ اللہِ الرحْمنِ الرحیمْ--- پنجشنبہ (جمعرات) خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے

الْحمْد لِلّہِ الّذِی أذْھب اللّیْل مظْلِماً بِقدْرتِہِ، وجائ بِالنّھارِ مبْصِراً بِرحْمتِہِ

حمد اس خدا کے لیے ہے جس نے اپنی قدرت سے تاریک رات کو ختم کیا اور روشن دن کو اپنی رحمت سے وجود بخشا اور مجھ پر

وکسانِی ضِیائہ وأ نا فِی نِعْمتِہِ۔ اللّٰھمّ فکما أبْقیْتنِی لہ فأبْقِنِی لاِمْثالِہِ، وصلِّ

بھی روشنی بکھیری اور میں اسکی نعمت سے مستفید ہوتا ہوں ۔اے معبود! جس طرح تو نے مجھے آج کے دن زندہ رکھا اسی طرح آئندہ

علی النّبِیِّ محمّدٍ وآلِہِ، ولا تفْجعْنِی فِیہِ وفِی غیْرِہِ مِن اللّیالِی والْایّامِ، بِارْتِکابِ

بھی زندہ رکھ اور اپنے نبی محمد(ص) اور انکی آل(ع) پر رحمت فرما اور مجھے آج اور دیگر راتوں اور دنوں میں حرام کام کرنے

الْمحارِمِ واکْتِسابِ الْمآثِمِ وارْزقْنِی خیْرہ وخیْر ما فِیہِ وخیْر ما بعْدہ، واصْرِف

اور گناہ کمانے سے داغدار نہ بنا، آج کے دن میں جو بھلائی ہے اور بعد میں آنے والے انہی دنوں میں جو بھلائی ہے، عطا فرما۔اور

عنِّی شرّہ، وشرّ ما فِیہِ، وشرّ ما بعْدہ ۔ اللّٰھمّ إنِّی بِذِمّۃِ الْاِسْلامِ أتوسّل إلیْک،

مجھے اس دن کے شر جو کچھ اسمیں ہے اسکے شر اور اسکے بعد بھی شر سے بچا ۔اے معبود!میں اسلام کے ذریعے سے تیری طرف وسیلہ

وبِحرمۃِ الْقرآنِ أعْتمِدِ علیْک، وبِمحمّدٍ الْمصْطفی صلّی اللہ علیْہِ وآلِہِ

پکڑتا ہوں اور قرآن کے احترام کیساتھ تجھ پر بھروسہ کرتا ہوں ۔اور محمدمصطفی

أسْتشْفِع لدیْک، فاعْرِفِ اللّٰھمّ ذِمّتِی الّتِی رجوْت بِہا قضائ حاجتِی، یا أرْحم

کو تیرے حضور اپنا شفیع بناتا ہوں پس اے معبود! جس ضمانت کے ساتھ میں اپنی حاجت براری کا امیدوار ہوں اس پر توجہ فرما اے

الرّاحِمِین۔ اللّٰھمّ اقْضِ لِی فِی الْخمِیسِ خمْساً لا یتّسِع لھا إلاّکرمک

سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔ اے معبود! اس جمعرات میں میری پانچ حاجات پوری فرما کہ سوائے تیرے کرم کے کوئی اس کی

ولا یطِیقھا إلاّ نِعمک، سلامۃً أقْوی بِہا علی طاعتِک،

گنجائش نہیں رکھتا اور سوائے تیری نعمتوں کے کوئی اسکی طاقت نہیں رکھتا ایسی صحت وسلامتی عطا فرما جسکے ذریعے تیری

وعِبادۃً أسْتحِقّ بِہا جزِیل مثوبتِک،وسعۃً فِی الْحالِ مِن الرِّزْقِ الْحلالِ،

اطاعت پر قوت حاصل ہوایسی عبادت کی توفیق دے جس سے میں تیرے عظیم ثواب کا حق دار بن جائوں ۔ رزق حلال سے

وأن تؤْمِننِی فِی مواقِفِ الْخوْفِ بِأمْنِک،وتجْعلنِی مِنْ طوارِقِ الْھمومِ والْغمومِ

میری حالت میں کشادگی فرما۔ خوف و خطرے کے مواقع پر اپنے امان کے ذریعے محفوظ فرما غم وآلام کے ہجوم میں مجھے اپنی پناہ میں

فِی حِصْنِک وصلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ واجْعلْ توسّلِی بِہِ شافِعاً، یوْم الْقِیامۃِ نافِعاً

رکھ اور محمد(ص)وآل محمد(ص) پر رحمت فرما اور ان میں سے میرے لیے توسل کو روز قیامت نفع دینے والا شفیع بنا

إنّک أ نْت أرْحم الرّاحِمِین۔

کہ تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے ۔

دعائے روز ---- بِسْمِ اللہِ الرحْمنِ الرحیمْ--- آدینہ (جمعہ) خدا کے نام سے (شروع جو بڑ امہربان نہایت رحم والا ہے

الْحمْد لِلّٰہ الاوّلِ قبْل الْاِنْشائِ والْاِحْیائِ، والْآخِرِ بعْد فنائِ الْاشْیائِ، الْعلِیمِ الّذِی

حمد اس خد اکیلئے ہے جو ہستی وزندگی میں سب سے اول اور چیزوں کے فنا کے بعد سب سے آخر میں موجود ہوگا، وہ ایسا علم والا ہے

لا ینْسیٰ منْ ذکرہ، ولا ینْقص منْ شکرہ، ولا یخِیب منْ دعاہ، ولا یقْطع رجائ

جو اس کو یاد کرے اسے بھولتا نہیں جو شکر کرے اسے کمی نہیں آنے دیتا پکارنے والے کو مایوس نہیں کرتا اور جو امید رکھے اس کی امید

منْ رجاہ ۔ اللّٰھمّ إنِّی أشْھِدک وکفی بِک شھِیداً، وأشْھِد جمِیع ملائِکتِک وسکّان

منقطع نہیں کرتا خداوندا! میں تجھے گواہ بناتا ہوں اور تیراگواہ ہونا کافی ہے اور میں تیرے تمام فرشتوں ، آسمانوں

سمٰواتِک وحملۃِ عرْشِک، ومنْ بعثْت مِنْ أنْبِیائِک ورسلِک، وأ نْشأْت مِنْ

کے رہنے والوں حاملین عرش اور تیرے ان نبیوں اور رسولوں کو جنہیں تو نے بھیجا اور ہرقسم کی مخلوق جو تو نے پیدا

أصْنافِ خلْقِک، أنّی أشْہد أ نّک أ نْت اللہ لا إلہ إلاّ أ نْت، وحْدک لا شریک لک
کی سبھی کوگواہ بناکر شہادت دیتا ہوں کہ بے شک تو خدا ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو یکتا ہے تیرا کوئی شریک نہیں
ولاعدِیل، ولا خلْف لِقوْلِک ولا تبْدِیل، وأنّ محمّداً صلّی اللہ علیْہِ وآلِہِ عبْدک
اور نہ برابر کا ہے اور تیرے قول میں اختلاف اور تبدیلی نہیں ہے اور شہادت دیتا ہوں کہ محمد تیرے عبد خاص
ورسولک، أدّی ما حمّلْتہ إلی الْعِبادِ، وجاھد فِی اللہِ عزّ وجلّ حقّ الْجِہادِ وأنّہ
اور تیرے رسول(ص) ہیں انہوں نے تیرے احکام تیرے بندوں تک پہنچائے اور تیری الوہیت کیلئے جہاد کیا جس طرح جہاد کرنے کا
بشّر بِما ھو حقٌّ مِن الثّوابِ، وأ نْذر بِما ھو صِدْقٌ مِن الْعِقابِ۔ اللّٰہمّ ثبِّتْنِی علی
حق ہے انہوں نے تیرے ثواب کی بشارت دی جو حق ہے اور تیرے اس عذاب سے ڈرایاجو بجاہے، خداوندا! جب تک مجھے
دِینِک ما أحْییْتنِی، ولا تزِغْ قلْبِی بعْد إذْ ھدیْتنِی، وھبْ لِی مِنْ لدنْک رحْمۃً إنّک
زندہ رکھے اپنے دین پر قائم رکھنا اور ہدایت دینے کے بعد میرے دل کو ٹیڑھا نہ کرنا اور مجھے اپنی طرف سے رحمت عطا فرمانا بیشک
أنْت الْوھّاب۔ صلِّ علی محمّدٍ وعلی آلِ محمّدٍ، واجْعلْنِی مِنْ أتْباعِہِ وشِیعتِہِ
تو بڑا عطا کرنے والا ہے محمد(ص) وآل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور مجھے ان کے پیروکاروں اور شیعوں میں قرار دے
واحْشرْ نِی فِی زمْرتِہِ ووفِّقْنِی لِاداءِ فرْضِ الْجمعاتِ، وما أوْجبْت علیّ فِیہا مِن
اور ان ہی کے گروہ کے ساتھ محشور فرما مجھے نماز ہائے جمعہ اور جو کچھ مجھ پر تو نے اس دن میں واجب کیا اسے ادا کرنے کی
الطّاعاتِ، وقسمْت لِاھْلِہا مِن الْعطاءِ فِی یوْمِ الْجزاءِ، إنّک أ نْت الْعزِیز الْحکِیم۔
توفیق دے اور روز قیامت جب اہل اطاعت پر تیری عنایت ہوتو مجھے بھی حصہ دے کہ تو صاحب اقتدار اور حکمت والا ہے۔

دعائے روز ---- بِسْمِ اللہِ الرحْمنِ الرحیمْ---- شنبہ (ہفتہ) خداکے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
بِسْمِ اللہِ کلِمۃِ الْمعْتصِمِین، ومقالۃِ الْمتحرّزِین، وأعوذ بِاللہِ تعالی مِنْ جوْرِ
خدا کے نام سے شروع جو پناہ چاہنے والوں کا شعار اور بچائو چاہنے والوں کا ورد ہے اور میں ظالموں کی سختی ،
الْجائِرِین، وکیْدِ الْحاسِدِین، وبغیِ الظّالِمِین، وأحْمده فوْق حمْدِ الْحامِدِین۔
حسد کرنے والوں کے مکر اور ستمگاروں کے ستم سے خدا کی پناہ لیتا ہوں اورمیں حمد کرنے والوں سے بڑھ کر اس کی حمد کرتا ہوں
اللّٰہمّ أنْت الْواحِد بِلا شرِیکٍ والْمِلک بِلا تمْلِیکٍ لا تضادّ فِی حکْمِک ولا تنازع
خدایا! تو وہ یکتا ہے جس کا کوئی شریک نہیں اور وہ بادشاہ ہے جس کا کوئی حصہ دار نہیں تیرے حکم میں تضاد نہیں اور تیری
فِی ملْکِک، أسْألک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ عبْدِک ورسولِک، وأنْ توزعنِی مِن
سلطنت میں اختلاف نہیں میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ اپنے عبد خاص اور اپنے رسول محمدمصطفی (ص)پر رحمت فرما ، مجھے اپنی نعمتوں

شکْرِ نعْماک ما تبْلغ بِی غایۃ رضاک، وأنْ تعِیننِی علی طاعتِک ولزومِ عِبادتِک

کے شکر ادا کرنے کی اس طرح توفیق دے کہ جس سے تیری رضا کی انتہا حاصل کر سکوں اور مجھے اپنی فرمانبرادری کرنے، عبادت

واسْتِحْقاقِ مثوبتِک بِلطْفِ عِنایتِک، وترْحمنِی بِصدِّی عنْ معاصِیک ما أحْییْتنِی

کو ضروری سمجھنے اور اپنے فضل وکرم سے اپنے اجرو ثواب کا حق دار بننے میں میری مدد فرما تاکہ میں تیری نافرمانیوں سے بچ سکوں

وتوفِّقنِی لِما ینْفعنِی ما أبْقیْتنِی، وأنْ تشْرح بِکِتابِک صدْری،

جب تک زندہ رہوں اور مجھے اسکی توفیق دے جو میرے لیے مفید ہے جب تک باقی ہوں اپنی کتاب کے ذریعے میرا سینہ کھول دے

وتحطَّ بِتِلاوتِہِ وِزْری، وتمْنحنِی السّلامۃ فِی دِینِی ونفْسِی، ولا توحِش بِی أهْل أنْسِی

اور اسکی تلاوت کے ذریعے میرے گناہ کم کر دے میری جان اور میرے دین میں سلامتی عطا فرما اور اہل انس کو مجھ سے خائف نہ کر

وتتِمّ إحْسانک فِیما بقِی مِنْ عمْرِی کما أحْسنْت فِیما مضی مِنْہ، یا أرْحم الرّاحِمِین۔

اور میری باقی زندگی میں مجھ پر کامل احسان فرما جیسے کہ میری گزری ہوئی زندگی میں مجھ پر احسان فرمایا ہے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

چوتھی فصل ---------- جمعرات وجمعہ کے فضائل واعمال

جمعرات اور جمعہ کے فضائل واضح ہے کہ جمعہ کو تمام ایام پر ایک خاص امتیاز اور شرف حاصل ہے۔ چنانچہ حضرت رسول اللہ کا فرمان ہے کہ شب جمعہ وجمعہ کی چوبیس ساعتیں ہیں اور ہر ایک ساعت میں خداوند عالم چھ لاکھ انسانوں کو جہنم سے آزاد کرتا ہے۔ امام جعفر صادق -کا ارشاد ہے کہ زوال جمعرات سے زوال جمعہ کے درمیان جس شخص کو موت واقع ہو وہ فشار قبر سے محفوظ رہے گا۔ حضرت ہی کا فرمان ہے کہ جمعہ کا خاص احترام اور حق ہے ۔اس حق کو ضائع نہ کرو ، اس دن کی عبادت میں کوتاہی نہ کرو۔ اچھے اعمال سے خدا کا قرب حاصل کرو اور تمام محرمات کو ترک کرو کیونکہ خدا تعالیٰ اس روز اطاعت کا ثواب بڑھا دیتاہے۔ گناہوں کی سزاختم کردیتاہے اور دنیاوآخرت میں مومنین کے درجات بلند کرتا ہے اور روز جمعہ کی طرح شب جمعہ کی بھی بہت فضیلت ہے اور ممکن ہو تو شب جمعہ صبح تک دعاونماز میں گزارو۔ شب جمعہ میں خدا مومنین کی عزت بڑھانے کے لیے ملائکہ کو پہلے آسمان پر بھیجتا ہے تاکہ وہ انکی نیکیوں میں اضافہ کریں اور انکے گناہ مٹاڈالیں ۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ رحیم وکریم ہے اور اسکی عنایتیں اور عطائیں وسیع ہیں ۔معتبر حدیث میں رسول اللہ (ص)سے مروی ہے کہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک مومن اپنی حاجت کیلئے دعا کرتا ہے مگر خدا اسکی وہ حاجت پوری کرنے میں تاخیر کرتا ہے تاکہ روز جمعہ اسکی حاجت کو پورا کرے اور جمعہ کی فضیلت کی وجہ سے کئی گناہ معاف کردیتا ہے ۔ نیز فرمایا کہ جب برادران یوسف (ع)نے حضرت یعقوب(ع) سے کہا کہ وہ انکے گناہوں کی معافی کیلئے دعا کریں تو انہوں نے فرمایا: سوْف اسْتغْفِرلکمْ ربّی کہ عنقریب میں تمہارے گناہوں کی بخشش کے لیے اپنے پروردگار سے دعا کروں گا، یہ تاخیر اس لیے کی گئی کہ جمعہ کی سحر کو دعا کی جائے تا کہ وہ قبولیت تک پہنچے۔ حضرت (ع)سے یہ بھی مروی ہے کہ شب جمعہ میں مچھلیاں سرپانی سے باہر نکالتی ہیں اور صحرائی جانور اپنی گردنیں بلند کرکے بارگاہ الٰہی میں عرض کرتے ہیں کہ اے پروردگارا انسانوں کے گناہوں کے باعث ہم پر عذاب نہ کرنا۔ امام محمدباقر(ع) فرماتے ہیں کہ ہر شب جمعہ ایک فرشتہ ابتدائِ شب سے آخر شب تک عرش کے اوپر سے یہ ندا کرتا ہے کہ ہے کوئی مومن بندہ ہے جو طلوع فجر سے پہلے دنیاوآخرت کی کوئی حاجت طلب کرے تا کہ میں اس کی حاجت پوری کروں ۔ ہے کوئی مومن بندہ جوطلوع فجر سے پہلے گناہوں سے معافی کا طالب ہو اور میں اس کے گناہ معاف کردوں کوئی بندئہ مومن ہے کہ جس کی روزی میں نے تنگ کر رکھی ہو وہ طلوع صبح سے قبل مجھ سے وسعت رزق طلب کرے پس میں اس کی روزی میں وسعت عطا کروں ، آیا کوئی بیمار مومن ہے جو مجھ سے طلوع صبح سے پہلے شفا کا طالب ہو تو میں اسے شفادے دوں ، کوئی قیدی وغم زدہ مومن ہے جو صبح جمعہ سے پہلے مجھ سے سوال کرے تو میں اسکو قید سے رہائی دے کراس کا غم دور کروں ، آیا کوئی مظلوم مومن ہے جو طلوع صبح سے پہلے ظالم کے ظلم کو دور کرنے کا مجھ سے سوال کرے تو میں اس کیلئے ہر ظلم کرنے والے سے انتقام لوں اور اس کا حق اسے دلادوں ،پس وہ فرشتہ جمعہ کی صبح طلوع ہونے تک اسی طرح آواز دیتا رہتا ہے ۔

امیرالمومنین -سے منقول ہے کہ حق تعالیٰ نے جمعہ کو تمام دنوں پر فضیلت دی ہے اور اسکو روز عید قرار دیا ہے ، اس طرح شب جمعہ کو بھی باعظمت قرار دیا ہے۔ جمعہ کی ایک فضیلت یہ ہے کہ اس روز خدا سے جو سوال کیا جائے وہ پورا کر دیا جاتا ہے اگر کوئی گروہ مستحق عذاب ہے لیکن وہ شب جمعہ یا روز جمعہ دعا کرے تو اسے عذاب سے چھٹکارا مل جاتاہے۔حق تعالی روز جمعہ مقدر کو محکم ا ور ناقابل تغیر بنا دیتا ہے ۔لہذا شب جمعہ عام راتوں سے اور روز جمعہ عام دنوں سے افضل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق -فرماتے ہیں : شب جمعہ میں گناہوں سے بچو کیونکہ اس رات کئی گنا عذاب بڑھ جاتا ہے جیسا کہ اس شب میں نیکیوں کا ثواب بھی کئی گنا زیادہ ہوتا ہے، اگر کوئی شخص شب جمعہ میں گناہ سے پرہیز کرے تو خدا اس کے سابقہ گناہ معاف کر دیتا ہے اور اگر کوئی شخص شب جمعہ میں اعلانیہ گناہ کرے تو خدا اسکو ساری زندگی کے گناہوں کے برابر عذاب دے گااور اس گناہ کا عذاب بھی زیادہ ہوگا،اور معتبر سند کے ساتھ امام علی رضا -سے منقول ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا : جمعہ کا دن تمام دنوں کاسردار ہے اس میں نیکیوں کاثواب کئی گنا ہوتا ہے اور گناہ معاف ہو جاتے ہیں ، درجات بلند ، دعائیں قبول، رنج والم زائل اور بڑی بڑی حاجات پوری کر دی جاتی ہیں ۔ اس دن خدا تعالی بندوں کے لیے اپنی رحمت میں اضافہ کرتا ہے اور لوگوں کی ایک کثیر تعداد کو جہنم کی آگ سے آزاد کرتا ہے۔ جو شخص اس دن خدا کو پکارے اور وہ اس دن کی عزت وعظمت کا قائل بھی ہو تو خدا پر اسکا حق ہے کہ وہ اسے جہنم کی آگ سے چھٹکارا عطا کرے اگر کوئی شخص شب جمعہ یا روز جمعہ میں وفات پا جائے تو وہ شہید شمار ہوگا اور قیامت کے دن عذاب الہی سے محفوظ رہے گا ۔ جو آدمی جمعہ کے دن کی عظمت کی پرواہ نہ کرے اور اسکے حق کو ضائع کرے مثلًا نماز جمعہ بجانہ لائے یا حرام کاموں سے نہ بچے، خدا کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس شخص کو جہنم کا ایندھن بنائے مگر یہ کہ وہ توبہ کر لے ۔معتبر اسناد کے ساتھ امام محمدباقر -سے مروی ہے کہ آفتاب نے کبھی کسی ایسے دن طلوع نہیں کیا جو جمعہ سے بہتر ہو۔ اس روز پرندے جب ایک دوسرے سے ملتے ہیں تو سلام کرتے اور کہتے ہیں کہ آج بڑا ہی عظیم دن ہے۔ نیز معتبر سند کے ساتھ امام جعفرصادق -سے منقول ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن کو درک کرے وہ عبادت الہی کے علاوہ کچھ نہ کرے کہ اس دن خدا تعالی اپنے بندوں کے گناہ معاف کرتا ہے اور ان پر رحمت خداوندی نازل ہوتی ہے۔ حق تو یہ ہے کہ شب جمعہ اور روز جمعہ کے فضائل کثیر ہیں اور اس مختصر کتاب میں اتنی گنجائش نہیں کہ ان سب کا تذکر کیا جائے۔

شب جمعہ کے اعمال

شب جمعہ کے اعمال بہت زیادہ ہیں اور یہاں ہم چند اعمال کے ذکر پر اکتفائ کرتے ہیں ۔

اول:روایت ہے کہ شب جمعہ رات کا نور اور روز جمعہ روشن ترین دن ہے لہذااس شب وروز میں بکثرت درود شریف اور مذکورہ ذکر کو پڑھیں :

سبْحان اللهِ والله أكبر ولا إلہ إلاّ الله ۔

پاک اور بزرگ تر ہے خدا اور خدا کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ۔

ایک اور روایت میں ہے کہ اس رات کم از کم سو مرتبہ درود پڑھیں اور جس قدر زیادہ پڑھ سکیں بہتر ہے۔ امام جعفرصادق - سے مروی ہے کہ شب جمعہ میں محمد(ص)وآل محمد(ص) پر درود بھیجنے سے ہزار نیکیوں کا ثواب ملتا ہے۔ ہزار گناہ معاف ہوتے ہیں اور ہزار درجے بلند ہو جاتے ہیں ۔مستحب ہے کہ جمعرات کی عصر سے روز جمعہ کے آخر تک محمد(ص)وآل محمد(ص) پر زیادہ سے زیادہ درود بھیجیں اور بہ سند صحیح امام جعفرصادق -سے منقول ہے کہ جمعرات کی عصر کوملائکہ آسمان سے اترتے ہیں اور انکے ہاتھوں میں طلائی قلم اور نقرئی کا غذ ہوتا ہے اور وہ اس میں جمعرات کی عصر سے روز جمعہ کے آخر تک محمد(ص)وآل محمد(ص) پر بھیجے ہوئے درودکے سوا کچھ نہیں لکھتے۔شیخ طوسی(رح) فرماتے ہیں کہ جمعرات کے دن محمد(ص)وآل محمد(ص) پر ایک ہزار مرتبہ درود پڑھنا مستحب ہے اور بہتر ہے کہ اس طرح درود پڑھیں :

اللّٰھمّ صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ وعجِّلْ فرجھمْ، وأھْلِکْ عدوّھمْ مِن الْجِنِّ

اے معبود محمد(ص) اور اسکی آل (ع)پر رحمت فرما اوران کے ظہور میں تعجیل فرمااور محمد(ص)وآل محمد(ص) کے دشمنوں کو ہلاک کرخواہ وہ جن

والْاِنْسِ مِن الاوّلِین والْآخِرِین۔

ہیں یاانسان اولین سے ہیں یا آخرین سے۔

جمعرات کی عصر کے بعد سے روز جمعہ کے آخر تک مذکورہ درود کا سو مرتبہ پڑھنا بہت فضیلت رکھتا ہے نیز شیخ فرماتے ہیں جمعرات کو دن کے آخری حصے میں اس طرح استغفار کرنا مستحب ہے:

أسْتغْفِر اللہ الّذِی لا إلہ إلاّ ھو الْحیّ الْقیّوم، وأتوب إلیْہِ توْبۃ عبْدٍ خاضِعٍ

اس خدا سے طالب مغفرت ہوں جسکے سوا کوئی معبود نہیں جو زندہ وپائندہ ہے میں اسکے حضور ایسے بندے کیطرح توبہ کرتا ہوں

مِسْکِینٍ مسْتکِینٍ، لا یسْتطِیع لِنفْسِہِ صرْفاً ولا عدْلاً ولا نفْعاً ولا ضرّاً ولا

ہوں جو ذلیل، محتاج اور بے چارہ ہے جو اپنے کاروبار، دفاع اور نفع ونقصان کا مالک نہیں اپنی موت زندگی اور قیامت کے دن اپنے

حیاۃً ولا موْتاً ولا نشوراً، وصلّی اللہ علی محمّدٍ وعِتْرتِہِ الطّیِّبِین الطّاھِرِین الْاخْیارِ

حشر و نشر پر کچھ اختیار نہیں رکھتا اور محمد(ص) اور انکی پاک و پاکیزہ اور نیک و پاکباز آل پر خدا کی رحمت اور سلام ہو

الا بْرارِ وسلّم تسْلِیماً ۔

جس طرح ان پر سلام کا حق ہے ۔

دوم:شب جمعہ میں قرآن کی ان سورتوں کی تلاوت کرنا چاہیے کہ ان میں سے ہر ایک کے فوائد کثیر اور ثواب بہت زیادہ ہے: سورئہ بنی اسرائیل، کہف، طٰس والی تین سورتیں ،الٓم سجدہ، یٰس ، صٓ ، احقاف، واقعہ ، حمٓ سجدہ، حٰمٓ دخان، طور، اقتربت اور جمعہ کی تلاوت کرے اگر وقت کی کمی ہو تو سورئہ واقعہ اور اس سے قبل سورتوں کی تلاوت کرے کیونکہ امام جعفر صادق -سے مروی ہے کہ جو شخص ہرشب جمعہ سورئہ بنی اسرائیل کی تلاوت کرے گا تو اسے امام العصر(عج) کی خدمت میں حاضری نصیب ہونے سے پہلے موت نہیں آئے گی اور وہ وہاں آنجناب (ع)

کے اصحاب میں سے ہوگانیز فرمایا کہ شب جمعہ میں سورئہ کہف کی تلاوت کرنے والا نہیں مرے گا مگر شہید اور قیامت میں حق تعالی اس کو شہیدوں کے ساتھ محشور کرے گا اور وہ انہیں کے ساتھ رہے گا۔ جو شخص جمعہ کو طٰس والی تین سورتیں پڑھے وہ خدا کا دوست شمار ہو گا،اسے خدا کی حمایت وامان حاصل ہوگی دنیا میں فقر وتنگ دستی سے محفوظ رہے گا ،آخرت کو بہشت میں اس قدر نعمات ملیں گی کہ وہ راضی وخوش ہو جائے گا۔ پھر خدا اسے اس کی رضا سے بھی زیادہ عطا فرمائے گا اور سوحوریں اسکی زوجیت میں رہیں گی آپ(ع) نے یہ بھی فرمایا کہ جو شخص ہر شب جمعہ میں سورئہ الم سجدہ پڑھے تو قیامت میں خدائے تعالی اسکا نامہ اعمال اسکے دائیں ہاتھ میں دے گا، اس سے اسکے اعمال کا حساب کتاب نہیں لیا جائے گااور وہ محمد(ص)وآل محمد(ص) کے رفقائ میں شمار ہو گا، معتبر اسناد کیساتھ امام محمد باقر -سے مروی ہے کہ جوشخص شب جمعہ میں سورئہ ص ٓ کی تلاوت کرے تو اسکو دنیا وآخرت کی بھلائی عطا ہو گی اور اسے اتنا اجر دیا جائے گا جتنا کسی نبی مرسل یا ملک مقرب کو دیا جاتا ہے۔ وہ خود بہشت میں جانے کیساتھ ساتھ اپنے اہل خانہ میں سے جسے چاہے حتی کہ اپنے خدمت گار کو بھی بہشت میں لے جا سکے گا اگرچہ وہ خدمتگار اس شخص کے عیال میں شامل نہ ہو اور اسکی شفاعت کے دائرے میں نہ آتا ہو۔امام جعفر صادق -سے منقول ہے کہ جو شخص شب جمعہ یا روز جمعہ میں سورئہ احقاف کی تلاوت کرے تو وہ دنیامیں خوف وخطر اور آخرت میں روز قیامت کے خوف وپریشانی سے امن میں ہوگا۔ نیز فرمایا کہ جو شخص ہر شب جمعہ میں سورئہ واقعہ پڑھے تو اللہاس کو اپنا دوست بنائے گا، دنیا میں بدحالی وتنگدستی اور آفات سے محفوظ رہے گا اور امیرالمومنین- کے رفقائ میں شمار ہوگا کہ یہ سورہ آنجناب(ص) سے مخصوص ہے۔روایت ہے کہ جو شخص ہر شب جمعہ میں سورئہ جمعہ کی تلاوت کرے تو وہ اس جمعہ اور آئندہ جمعہ کے درمیان اسکا کفارہ شمار ہوگا، ہر شب جمعہ میں سورئہ کہف پڑھنے کی بھی یہی فضیلت بیان ہوئی ہے اسی طرح جو شخص جمعہ کی ظہر وعصر کے بعد سورئہ کہف کی تلاوت کرے تو اسکے لیے بھی یہی فضیلت نقل ہوئی ہے۔

شب جمعہ میں پڑھی جانے والی بہت سی نمازیں ذکر ہوئی ہیں :

(۱)نماز امیرالمومنین -

(۲)یہ دو رکعت نماز ہے اسکی ہر رکعت میں سورئہ حمد کے بعد پندرہ مرتبہ سورئہ اذا زلزلت پڑھی جاتی ہے، روایت ہے کہ اس نماز کو پڑھنے والا قبر کے عذاب اور قیامت کی ہولناکی سے محفوظ رہے گا ۔

(۳)نماز مغرب کی پہلی رکعت میں سورئہ حمد کے بعد سورئہ جمعہ اور دوسری رکعت میں حمد کے بعد سورئہ توحید پڑھیں ۔ اسی طرح نماز عشائ کی پہلی رکعت میں سورئہ حمد کے بعد سورئہ جمعہ اور دوسری رکعت میں سورئہ حمد کے بعد سورئہ اعلیٰ پڑھیں :

(۴)شعر پڑھنا ترک کر دے کیونکہ صحیح حدیث میں امام جعفر صادق -سے منقول ہے کہ روزے کے ساتھ ، حرم میں ، احرام کی حالت میں اور شب جمعہ وروز جمعہ کوشعر پڑھنے مکروہ ہیں ۔ راوی نے عرض کیا کہ شعر خواہ مبنی برحق ہی کیوں نہ

ہو؟ فرمایا۔ ہاں شعر اگر حق ہو تو بھی اس سے پرہیز کرے۔ معتبر حدیث میں امام جعفر صادق -سے منقول ہے کہ رسول اللہ(ص) نے فرمایا: جو شخص شب جمعہ یا روز جمعہ میں ایک بھی شعر پڑھے تو وہ اس رات اور دن، اسکے سوا کسی اور ثواب سے بہرہ مند نہ ہوگا ایک اور روایت میں ہے کہ ایسے شخص کی اس رات اور دن کی نماز قبول نہیں ہو گی۔

(۵)مومنین کے حق میں زیادہ سے زیادہ دعا کریں ، جیسے جناب زہرا =کیا کرتی تھیں نیز اگر مرحوم مومنین میں سے دس کیلئے مغفرت کی دعا کرے تو (ایک روایت کے مطابق)ایسے شخص کیلئے جنت واجب ہو جاتی ہے۔

(۶)شب جمعہ کی وہ دعائیں پڑھے جو وارد ہوئی ہیں انکی تعداد بہت زیادہ ہے یہاں ہم ان میں سے چند ایک کا تذکرہ کرتے ہیں ۔بہ سند صحیح امام جعفر صادق -سے منقول ہے کہ جو شخص شب جمعہ نافلہ مغرب کے آخری سجدے میں سات مرتبہ یہ دعا پڑھے تو اس عمل سے فارغ ہونے سے پہلے اسکے سارے گناہ معاف ہو چکے ہوں گے اگر ہر شب میں اس دعا کو پڑھتا رہے تو اور بھی بہتر ہے وہ دعایہ ہے:

اللّٰھمّ إنّی أسأ لک بِوجْھک الْکریمِ، واسْمِک الْعظِیمِ، أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ

خداوندا میں تیری کریم ذات اور تیرے برتر نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ محمد(ص) و آل محمد پر

محمّدٍ، وأنْ تغْفِر لِی ذ نْبِی الْعظِیم ۔

رحمت نازل فرما اور میرے بڑے بڑے گناہوں کو بخش دے۔

رسول اللہ سے مروی ہے کہ جو شخص شب جمعہ یا روز جمعہ یہ دعا سات مرتبہ پڑھے اور اگر اس رات یا اس دن فوت ہو جائے تو جنت میں داخل ہو گا۔ وہ دعا یہ ہے:

اللّٰھمّ أنْت ربِّی لا إلہ إلاّ أ نْت خلقْتنِی وأ نا عبْدک وابْن أمتِک، وفِی قبْضتِک

اے معبود! تو ہی میرا رب ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو نے ہی مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ اور تیری کنیز کا بیٹا ہوں اورتیرے قبضے

وناصِیتِی بِیدِک، أمْسیْت علی عھْدِک ووعْدِک ما اسْتطعْت أعوذ بِرضاک مِنْ شرّ

میں ہوں میری مہار تیرے دست قدرت میں ہے میں نے تیرے عہدوپیمان پر رات گزاری جتنا ہو سکے میں تیری رضا کی پناہ چاہتا

ما صنعْت، أبوئ بِنِعْمتِک، وأبوئ بِذنْبِی، فاغْفِرْ لِی ذنوبِی إنّہ لا یغْفِر

ہوں اسکے شر سے جو میں نے انجام دیا ہے تیری نعمت کا بار اور میرے گناہ کا بوجھ میرے کندھے پر ہے پس میرے گناہ معاف فرما

الذّنوب إلاّ أنْت۔

دے تیرے سوا کوئی گناہوں کو معاف نہیں کر سکتا۔

شیخ طوسی، سید، کفعمی اور سید ابن باقی فرماتے ہیں کہ شب جمعہ، روز جمعہ، شب عرفہ اور روز عرفہ یہ دعا پڑھنا مستحب ہے۔ ہم اس دعا کو شیخ کی کتاب مصباح سے نقل کر رہے ہیں :

اللّٰھمّ منْ تعبّأ وتھیّأ وأعدّ واسْتعدّ لِوفادۃٍ إلی مخْلوقٍ رجائ رِفْدِہِ وطلب نائِلِہِ

خدایا جو بھی عطاوبخشش کے لیے مخلوق کی طرف جانے کو آمادہ اور مستعد ہو اس کی امید اسی کی داد وہش پر لگی

وجائِزتِہِ، ف إلیْک یا ربِّ تعْبِیتِی واسْتِعْدادِی رجائ عفْوِک وطلب نائِلِک وجائِزتِک

ہوتی ہے تو اے میرے پروردگار میری آمادگی و تیاری تیرے عفو و درگزر تیری بخشش اور تیرے انعام کے حصول کی امید پر ہے
فلا تخیّبْ دعائِی یا منْ لا یخِیب علیہِ سائِلٌ ولا ینْقصہ نائِلٌ، ف إِنِّی لمْ آتِک ثِقۃً
پس میری دعا کو مایوس نہ کر اے وہ ذات جس سے کوئی سائل ناامید نہیں ہوتاکسی کا حاصل کرنا اسکی عطا کو کم نہیں کر سکتا ہے پس میں
بِعملٍ صالِحٍ عمِلْتہ، ولا لِوفادۃِ مخْلوقٍ رجوْتہ، أتیْتک مقِرّاً علی نفْسِی
نے جو عمل صالح کیا اس کے بھروسے پر تیری جناب میں نہیں آیااور نہ ہی مخلوق کے دین کی امید رکھتا ہوں میں تو اپنی برائیوں اور ظلم کا
بِالْإِساءۃِ والظّلْمِ، معْترِفاً بِأنْ لا حجّۃ لِی ولا عذْر، أتیْتک أرْجو عظِیم عفْوِک
اقرار کرتے ہوئے تیری بارگاہ میں حاضر ہوا ہوں اور اعتراف کرتا ہوں کہ میں کوئی حجت اور عذر نہیں رکھتا ہوں میں تیرے حضور عفو
الّذِی عفوْت بِہِ عنِ الْخاطِئِین، فلمْ یمْنعْک طول عکوفِہِمْ علی عظِیمِ الْجرْمِ
عظیم کی امید لے کر آیا ہوں جس سے تو خطاکاروں کو معاف فرماتا ہے کہ ان کے بڑے گناہوں کا تسلسل تجھے ان پر رحمت کرنے
أنْ عدْت علیْہِمْ بِالرّحْمۃِ، فیا منْ رحْمتہ واسِعۃٌ، وعفْوہ عظِیمٌ، یا عظِیم یا
سے باز نہیں رکھ سکتا تو اے وہ ذات جسکی رحمت عام اور عفو وبخشش عظیم ہے اے خدائے عظیم اے خدائے عظیم اے خدائے
عظِیم یا عظِیم، لا یردّ غضبک إِلاّ حِلْمک ولا ینْجِی مِنْ سخطِک إِلاّ التّضرّع
عظیم تیرا غضب تیرے ہی حلم سے پلٹ سکتا ہے اور تیری ناراضگی تیرے حضور نالہ وفریاد سے ہی دور
إِلیْک فہبْ لِی یا إِلہِی فرجاً بِالْقدْرۃِ الّتِی تحْیِی بِہا میْت الْبِلادِ، ولا تہْلِکْنِی غمّاً
ہوسکتی ہے تو اے میرے خدا مجھے اپنی قدرت سے کشائش عطا کر جس سے تو اجڑے ہوئے شہروں کو آباد کرتا ہے مجھے غمگینی میں
حتّی تسْتجِیب لِی، وتعرِّفنِی الْإِجابۃ فِی دعائِی، وأذِقْنِی طعْم الْعافِیۃِ إِلی
ہلاک نہ کر یہاں تک کہ تو میری دعا کو قبول کر لے اور دعا کی قبولیت سے مجھے آگاہ فرما دے مجھے آخر دم تک صحت وعافیت سے
منْتہی أجلِی، ولا تشْمِتْ بِی عدوِّی، ولا تسلِّطْہ علیّ، ولا تمکِّنْہ مِنْ عنقِی۔
رکھ اور میرے دشمن کو میری بری حالت پر خوش نہ ہونے دے اور اسے مجھ پر تسلط اور اختیار نہ دے
اللّٰہمّ إِنْ وضعْتنِی فمنْ ذا الّذِی یرْفعنِی؟ و إِنْ رفعْتنِی فمنْ ذا الّذِی یضعنِی
اے پروردگار! اگر تو مجھے گرا دے تو کون مجھے اٹھانے والا ہے اور اگر تو مجھے بلند کرے تو کون ہے جو مجھے پست کر سکتا ہے
و إِنْ أہْلکْتنِی فمنْ ذا الّذِی یعْرِض لک فِی عبْدِک أوْ یسْألک عنْ أمْرِہِ وقدْ علِمْت
اگر تو مجھے ہلاک کرے تو کون تیرے بندے سے متعلق تجھے کچھ کہہ سکتا ہے اس کے متعلق سوال کر سکتا ہے بے شک میں جانتا ہوں
أنّہ لیْس فِی حکْمِک ظلْمٌ، ولا فِی نقِمتِک عجلۃٌ، و إِنّما یعْجل منْ یخاف الْفوْت
کہ تیرے فیصلے میں ظلم نہیں اور تیرے عذاب میں جلدی نہیں اور بے شک جلدی وہ کرتا ہے جسے وقت نکل جانے کا ڈر ہو
و إِنّما یحْتاج إِلی الظّلْمِ الضّعِیف، وقدْ تعالیْت یا إِلہِی عنْ ذٰلِک علوّاً کبِیراً

اور ظلم وہ کرتا ہے جو کمزور ہو اور اے میرے معبود! تو ان باتوں سے بہت بلند اور بہت بڑا ہے

اللّٰھمّ إنِّی أعوذ بِک فأعِذْنِی، وأسْتجِیر بِک فأجِرْنِی، وأسْترْزِقک فارْزقْنِی

اے معبود! میں تیری پناہ لیتا ہوں تو مجھے پناہ دے تیرے نزدیک آتا ہوں مجھے نزدیک کرلے تجھ سے روزی مانگتا ہوں مجھے روزی

وأتوکّل علیْک فاکْفِنِی، وأسْتنْصِرک علی عدوّی فانْصرْنِی، وأسْتعِین بِک

دے تجھ پر بھروسہ کرتا ہوں میری کفالت فرما اپنے دشمن کے خلاف تجھ سے مدد چاہتا ہوں اور اعانت کا طالب

فأعِنِّی، وأسْتغْفِرک یا إلھِی فاغْفِرْ لِی، آمِین آمِین آمِین آمِین ۔

ہوں میری مدد فرما اور میرے معبود تجھ سے بخشش کا طالب ہوں مجھے بخش دے آمین آمین آمین۔

(۷)دعائے کمیل پڑھیں ۔ انشائ اللہ چھٹی فصل میں اس کا تذکرہ ہوگا ۔

(۸) شب عرفہ میں پڑھی جانے والی وہ دعا پڑھیں جو ماہ ذی الحج کے اعمال میں درج ہے۔یعنی

اللّٰھمّ یا شاھِد کلِّ نجْویٰ۔

اے خدا! اے سب رازوں کے جاننے والے۔

(۹)دس مرتبہ یہ ذکر کہیں ۔نیز یہ ذکر شریف شب عیدالفطر میں بھی پڑھا جاتا ہے۔

یادائِم الْفضْلِ علی الْبرِیّۃِ، یاباسِط الْیدیْنِ بِالْعطِیّۃِ، یاصاحِب الْمواھِبِ السّنِیّۃِ

اے وہ ذات جسکا احسان مخلوق پر ہمیشہ ہے اے وہ جسکے دونوں ہاتھ عطا کیلئے کھلے ہیں اے بڑی بڑی نعمتیں دینے والے۔ خدا وندا

صلِّ علی محمّدٍ وآلِہِ خیْر الْوریٰ سجِیّۃً، واغْفِرْ لنا یا ذا الْعلیٰ فِی ھذِہِ الْعشِیّۃِ ۔

محمد(ص)وآل محمد(ص) پر رحمت فرما جو مخلوقات میں سب سے بہتر ہیں اصل فطرت ہیں اور اے بلندیوں کے مالک ! اس رات میں میرے گناہ بخش دے۔

(۱۰)انار کھائیں جیسا کہ امام جعفرصادق -ہر شب جمعہ انار تناول فرماتے تھے ، اگر سوتے وقت کھائیں تو(شاید)بہتر ہوگا جیسا کہ روایت میں ہے کہ جوشخص سوتے وقت انار کھائے توصبح تک اسکا جسم وجان امن میں رہے گا۔ مناسب ہو گا کہ انار کھاتے وقت کوئی رومال بچھا لے تاکہ دانے اکٹھے کرے اور پھر کھائے اور بہتر یہ ہے کہ اپنے انار میں کسی کو شریک نہ کرے۔

شیخ جعفر بن احمدقمی(رح) نے کتاب ِعروس میں امام جعفر صادق -سے روایت کی ہے کہ حق تعالیٰ اس شخص کو جنت میں ایک محل عطا کرے گا جو صبح کی نماز نافلہ وفریضہ درمیان سو مرتبہ کہے:

سبْحان ربِّی الْعظِیْمِ وبِحمْدِہِ اسْتغْفِراللہ ربِّی واتوْب اِلیْہِ ۔

پاک ہے میرا ربِ عظیم اور حمد اسی کی ہے میں اپنے رب سے مغفرت کا طالب ہوں اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں ۔

شیخ و سید اور دیگر بز رگو ں کا فر ما ن ہے کہ شب جمعہ سحر ی کے وقت یہ دعا پڑھیں :

اللّٰھمّ صلِّ علی محمّدٍ وآلِہِ وھبْ لِی الْغداۃ رِضاک، وأسْکِنْ قلْبِی خوْفک

اے معبود محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت نا زل فرما آج کی صبح مجھے اپنی رضا عطا فر ما میرے دل کو اپنے خو ف سے

واقْطعْہ عمّنْ سِواک، حتّی لا أرْجو ولا أخاف إلاّ إيّاک اللّٰہمّ صلِّ علی محمّدٍ
بھر دے اور اسے اپنے غیر سے ہٹا دے تاکہ تیر ے سو ا کسی سے امید اور خو ف نہ رکھوں خدایا! محمد(ص) وآل محمد(ص) پر رحمت
وآلِہِ وھبْ لِی ثبات الْيقِينِ، ومحْض الْإِخْلاصِ، وشرف التّوْحِيدِ، ودوام
فرما اور مجھے یقین میں پختگی اور خلوص کامل عطا فرما یکتا پرستی کا شرف بخش دے اور ہمیشہ کی ثابت
الاسْتِقامۃِ ومعْدِن الصّبْرِ والرّضا بِالْقضاءِ والْقدرِ يا قاضِی حوائِجِ السّائِلِين
قدمی سے نواز اور صبر و رضاکا خزا نہ عطا کر کہ جس سے قضا ئوقدر پر راضی رہوں اے سائلو ں کی حاجات برلانے والے
يا منْ يعْلم ما فِی ضمِيرِ الصّامِتِين صلِّ علی محمّدٍ وآلِہِ واسْتجِبْ دعائِی
اے وہ جو خاموش رہنے والوں کے مدعا کو جانتا ہے محمد(ص) وآل محمد(ص) پر رحمت فرما اور میری دعا قبول فرما
واغْفِرْ ذ نْبِی، وأوْسِعْ رِزْقِی، و اقْضِ حوائِجِی فِی نفْسِی و إِخْوانِی فِی دِينِی
میرے گناہ بخش دے میرے رزق میں فراخی پیدا کر دے میری اور میرے دینی بھائیوں اور میرے اہل خاندان کی
وأہْلِی۔ إِلھِی طموح الْآمالِ قدْ خابتْ إلاّ لديْک، ومعاكِف الْھِممِ قدْ تعطّلتْ إلاّ
حاجات پوری فرما خدایا تیری مدد کے بغیر بڑی بڑی امیدیں نا تمام اور بلند ہمتیں بے فائدہ اور بے کار ہو جاتی ہیں
عليْک ومذاھِب الْعقولِ قدْ سمتْ إلاّ إِليْک فأنْت الرّجاءُ و إِليْک الْملْتجأ يا أكْرم
اور تیری طرف توجہ کے بغیر عقلوں کی جولانیاں نارسا رہ جاتی ہیں پس تو ہی امید اور تو ہی پناہ گاہ ہے اے بزرگتر معبود !
مقْصودٍ، وأجْود مسْؤولٍ، ھربْت إِليْک بِنفْسِی يا ملْجأ الْھارِبِين بِأثْقالِ الذّنوبِ
اور سخی تر داتا اے پناہ لینے والوں کی پناہ گاہ میں اپنے گناہوں کے بوجھ کے ساتھ کہ جسے میں اپنی
أحْمِلھا علی ظھْرِی، لا أجِد لِی إِليْک شافِعاً سِوی معْرِفتِی بِأنّک أقْرب منْ
پشت پر اٹھائے ہوئے ہوں تیری طر ف بھا گے ہو ئے آیا ہو ں تیر ے حضو ر میرا کو ئی سفا رشی نہیں سو ائے میری اس معرفت کے
رجاہ الطّالِبون، وأمّل ما لديْہِ الرّاغِبون، يا منْ فتق الْعقول بِمعْرِفتِہِ
کہ تو اہل حا جت کی امیدوں کے بہت ہی قریب ہے اور رغبت کرنے وا لوں کو ڈھارس دیتا ہے اے وہ جس نے عقلوں کو اپنی
وأطْلق الْألسن بِحمْدِہِ، وجعل ما امْتنّ بِہِ علی عِبادِہِ فِی كِفاءٍ لِتأدِيۃِ حقّہِ صلِّ
معرفت کیلئے کھولا زبانوں کو اپنی حمد پر رواں کیا اور بندوں کو اپنے حق کی ادائیگی کی ہمت دے کر ان پر احسان عظیم فرمایا ہے
علی محمّدٍ وآلِہِ ولا تجْعلْ لِلشّيْطانِ علی عقْلِی سبِيلاً، ولا لِلْباطِلِ علی عملِی دلِيلاً
محمد(ص) وآل محمد(ص) پر رحمت فرما اور شیطان کومیر ی عقل میں آنے کی راہ نہ دے اور با طل کو میر ے عمل و کر دار میں دا خل نہ ہونے دے۔
صبح جمعہ کے طلوع ہونے کے بعد یہ دعا پڑھیں :أصْبحْت فِی ذِمّۃِ اللهِ، وذِمّۃِ ملائِكتِہِ، وذِممِ
میں نے صبح کی ہے خدا کی پنا ہ میں اور اس کے فرشتوں کے زیر حفاظت

أنْبيائِہِ ورسلِہِ علیْھِم السّلام،وذِمّۃِ محمّدٍ صلّی اللہ علیْہِ وآلِہِ، وذِممِ الْاوْصِیائِ مِنْ آلِ
اور اس کے انبیائ اور رسل کے زیر حمایت کہ ان پر سلام ہو اور محمد رسو ل اللہ(ص) کی سپر داری میں اور ان کے جانشینوں کی نگرانی میں جو آل
محمّدٍ علیْھِم السّلام ۔ آمنْت بِسِرِّ آلِ محمّدٍ علیْھِم السّلام وعلانِیتِھِمْ وظاھِرِھِمْ
محمد میں سے ہیں میں آل محمد کے راز پر اعتقاد رکھتا ہوں اور ان کے عیاں پر اور ان کے ظاہر
وباطِنِھِمْ، وأشْھد أ نّھمْ فِی عِلْمِ اللہِ وطاعتِہِ کمحمّدٍ صلّی اللہ علیْہِ وآلِہِ۔
اور ان کے باطن پر اور گواہی دیتا ہوں کہ وہ علم الہی کو جاننے اور اس کی فرمانبرداری میں حضرت محمد(ص) کی مانند ہیں ۔
روا یت ہے کہ جو شخص نما ز صبح سے پہلے تین مر تبہ یہ ورد کرے تو اسکے گنا ہ بخش دئیے جاتے ہیں چا ہے در یا کی جھاگ سے بھی زیا دہ ہی کیوں نہ ہوں :
أسْتغْفِرُ اللہ الّذِی لا إلہ إلاّ ھو الْحیّ الْقیّوم وأتوب إلیْہِ ۔
میں اس خد اسے مغفر ت چاہتا ہو ں جسکے سو اکو ئی معبو د نہیں وہ ہمیشہ زند ہ و قائم ہے اسی کے حضو ر تو بہ کرتا ہوں ۔

روز جمعہ کے اعمال

روزجمعہ کے اعما ل بہت زیادہ ہیں اور یہاں ہم ان میں سے چند ایک کا تذکر کرتے ہیں ۔

(١) جمعہ کے دن نماز صبح کی پہلی رکعت میں سو رہ جمعہ اور دوسر ی رکعت میں سو رہ توحید پڑھیں :

(٢)نماز صبح کے بعد کسی سے با ت کر نے سے پہلے یہ دعا پڑ ھیں تا کہ اس جمعہ سے اگلے جمعہ تک اسکے گنا ہوں کا کفارہ ہو جا ئے ۔
اللّٰھمّ ما قلْت فِی جمعتِی ھذِہِ مِنْ قوْلٍ أوْ حلفْت فِیھا مِنْ حلْفٍ أوْنذرْت فِیھا مِنْ نذْرٍ
اے معبود میں نے اپنے اس جمعہ کے رو زجو با ت کہی یا اس میں کسی بات پر قسم کھائی ہے یا کسی طرح کی نذر و منت مانی ہے
فمشِیْئتک بیْن یدیْ ذلِک کلِّہِ فما شِئْت مِنْہ أنْ یکون کان، وما لمْ تشأْ مِنْہ لمْ یکنْ۔
تو یہ سب کچھ تیری مرضی کے تابع ہے پس ان میں سے جسکے پورا ہو نے میں تیری مصلحت ہے اسے پورا فرما اور جسے تو نہ چاہے پورا نہ کر
اللّٰھمّ اغْفِرْ لِی وتجاوزْ عنِّی اللّٰھمّ منْ صلّیْت علیْہِ فصلاتِی علیْہِ ومنْ لعنْت
اے معبود مجھے بخش دے اور مجھ سے در گزر فرما اے معبود جس پر تو رحمت کرے میں اس پر رحمت کا طالب ہوں اور جس پر تو لعنت کرے
فلعْنتِی علیْہِ۔
میری بھی اس پر لعنت ہے۔
ہر ماہ کم ازکم ایک مرتبہ یہ عمل کر نا ضر وری ہے
رو ایت میں آیا ہے کہ جوشخص جمعہ کے دن نماز صبح کے بعد طلو ع آفتاب تک تعقیبات میں مشغو ل رہے تو جنت الفر دو س میں اسکے ستر درجا ت بلند کیے

جائیں گے ۔شیخ طو سی (رح)سے رو ایت ہے کہ نماز جمعہ کی تعقیبا ت میں یہ دعا پڑھنا بہت بہتر ہے ۔

اللّٰھمَّ إنِّی تعمدْتُ إلیْک بِحاجتِی، وأ نْزلْت إلیْک الْیوْم فقْری وفاقتِی ومسْکنتِی

اے معبود اپنی حاجت لے کر تیرے حضور آیا ہوں اور آج کے دن تیری جناب میں اپنے فقر و فاقہ اور بے چارگی کے ساتھ حا ضر

فأنا لِمغْفِرتِک أرْجٰی مِنِّی لِعملِی، ولمغْفِرتک ورحْمتک أوْسع مِنْ ذ نوبِی

ہوں تو اپنے عمل کی بجائے تیری بخشش و رحمت کی زیادہ امید رکھتا ہوں اور تیری بخشش و رحمت میرے گناہوں سے زیادہ وسعت

فتولّ قضائ کلِّ حاجتٍ لِی بِقدْرتِک علیْھا وتیْسِیْرِ ذلِک علیْک، و لِفقْری إلیْک

رکھتی ہے پس میری تمام حاجات پوری فرماکہ تو ایسا کرنے کی قدرت رکھتا ہے اور یہ تیرے لیے بہت ہی آسان اور میری احتیاج

فإنِّی لمْ أصِبْ خیْراً قطّ إلاّ مِنْک ولمْ یصْرفْ عنِّی سوئً قطّ أحدٌ سِواک، ولسْت

کی مناسب ہے کیونکہ میں تیری توفیق کے بغیر کوئی کام نہیں کرسکتا اور تیرے سوا مجھے برائی سے بچانے والا کوئی نہیں ہے اور میں اپنی

أرْجو لِآخِرتِی ودنْیای ولا لِیوْمِ فقْری یوْم یفْردنِی النّاس فِی حفْرتِی

دنیاو آخرت اور غربت وتنہائی کے بارے میں تیرے علاوہ کسی سے امید نہیں رکھتا اور نہ اس دن جس دن مجھے لوگ قبر میں اکیلا چھوڑ

وأفْضِی إلیْک بِذنْبِی سِواک ۔

جائیں گے اور میں اپنے گناہوں میں تیرے سوا کسی کو کارساز نہیں سمجھتا۔

(۳)روایت ہے کہ جو شخص روز جمعہ یاغیر جمعہ بعد نماز فجر و ظہر یہ صلوات پڑھے تو وہ مرنے سے پہلے حضر ت قا ئم (عج) کا دیدار کریگا۔ جو یہ صلوا ت سو مر تبہ پڑ ھے تو حق تعا لیٰ اسکی سا ٹھ حاجات پوری کر ے گا۔ تیس حاجات دنیا میں اورتیس حاجات آخر ت میں ۔

اللّٰھمّ صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ وعجِّلْ فرجھمْ۔

اے معبود محمد(ص) وآل محمد(ع) پر رحمت نازل فرما اور انکے آخری ظہور میں تعجیل فرما۔

(۴)نما ز فجر کے بعد سو رہ رحمن پڑھیں اور فِبایِّ اٰلآئِ ربِّکما تکذِّبانِ کے بعد ہر دفعہ کہیں : لا بِشیئٍ مِّنْ الآئِک ربِّ اکذِّب(میں تیری نعمتوں میں سے کسی بھی نعمت کی تکذیب نہیں کرتا)

(۵)شیخ طو سی(رح) کہتے ہیں ، سنت ہے کہ روز جمعہ نماز فجر کے بعد سو مرتبہ درود پڑھیں اور سو مر تبہ استغفار کر یں نیز ان سو رتوں (نبا ئ،ہو د،کہف ، صا فات اور رحمن) میں سے کسی ایک کی تلاوت کریں ۔

(۶)سو رہ احقا ف اور سو رہ مو منو ن پڑھیں جیسا کہ امام جعفر صادق -سے مروی ہے کہ جو شخص ہر شبِ جمعہ یا روز جمعہ سو رہ احقاف پڑھے گا تو وہ دنیا میں خوف و خطر سے محفو ظ رہے گااور قیا مت میں فزع اکبر (بڑی ہولناکی)سے امن میں ہو گا۔ نیز فرمایا کہ جو شخص ہر جمعہ کو پا بندی سے سو رہ مو منو ن پڑھے تو

اسکے اعما ل کا خا تمہ خیر و نیکی پر ہو گا اور اسکا فر دوس بر یں میں انبیا ئ و مرسلین کے ساتھ قیام ہو گا ۔

(۷)طلو ع آفتا ب سے قبل دس مرتبہ سو رہ کافر ون پڑ ھیں اور پھر دعا کر یں تو وہ قبو ل ہو گی اور روایت میں ہے کہ امام زین العا بدین- صبحِ جمعہ سے ظہر تک آیت الکر سی پڑھا کرتے تھے اور جب نمازوں سے فارغ ہوتے تو بعد میں سو رہ قدر کی تلا وت شروع کر تے تھے ۔واضح رہے کہ جمعہ کے دن آیت الکر سی (علی التنزیل) پڑھنے کی بڑی فضیلت بیان ہوئی ہے۔ علامہ مجلسی نے فرمایا ہے کہ علی ابن ابراہیم اور کلینی کی روایت کے مطابق علي التنزيل آیۃ الکرسی اس طرح ہے ۔

اللہ لا إلہ إلاّ ھو الْحیّ الْقیّوم لاتأْخذہ سِنۃٌ ولانوْمٌ لہ ما فِی السّمٰواتِ

اللہ وہ ہے کہ جسکے سو اکو ئی معبو د نہیں وہ زند ہ ہے اور سا رے جہان کا مالک ہے اس کو نہ اونگھ آتی ہے نہ نیندجو کچھ آسمانوں میں ہے

وما فِی الْأرْضِ۔

اور زمین میں ہے (سب) اسی کی ملکیت ہے ۔

پھر ان الفاظ کی تلا وت کر یں :

ومابیْنھما وما تحْت ثریٰ عالِم الْغیْبِ والشّھادۃِ الرّحْمٰن الرّحِیْمِ ۔

اور جو زمین اور آسما ن کے در میا ن ہے اور جو تحت الثریٰ میں ہے وہ پوشیدہ اور ظاہر ہے وہ آگاہ ہے وہ رحمن اور رحیم ہے۔

اس کے بعد منْ ذالّذِی ْسے ھمْ فِیْھاخٰلِدوْنتک آیت الکر سی کو تمام کرے اور اسکے بعد والْحمْد للہِ ربِّ الْعالمِیْن کہیں :

(۸)جمعہ کے روز غسل کرنا سنت موکدہ ہے روایت میں ہے کہ رسول اللہ (ص)نے امیرالمومنین- سے فرما یا:یا علی! جمعہ کے دن غسل کیا کرو اگرچہ اس روز کی خوراک بیچ کر بھی پانی حاصل کرنا اور بھوکا رہنا پڑے کہ اس سے بڑی کوئی اور سنت نہیں ہے ۔امام جعفر صا دق - سے منقول ہے کہ جو شخص جمعہ کے رو ز غسل کر کے درج ذیل دعا پڑ ھے تو وہ آئندہ جمعہ تک گناہوں سے پاک ہو گا یا طہارت باطنی کی بدولت اسکے اعمال قبول ہونگے اس میں احتیاط یہ ہے کہ جہاں تک ممکن ہو سکے جمعہ کا غسل ترک نہ کرے اسکا وقت طلو ع فجر سے زوال آفتاب تک ہے اور زوال سے جتنا قریب ہو بہتر ہے

أشْھد أنْ لا إلہ إلاّ اللہ وحْدہ لا شریک لہ، وأشْھد أنّ محمّداً عبْدہ ورسولہ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے جو یکتا و لاثا نی ہے اور گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد (ص)اسکے بندے اور رسول ہیں

اللّٰھمّ صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍواجْعلْنِی مِن التّوّابِین واجْعلْنِی مِن الْمتطھِّرین۔

اے معبود محمد(ص) وآل محمد(ص) پر رحمت فرما اور مجھے توبہ کرنے والوں اور پاکیزہ لوگوں میں سے قرار دے ۔

(۹)اپنے سر کو خطمی سے دھو ئے تو بر ص و دیو انگی سے محفو ظ رہے گا ۔

(۱۰) اس روز مو نچھیں اور نا خن کا ٹنے کی بڑ ی فضیلت ہے اس سے رزق میں وسعت ہو گی آئند ہ جمعہ تک گنا ہو ں سے پاک رہیگا اور بر ص و دیوانگی اور جزام

سے محفو ظ رہیگا نا خن کا ٹتے وقت درج ذیل دعاپڑہے۔نیز ناخن کاٹنے میں بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے شروع کرے اور دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی پر ختم کرے۔ پائوں کے ناخن کاٹنے میں بھی یہ ترتیب قائم رکھے اور کاٹے ہوئے ناخنوں کو دفن کرے ۔ :

بِسْمِ اللّٰہِ وبِاللّٰہِ وعلیٰ سنۃِ محمّدٍ وآلِ محمّدٍ۔

خدا کے نام اور اس کی ذات کے ذکر سے اور محمد(ص)آل محمد(ص) کی سیرت کے مطابق عمل کرتا ہوں ۔

(١١)پاکیزہ لباس پہنے اور خوشبو لگائے ۔

(١٢)صدقہ دے کیونکہ روایت میں ہے کہ شب جمعہ و روز جمعہ میں دیا ہوا صدقہ عام دنوں کے صدقے سے ہزار گنا زیادہ شمار ہوتا ہے ۔

(١٣)اہل و عیال کیلئے اچھی چیزیں یعنی گوشت اور پھل وغیرہ خریدکر لائے تاکہ وہ جمعہ کی آمد سے خوش و شادمان ہوں ۔

(١٤)ناشتے میں انار کھائے اور قبل از زوال کاسنی(ایک قسم کی جڑی بوٹی ہے) کے سات پتے کھائے اس ضمن میں امام موسی کا ظم (ع)کا فرما ن ہے کہ رو ز جمعہ نا شتے میں ایک انار کھا نے سے چالیس دن تک دل نورانی رہیگا دو انار کھا نے سے اسی ٨٠د ن اور تین انارکھانے سے ایک سو بیس١٢٠ دن دل نورانی رہیگا اور وسوسہ شیطانی کو اس سے دور کرے گا اور جس سے وسوسہ شیطان دور ہوجائے وہ خدا کی معصیت نہیں کرتا اور جو خدا کی معصیت نہ کرے وہ جنت میں داخل ہوگا۔مصبا ح میں شیخ کا ارشاد ہے کہ روایا ت میں شب جمعہ و روز جمعہ میں انار کھا نے کی بڑی فضیلت بیان ہوئی ہے ۔

(١٥)جمعہ کے دن سیر و سیاحت ، لوگوں کے باغات اور زراعت میں تفریح ، غلط قسم کے لوگوں سے ملنے جلنے ،مسخرہ کرنے ، لوگوں کی عیب جوئی کرنے، قہقہہ لگا کر ہنسنے، لغو باتوں اور اشعار اور دیگر ناروا کام کرنے والوں سے دوری اختیار کرے کہ جنکی خرابیاں بیان نہیں کی جاسکتیں بلکہ اسکے بجا ئے خود کو دنیاوی کاموں سے بچا کر مسا ئل دینی کے سمجھنے اور انہیں یا د کرنے میں مصروف رکھے۔ امام جعفر صادق (ع) فرماتے ہیں کہ اس مسلمان پر افسوس ہے جو سات دنوں میں (جمعہ کے دن بھی) خود کو مسائل دینی کی تعلیم حاصل کرنے میں مشغو ل نہیں رکھ سکا اور دنیا کے کاموں میں پھنسا رہا رسول اللہ (ص) فرماتے ہیں کہ اگر تم لو گ جمعہ کے دن کسی بو ڑھے کو کفر و جاہلیت کے وا قعا ت اور قصے کہانیاں بیان کرتے دیکھو تو اس پر سنگ با ری کر دو۔

(١٦)ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھیں جیسا کہ امام محمد با قر - فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک جمعہ کے دن محمد(ص) وآل محمد(ص) پر درو د بھیجنے سے بہتر کوئی عبا دت نہیں ہے ۔

مؤلف کہتے ہیں کہ اگر ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کی فرصت نہ ہو تو کم ازکم ایک سو مرتبہ درود پڑھے تاکہ قیامت کے دن اسکا چہرہ منور ہو۔ روایت میں آیا ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن سو مرتبہ درود شریف سو مرتبہ اسْتغْفِرُاللّٰہ ربِّی واتوْب اِلیْہِ اور سو مرتبہ سورہ توحید پڑھے تو اسکے گناہ معاف ہو جائیں گے ایک اور روایت میں ہے کہ جمعہ کے دن ظہر و عصر کے درمیا ن محمد(ص) وآل محمد(ص) پر صلو ات بھیجنا ستر حج کرنے کے برابر ہے ۔

(۱۷) رسو ل اللہ (ص)اور آئمہ طاہرینکی زیارت پڑھے کہ جنکی کیفیت باب زیارات میں آئیگی ۔
(۱۸)اپنے والدین اور دیگر مومنین کی قبروں کی زیارت کیلئے جائے کہ اسکی بڑی فضیلت بیان ہوئی ہے ۔ جیسا کہ امام محمد باقر - فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن مردوں کی زیارت کرو کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ کون انکی زیارت کیلئے آیا ہے وہ خوش ہوتے ہیں ۔
(۱۹)دعائے ندبہ پڑھیں اور یہ دعا چاروں عیدوں میں پڑھی جاتی ہے اور اسکا تذکرتیسرے باب میں آئیگا۔
(۲۰)جمعہ کے دن بیس رکعت نافلہ جمعہ کے علاوہ (کہ جنکے پڑھنے کا طریقہ مشہور علمائ کے نزدیک یہ ہے کہ چھ رکعت اس وقت پڑھے جب سورج خوب نکل آئے ،پھر چھ رکعت چاشت کے وقت اسکے بعد چھ رکعت زوال کے قریب اور دو رکعت زوال کے بعد فریضہ سے پہلے پڑھے یا یہ کہ پہلی چھ رکعت کو نماز جمعہ یا ظہر کے بعد اس طرح بجالائے جس طرح فقہائ کی کتابوں اور مصابیح میں ذکر ہے۔ اسکے علاوہ اور نمازیں بھی منقول ہیں جنکی تعداد بہت زیادہ ہے اور یہاں ہم ان میں سے چند ایک نمازوں کا ذکر کرتے ہیں ،اگرچہ ان میں سے اکثر نمازیں جمعہ کے دن کیساتھ مخصوص نہیں ہیں ۔لیکن جمعہ کے دن انکی ادائیگی کا ثواب یقیناً زیادہ ہے۔
پہلی نماز: یہ نماز کاملہ ہے چنانچہ شیخ ، سید ، شہید ، علامہ اور دیگر مشائخ نے معتبر سندوں کے ساتھ امام جعفر صادق -سے اور انہوں نے اپنے آبائ طاہرین (ع)سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ(ص)نے فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن زوال سے پہلے چاررکعت نماز پڑھے کہ ہر رکعت میں دس مرتبہ سورئہ حمد اور آیت الکرسی ، سورئہ کافرون ، سورئہ توحید ، سورئہ فلق اور سورئہ ناس میں سے ہرسورہ دس مرتبہ پڑھے ایک اور روایت کے مطابق انکے ساتھ سورئہ قدر اور آیت شہداللہ بھی دس دس مرتبہ پڑھے :یہ چار رکعت نماز پڑھنے کے بعد سو مرتبہ اسْتَغْفِرُاللہ پڑھے اور سومرتبہ یہ پڑھے:
سبْحان اللهِ، والْحمْد للهِ ولا إله إلاّ الله، والله أكْبر، ولا حوْل ولا قوّة إلاّ بِاللهِ
پاک ہے خدا اور حمد خدا ہی کے لیے ہے خدا کے سوائ کوئی معبود نہیں اور خدا بزرگتر ہے اور نہیں کوئی قوت وطاقت مگر وہ جو خدائے
الْعلِیِّ الْعظِیمِ۔
بزرگ و برتر سے ہے
پھر سو مرتبہ درود پڑھے پس جو شخص اس عمل کو بجالائے تو خدا اسکو اہل آسمان ، اہل زمین کے شر اور شیطان کے شر سے نیزظالم حاکموں کے شر سے بھی محفوظ رکھے گا۔(روایت میں اسکے اور بھی فوائد اور فضیلتیں ذکر ہوئی ہیں)
دوسری نماز: حارث ہمدانی نے امیرالمومنین -سے روایت کی کہ اگر ممکن ہو تو جمعہ کے دن دس رکعت نماز پڑھے اور رکوع وسجود اچھی طرح بجا لائے ۔ اس دوران میں ہر رکعت کے بعد سومرتبہ سبْحان اللهِ وبِحمْدِہٰ پڑھے، اس نماز کی بھی بہت زیادہ فضیلت بیان کی گئی ہے۔
تیسری نماز: معتبر سند کے ساتھ امام جعفر صادق -سے منقول ہے کہ جمعہ کے دن دو رکعت نماز پڑھے کہ جسکی پہلی رکعت میں سورئہ ابراہیم اور دوسری رکعت

میں سورۂ حجر کی تلاوت کرے،پس وہ پریشانی ودیوانگی بلکہ ہر بلاوآفت سے محفوظ رہے گا۔

نماز حضرت رسول اللہ

سیّد ابن طاؤس نے معتبر سند کے ساتھ امام علی رضا - سے روا یت کی ہے کہ آنجنا ب سے نماز جعفر طیّار کے متعلق سوال کیا گیا تو فرما یا :تم لوگ نمازِرسول اللہ (ص)سے کیو ں غا فل ہو؟ کیا آنحضرت(ص) نے نماز جعفر طیار نہ پڑھی تھی ؟ اورکیا جعفر طیّار نے نماز رسول اللہ (ص)نہ پڑھی تھی؟ راوی نے عر ض کی :مو لا !آپ ہمیں تعلیم فرما ئیں !حضر ت نے فرما یا کہ یہ دو رکعت نما ز ہے کہ ہر رکعت میں سو ر ئہ حمد کے بعد پند رہ مر تبہ سورہ قد ر پڑھو ۔ پھر ر کو ع اور رکوع سے سر اٹھانے کے بعد ، پہلے سجدے میں اورسجد ے سے سر ا ٹھانے کے بعد،پھر دوسرے سجدے میں اور اس سے سر اٹھانے کے بعد ہر ایک مقا م پر(۱۵) پندرہ مرتبہ سو رئہ قدر پڑھو۔پھرتشہد و سلا م پڑھو۔اس کے بعد خد ا اور بندے میں حا ئل ہر گنا ہ معا ف ہو جائیں گے اور ہر حاجت پو ری ہو جا ئے گی ۔نما ز سے فا ر غ ہو کر یہ دعا پڑھیں :

لا إلہ إلاّ اللہ ربّنا وربّ آبائِنا الْاوّلِین، لا إلہ إلاّ اللہ إلھاً واحِداً ونحْن لہ

خدا کے سوا کوئی معبود نہیں جوہما را ا ور ہما رے گذشتہ اباوٴ اجداد کا ر ب ہے خدا کے سوا کوئی معبود نہیں جو یکتا معبود ہے اور ہم اسکے

مسْلِمون لا إلہ إلاّ اللہ لا نعْبد إلاّ إیّاہ مخْلِصِین لہ الدِّین ولوْ کرہ الْمشْرِکون

فرمانبردار ہیں خدا کے سوا کوئی معبود نہیں ہم اسکی عبادت کرتے ہیں ہم اسی کے دین کی ساتھ مخلص ہیں اگرچہ مشرکوں کو ناگوار

لا إلہ إلاّ اللہ وحْدہ وحْدہ وحْدہ، أ نْجز وعْدہ ، ونصر عبْدہ، وأعزّ جنْدہ

گذرے خدا کے سوا کوئی معبود نہیں ۔جو یکتا ہے یکتا ہے اس نے اپنا وعدہ پورا کیا اپنے بندے کی مدد فرمائی اور اسکے لشکر کو

وھزم الْاحْزاب وحْدہ فلہ الْملْک ولہ الْحمْد، وھو علی کلِّ شیْئٍ قدِیرٌ اللّٰھمّ أنْت

غالب کیا اور اکیلے ہی کئی گروہوں کو شکست دی حکو مت اسی کیلئے اور حمد اسی کیلئے ہے اور وہ ہر چیز پر اختیار رکھتا ہے اے معبود تو

نور السّمٰواتِ والْارْضِ ومنْ فِیھِنّ فلک الْحمْد وأنْت قیّام السّمٰواتِ والْارْضِ

آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے اسے منور کرنے و الا ہے پس حمد تیرے ہی لئے ہے اور آسمانوں اور زمین اور

ومنْ فِیھِنّ فلک الْحمْد وأ نْت الْحقّ ووعْدک الْحقّ وقوْلک حقٌّ و إِنْجازک حقٌّ

جو کچھ ان میں ہے تو اسے قا ئم رکھنے و الا ہے تو حمد تیر ے ہی لئے ہے تو حق اور تیر او عدہ حق ہے اور تیرا قو ل حق ہے تیرا عمل حق ہے

والْجنّۃ حقٌّ والنّار حقٌّ۔ اللّٰھمّ لک أسْلمْت، وبِک آمنْت، وعلیْک توکّلْت، وبِک

جنت حق ہے اور جہنم حق ہے۔ اے معبود میں تیرا دلدادہ ہوں تجھ پر ایمان رکھتا ہوں تجھ پر بھروسہ کرتا ہوں تیری مدد

خاصمْت، و إِلیْک حاکمْت، یا ربِّ یا ربِّ یا ربِّ اغْفِرْ لِی ما قدّمْت وأخّرْت

سے دشمن کا مقابلہ کرتا ہوں اور تجھ سے فیصلہ چاہتا ہوں اے میرے رب اے میرے رب اے میرے رب میرے ا گلے پچھلے

وأسْررْت وأعْلنْت ، أنْت إِلھِی لا إِلہ إِلاّ أ نْت صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ

گناہوں کو معاف کر دے چاہے وہ میں نے چھپائے ہوں یا ظاہراً کیے ہوں توہی میرا معبود ہے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں محمد(ص) و آل
واغْفِرْ لِی وارْحمْنِی وتبْ علیّ إنّک أ نْت التّوّاب الرّحِیم ۔اور المتہجد میں ذکر ہوا ہے
محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور مجھے بخش د ے اور مجھ پر رحم فرما میری تو بہ قبول کر لے کہ بے شک تو تو بہ قبو ل کرنے والا مہر با ن ہے۔
علا مہ مجلسی(رح) فرماتے ہیں کہ یہ نما ز چند مشہور نما زو ں میں سے ہے کہ جسکو عامہ و خا صہ نے اپنی کتا بوں میں در ج کیا ہے ۔بعض نے اسے رو ز جمعہ کی نمازوں میں شما ر کیا ہے۔لیکن روایت سے اختصاص معلوم نہیں ہوتا اور ظا ہر اًیہ نما ز سبھی دنو ں میں پڑھی جاسکتی ہے۔

نماز حضرت ا میر المو ٔمنین

شیخ و سیّد نے امام جعفر صا دق - سے نقل کیا ہے کہ تم میں سے جو شخص چا ر رکعت نما ز امیرالمو ٔمنین- پڑھے گا تو وہ گنا ہوں سے اسطرح پاک ہو جا ئیگا جیسے آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے اور اسکی تما م حاجتیں بھی پوری ہو جائیں گی اس نماز کا طریقہ یہ ہے ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ حمد اور پچاس مرتبہ سورہ توحید کی تلاوت کریں اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا پڑھیں کہ جو حضرت (ع) کی تسبیح بھی ہے:
سبْحان منْ لا تبِید معالِمہ، سبْحان منْ لا تنْقص خزائِنہ، سبْحان منْ لا اضْمِحْلال
پاک ہے وہ ذات جسکی نشانیاں مٹتی نہیں ہیں پاک ہے وہ ذات جسکے خزانے کم نہیں ہوتے پاک ہے وہ ذات جسکا فخر کمزور
لِفخْرِهِ، سبْحان منْ لا ینْفد ما عِنْده، سبْحان منْ لا انْقِطاع لِمدّتِہِ سبْحان منْ
نہیں پڑتا پاک ہے وہ ذات جسکے پاس جو کچھ ہے وہ ختم نہیں ہوتا پاک ہے وہ ذات جسکی مدت منقطع نہیں ہوتي پاک ہے وہ
لا یشارِک أحداً فِی أمْرِهِ، سبْحان من لا إلہ غیْرهپس اپنے لیے دعا مانگیں اور پھر کہیں :
ذات جسکے حکم میں کوئی شریک نہیں ہے۔پاک ہے وہ ذات جسکے سوائ کوئی معبود نہیں ۔
یا منْ عفا عنِ السّیِّئاتِ ولمْ یجازِ بِها ارْحمْ عبْدک یا الله، نفْسِی نفْسِی أنا
اے وہ جو گناہ گاروں سے در گزر کرتا ہے اور انہیں سزا نہیں دیتااپنے بندے پر رحم فرما اے اللہ مجھے میرے نفس امارہ سے بچا کہ
عبْدک یا سیِّداه، أنا عبْدک بیْن یدیْک یا ربّاه، إلهِی بِکیْنونتِک یا
اے میرے مالک میں تیرا بندہ ہوں جو تیرے سامنے حاضر ہوں اے پروردگار اے میرے معبود تجھے تیری ذات کا واسطہ ہے اے
أملاه، یا رحْماناه یا غِیاثاه، عبْدک عبْدک لا حِیلۃ لہ یا منْتهی رغْبتاه، یا مجْری
اے مرکز امید اے رحم کرنے والے اے پناہ دینے والے تیرا بندہ تیرا ہی بندہ ہے جو کوئي چارہ کار نہیں رکھتا اے آخری امیدگاہ اے
الدّمِ فِی عروقِ عبْدِک، یا سیِّداه یا مالِکاه أیا هو أیا هو یا ربّاه،
اپنے بندے کی رگوں میں خون جاری کرنے والے اے اسکے سردار اے اسکے مالک اے وہ ذات اے وہ ذات اے پروردگار

عبْدک عبْدک لا حِیلۃ لِی ولا غِنیً بِی عنْ نفْسِی ولا أسْتطِیع لها ضرّاً ولانفْعاً، ولا
میں صرف تیرا بندہ ہوں میرا کوئی چارہ کار نہیں میں اپنے نفس میں بے نیاز نہیں اور نہ اس کیلئے نفع ونقصان پہنچانے کے قابل ہوں
أجِد منْ أصانِعہ، تقطّعتْ أسْباب الْخدائِعِ عنِّی واضْمحلّ کلّ مظْنونٍ عنِّی أفْردنِی
میرا کوئی نہیں جس سے یہ با تیں کروں میرے فریب کاری کے سب ذرائع منقطع ہوگئے میرے سارے گما ن ماند پڑگئے
الدّهْر إلیْک فقمْت بیْن یدیْک ھذا الْمقام یا إلھِی بِعِلْمِک کان ہذا کلّہ
زمانے نے مجھے تیری بارگاہ میں تنہا چھوڑ دیاپس میں تیرے حضور اس مقام پر کھڑا ہوں اے معبود یہ سب کچھ تیرے علم میں ہے
فکیْف أنْت صانِعٌ بِی ولیْت شِعْری کیْف تقول لِدعائِی أتقول نعمْ أمْ تقول لا ف إنْ قلْت
پس اب تو مجھ سے کیا سلوک کرے گا ۔اے کاش میں جان لیتاکہ میری دعا پر تو نے کیا کہا کیا تو نے ہاں کہی ہے یا نہ کی ہے پس اگر تو
لا، فیا ویْلِی یا ویْلِی یا ویْلِی یا عوْلِی یا عوْلِی یا عوْلِی، یا شِقْوتِی یا شِقْوتِی یا شِقْوتِی،
نے نہ کی ہے توہائے میری بربادی ہی بربادی ہے ہائے میری درماندگی درماندگی درماندگی ہائے میری بدبختی بدبختی بدبختی
یا ذ لِّی یا ذ لِّی یا ذلِّی، إلٰی منْ ومِمّنْ أوْ عِنْد منْ أوْ کیْف أوْ ماذا أوْ إلٰی أیِّ شیْئٍ ألْجأ
ہائے میری خواری خواری کس کی طرف اور کس طرف سے یا کس کے پاس یا کیسے اور کہاں جائوں یا کس کی پناہ میں جائوں
ومنْ أرْجو ومنْ یجود علیّ بِفضْلِہِ حِین ترْفضنِی یا واسِع الْمغْفِرۃِ و إنْ قلْت نعمْ،
کس سے امید لگائوں کون مجھ پر فضل و کرم کرے گا جب تو نے مجھے چھوڑ دیا ہو اے و سیع بخشش کے مالک اور اگر تو نے میرے
کما هو الظّنّ بِک والرّجائ لک، فطوبٰی لِی أ نا السّعِید وأنا الْمسْعود، فطوبٰی لِی
جواب میں ہاں کی جسکا مجھے تجھ سے گمان اور تجھ سے امید ہے تو میرا حال کیا ہی اچھا ہے میں نیک بخت اور خوش نصیب ہوں تومیرا
وأنا الْمرْحوم، یا مترحِّم یا مترئِّف یا متعطِّف یا متجبِّر
حال کیا ہی اچھا ہے کہ میں رحمت شدہ ہوں اے رحمت والے اے مہربان اے دلجوئی کرنے والے اے کمی پوری کرنے والے
یا متملِّک یا مقْسِط، لاعمل لِی أبْلغ بِہِ نجاح حاجتِی، أسْألک بِاسْمِک الّذِی
اے حکومت کرنے والے اے معا ف کرنے والے میں کوئی ا یسا عمل نہیں کرتا جسکے ذریعے اپنی مراد کو پہنچ سکوں میں تیرے اس
جعلْتہ فِی مکْنونِ غیْبِک واسْتقرّ عِنْدک فلا یخْرج مِنْک إلی شیْئٍ سِواک،
نام کے واسطے سوال کرتا ہوں جسے تو نے پردئہ غیب میں پوشیدہ رکھا کہ تیرے پاس محفوظ ہے وہ تیرے سوا کسی چیز کی طرف اپنا رخ
أسْألک بِہِ وبِک وبِہٖ ف إنّہ أجلّ وأشْرف أسْمائِک،
نہیں کرتامیں اسی نام کے واسطے سے اور تیری ذات اور اس نام کے واسطے سوال کرتا ہوں جو تیرے ناموں میں بزرگ و برتر ہے
لا شیْئ لِی غیْر ہذا ولا أحد أعْود علیّ مِنْک، یا کیْنون یا مکوّن،

اسکے علاوہ کچھ بھی میرے پاس نہیں تیری ذات کے علا وہ کوئی پناہ دینے والا نہیں ہے اےِ وہ کہ از خود موجو د اور وجود ینے والا ہے

یا منْ عرّفنِی نفْسہ، یا منْ أمرنِی بِطاعتِہِ، یا منْ نہانِی عنْ معْصِیتِہِ، ویا

اے وہ جس نے خود کو مجھے پہنچوایا اے وہ جس نے مجھے اپنی اطاعت کا حکم دیا اےِ وہ جس نے اپنی نافرمانی سےِ مجھے روکا ہے اےِ

مدْعوّ یا مسْؤول، یا مطْلوباً إلیْہِ رفضْت وصِیّتک الّتِی أوْصیْتنِی

وہ جسے خد ا پکاراجاتا ہے اے وہ جس سے سوال کیا جاتا ہے جس سے مانگا جاتاہےِ جوہدایت تو نےِ مجھے فرمائی میں نے اس پر

ولمْ أطِعْک، ولوْ أطعْتک فِیما أمرْتنِی لکفیْتنِی ما قمْت إلیْک فِیہِ، و

عمل نہیں کیا اور تیری اطاعت نہیں کی اگر میں تیرے حکم پر عمل پیراہوتا تو اس مقصد میں تو کافی تھا جس کیلئےِ میں حا ضر ہواہوں اور

أنا مع معْصِیتِی لک راجٍ فلا تحلْ بیْنِی وبیْن ما رجوْت، یا مترحِّماً لِی

میں تیری نافرمانی کرکے بھی تجھ سے امید رکھتا ہوں پس تو میرے اور میری امید کے درمیان حائل نہ ہو اے مجھ پر رحم کرنے والے

أعِذْنِی مِنْ بیْنِ یدیّ ومِنْ خلْفِی ومِنْ فوْقِی ومِنْ تحْتِی، ومِنْ کلِّ جِہاتِ

مجھے پناہ میں رکھ میرے آگے، میرے پیچھے ،میرے اوپر اور میرے نیچے غرض ہر طرف سے جو مجھے

الْإحاطۃِ بِی۔ اللّٰہمّ بِمحمّدٍ سیِّدِی، وبِعلِیٍّ ولِیِّی، وبِالْأئِمّۃِ الرّاشِدِین علیْہِم

گھیرے ہوئے ہے اے معبود تجھے واسطہ میرے آقا محمد(ص) کا میرے ولی علی(ع) اور ہدایت یافتہ اماموں (ع) کا ان پر درود

السّلام اجْعلْ علیْنا صلاتک ورأفتک ورحْمتک وأوْسِعْ علیْنا مِنْ رِزْقِک، واقْضِ

اور سلام ہو کہ ہم پر اپنی رحمت مہربانی اور اپنا فضل و کرم فرما اور ہم پر اپنا رزق کشادہ کر دے اور ہمارے قرضے

عنّا الدّیْن وجمِیع حوائِجِنا یا اللہ یا اللہ یا اللہ، إنّک علی کلِّ شیْئٍ قدِیرٌ۔

ادا کر دے اور سب حاجتیں پوری فرما۔ یااللہ یااللہ یااللہ بے شک توہر چیز پر قادر ہے۔

حضرت فرماتے ہیں کہ جو شخص اس نما ز کے بعد مذکورہ بالا دعا پڑھے تو خدا تعالی اسکے تمام گناہ معا ف فرما دیتا ہے۔ مؤلف کہتے ہیں شب جمعہ و روزجمعہ میں اس چا ر رکعت نما ز کی فضیلت بہت سی حد یثو ں میں وا رد ہو ئی ہے اگر نما ز کے بعد اللّٰہمّ صلِّیْ علیٰ النبِیِ الْعربِی وآلِہٖ(اے معبودنبی (ص)عربی اور ان کی آل(ع) پر رحمت فرما)کہیں تو اسکے سا بقہ و آئندہ گناہ معاف ہو جائیں گے اور وہ ایسے ہوگا کہ گویا اس نے بارہ مرتبہ قرآن ختم کیا ہے نیزخدا قیا مت کی بھوک پیاس کو اس سے دور کر دے گا۔

نماز حضرت فا طمہ

رو ایت میں ہے کہ جبر ائیل نے حضر ت فا طمہ زہرا =کودو رکعت نما ز تعلیم فرمائی کہ جسکی تر کیب یہ ہے پہلی رکعت میں سو رئہ حمد کے بعد سو مرتبہ سو رئہ قدر اور دوسری رکعت میں سورہ حمد کے بعد سو مرتبہ سو رئہ تو حید پڑھیں جنا ب سیّدہ اس نما ز کے بعد یہ د عا پڑھتی تھیں :

سبْحان ذِی الْعِزّ الشّامِخِ الْمنِیفِ، سبْحان ذِی الْجلالِ الْباذِخِ الْعظِیمِ،سبْحان
پاک ہے وہ ذات جو اعلی و بلند عزت کی مالک ہے پاک ہے وہ ذات جو اعلی و ارفع جلالت کی مالک ہے پاک ہے
ذِی الْملْکِ الْفاخِرِ الْقدِیمِ سبْحان منْ لبِس الْبهْجة والْجمال، سبْحان منْ تردّیٰ
وہ ذات جو قدیم و عزیم سلطنت کی مالک ہے پاک ہے وہ جس نے حسن و جمال کا لباس پہنا پاک ہے وہ ذات جس نے نور اور
بِالنّورِ والْوقارِ، سبْحان منْ یریٰ أثر النّمْلِ فِی الصّفا، سبْحان منْ یریٰ وقْع
وقار کی چادر اوڑھی ہوئی ہے پاک ہے وہ جو چٹیل پتھر پر چیونٹی کا نقش پا دیکھ لیتی ہے پاک ہے وہ جو ہوا میں پرندوں
الطّیْرِ فِی الْهواءِ، سبْحان منْ هو هکذا لا هکذا غیْرہ ۔
کے نشان دیکھ لیتاہے پاک ہے وہ جو ایسا ہے اور کوئی دوسرا ایسا نہیں ہے۔
سید فرما تے ہیں کہ ایک اور روایت کے مطابق نماز کے بعد ہر نماز کے بعد پڑھی جانے والی تسبیحِ حضرت فاطمہ= پڑھیں ،پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھیں ۔مصبا ح المتہجدین میں شیخ فرماتے ہیں کہ نماز حضرت فاطمہ= دو رکعت ہے اور اسکی تر کیب یہ ہے پہلی رکعت میں سورئہ حمد کے بعد سو مرتبہ سورئہ قدر اور دوسری رکعت میں سورئہ حمد کے بعد سو مرتبہ سورہ تو حید پڑھیں ، سلا م کے بعد تسبیح حضرت فاطمہ= پڑھیں اور پھر مذکورہ دعا (سبحان ذی العز الشامخ.الخ پڑھیں)پھر فرمایا جو شخص یہ نماز بجالائے وہ مذکو ر تسبیح سے فا رغ ہو نے کے بعد اپنے گھٹنے اور کہنیاں برہنہ کرے تما م اعضائ سجدئہ زمین پر رکھے کہ کوئی چیز حتی کہ کپڑا بھی حائل نہ ہو ،ایسے میں اپنی حاجت طلب کرے اور پھر جو د عا چا ہے مانگے اور پھر سجدہ میں کہے:
یا منْ لیْس غیْرہ ربٌ یدْعیٰ، یا منْ لیْس فوْقہ إلہٌ یخْشیٰ، یا منْ
اے وہ ذات جسکے سوا کوئی رب نہیں جسے پکاراجا ئے ۔اے وہ ذات جس سے اوپرکوئی معبود نہیں جس کا خوف ہواے وہ ذات
لیْس دونہ ملِکٌ یتّقیٰ، یا منْ لیْس لہ وزِیرٌ یؤْتیٰ، یا منْ لیْس لہ
جسکے سوا کوئی بادشاہ نہیں جسکا ڈر ہو۔ اے وہ ذات جسکا کوئی وزیر نہیں جس سے رابطہ کیا جائے۔ اے وہ ذات جسکا کوئی محافظ نہیں
حاجِبٌ یرْشیٰ، یا منْ لیْس لہ بوّابٌ یغْشیٰ، یا منْ لا یزْداد علی کثْرةِ السّؤالِ
جسکو رشوت دی جائے۔ اے وہ ذات جسکا کوئی دربان نہیں جو مانع ہو۔ اے وہ ذات کہ کثرت سوال سے جسکی عطا وبخشش میں
إلاّ کرماً وجوداً، وعلی کثْرةِ الذّنوبِ إلاّ عفْواً وصفْحاً، صلِّ علی محمّدٍ وآلِ
اضافہ ہوتا ہے اور گناہوں کی کثرت سے جسکے عفو و درگذر میں وسعت آتی ہے۔ تو محمد(ص) وآلِ محمد(ص) پر رحمت فرما اور
محمّدٍ وافْعلْ بِی کذا وکذا۔ کذا کذا کی بجائے اپنی حاجات طلب کرئے ۔
میری یہ حاجت پوری فرما ۔

حضر ت فا طمہ ز ہرا کی ایک اور نماز شیخ و سیّد نے صفوان سے روایت کی ہے کہ جمعہ کے دن محمد ابنِ علی حلبی امام جعفرصا دق - کی خدمت میں شرفیاب ہوئے تو عرض کی :مولا !مجھے کوئی ایسا عمل تعلیم فرما ئیں جو آج کے دن سب سے

بہتر ہو حضرت نے فرمایا:میں نہیں سمجھتاکہ رسول اللہ(ص) کے نزدیک کوئی حضرت فاطمہ(ع) سے بڑ ھ کر عزیز ہو ۔ پس حضر ت رسو ل (ص)نے جو تعلیم ان کو دی ہو اس سے افضل کیا چیز ہوگی؟ آنحضرت (ص) نے جنا ب فا طمہ(ع) سے فرما یا کہ جو جمعہ کی صبح کو درک کرے تو وہ غسل کرے اور چار رکعت نما ز (دو دو کرکے) اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں حمد کے بعد پچاس مرتبہ سورہ توحید اور دوسری رکعت میں حمد کے بعد پچاس مرتبہ سورہ عادیات،تیسری رکعت میں حمد کے بعد پچاس مرتبہ سورہ زلزال اور چوتھی رکعت میں حمد کے بعد پچاس مرتبہ سورئہ نصر پڑھے ۔یہ نزولِ قرآن کے سلسلے کا آخر ی سورہ ہے جب نماز سے فارغ ہو جائے تو یہ دعا پڑھے:

إلہی وسیِّدِی منْ تہیّأ أوْ تعبّأ أوْ أعدّ أو اسْتعدّ لِوفادۃِ مخْلوقٍ رجائ رِفْدِہِ وفوائِدِہِ

اے میرے خدا اور میرے سردا ر جو کوئی آمادہ و تیار ہو یا کمربستہ ہو یا اٹھ کھڑا ہو کہ کسی مخلوق کی طرف انعام کی امید، فوائد

ونائِلِہِ وفواضِلِہِ وجوائِزِہِ ف إلیْک یا إلہی کانتْ تہْیِیتِی وتعْبِیتِی و إعْدادِی

اور بخشش کی طلب اور عطا وسخاوت کے حصول کیلئے جاسکے تو بھی اے میرے معبود! میری آمادگی میری تیاری میری کمربستگی

واسْتِعْدادِی رجائ فوائِدِک ومعْروفِک ونائِلِک وجوائِزِک فلا تخیِّبْنِی مِنْ ذلٰک

اور میرا اٹھنا تیری نعمتوں اور تیری عطا وبخشش اور انعام کی امید پر ہے تو اے خدا مجھے اس میں ناکام نہ کر،

یا منْ لا تخِیب علیْہِ مسْألۃ السّائِلِ، ولا تنْقصہ عطِیّۃ نائِلٍ، ف إنِّی لمْ آتِک بِعملٍ

اے وہ جو مانگنے والوں کے مانگنے سے تنگ نہیں ہوتا اور جسکے ہاں عطائ و سخائ سے کمی نہیں آتی۔ میں تیرے حضور اپنے کسی عمل

صالِحٍ قدّمْتہ، ولا شفاعۃِ مخْلوقٍ رجوْتہ، أتقرّب إلیْک بِشفاعتِہِ إلاّ محمّداً وأہْل

خیر کی و جہ سے نہیں آیا جو میں نے آگے بھیجا ہو نہ میں کسی مخلوق کی سفارش لا یا ہوں کہ اسکے ذریعے تیرا تقرب حاصل کروں ہاں محمد (ص)و

بیْتِہِ صلواتک علیْہِ وعلیہِمْ، أتیْتک أرْجو عظِیم عفْوِک الّذِی عدْت بِہِ علی

آلِ محمد(ص) کہ ان پر تیری رحمتیں ہوں انکی سفارش کے ساتھ تیرے پاس تیرے عظیم عفو کی امید لے کر آیا ہوں جسکے ذریعے تو نے

الْخطّائِین عِنْد عکوفِہِمْ علی الْمحارِمِ، فلمْ یمْنعْک طول عکوفِہِمْ علی الْمحارِمِ أنْ

خطاکاروں کو معاف فرمایا جبکہ وہ گناہوں میں غلطاں تھے اور انکا ایک عرصے تک گناہوں میں رہنا ان پر تیرے کرم اور

جدْت علیْہِمْ بِالْمغْفِرۃِ وأنْت سیِّدِی الْعوّاد بِالنّعْمائِ وأنا الْعوّاد بِالخطائِ أسْألک بِحقِّ

بخشش میں مانع نہیں ہوسکا اور اے میرے سردار تو بار بار نعمتیں دینے والا اور میں بار بار خطا کرنے والا ہوں ۔ میں حضرت محمد(ص)

محمّدٍ وآلِہِ الطّاہِرِین، أنْ تغْفِر لِی ذ نْبِی الْعظِیم، ف إنّہ لا یغْفِر الْعظِیم إلاّ الْعظِیم،

اور انکی پاک آل (ع) کے حق کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں کہ میرے بڑے گناہ کو معاف فرما کیونکہ عظیم گناہ کو عظیم ہستی ہی معاف کرسکتی ہے

یا عظِیم یا عظِیم یا عظِیم یا عظِیم یا عظِیم یا عظِیم یا عظِیم

اے بزرگ،اے عظیم، اے برتر، اے بزرگ،اے عظیم، اے برتر، اے عظیم۔

مؤلف کہتے ہیں کہ سّیدابن طا وٗس نے جمال الا سبو ع میں ائمہ میں سے ہر ایک کی نماز و دعا نقل کی ۔پس منا سب ہو گا کہ یہاں ا ن نما زوں اور دعا ئو ں کا ذکر کر د یا جا ئے۔

نماز امام حسن و حسین

نماز امام حسن - جمعہ کے دن،امیرا لمومنین - کی نماز کی طرح یہ بھی چار رکعت نمازہے۔اسی طرح امام حسن -کی ایک اور چار رکعتی نماز بھی ہے جسکی ہررکعت میں حمد کے بعد پچیس مرتبہ سورہ توحید کی تلاوت کریں اور نمازکے بعد حضرت کی یہ دعا پڑھیں :

اللّھمّ إنّی أتقرب إلیْک بِجودِک وکرمِک وأتقرّب إلیْک بِمحمّدٍ عبْدِک ورسولِک

اے معبود میں تیرے جود وکرم کے ذریعے تیرا تقرب چاہتا ہوں اور میں تیرے بندے اور رسول محمد(ص) کے

وأتقرّب إلیْک بِملائِکتِک الْمقرّبین وأ نْبِیائِک ورسلِک، أنْ تصلّی علی محمّدٍ

ذریعے تجھ سے تقرب چاہتا ہوں اور میں تیرے مقرب ملائکہ اور تیرے نبیوں اور رسولوں کے ذریعے تیرا تقرب چاہتا ہوں ۔اے

عبْدِک ورسولِک وعلی آلِ محمّدٍ، وأنْ تقِیلنِی عثْرتِی، وتسْتر علیّ ذ نوبِی

اللہ تو اپنے بندے اور رسول حضرت محمد(ص) اور آلِ محمد (ص)پر رحمت نازل فرما۔اور میری خطا معاف فرما دے ۔میرے گناہوں کی پردہ

وتغْفِرھا لِی، وتقْضِی لِی حوائِجِی، ولا تعذِّبْنِی بِقبِیحٍ کان مِنِّی، ف إنّ عفْوک

ڈال اور انہیں معاف کر دے۔ میری حا جت پوری فرما اور جو بری حرکت مجھ سے ہوئی ہے اس پر مجھے عذاب نہ کر۔بے شک

وجودک یسعنِی، إنّک علی کلِّ شیْئٍ قدِیرٌ ۔

تیرا عفو اور تیرا جود میرے شامل حال ہے۔ یقینا توہر چیز پر قادر ہے۔

نماز امام حسین - یہ بھی چا ر ر کعت نما ز ہے جسکی ہر ر کعت میں سورہ حمد اور سو رہ تو حید پچاس پچا س مرتبہ، اسی طرح دس دس مرتبہ سو رہ حمد و تو حید کو رکوع ، رکوع کے بعد سیدھے کھڑے ہو کر،پہلے سجدے ، دونوں سجدوں کے درمیان اور دوسرے سجد ے میں پڑھیں اور نما ز سے فا ر غ ہو کر یہ دعا پڑھیں :اللّھمّ انْت الّذِیْ اسْتجبْت لِآدم وحوائتاآخر ۔ یہ دعا کچھ طویل ہے جو مکمل طور پر ملحقات دوم مفاتیح الجنان میں ملاحظہ فرمائی جا سکتی ہے ۔

نماز اما م زین العابدین

یہ بھی چا ر رکعت نما ز ہے جسکی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سو رہ حمد اور سو مرتبہ سورہ توحید پڑھیں اور نما ز کے بعد حضرت -کی یہ دعا پڑھیں :

یا منْ أظْھر الْجمِیل وستر الْقبِیح، یا منْ لمْ یؤٰاخِذْ بِالْجرِیرۃِ، ولمْ یھْتِکِ السِّتْر،

اے وہ جو اچھائی کو ظاہر اور برائی کو چھپاتا ہے اور وہ جو گناہ پر نہیں پکڑتا اورپردہ فاش نہیں کرتا

یا عظِیم الْعفْو، یا حسن التّجاوز، یا واسِع الْمغْفِرۃِ، یا باسِط الْیدیْنِ بِالرّحْمۃِ،

اے عظیم عفو والے اے بہترین درگزر کرنے والے اے وسیع مغفرت والے اے رحمت کرنے کیلئے دونوں ہاتھ کھلے رکھنے والے

یا صاحِب کلِّ نجْویٰ، یا منْتھیٰ کلِّ شکْویٰ، یا کریم الصّفْحِ، یا عظِیم الرّجائ،

اے ہر بھید کے جاننے والے اے تمام شکایتوں کی آخری بارگاہ اے چشم پوشی کرنے والے مہربان اے سب سے بڑی امیدگاہ اے

یا مبْتدِئاً بِالنِّعمِ قبْل اسْتِحْقاقِھا، یا ربّنا وسیّدنا وموْلانا، یا غایۃ رغْبتِنا،

کسی کے حقدار ہو نے سے پہلے نعمتیں دینے والے اے ہمارے رب اے ہمارے سردار اے ہمارے آقااے ہماری رغبت کی انتہا

أسْألک اللّٰھمّ أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ۔

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں کہ تو محمد(ص) و آلِ محمد(ع) پر اپنی رحمت نازل فرما -

نماز حضرت امام محمد باقر

یہ دو رکعت نماز ہے کہ جس کی ہر رکعت میں سورئہ حمد کے بعد سو ۰۱۰ مرتبہ یہ کہیں :

سبْحان اللهِ والْحمْد لِلّٰه ولا إلہ إلاّ الله والله أکْبر۔

پاک ہے اللہ اور حمد اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبودنہیں اور اللہ بزرگتر ہے۔

نماز کے بعد حضرت کی یہ دعا پڑھیں : اللّٰھمّ إِنِّی أسْألک یا حلِیمٌ ذو أناۃٍ غفورٌ ودودٌ أنْ

اے معبود! اے بردبار اے صاحب بخشش اے محبت کرنے والے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ

تتجاوز عنْ سیِّئاتِی وما عِنْدِی بِحسْنِ ما عِنْدک، وأنْ تعْطِینِی مِنْ عطائِک ما

میرے گناہوں سے درگزر فرما اور جو کچھ میرے پاس ہے تجھی سے ہے اور مجھے اپنی عطا سے اتنا دے کہ جس میں میرے

یسعنِی، وتلْھِمنِی فِیما أعْطیْتنِی الْعمل فِیہِ بِطاعتِک وطاعۃِ رسولِک، وأنْ

لئے وسعت ہو اور جو کچھ مجھے دے اس میں اپنی اور اپنے رسول(ص) کی اطاعت وپیروی کے لیے توفیق عمل

تعْطِینِی مِنْ عفْوک ما أسْتوْجِب بِہِ کرامتک ۔ اللّٰھمّ أعْطِنِی ما أنْت أھْلہ ولا تفْعلْ

بھی مرحمت فرما اور مجھ سے ایسا عفوودرگزر فرما جس سے میں تیرے فضل وکرم کے لائق ہو جائوں اے معبود! مجھ پر وہ عطا کر جس کا تو

بِی ما أ نا أھْلہ ف إنّما أ نا بِک، ولمْ أصِبْ خیْراً قطّ إلاّ مِنْک، یا أبْصر الْأ بْصرین،

اہل ہے اور مجھ سے وہ برتائو نہ کر کہ جسکا میں اہل ہوں پس میں تیری وجہ سے زندہ ہوں اور مجھے تیرے سوا کسی سے بھلائی نہیں مل

ویا أسْمع السّامِعِین، ویا أحْکم الْحاکِمِین، ویا جار الْمسْتجِیرین، ویا

سکتی اے دیکھنے والوں سے بڑھ کر دیکھنے والے اورسننے والوں سے بڑھ کر سننے والے اور حاکموں سے بڑھ کر حکم کرنے والے اور

مجِیب دعْوۃِ الْمضْطرِّین، صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ ۔

اے پناہ دینے والوں کی پناہ گاہ اور لاچاروں کی دعا قبول کرنے والے محمد(ص) وآل محمد(ص) پر رحمت فرما۔

نماز حضرت امام جعفر صادق

یہ دو رکعت نماز ہے جسکی ہر ایک ر کعت میں سورہ حمد کے بعد سو مرتبہ آ یت شہد اللّٰہ کی تلاوِ ت کریں اور نما ز کے بعد حضرت کی یہ د عا پڑ ھیں :

یا صانِع کلِّ مصنْوعٍ، یا جابِر کلِّ کسِیرٍ، ویا حاضِر کلِّ ملائٍ، ویا شاھِد کل

اے ہربنی ہوئی چیز کے بنانے والے اے ہر شکستہ کو جوڑنے والے اور اے ہر گروہ میں موجود رہنے والے اور اے

نجْوٰی، ویا عالِم کلِّ خفِیّۃٍ، ویا شاھِداً غیْر غائِبٍ، وغالِباً غیْر

ہر راز کے شا ہد و گواہ اور اے ہر چھپی ہوئی چیز کے جاننے والے اور اے وہ حاضر جو کبھی غائب نہیں ہوتا اے وہ غالب

مغْلوبٍ، ویا قرِیباً غیْر بعِیدٍ، ویا مؤنِس کلِّ وحِیدٍ، ویا حیّ محْیِی الْموْتیٰ،

جو کبھی مغلوب نہیں ہوتا اے وہ قریب جو کبھی دور نہیں ہوتا اے ہر اکیلے کے ساتھ رہنے والے اور اے وہ زندہ جو مردوں کو

وممِیت الْاحْیائِ، الْقائِم علی کلِّ نفْسٍ بِما کسبتْ، ویا حیّاً حِین لا حیّ،

زندہ کرتا ہے اور زندوں کو موت دیتا ہے ہر نفس کو اسکے کئے کا بدلہ دینے والے اے اس و قت زندہ رہنے والے جب کوئی زندہ نہ

لا إلہ إلاّ أ نْت صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ۔

ہو گا۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں محمد(ص) اور آلِ محمد(ص) پر رحمت فرما۔

نماز حضرت امام موسیٰ کاظم

یہ دو رکعت ہے جسکی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ حمد اوربارہ مرتبہ سورہ توحید پڑھیں ۔ نماز کے بعد حضرت کی یہ دعا پڑھیں :

إلٰھِی خشعتِ الْاصْوات لک، وضلّتِ الْاحْلام فِیک، ووجِل کلّ شیْئٍ مِنْک،

اے معبود! تیری بارگاہ میں آوازیں لرز جاتی ہیں اورتیرے حضورمیں تصورات گم ہوجاتے ہیں ہر چیز تجھ سے خوف کھاتی ہے اور ہر

وھرب کلّ شیْئٍ إلیْک، وضاقتِ الْاشْیائ دونک، وملا کلّ شیْئٍ نورک، فأنْت

چیز تیری طرف دوڑ رہی ہے تمام اشیائ تیرے سامنے ہیچ ہیں اور تیرے نور نے ہر چیز کو

الرّفِیع فِی جلالِک، وأ نْت الْبھِیّ فِی جمالِک ، وأ نْت الْعظِیم فِی قدْرتِک، وأ نْت

گھیر لیا ہے پس تو اپنے جلال میں بلندتر ہے اور تو اپنے جمال میں روشن تر ہے تو اپنی قدرت میں بزرگتر ہے اور تو

الّذِی لا یؤودک شیْئٌ یا منْزِل نِعْمتِی، یا مفرِّج کرْبتِی، ویا قاضِی حاجتِی،

ہی وہ ہے جسے کوئی چیز تھکاتی نہیں اے مجھ پر نعمت نازل کرنے والے اے میرے دکھ دور کرنے والے اور اے میری حا جت برلانے

أعْطِنِی مسْألتِی بِلا إلٰہ إلاّ أ نْت، آمنْت بِک مخْلِصاً لک دِینِی، أصْبحْت علی

والے میری خواہش پوری کر دے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تجھ پر ایمان لایا ہوں تیرے دین میں مخلص ہوں میں نے تیرے

عهْدِک ووعْدِک ما اسْتطعْت، أبوئ لک بِالنِّعْمۃِ، وأسْتغْفِرک مِن الذّنوبِ
عہد وپیما ن پر قائم رہتے ہوئے صبح کی ہے اپنی حد تک تیری نعمتیں سمیٹ رہا ہوں میں اپنے گناہوں پر تجھ سے بخشش کا طلبگار ہوں
الّتِی لا یغْفِرہا غیْرک، یا منْ ھو فِی علوّھِ دانٍ، وفِی دنوّھِ عالٍ، وفِی إشْراقِہِ
جنکو سوائے تیرے کوئی معاف نہیں کر سکتا اے وہ جو اپنی بلندی میں نزدیک اور نزدیکي میں بلندہے
منِیر، وفِی سلْطانِہِ قوِیٌّ، صلِّ علی محمّدٍ وآلِہِ۔
اور روشنی میں منور کرنے والا ہے اور سلطنت میں قوی ہے محمد(ص) وآلِ محمد(ع) پر رحمت فرما۔

نماز حضرت امام علی رضا

یہ چھ رکعت نماز ہے،جسکی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورئہ حمد اوردس مرتبہ سورہ انسان (ھل اتیٰ علیٰ الانسانِ) پڑھیں ۔ نماز کے بعد یہ دعا پڑھیں :
یا صاحِبِی فِی شِدّتِی ویا و لِیِّی فِی نِعْمتِی، ویا إلھِی و إلہ إبْراھِیم و إسْماعِیل
اے میری تنگی میں میرے ساتھی اے نعمت میں میرے سرپرست اور اے میرے معبود! اور ابراہیم(ع) و اسماعیل(ع)
و إسْحاق ویعْقوب، یا ربّ کہیعص ویٰس ٓ والْقرْآنِ الْحکِیمِ،أسْألک یا أحْسن
و اسحاق(ع) و یعقوب(ع) کے معبود اے کھیعٓص اور یٰس ٓ و القرآن الحکیم کے رب میں تجھ سے سوال کرتا ہوں
منْ سئِل، ویا خیْر من دعِی، ویا أجْود منْ أعْطیٰ، ویا خیْر مرْتجیٰ،
اے بہترین ذات جس سے سوال کئے جاتے ہیں اور اے بہترین پکارے جانے والے اے عطا کرنے والوں میں زیادہ سخی اور
أسْألک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ۔
اے بہترین امیدگاہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو محمد(ص) و آلِ محمد(ص) پر رحمت فرما ۔

نماز حضرت امام محمد تقی

دو رکعت نماز ہے اسکی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ حمد اور ستر ۰۷ مرتبہ سورہ توحید پڑھیں اور نماز کے بعد حضرت کی یہ دعا پڑھیں :
اللّھمّ ربّ الْأرْواحِ الْفانِیۃِ، والْأجْسادِ الْبالِیۃِ، أسْألک بِطاعۃِ الْأرْواحِ الرّاجِعۃِ
اے معبود! تو فنا ہونے والی روحوں اور بوسیدہ جسموں کا پالنے والا ہے تجھ سے میں سوال کرتا ہوں اپنے جسموں کیطرف پلٹنے والی
إلی أجْسادِہا، وبِطاعۃِ الْأجْسادِ الْملْتئِمۃِ بِعروقِہا،وبِکلِمتِک النّافِذۃِ بیْنھمْ،
روحوں کی بندگی کے واسطے سے اور اپنی رگوں کے ساتھ ملنے والے جسموں کی بندگی کے واسطے سے اور ان میں نافذ ہونے والے
وأخْذِک الْحقّ مِنْھمْ والْخلائِق بیْن یدیْک ینْتظِرون فصْل قضائِک، ویرْجون
تیرے حکم کے واسطے سے اور ان سے حق لینے کے واسطے سے جبکہ مخلوقات تیرے حضور تیرے اٹل فیصلے کي منتظر کھڑی ہونگی اور تیری
رحْمتک ویخافون عِقابک، صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ واجْعلِ النّور فِی بصرِی،

رحمت کی امیدوار اور تیرے عذاب سے ڈری ہوئی ہونگی میرا سوال ہے کہ محمد(ص) و آلِ محمد(ص) پر رحمت فرما میری آنکھوں میں نور اور میرے
والْیقِین فِی قلْبِی، وذِکْرک بِاللّیْلِ والنّہار علی لِسانِی، وعملاً صالِحاً فارْزقْنِی ۔
دل میں یقین پیدا کردے اور تیرا ذکر شب و روز میری زبان پر ہو اور مجھے نیک عمل کرنے کی تو فیق دے۔

نماز حضرت امام علی نقی

یہ دو رکعت ہے اسکی پہلی رکعت میں سورہ حمد کے بعد سورہ یٰسں دوسری رکعت میں حمد کے بعد سورہ رحمن پڑھیں نماز کے بعد حضرت کی یہ دعا پڑھیں :
یا بارّ یا وصول یا شاھِد کلِّ غائِبٍ، ویا قریب غیْر بعِیدٍ، ویا غالِب غیْر مغْلوبٍ،
اے نیکی کروانے والے اے ملنے والے اے ہر غائب کے دیکھنے والے اے وہ قریب جو دور نہیں ہوتا اور اے وہ غالب جو مغلوب
ویا منْ لا یعْلم کیْف ھو إلاّ ھو، یا منْ لا تبْلغ قدْرتہ، أسْأ لک اللّٰھمّ بِاسْمِک
نہیں ہوتا اے وہ ذات جسے تیرے اپنے سوا کوئی نہیں جانتاکہ کیسا ہے اے وہ جسکی قدرت تک رسائی نہیں ہوتی اے معبود! میں
الْمکْنونِ الْمخْزونِ الْمکْتومِ عمّنْ شِئْت، الطّاھِرِ الْمطہّرِلْمقدّسِ النّور التّامّ
تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے اس نام کے واسطے جو پوشیدہ، محفوظ اور مخفی ہے جس سے تو چا ہے۔ تو پاک وپاکیزہ، مقدس
الْحیّ الْقیّومِ الْعظِیمِ، نورِ السّماواتِ ونورِ الْارضِین،عالِمِ الْغیْبِ والشّھادۃِ الْکبِیر
نور، کامل، زندہ، نگہبان، عظیم، آسمانوں کو روشن کرنے والا اور زمینوں کو روشن کرنے والا ہے ظاہر اور باطن کا جاننے والا
الْمتعالِ الْعظِیمِ صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ ۔
بزرگوار، بلند اورعظیم ہے کہ تو محمد(ص) و آلِ محمد(ص) پر رحمت فرما۔

نماز امام حسن عسکری

یہ چار رکعت نماز ہے اسکی پہلی دو رکعت میں حمد کے بعد پندرہ مرتبہ سورئہ زلزال اور دوسری دو رکعت میں حمد کے بعد پندرہ مرتبہ سورئہ تو حید کی تلا وت کریں اور نماز کے بعد حضرت کی یہ دعا پڑھیں :
اللّٰھمّ إِنِّی أسْأ لک بِأنّ لک الْحمْد لا إلہ إلاّ أ نْت الْبدِیئ قبْل کلِّ شیْئٍ، وأ نْت
اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ حمد تیرے ہی لئے ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں توہر چیز سے پہلے موجود رہا ہے اور تو
الْحیّ الْقیّوم، ولا إلہ إلاّ أ نْت الّذِی لا یذِلّک شیْئٌ، وأ نْت کلّ یوْمٍ فِی شأْنٍ، لا
زندہ و نگہبا ن ہے، اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں کہ تجھے کوئی چیز پست نہیں کر سکتی اور توہی ہر روز نئی شان والا ہے تیرے
إلہ إلاّ أ نْت خالِق ما یریٰ وما لا یریٰ، الْعالِم بِکلِّ شیْئٍ بِغیْرِ تعْلِیمٍ، أسْأ لک
سوا کوئی معبود نہیں تو ہر دیکھی وان دیکھی چیز کا خالق ہے کہ بغیر علم حا صل کئے ہر چیز کا علم رکھتا ہے میں تیری خوبیوں اور نعمتوں کے
بِآلآئِک ونعْمائِک بِأ نّک اللہ الرّبّ الْواحِد لا إلہ إلاّ أنْت الرّحْمٰن الرّحِیم،

ذریعے سوال کرتا ہوں کیوں کہ تو ہی اللہ، رب اور یکتا ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو رحمن و رحیم ہے
وأسْألک بِأنّک أنْت اللهُ لا إلٰہ إلاّ أنت الْوتْر الْفرْد، الاٴحد الصّمد الّذِی لمْ یلِدْ
اور سوال کرتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو تنہا ویکتا ہے یگانہ ہے۔ بے نیاز ہے کہ جس نے نہ کسی کو جنا
ولمْ یولدْ ولمْ یکنْ لہ کفواً أحدٌ، وأسْألک بِأ نّک اللهُ لا إلٰہ إلاّ أ نْت اللّطِیف
اور نہ وہ جنا گیااور نہ ہی کوئی اسکا ہمسر ہے اور میں سوال کرتا ہوں تو اللہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو جاننے والا
الْخبِیر الْقائِم علی کلِّ نفْسٍ بِما کسبتْ الرّقِیب الْحفِیظ، وأسْأ لک
اور خبر رکھنے والا ہے ہر نفس کو اسکے کئے کا بدلہ دینے والا ہے تو نگہبان و محافظ ہے اور میں سوال کرتا ہوں
بِأنّک اللهُ الْأوّل قبْل کلِّ شیْئٍ، والآخِر بعْد کلِّ شیْئٍ، والْباطِن
تو ہی اللہ ہے جو ہر چیز سے پہلے ہے اور ہر چیز کے بعد رہے گا اور تو ہر چیز میں پوشیدہ ہے
دون کلِّ شیْئٍ الضّارّ النّافِع الْحکِیم الْعلِیم، وأسْألک بِأ نّک أ نْت
توہی ضرر دینے اور نفع پہنچانے والا ہے حکیم و دانا ہے۔ اور سوال کرتا ہوں کہ تو
اللهُ لا إلٰہ إلاّ أ نْت الْحیّ الْقیّوم الْباعِث الْوارِث الْحنّان الْمنّان
اللہ ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو زندہ اور پایندہ ہے۔مردوں کا اٹھانے والا ،وارث مہربان اور محسن ہے
بدِیع السّماواتِ والْأرْضِ ذو الْجلالِ والْإکْرامِ وذو الطّوْلِ وذو
تو آسمانوں اور زمین کا ایجاد کرنے والا جلالت و بزرگی والا اور صاحب سخاوت صاحب
الْعِزّةِ وذو السّلْطانِ لا إلٰہ إلاّ أ نْت أحطْت بِکلِّ شیْئٍ عِلْماً، وأحْصیْت کلّ شیْئٍ عدداً
عزت اور صاحبِ حکومت ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں کہ تیرا علم ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے اور تو نے ہر چیز کو شمار کر رکھا ہے
صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ۔
تو محمد (ص) آلِ محمد(ص) پر رحمت فرما۔

نماز حضرت صاحب الزّمان عجل اللہ تعالی فرجہ ٗ

یہ دو رکعت نما ز ہے اسکی ہر ر کعت میں سو رہ حمد پڑھتے ہوئے جب إیّاک نعْبد و إیّاک نسْتعِین تکپہنچیں تو اسی آیت کو سو مرتبہ پڑھیں اور پھر اگلی آیا ت پڑ ھ کر حمد مکمل کریں ، اسکے بعد سو رئہ توحید پڑھیں اور رکوع وسجود کیساتھ نماز مکمل کرلیں نماز کے بعد حضرت کی یہ دعا پڑھیں :
اللّھمّ عظم الْبلاءُ، وبرح الْخفاءُ، وانْکشف الْغِطاءُ، وضاقتِ الْأرْض بِما وسعتِ
اے معبود! مصیبت بڑھ گئی، درد نہاں ظاہر ہوگیا ہے اور پردہ کھل گیا ہے اور زمین تنگ ہوگئی ہے اگرچہ آسمان وسیع ہے ا
السّماءُ و إلیْک یا ربِّ الْمشْتکیٰ وعلیْک الْمعوّل فِی الشِّدّةِ والرّخاءِ اللّھمّ صلِّ
اور خدایا ہم اپنی شکایت تیرے ہی پاس لاتے ہیں اور تنگی اور فراخی میں تجھ پر ہی بھروسہ کرتے ہیں اے معبود! محمد(ص)

علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ الّذِین أمرْتنا بِطاعتِهِمْ، وعجِّلِ اللّٰهم ّ فرجهمْ بِقائِمِهِمْ
آلِ محمد(ص) پر رحمت فرما کہ جن کی فرمانبرداری کا تونے ہمیں حکم دیا، اے معبود! انکے قائم کے بدولت انکو جلد آسودگی دے اور اسکی
وأظْهِرْ إعْزازه یا محمّد یا علِیّ یا علِیّ یا محمّد اکْفِیانِی ف إنّکما کافِیای یا محمّد
عزت کو ظاہر کردے یا محمد(ص) یا علی(ع) یا علی(ع) یا محمد(ص) میری کفایت کیجیے کہ بے شک آپ دونوں میرے حامی ہیں یا محمد(ص)(ص)
یا علِیّ، یا علِیّ یا محمّد، انْصرانِی ف إنّکما ناصِرای، یا محمّد یا علِیّ
یا علی(ع)، یا علی(ع) یا محمد(ص)میری مدد کیجئے ۔یا محمد(ص)یا علی(ع) ،یا علی(ع) یا محمد(ص) میری مدد کیجئے کہ بیشک آپ دونوں میری مدد کرنے والے ہیں یا محمد(ص)(ص) یا علی(ع)
یا علِیّ یا محمّد، احْفظانِی ف إنّکما حافِظای، یا موْلای یا صاحِب الزّمانِ، یا
یا علی(ع) یا محمد(ص) میری حفاظت کیجیے کہ آپ دونوں میرے محافظ ہیں اے میرے مولا اے صاحب زماں (ع) اے میرے مولا اے
موْلای یا صاحِب الزّمانِ یا موْلای یا صاحِب الزّمانِ، الْغوْث الْغوْث الْغوْث
صاحب زماں (ع)اے میرے مولا اے صاحب زماں (ع) فریاد سننے والے فریاد سننے والے فریاد سننے والے
أدْرِکْنِی أدْرِکْنِی أدْرِکْنِی، الْامان الْامان الْامان ۔
میری مدد کیجئے۔ میری مدد کیجئے۔ میری مدد کیجئے ۔مجھے پناہ دیجیے ۔پناہ دیجیے ۔پناہ دیجیے۔

نما ز حضرت جعفر طیا ر

یہ نماز ا کسیر اعظم اور کبر یت احمر ہے اور بہت معتبر اسناد اور بڑی فضیلت کیساتھ بیان ہوئی ہے اسکا خا ص فا ئدہ یہ ہے کہ اسکے بجا لا نے سے بڑے بڑے گنا ہ معاف ہو جا تے ہیں اسکا افضل و قت روز جمعہ کا پہلہ حصّہ ہے ،یہ چا ر رکعت نما ز ہے جو دودو کر کے پڑھی جاتی ہے۔پہلی رکعت میں سورئہ حمد کے بعد سو رئہ زلزال ،دوسری رکعت میں سو رہ حمدکے بعد سورئہ عادیات ، تیسری رکعت میں حمد کے بعدسورئہ نصر اور چو تھی ر کعت میں حمد کے بعد سورۃ تو حید پڑھیں ۔ نیز ہر رکعت میں سورتیں پڑھنے کے بعد پندرہ مرتبہ کہیں
سبْحان اللهِ و الْحمْد للهِ و لا اِلہ اِلّا الله و الله اکْبر
خدا پاک ہے اور حمد اسی کیلئے ہے اورخدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور خد ا بزرگتر ہے۔
یہی تسبیحا ت ہر رکوع ، رکو ع سے سر ا ٹھا نے کے بعد، پہلے سجدے میں ، سجدے سے سراٹھا نے کے بعد ، دوسرے سجدے میں اور سجدے سے سراٹھا نے کے بعد اٹھنے سے پہلے دس دس مرتبہ پڑھیں ۔جب چاروں رکعتوں میں یہ عمل بجا لا ئیں تو یہ کل تین سو تسبیحات ہو جا ئیں گی۔شیخ کلینی (رح)نے ابو سعید مدائنی سے رو ایت کی ہے کہ امام جعفر صا دق -نے مجھے فرمایا: کیا تمہیں ایسی چیز تعلیم نہ کروں جسے تم نما ز جعفر طیا ر میں پڑھا کرو ۔میں نے عرض کی ہاں ضرور تعلیم فرمائیں ۔ تب آپ نے فرما یا کہ ان چا ر رکعتو ں کے آخر ی سجد ے میں تسبیحات ا ر بعہ کے بعد یہ دعا پڑھو:

سبْحان منْ لبِس الْعِزّ والْوقار، سبْحان منْ تعطّف بِالْمجْدِ وتكرّم بِہِ، سبْحان
پاک ہے وہ جس نے عزت و وقار کا لباس پہنا ہوا ہے۔ پاک ہے وہ جو بزرگی پر ناز کرتا ہے اور بزرگی ظاہر فرماتا ہے۔ پاک ہے وہ
منْ لا ینْبغِی التّسْبِیح إلاّ لہ، سبْحان منْ أحْصی کلّ شیْئٍ عِلْمہ، سبْحان ذِی الْمنّ
جسکے علاوہ کوئی اور لائق تسبیح نہیں ۔ پاک ہے وہ جوہر چیز کی تعدادکا علم رکھتا ہے۔ پاک ہے وہ جو صاحب احسان
والنِّعمِ، سبْحان ذِی الْقدْرۃِ والْکرمِ اللّھمّ إنِّی أسْألک بِمعاقِدِ الْعِزّ مِنْ عرْشِک
و نعمت ہے۔ پاک ہے وہ جو صاحب قدرت و بزرگی ہے۔ اے معبود! میں تیرے عرش کے بلند مقامات
ومنْتھی الرّحْمۃِ مِنْ کِتابِک واسْمِک الْاعْظمِ وکلِماتِک التّامّۃِ الّتِی تمّتْ صِدْقاً
تیری کتاب کی انتہائے رحمت اور تیرے اسم اعظم اور تیرے کامل کلمات، جو صدق وعدل میں پورے ہیں ۔(ان) کے واسطے سوال
وعدْلاً، صلِّ علی محمّدٍ وأھْلِ بیْتِہِ، وافْعلْ بِی کذا وکذا۔
کرتا ہوں کہ تو حضرت محمد(ص) اور انکے اہلبیت(ع) پر رحمت فرما اورافْعلْ بِی کذا وکذا۔کی بجا ئے اپنی حا جا ت طلب کر ے ۔
شیخ و سیّد نے مفضل بن عمر سے روا یت کی ہے کہ ایک دن میں نے د یکھا کہ امام جعفر صادق -نے نما ز جعفر طیّا ر پڑھی،پھر اپنے ہا تھ اٹھا ئے اور یہ دعا پڑھنے لگے:
ایک سانس کي مقدار کہا یاربِّ یاربّ(اے میرے رب اے میرے رب)پھرایک سانس کے برابر کہا یاربّاہ یاربّاہ (اے پروردگار اے پروردگار)بقدر ایک سانس کہا ربِّ ربِّ(میرے رب میرے رب)بقدرایک سانس یا اللہ یااللّٰہ (اے اللہ اے اللہ)بقدر ایک سانس یاحی یا حی(اے زندہ اے زندہ) بقدر ایک سانس یا رحِیْم یارحِیْم(اے مہربان اے مہربان)سات مرتبہ یارحْمٰن یارحْمٰن(اے بڑے ر حم والے اے بڑ ے رحم والے) اورسات مرتبہ یاارْحم الرّاحِمِیْن(اے سب سے ز یا دہ ر حم کرنے والے) کہا اور اسکے بعد یہ دعاپڑھی:
اللّھمّ إنِّی أفْتتِح الْقوْل بِحمْدِک وأ نْطِق بِالثّناءِ علیْک وامجِّدک ولا غایۃ لِمدْحِک
اے معبود میں تیری حمد کیساتھ آغاز سخن کرتا ہوں اور تیری ثنا کرتے ہوئے بولتا ہوں تیری بزرگی بیان کرتا ہوں تیری تعریف کی کوئی
وأثْنِی علیْک ومنْ یبْلغ غایۃ ثنائِک وأمد مجْدِک وأنّیٰ لِخلِیقتِک کنْہ معْرفۃِ
پھر انکے بھائی نواسہ رسول(ص)، اللہ کی رضاؤں کے طلبگار حسین(ع) ہیں پھر علی(ع) بن الحسین(ع) پھر محمد باقر(ع)پھر جعفر

جعْفرٌ، ثمّ الْکاظِم موسی، ثمّ الرّضا علِیٌّ، ثمّ التّقِیّ محمّدٌ، ثمّ النّقِیّ علِیٌّ، ثمّ الزّکِیّ

صادق(ع) پھر موسیٰ کاظم(ع) پھر علی رضا(ع) پھر محمد تقی(ع) ہیں انکے بعد علی نقی(ع) ہیں پھر حسن عسکری

الْعسْکرِیّ الْحسن، ثمّ الْحجّۃ الْخلف الْقائِم الْمنْتظر الْمہْدِیّ الْمرْجی الّذِی بِبقائِہِ

زکی(ع) ہیں پھر حضرت حجت خلف قائم المنتظر مہدی(ع) امیدگاہ خلق ہیں جنکی بقائ سے

بقِیتِ الدّنْیا، وبِیمْنِہِ رزِق الْوری، وبِوجودِہِ ثبتتِ الْارْض والسّمائ، وبِہِ یمْلائ

دنیا قائم ہے اور انکی برکت سے مخلوق کو روزی ملتی ہے اور انکے وجود سے زمین و آسمان کھڑے ہیں اور انکے ذریعے اللہ تعالیٰ

اللّہ الْارْض قِسْطاً وعدْلاً بعْدما ملِئتْ ظلْماً وجوْراً وأشْہد أنّ أقْوالہمْ حجّۃٌ وامْتِثالہمْ

زمین کو عدل وانصاف سے بھر دیگا جب کہ وہ ظلم و جور سے بھر چکی ہوگی میں گواہی دیتا ہوں کہ ان آئمہ کے اقوال حجت، ان پر عمل کرنا

فرِیضۃٌ وطاعتہمْ مفْروضۃٌ ومودّتہمْ لازِمۃٌ مقْضِیّۃٌ والْاِقْتِدائ بِہِمْ منْجِیۃٌ ومخالفتہمْ

واجب اور انکی پیروی فرض ہے اور ان سے محبت رکھنا ضروری و لازم ہے انکی اطاعت باعث نجات اور ان سے مخالفت

مرْدِيۃٌ، وھمْ سادات أھْلِ الْجنّۃِ أجْمعِين، وشفعاۓ يوْمِ الدِّين، وأئِمّۃ أھْلِ الْارْضِ على

وجہ تباہی ہے اور وہ سب کے سب اہل جنت کے سردار ہیں قیامت میں شفاعت کرنے والے اور یقینی طور پر اہل زمین کے امام(ع)

الْيقِينِ وأ فْضل الْاوْصِياۓِ الْمرْضِيِّين وأشْھد أنّ الْموْت حقٌّ ومسائلۃ الْقبْر حقٌّ والْبعْث

ہیں وہ پسندیدہ اوصیاۓ میں سے افضل ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ موت حق ہے قبر میں سوال و جواب حق ہیں دوبارہ اٹھنا

حقٌّ، والنّشور حقٌّ، والصِّراط حقٌّ، والْمِيزان حقٌّ، والْحِساب حقٌّ، والْكِتاب حقٌّ،

حق ہے قیامت میں حاضری حق ہے صراط سے گزرنا حق ہے میزان عمل حق ہے حساب حق ہے اور کتاب حق ہے

والْجنّۃ حقٌّ والنّار حقٌّ، وأنّ السّاعۃ آتِيۃٌ لا ريْب فِيھا، وأنّ الله يبْعث منْ فِی الْقبور۔

اسی طرح جنت حق ہے اور جہنم حق ہے نیز قیامت آنے والی ہے اس میں کوئی شک نہیں اور اللہ انہیں ضرور اٹھاۓ گا جو قبروں میں ہیں

اللّٰھمّ فضْلک رجائِی، وكرمک ورحْمتک أملِی، لا عمل لِی أسْتحِقّ بِہِ الْجنّۃ، ولا

اے معبود! تیرا فضل میرا سہارا اور تیری رحمت و بخشش میری امید ہے میرا کوئی ایسا عمل نہیں جس سے میں جنت کا حقدا ر بنوں اور نہ

طاعۃ لِی أسْتوْجِب بِھا الرِّضْوان إلاّ أنِّی اعْتقدْت توْحِيدک وعدْلک، وارْتجيْت

عبادت ہے کہ جو تیری خوشنودی کا باعث ہو سوائے اسکے کہ میں تیری توحید و عدل پر اعتقاد رکھتا ہوں اور تیرے فضل و

إحْسانک وفضْلک وتشفّعْت إليْک بِالنّبِیِّ وآلِہِ مِنْ أحِبّتِک وأنْت أكْرم الاكْرمِين

احسان کی امید رکھتا ہوں اور تیرے حضور تیرے نبی(ص) اور انکی آل(ع) کی شفاعت لایا ہوں جو تیرے محبوب ہیں اور تو سب سے زیادہ کرم کرنے والا

وأرْحم الرّاحِمِين، وصلّى الله على نبِيِّنا محمّدٍ وآلِہِ أجْمعِين الطّيِّبِين الطّاھِرِين وسلّم

اور سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے اور ہمارے نبی محمد(ص) پر اور انکی ساری آل(ع) پر خدا کی رحمت ہو جو پاک و پاکیزہ ہیں اور ان پر سلام ہو

تسْلِيماً كثِيراً، ولا حوْل ولا قوّۃ إلاّ بِاللهِ الْعلِیِّ الْعظِيمِ اللّٰھمّ يا أرْحم الرّاحِمِين

سلام خاص زیادہ بہت زیادہ اور نہیں کوئی طاقت و قوت مگر وہ جو بلند وبرتر خدا سے ملتی ہے اے معبود اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

إنِّی أوْدعْتک يقِينِی ھذا وثبات دِينِی وأ نْت خيْر مسْتودعٍ، وقدْ أمرْتنا بِحِفْظِ

بے شک میں اپنا یہ عقیدہ اوردین میں ثابت قدمی تیرے سپرد کرتا ہوں اور تو بہترین امانتدار ہے اور تو نے ہمیں امانتوں کی حفاظت کا حکم دیا ہے

الْودائِعِ فردّہ علیّ وقْت حضور موْتِی بِرحْمتِک يا أرْحم الرّاحِمِين۔

پس اپنی رحمت سے میرا یہ عقیدہ بوقت مرگ مجھے یاد دلادینا واسطہ تجھے تیری رحمت کا اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

مؤلف کہتے ہیں اسکے ساتھ معصومین سے یہ الفاظ بھی مروی ہیں :

الّھمّ اِنِّیْ اعوْذبِک مِن الْعدِيْلۃِ عِنْد الْموْتِ

اے معبود وقت مرگ اس عقیدے سے پلٹنے سے، میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں

عدیلہ موت سے مراد موت کے وقت حق سے باطل کیطرف پھر جانا ہے، اسکی صورت یہ ہے کہ جان کنی کے وقت شیطان شک میں ڈال کر گمراہ کردیتا ہے اور یوں انسان ایمان چھوڑ بیٹھتا ہے یہی وجہ ہے کہ دعاؤں میں ایسی صورت حال سے پناہ طلب کی گئی ہے۔ فخر المحققین نے فرمایا ہے کہ جو شخص موت کے وقت اس خطرے سے محفوظ رہنا چاہتا ہے اسے ایمان اور اصول دین کی دلیلیں ذہن نشین کیے رکھنا چاہئیں اور پھر انکو بطور امانت خدا کی بارگاہ میں پیش کردینا چاہیئے تاکہ موت کی گھڑی میں یہ امانت اسے واپس مل جائے۔ اسکا طریقہ یہ ہے کہ عقائد حقّہ کو دہرانے کے بعد کہیں :

اللّٰھمّ یا أرْحم الرّاحِمِین، إنِّی قدْ أوْدعْتک یقِینِی ہذا وثبات دِینِی وأ نْت خیْر

اے معبوداے سب سے زیادہ رحم کرنے والے بے شک میں اپنا یہ عقیدہ اور دین میں اپنی ثابت قدمی تیرے سپرد کرتا ہوں اور تو

مسْتوْدعٍ، وقدْ أمرْتنا بِحِفْظِ الْودائِع، فردّہ علیّ وقْت حضور موْتِی ۔

بہترین امانتدار ہے اور تو نے ہمیں امانتوں کی حفاظت کا حکم دیا ہے پس اپنی رحمت سے میرا یہ عقیدہ وقت مرگ مجھے یاد دلادینا۔

پس ان بزرگوار کے فرمان کے مطابق اس دعا عدیلہ کا پڑھنا اور اسکے مطالب کو وقتِ مرگ دل میں رکھنا، حق سے پھرجانے کے خطرے کو روکنا ہے۔ اب رہی یہ بات کہ آیا یہ دعا منقول ہے یا خود علمائے کرام نے اسے مرتب کیا ہے؟ اس بارے میں عرض ہے کہ علم حدیث کے ماہر اور اخبار ائمہ کے جمع کرنے والے اجل عالم، محدث ناقد و بابصیرت اور ہمارے استاد محدث اعظم الحاج مولانا میرزا حسین نوری (ہ خدا انکے مرقد کو روشن کرے۔) کا فرمان ہے کہ معروف دعائ عدیلہ بعض علمائ کی وضع کردہ ہے، یہ کسی امام (ع) سے نقل نہیں ہوئی اور نہ ہی یہ حدیث کی کتابوں میں پائی جاتی ہے۔ لیکن واضح رہے کہ شیخ طوسی(رح) نے محمد بن سلیمان دیلمی سے روایت کی ہے کہ میں نے امام جعفر صادق -کی خدمت میں عرض کیا کہ بعض شیعہ بھائیوں کا کہنا ہے کہ ایمان کی دو قسمیں ہیں ، یعنی ایک محکم و ثابت اور دوسرا عارضی و امانتی جو زائل ہوسکتا ہے۔ پس آپ مجھے کوئی ایسی دعا تعلیم فرمائیں کہ جسکے پڑھنے سے میرا ایمان قائم و ثابت رہے اور زائل نہ ہونے پائے۔ اس پر آپ (ع)نے فرمایا کہ ہر واجب نماز کے بعد یہ دعا پڑھا کرو۔

رضِیت بِاللّٰہِ ربّاً وبِمحمّدٍ صلّی اللہ علیْہِ وآلِہِ نبِیّاً وبِالْإِسْلامِ دِیناً، وبِالْقرْآنِ کِتاباً

میں راضی ہوں اس پر کہ اللہ میرا رب اور حضرت محمد میرے نبی ہیں اسلام میرادین ہے قرآن میری کتاب ہے

وبِالْکعْبۃِ قِبْلۃً وبِعلِیٍّ و لِیّاً و إماماً وبِالْحسنِ والحسین و علی ابن الحسین و محمد بنِ

کعبہ میرا قبلہ ہے اور اضی ہوں اس پر کہ علی - میرے مولا اور امام ہیں نیز حسن (ع) و حسین (ع)، علی (ع) ابن حسین (ع) ، محمد(ع) ابن

علی و جعفر ابن محمد وموسی بْنِ جعْفرٍ وعلِیّ بْنِ موسی ومحمّدبْنِ علِیٍّ وعلی بن

علی (ع)، جعفر (ع) ابن محمد(ع) ، موسیٰ (ع) ابن جعفر(ع) ، علی (ع) ابن موسیٰ (ع)، محمد (ع) ابن علی(ع) ، علی (ع) ابن محمد(ع) ، حسن (ع) ابن علی (ع)،

مُحَمَّدٍ وَالْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ وَالْحُجَّۃِ بْنِ الْحَسَنِ صَلَوٰاتُ اللہِ عَلَیْھِمْ أَئِمَّۃً اَللّٰھُمَّ إِنِّی
اور حجت(ع) بن حسن(ع) کہ ان پر اللہ کی رحمتیں ہوں میرے امام ہیں اے معبود میں راضی ہوں
رَضِیتُ بِھِمْ أَئِمَّۃً فَارْضَنِی لَھُمْ إِنَّکَ عَلَیٰ کُلِّ شَیْءٍ قَدِیرٌ ۔
کہ وہ میرے امام (ع) ہیں پس انہیں مجھ سے راضی فرمادے بے شک توہر چیز پرقادر ہے

دعائے جوشن کبیر

بلدالامین و مصباح کفعمی میں مروی ہے کہ امام زین العابدین -نے اپنے والد گرامی سے اور انہوں نے اپنے والد امیر المومنین (ع)سے اور انہو ں نے حضرت رسول سے روایت کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ دعا جبرائیل (ع)نے ایک جنگ کے دوران آنحضرت (ص) کو پہنچائی اس وقت آپ نے بھاری بھر کم زرہ پہن رکھی تھی ، جسکے بوجھ سے آپ(ص) کے جسم کو تکلیف ہو رہی تھی۔ جبرائیل (ع)نے عرض کی کہ یامحمد مصطفیٰ (ص) آپکا رب آپکو سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کہ یہ بھاری زرہ اتار دیں اور یہ دعا پڑھیں کہ یہ آپ کیلئے اور آپکی امت کیلئے حفظ و امان کی باعث ہے۔پھر اس دعا کے اور فضائل و فوائد بھی بتائے کہ جنکے ذکر کی یہاں گنجائش نہیں ہے۔ چنانچہ اس ضمن میں فرمایا کہ جو شخص اسے کفن پر لکھے تو خدا کی رحمت سے دور ہے کہ اسے جہنم میں جلائے۔ اور جو شخص رمضان المبارک کی پہلی رات، خلوص نیت کے ساتھ یہ دعا پڑھے تو اسکو شب قدر دیکھنا نصیب ہو گی اور خدا وند عالم اسکی خاطر ستر ہزار فرشتے پیدا کرے گا جو تسبیح و تقدیس کریں گے کہ جسکا ثواب اسکو ملے گا۔ اسکی مزید فضیلت بھی بیان ہوئی ہے کہ جو شخص ماہ رمضان میں تین مرتبہ یہ دعا پڑھے تو خدا تعالی اسکے جسم پر جہنم کی آگ حرام کر دیگا، جنت اس کیلئے واجب قرار دے گا اور دو فرشتے اس پر مقرر کر دے گا جو گناہوں سے اسکی حفاظت کریں گے اور وہ زندگی بھر خدا کی امان میں رہے گا۔اور روایت کے آخر میں ہے کہ امام حسین -نے فرمایا : میرے والد گرامی علی ابن ابی طالب * نے مجھے اس دعا کومحفوظ کرنے کی وصیت فرمائی اور ہدایت کی کہ میں اسے انکے کفن پر لکھوں ، اپنے اہلبیت کو اس کی تعلیم دوں اور انہیں اسکے پڑھنے کی ترغیب دلائوں ۔ یہ ہزار اسم ہیں کہ انہیں میں اسم اعظم ہے۔مؤلف کہتے ہیں کہ اس روایت سے دوباتیں معلوم ہوتی ہیں ، ایک یہ کہ اس دعا کا کفن پر لکھنا مستحب ہے۔ جیسا کہ علامہ بحرالعلوم (خدا انکی قبر کو معطر فرمائے)نے اپنی کتاب درّہ میں اسکی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَسَنَّ أَنْ یُکْتَبَ بِالْأَکْفَانِ شَھَادَۃُ ﷲِ الْإِسْلامِ وَالْإِیْمَانِ
سنت ہے کہ میت کے کفن پر لکھا جائے، اسلام اور ایمان کی شہادت
وَھکَذَا کِتَابَۃُ الْقُرآنِ وَالْجَوْشَنِ الْمَنْعُوتِ بِالْاَمَانِ
اسی طرح قرآن کریم بھی لکھا جائے اور دعا جوشن کو لکھا جائے جو وسیلہ حفظ و امان ہے

دوسری یہ کہ اس دعا کوآغاز ماہ رمضان میں پڑھنا مستحب ہے، لیکن اس کا شب قدر میں پڑھنے کے بارے میں مذکورہ روایت میں کوئی تذکرہ نہیں ہے ۔ تاہم علامہ مجلسی (رح) نے زاد المعاد میں شب قدر کے اعمال میں اسکا ذکر کیا ہے۔اوربعض روایات میں ہے کہ دعا جوشن کبیر کو شب قدر کی تینوں راتوں میں پڑھا جائے اور ہمارے لئے اس مقام پر بزرگوار کا فرمان ہی کافی ہے(اللہ انہیں دار الاسلام میں داخل کرے)۔ خلاصہ یہ کہ اس دعا کی ایک سو فصلیں ہیں اور ہر فصل میں اللہ تعالیٰ کے دس اسمائ ہیں اور ضروری ہے کہ ہر فصل کے آخر میں کہیں :

سبْحانک یا لا إلہ إلاّأنْت الْغوْث الْغوْث خلِّصْنا مِن النّاریاربِّ۔

توپاک ہے اے وہ کہ تیرے سو اکوئی معبود نہیں فریاد رس کے فریاد رس اے رب ہمیں آگ سے نجات عطا فرما ۔

بلدالامین میں ہے کہ ہر فصل سے پہلے بِسْمِ اللهِ کہیں اور ہر فصل کے بعدکہیں :

سبْحانک یا لا إلہ إلاّ أ نْت الْغوْث الْغوْث صلِّ علی محمّدٍ وآلِہِ وخلِّصْنا

تو پاک ہے اے وہ کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد رس کے فریاد رس رحمت فرما محمد (ص) وآل (ع) محمد پر اورہمیں آگ سے نجات دے

مِن النّار یا ربِّ، یا ذا الْجلالِ والْإِکْرامِ، یا أرْحم الرّاحِمِین ۔

اے رب ،اے صاحب جلالت و بزرگی والے، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

دعائ جوشن کبیر یہ ہے:

(١) اللّھمّ إِنِّی أسْئلک بِاسْمِک یا اللہ، یا رحْمن، یا رحِیم، یا کرِیم، یا مقِیم

اے معبود میں تجھ سے تیرے نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں اے اللہ اے بخشنے والے اے مہربان اے کرم کرنے والے اے ٹھہرنے والے

یا عظِیم یا قدِیم یا علِیم یا حلِیم یا حکِیم سبْحانک یا لا إلہ إلاّ أنْت، الْغوْث الْغوْث

اے بڑائی والے اے سب سے پہلے اے علم والے اے بردبار اے حکمت والے ۔ تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن

خلِّصْنا مِن النّار یا ربِّ (٢) یا سیِّد السّاداتِ یا مجِیب الدّعواتِ، یا رافِع الدّرجاتِ

ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار اے سرداروں کے سردار اے دعائیں قبول کرنے والے اے درجات بلند کرنے والے

یا و لِیّ الْحسناتِ، یا غافِر الْخطِیئاتِ، یا معْطِی الْمسْألاتِ، یا قابِل التّوْباتِ، یا سامِع

اے نیکیوں میں مدد دینے والے اے گناہوں کے بخشنے والے اے حاجات پوری کرنے والے اے توبہ قبول کرنے والے اے آوازوں کے

الْاصْواتِ، یا عالِم الْخفِیّاتِ، یا دافِع الْبلِیّاتِ (٣) یا خیْر الْغافِرِین، یا خیْر الْفاتِحِین،

سننے والے اے چھپی چیزوں کے جاننے والے اے بلائیں دور کرنے والے اے بخشنے والوں میں بہتر اے فتح کرنے والوں میں بہتر

یا خیْر النّاصِرِین یا خیْر الْحاکِمِین یا خیْر الرّازِقِین یا خیْر الْوارِثِین یا خیْر الْحامِدِین،

اے مدد کرنے والوں میں بہتر اے حاکموں میں بہتر اے رزق دینے والوں میں بہتر اے وارثوں میں بہتر اے تعریف کرنے والوں میں بہتر

یا خیْر الذّاکِرِین یا خیْر الْمنْزِلِین، یا خیْر الْمحْسِنِین، (٤) یا منْ لہ الْعِزّۃ والْجمال،

اے ذکر کرنے والوں میں بہتر اے میزبانوں میں بہتراے احسان کرنے والوں میں بہتر۔ اے وہ جس کیلئے عزت اور جمال ہے

یا منْ لہ الْقدْرۃ والْکمال، یا منْ لہ الْملْک والْجلال، یا منْ ھو الْکبِیر الْمتعالِ، یا

اے وہ جس کے لیے قدرت اور کمال ہے اے وہ جسکے لیے ملک اور جلال ہے اے وہ جو بڑائی والا بلند تر ہے اے
منْشِی السّحاب الثِّقالِ، یا منْ ھو شدِید الْمِحالِ، یا منْ ھو سرِیع الْحِسابِ، یا منْ ھو
بھرے بادلوں کے پیدا کرنے والے اے وہ جو بہت زیادہ قوت والا ہے اے وہ جو تیز تر حساب کرنے والا ہے اے وہ جو
شدِید الْعِقابِ، یا من عِنْدہ حسْن الثّوابِ، یا منْ عِنْدہ أمّ الْکِتابِ (٥) اللّٰھمّ إنِّی
سخت عذاب دینے والا ہے اے وہ جسکے ہاں بہترین ثواب ہے اے وہ جسکے پاس لوح محفوظ ہے۔ اے معبود! تجھ سے
أسْألک بِاسْمِک یا حنّان، یا منّان، یا دیّان، یا برْہان، یا سلْطان، یا رضْوان،
سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے محبت والے اے احسان کرنیوالے اے بدلہ دینے والے اے دلیل روشن اے صاحب سلطنت اے راضی ہونے والے
یا غفْران، یا سبْحان، یا مسْتعان، یا ذا الْمنِّ والْبیانِ ۔ (٦) یا منْ تواضع کلّ شیْئٍ
اے بخشنے والے اے پاکیزگی والے اے مدد کرنے والے اے صاحب احسان وبیان۔ اے وہ جس کی عظمت کے آگے سب چیزیں
لِعظمتِہِ، یا منِ اسْتسْلم کلّ شیْئٍ لِقدْرتِہِ، یا منْ ذلّ کلّ شیْئٍ لِعِزّتِہِ، یا منْ خضع کلّ
جھکی ہوئی ہیں اے وہ جسکی قدرت کے سامنے ہر شے سرنگوں ہے اے وہ جسکی بڑائی کے سامنے ہر چیز پست ہے اے وہ جسکے خوف سے ہر چیز
شیْئٍ لِھیْبتِہِ، یا منِ انْقاد کلّ شیْئٍ مِنْ خشْیتِہِ، یا منْ تشقّقتِ الْجِبال مِنْ مخافتِہِ، یا منِ
دبی ہوئی ہے اے وہ جسکے ڈر سے ہر چیز فرمانبردار بنی ہوئی اے وہ جسکے خوف سے پہاڑ پھٹ جاتے ہیں اے وہ جسکے
قامتِ السّماوات بِأمْرِھِ یا منِ اسْتقرّتِ الْارضون بِ إذْنِہِ، یا منْ یسبِّح الرّعْد بِحمْدِھِ، یا
حکم سے آسمان کھڑے ہیں اے وہ جسکے اذن سے زمینیں ٹھہری ہوئی ہیں اے وہ کہ کڑکتی بجلی جسکی تسبیح خواں ہے اے
منْ لا یعْتدِی علی أھْلِ ممْلکتِہِ (٧) یا غافِر الْخطایا یا کاشِف الْبلایا یا منْتھی الرّجایا
وہ جو اپنے زیر حکومت لوگوں پر ظلم نہیں کرتا اے گناہوں کے بخشنے والے اے بلائیں دور کرنے والے اے امیدوں کے آخری مقام
یا مجْزِل الْعطایا، یا واھِب الْھدایا، یا رازِق الْبرایا، یا قاضِی الْمنایا، یا سامِع الشّکایا،
اے بہت عطائوں والے اے تحفے عطا کرنے والے اے مخلوق کو رزق دینے والے اے تمنائیں پوری کرنے والے اے شکایتیں سننے والے
یا باعِث الْبرایا یا مطْلِق الْأساری (٨) یا ذا الْحمْدِ والثّناءِ، یا ذا الْفخْرِ والْبھاءِ، یا ذا
اے مخلوق کو زندہ کرنے والے اے قیدیوں کو آزاد کرنے والے اے تعریف و ثنائ کرنے والے اے فخر و خوبی والے اے
الْمجْدِ والسّناءِ، یا ذا الْعھْدِ والْوفاءِ، یا ذا الْعفْوِ والرِّضاءِ، یا ذا الْمنِّ والْعطاءِ، یا ذا
بزرگی و بلندی والے اے عہد اور وفا والے اے معافی دینے والے اور راضی ہونے والے اے عطا و بخشش کرنے والے اے
الْفصْلِ والْقضاءِ، یا ذا الْعِزِّ والْبقاءِ، یا ذا الْجودِ والسّخاءِ، یا ذا الْآلاءِ والنّعْماءِ (٩)

فیصلے اور انصاف والے اے عزت اور بقائ والے اے عطائ و سخاوت والے اے رحمتوں اور نعمتوں والے
اللّٰھمّ إِنّی أسأ لک بِاسْمِک یا مانِع، یا دافِع، یا رافِع، یا صانِع، یا نافِع،
اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے روکنے والے اے ہٹانے والے اے بلندکرنے والے اے بنانے والے اے نفع والے
یا سامِع، یا جامِع، یا شافِع، یا واسِع، یا موسِع (١٠) یا صانِع کلِّ مصْنوعٍ،
اے سننے والے اے جمع کرنے والے اے شفاعت کرنے والے اے کشادگی والے اے وسعت دینے والے اے ہر مصنوع کے صانع
یا خالِق کلِّ مخْلوقٍ یا رازِق کلِّ مرْزوقٍ یا مالِک کلِّ ممْلوکٍ یا کاشِف کلِّ مکْروبٍ
اے ہر مخلوق کے خالق اے ہررزق پانے والے کے رازق اے ہر مملوک کے مالک اے ہر دکھی کا دکھ دور کرنے والے
یا فارِج کلِّ مہْمومٍ، یا راحِم کلِّ مرْحومٍ، یا ناصِر کلِّ مخْذولٍ، یا ساتِر کلِّ معْیوبٍ،
اے ہر پریشانی کی پریشانی مٹانے والے اے ہر رحم کیے گئے پر رحم کرنے والے اے ہر بے سہار کے مددگار اے ہربرائی پر پردہ ڈالنے والے
یا ملْجأ کلِّ مطْرودٍ (١١) یا عدّتِی عِنْد شِدّتِی، یا رجائِی عِنْد مصِیبتِی، یا مؤْنِسِی
اے ہر راندے گئے کی پناہ گاہ ۔اے سختی کے وقت میرے سرمایہ اے مصیبت میں میری امید گاہ
عِنْد وحْشتِی، یا صاحِبِی عِنْد غرْبتِی، یا و لِیِّی عِنْد نِعْمتِی، یا غِیاثِی عِنْد کرْبتِی،
اے وحشت کے وقت میرے ہمدم اے میری تنہائی میں میرے ساتھی اے نعمت میں میری کفالت کرنے والے اے دکھ درد میں میرے مددگار
یا دلِیلِی عِنْد حیْرتِی، یا غنائِی عِنْد افْتِقارِی، یا ملْجِیِی عِنْد اضْطِرارِی، یا معِینِی عِنْد
اے حیرت کے وقت میرے رہنما اے محتاجی کے وقت میرے سرمایہ اے برقراری کے وقت میری پناہ گاہ اے فریاد کے وقت
مفْزعِی (١٢) یا علاّم الْغیوبِ یا غفّار الذّنوبِ یا ستّار الْعیوبِ یا کاشِف الْکروبِ
میرے مددگار ۔ اے ہر غیب کے جاننے والے اے گناہوں کے بخشنے والے اے عیبوں کے چھپانے والے اے مصیبتیں دور کرنے والے
یا مقلِّب الْقلوبِ یا طِبیب الْقلوبِ یا منوِّر الْقلوبِ یا أنِیس الْقلوبِ، یا مفرِّج الْھمومِ،
اے دلوں کو پلٹنے والے اے دلوں کے معالج اے دلوں کے روشن کرنے والے اے دلوں کے ہمدم اے غموں کی گرہ کھولنے والے
یا منفِّس الْغمومِ (١٣) اللّٰھمّ إِنّی أسأ لک بِاسْمِک یا جلِیل، یا جمِیل، یا وکِیل،
اے غموں کو دور کرنے والے۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے اے جلال والے اے جمال والے اے کارساز
یا کفِیل، یا دلِیل، یا قبِیل، یا مدِیل، یا منِیل، یا مقِیل، یا محِیل (١٤) یا دلِیل
اے سرپرست اے رہنما اے قبول کرنے والے اے رواں کرنے والے اے بخشنے والے اے معاف کرنے والے اے جگہ دینے والے اے سرگردانوں
الْمتحیِّرین، یا غِیاث الْمسْتغِیثِین، یا صرِیخ الْمسْتصْرِخِین، یا جار الْمسْتجِیرِین،
کے رہنما اے پکارنے والوں کی مدد کرنے والے اے فریادیوں کی فریاد کو پہنچنے والے اے پناہ طلب کرنے والوں کی پناہ
یا أمان الْخائِفِین، یا عوْن الْمؤْمِنِین، یا راحِم الْمساکِین، یا ملْجأ الْعاصِین، یا غافِر

اے ڈرنے والوں کی ڈھارس اے مومنوں کے مددگار اے بے چاروں پر رحم کرنے والے اے گنہگاروں کی پناہ اے خطاکاروں
الْمذْنِبِین یا مجِیب دعْوۃِ الْمضْطرِّین (۱۵) یا ذا الْجودِ والْاِحْسانِ یا ذا الْفضْلِ والْاِمْتِنانِ
کے بخشنے والے اے بے قراروں کی دعا قبول کرنے والے اے صاحب جود و احسان اے صاحب فضل و منت
یا ذا الْامْنِ والْامانِ یا ذا الْقدْسِ والسّبْحانِ یا ذا الْحِکْمۃِ والْبیانِ یا ذا الرّحْمۃِ والرِّضْوانِ
اے صاحب امن و امان اے طہارت و پاکیزگی والے اے حکمت و بیان والے اے رحمت و رضا والے
یا ذا الْحجّۃِ والْبرْہانِ یا ذا الْعظمۃِ والسّلْطانِ یا ذا الرّأْفۃِ والْمسْتعانِ یا ذا الْعفْوِ والْغفْرانِ (۱٦)
اے حجت اور روشن دلیل والے اے عظمت و سلطنت والے اے مہربانی کرنے اور مدد دینے والے اے معافی دینے اور بخشنے والے۔
یا منْ ھو ربّ کلِّ شیْئٍ یا منْ ھو إلہ کلِّ شیْئٍ یا منْ ھو خالِق کلِّ شیْئٍ یا منْ ھو صانِع
اے وہ جو ہر چیز کا پروردگار ہے اے وہ جو ہرشے کامعبود ہے اے وہ جو ہر چیز کا خالق ہے اے وہ جو ہرچیز کا
کلِّ شیْئٍ، یا منْ ھو قبْل کلِّ شیْئٍ ، یا منْ ھو بعْد کلِّ شیْئٍ، یا منْ ھو فوْق کلِّ شیْئٍ،
بنانے والا ہے اے وہ جو ہر شے سے پہلے تھا اے وہ جو ہر شے کے بعد رہے گا اے وہ جو ہر شے سے بلند ہے
یا منْ ھو عالِمٌ بِکلِّ شیْئٍ یا منْ ھو قادِرٌ علی کلِّ شیْئٍ یا منْ ھو یبْقی ویفْنی کلّ شیْئٍ(۱۷)
اے وہ جو ہر چیز کاجاننے والا ہے اے وہ جو ہر چیز پر قادر ہے اے وہ جو باقی رہے گا جب ہر چیز فنا ہو جائے گی۔
اللّھمّ إِنِّی أسْألک بِاسْمِک یا مومِن، یا مھیْمِن، یا مکوِّن، یا ملقِّن، یا مبیِّن،
اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے امن دینے والے اے نگہبان اے کائنات بنانے والے اے تلقین کرنے والے اے ظاہر کرنے والے
یا مھوِّن، یا ممکِّن، یا مزیِّن، یا معْلِن، یا مقسِّم ۔ (۱۸) یا منْ ھو فِی ملْکِہِ مقِیمٌ،
اے آسان کرنے والے اے قدرت دینے والے اے زینت دینے والے اے اعلان کرنے والے اے باٹنے والے ۔ اے وہ جو اپنے اقتدار پر میں پائیدار ہے
یا منْ ھو فِی سلْطانِہِ قدِیمٌ یا منْ ھو فِی جلالِہِ عظِیمٌ یا منْ ھو علی عِبادِہِ رحِیمٌ یا من ھو
اے وہ جو اپنی سلطنت میں قدیم ہے اے وہ جو اپنی شان میں بلند تر ہے اے وہ جو اپنے بندوں پر مہربان ہے اے وہ جو
بِکلِّ شیْئٍ علِیمٌ یا منْ ھو بِمنْ عصاہ حلِیمٌ یا منْ ھو بِمنْ رجاہ کرِیمٌ یا منْ ھو فِی صنْعِہِ
ہر چیز کا جاننے والا ہے اے وہ جو نافرمان سے نرمی کرنے والا ہے اے وہ جو امیدوارپر کرم کرنے والا ہے اے وہ جو اپنی صنعت میں
حکِیمٌ، یا منْ ھو فِی حِکْمتِہِ لطِیفٌ، یا منْ ھو فِی لطْفِہِ قدِیمٌ ۔ (۱۹) یا منْ لا یرْجی

حکمت والا ہے اے وہ جو اپنی حکمت میں باریک بین ہے اے وہ جس کا احسان قدیم ہے۔ اے وہ جس سے اس کے فضل کی امید کی
إلاّ فضْلہ، یا منْ لا یسْأل إلاّ عفْوھ، یا منْ لا ینْظر إلاّ برّھ، یا منْ لا یخاف إلاّ عدْلہ، یا
جاتی ہے اے وہ جس کی بخشش کاسوال کیا جاتا ہے اے وہ جس سے بھلائی کی آس ہے اے وہ جسکے عدل سے خوف آتا ہے اے
منْ لا یدوم إلاّ ملْکہ، یا منْ لا سلْطان إلاّ سلْطانہ، یا منْ وسِعتْ کلّ شیْئٍ رحْمتہ،
وہ جسکی حکومت ہمیشہ رہے گی اے وہ جسکی سلطنت کے سوا کوئی سلطنت نہیں اے وہ جسکی رحمت ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے
یا منْ سبقتْ رحْمتہ غضبہ یا منْ أحاط بِکلّ شیْئٍ عِلْمہ، یا منْ لیْس أحدٌ مِثْلہ (٢٠)
اے وہ جسکی رحمت اسکے غضب سے آگے ہے اے وہ جسکا علم ہر چیز پر حاوی ہے اے وہ کہ جس جیسا کوئی نہیں ہے۔
یا فارج الْھمّ، یا کاشِف الْغمّ، یا غافِر الذّنْبِ، یا قابِل التّوْبِ، یا خالِق الْخلْقِ، یا صادِق
اے اندیشے ہٹا دینے والے اے غم دور کرنے والے اے گناہ معاف کرنے والے اے توبہ قبول کرنے والے اے مخلوقات کے خالق اے وعدے
الْوعْدِ یا موفِی الْعھْدِ، یا عالِم السِّرّ، یا فالِق الْحبِّ، یا رازِق الْانامِ ۔ (٢١) اللّٰھمّ إِنِّی
میں سچے اے عہد پورا کرنے والے اے راز کے جاننے والے اے دانے کو چیرنے والے اے لوگوں کے رازق۔ اے معبود میں تجھ سے
أسْألک بِاسْمِک یا علِیّ یا وفِی، یا غنِیّ، یا ملِیّ، یا حفِیّ، یا رضِیّ، یا زکِیّ، یا بدِیّ،
تیرے نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں اے بلند اے وفادار اے بے نیاز اے مہربان اے احسان کرے والے اے پسندیدہ اے پاکیزہ اے ابتدا کرنے والے
یا قوِیّ یا و لِیّ(٢٢) یا منْ أظْھر الْجمِیل یا منْ ستر الْقبِیح یا منْ لمْ یواخِذْ بِالْجریرۃِ
اے قوت والے اے حاکم۔ اے وہ جس نے نیکی کو ظاہر کیا اے وہ جس نے بدی کو ڈھانپا اے وہ جس نے جرم پر گرفت نہیں فرمائی
یا منْ لمْ یھْتِکِ السِّتْر، یا عظِیم الْعفْو، یا حسن التّجاوز، یا واسِع الْمغْفِرۃِ، یا باسِط
اے وہ جس نے پردہ فاش نہیں کیا اے بہت معاف کرنے والے اے بہترین درگزر کرنے والے اے وسیع مغفرت والے اے دونوں ہاتھوں
الْیدیْنِ بِالرّحْمۃِ یا صاحِب کلِّ نجْوی یا منْتھی کلِّ شکْوی (٢٣) یا ذا النِّعْمۃِ السّابِغۃِ
سے رحمت کرنے والے اے ہر سرگوشی کے مالک اے شکایت سننے والے۔ اے کامل نعمت کے مالک
یا ذا الرّحْمۃِ الْواسِعۃِ، یا ذا الْمِنّۃِ السّابِقۃِ، یا ذا الْحِکْمۃِ الْبالِغۃِ، یا ذا الْقدْرۃِ الْکامِلۃِ،
اے وسیع رحمت والے اے احسان میں پہل کرنے والے اے بھرپور حکمت والے اے کامل قدرت والے
یا ذا الْحجّۃِ الْقاطِعۃِ یا ذا الْکرامۃِ الظّاھِرۃِ یا ذا الْعِزّۃِ الدّائِمۃِ، یا ذا الْقوّۃِ الْمتِینۃِ، یا ذا
اے قاطع دلیل والے اے کھلی سخاوت والے اے ہمیشہ کی عزت والے اے مضبوط قوت والے اے سب سے
الْعظمۃِ الْمنِیعۃِ(٢٤) یا بدِیع السّماواتِ یا جاعِل الظّلماتِ یا راحِم الْعبراتِ یا مقِیل
زیادہ عظمت والے۔ اے آسمانوں کے بنانے والے اے تاریکیوں کو وجود میں لانے والے اے آنسوؤں پر رحم کرنے والے اے لغزشوں کے

الْعثراتِ، یا ساتِرِ الْعوْراتِ، یا محْیِی الْاموْاتِ، یا منْزِل الایاتِ، یا مضعِّف الْحسناتِ،
معاف کرنے والے اے عیبوں کے چھپانے والے اے مردوں کو زندہ کرنے والے اے آیات کے نازل کرنے والے اے نیکیوں کو دوچند کرنے والے
یا ماحِی السّیِّئاتِ، یا شدِید النّقِماتِ (٢٥) اللّٰهمّ إِنِّی أسْألک بِاسْمِک یا مصوِّر،
اے گناہوں کے مٹانے والے اے سخت بدلہ لینے والے۔اے معبود! میں تجھ سے تیرے ہی نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں اے صورت ساز
یا مقدِّر یا مدبِّر یا مطہِّر یا منوِّر یا میسِّر، یا مبشِّر، یا منْذِر، یا مقدِّم، یا موخِّر (٢٦)
اے تقدیر بنانے والے اے تدبیر کرنے والے اے پاک کرنے والے اے روشن کرنے والے اے آسان کرنے والے اے بشارت دینے والے اے سب سے پہلے اے سب سے آخری
یا ربّ الْبیْتِ الْحرامِ یا ربّ الشّہْرِ الْحرامِ یا ربّ الْبلدِ الْحرامِ، یا ربّ الرّکْنِ والْمقامِ
اے مقدس گھر کے رب اے مقدس مہینے کے رب اے مقدس شہر کے رب اے رکن و مقام کے رب
یا ربّ الْمشْعرِ الْحرامِ یا ربّ الْمسْجِدِ الْحرامِ یا ربّ الْحِلِّ والْحرامِ یا ربّ النّورِ والظّلامِ
اے معشر الحرام کے رب اے مسجد الحرام کے رب اے حلال و حرام کے رب اے روشنی و تاریکی کے رب
یا ربّ التّحِیّۃِ والسّلامِ یا ربّ الْقدْرۃِ فِی الْانامِ۔ (٢٧) یا أحْکم الْحاکِمِین، یا أعْدل
اے درود و سلام کے رب اے لوگوں میں زیادہ توانائی پیدا کرنے والے۔ اے حاکموں میں بڑے حاکم اے عادلوں میں
الْعادِلِین یا أصْدق الصّادِقِین یا أطْہر الطّاہِرِین یا أحْسن الْخالِقِین یا أسْرع الْحاسِبِین
زیادہ عادل اے سچوں میں زیادہ سچے اے پاکوں میں پاک تر اے خالقوں میں بہترین خالق اے حساب کرنے والوں میں زیادہ تیز
یا أسْمع السّامِعِین، یا أبْصر النّاظِرِین، یا أشْفع الشّافِعِین، یا أکْرم الْاکْرمِین ۔ (٢٨)
اے سننے والوں میں زیادہ سننے والے اے دیکھنے والوں میں زیادہ دیکھنے والے اے شفاعت کرنے والوں میں بڑے شفیع اے بزرگی والوں میں بڑے بزرگ۔
یا عِماد منْ لا عِماد لہ، یا سند منْ لا سند لہ، یا ذخْر منْ لا ذخْر لہ، یا حِرْز منْ
اے اسکا آسراجسکا کوئی آسرا نہیں اے اسکے سہارے جسکا کوئی سہارا نہیں اے اسکے سرمایہ جسکا کوئی سرمایہ نہیں اے اسکی پناہ جسکی کوئی
لا حِرْز لہ، یا غِیاث منْ لا غِیاث لہ، یا فخْر منْ لا فخْر لہ، یا عِزّ منْ لا عِزّ لہ، یا معِین
پناہ نہیں اے اسکے فریاد رس جسکا کوئی فریاد رس نہیں اے اسکی بڑائی جسکا کوئی فخرنہیں اے اسکی عزت جس کیلئے عزت نہیں اے اسکے مددگار
منْ لا معِین لہ یا أنِیس منْ لا أنِیس لہ یا أمان منْ لا أمان لہ (٢٩) اللّٰهمّ إِنِّی أسْألک
جسکا کوئی مددگار نہیں اے اسکے ساتھی جسکا کوئی ساتھی نہیں اے اسکی پناہ جسکی کوئی پناہ نہیں ۔ اے معبود میں تجھ سے تیرے نام کے
بِاسْمِک یا عاصِم، یا قائِم، یا دائِم، یا راحِم، یا سالِم، یا حاکِم، یا عالِم، یا قاسِم، یا
واسطے سے سوال کرتا ہوں اے پناہ دینے والے اے پائیدار اے ہمیشگی والے اے رحم کرنے والے اے بے عیب اے حکومت کے مالک اے علم والے اے تقسیم کرنے والے اے
قابِض، یا باسِط ۔ (٣٠) یا عاصِم منِ اسْتعْصمہ، یا راحِم منِ اسْترْحمہ، یا غافِر منِ

بند کرنے والے اے کھولنے والے۔ اے اسکے نگہدار جو نگہداری چاہے اے اس پر رحم کرنے والے جو رحم کا طالب ہو اے اسکے بخشنے والے
اسْتغفرهُ، يا ناصِر منِ اسْتنصرهُ، يا حافِظ منِ اسْتحْفظهُ، يا مكْرِم منِ اسْتكْرمهُ،
جو طالب ِبخشش ہو اے اسکی نصرت کرنے والے جو نصرت چاہے اے اسکی حفاظت کرنے والے جو حفاظت چاہے اے اسکو بڑائی دینے والے جو بڑائی طلب کرے
يا مرْشِد منِ اسْترْشدهُ يا صرِيخ منِ اسْتصْرخهُ يا معِين منِ اسْتعانهُ يا مغِيث منِ اسْتغاثهُ (٣١)
اے اسکی رہنمائی کرنے والے جو رہنمائی چاہے اے اسکے داد رس جو دادرسی چاہے اے اسکے مددگار جو مددطلب کرے اے اسکے فریاد رس جو فریادکرے۔
يا عزِيزاً لا يضام، يا لطِيفاً لا يرام، يا قيّوماً لا ينام، يا دائِماً لا يفوت، يا حيّاً لا يموت،
اے وہ غالب جو ظلم نہیں کرتا اے وہ باریک جو نظر انداز نہیں ہوتا اے وہ نگہبان جو سوتا نہیں اے وہ جاوداں جو مرتا نہیں اے وہ زندہ جسے موت نہیں
يا ملِكاً لا يزول يا باقِياً لا يفْنى يا عالِماً لا يجْهل يا صمداً لا يطْعم يا قويّاً لا يضْعف(٣٢)
اے وہ بادشاہ جسے زوال نہیں اے وہ باقی جو فانی نہیں اے وہ عالم جس میں جہل نہیں اے وہ بے نیاز جو کھاتا نہیں اے وہ قوی جسے ضعف نہیں ۔
اللّهمّ إِنّي أسْألُك بِاسْمِك يا أحد، يا واحِد، يا شاهِد، يا ماجِد، يا حامِد، يا راشِد،
اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے یکتا اے یگانہ اے حاضر اے بزرگوار اے تعریف والے اے رہنما
يا باعِث يا وارِث يا ضارّ يا نافِع (٣٣) يا أعْظم مِنْ كلّ عظِيمٍ يا أكْرم مِنْ كلّ كرِيمٍ
اے اٹھانے والے اے وارث اے خسارہ دینے والے اے نفع دینے والے۔ اے سب بڑوں سے بڑے اے سب بزرگوں سے بزرگ تر
يا أرْحم مِنْ كلّ رحِيمٍ يا أعْلم مِنْ كلّ علِيمٍ يا أحْكم مِنْ كلّ حكِيمٍ يا أقْدم مِنْ كلّ قدِيمٍ
اے سب مہربانوں سے مہربان اے ہر عالم سے بڑے عالم اے ہر حکیم سے بڑے حکیم اے ہر قدیم سے قدیم تر
يا أكْبر مِنْ كلّ كبِيرٍ يا ألْطف مِنْ كلّ لطِيفٍ يا أجلّ مِن كلّ جلِيلٍ يا أعزّ مِنْ كلّ عزِيزٍ(٣٤)
اے ہر بزرگ سے بزرگ تر اے ہر لطیف سے زیادہ لطیف اے ہر جلال والے سے زیادہ جلال والے اے ہرزبردست سے زیادہ زبردست۔
يا كرِيم الصّفْحِ يا عظِيم الْمنّ يا كثِير الْخيْرِ، يا قدِيم الْفضْلِ، يا دائِم اللّطْفِ، يا لطِيف
اے بہتر درگزر کرنے والے اے بڑے احسان والے اے زیادہ خیروالے اے قدیم فضل والے اے ہمیشہ کے لطف والے اے خوبصورت
الصّنْعِ يا منفِّس الْكرْبِ يا كاشِف الضّرّ، يا مالِك الْملْكِ، يا قاضِي الْحقّ ۔ (٣٥)
صنعت والے اے سختی دور کرنے والے اے دکھ دور کرنے والے اے ہر ملک کے مالک اے حق کا فیصلہ دینے والے۔
يا منْ هو فِي عهْدِهِ وفِيٌّ، يا منْ هو فِي وفائِهِ قوِيٌّ، يا منْ هو فِي قوّتِهِ علِيٌّ ، يا منْ هو فِي
اے وہ جو اپنے عہد کو پورا کرنے والا ہے اے وہ جو اپنی وفا میں قوی ہے اے وہ جو اپنی قوت میں بلند ہے اے وہ جو اپنی بلندی

عِلوِّهِ قريبٌ يا منْ هو فِی قرْبِہِ لطِیفٌ یا منْ ھو فِی لطْفِہِ شریفٌ یا منْ ھو فِی شرفِہِ عزِیزٌ
میں قریب ہے اے وہ جو اپنے قرب میں مہربان ہے اے وہ جو اپنے لطف میں کریم ہے اے وہ جو اپنی کرم میں عزت دار ہے
یا منْ ھو فِی عِزِّهِ عظِیمٌ یا منْ ھو فِی عظمتِہِ مجِیدٌ یا منْ ھو فِی مجْدِهِ حمِیدٌ (۳٦)
اے وہ جو اپنی عزت میں عظیم ہے اے وہ جو اپنی عظمت میں بلند مرتبہ ہے اے وہ جو اپنے مرتبے میں تعریف والا ہے
اللّٰھمّ إِنِّی أسْألک بِاسْمِک یا کافِی، یا شافِی، یا وافِی، یا معافِی، یا
اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے کفایت کرنے والے اے شفادینے والے اے وفادارا‌ے عافیت دینے والے اے
ہادِی، یا داعِی، یا قاضِی، یا راضِی، یا عالِی، یا باقِی (۳۷) یا منْ
ہدایت دینے والے اے بلانے والے اے فیصلے کرنے والے اے خوشنودی والے اے بلندی والے اے باقی رہنے والے۔ اے
کلّ شیْئٍ خاضِعٌ لہ یا منْ کلّ شیْئٍ خاشِعٌ لہ، یا منْ کلّ شیْئٍ کائِنٌ لہ، یا منْ کلّ شیْئٍ
وہ جسکے آگے ہر چیز جھکی ہوئی ہے اے وہ جسکے آگے ہر چیز خوف زدہ ہے اے وہ جس سے ہر چیز کو وجود ملا ہے اے وہ جسکے
موْجودٌ بِہِ یا منْ کلّ شیْئٍ منِیبٌ إلیْہِ یا منْ کلّ شیْئٍ خائِفٌ مِنْہ یا منْ کلّ شیْئٍ قائِمٌ بِہِ
ذریعے ہر چیز موجود ہوئی ہے اے وہ جسکی طرف ہر چیز کی بازگشت ہے اے وہ جس سے ہرچیز ڈرتی ہے اے وہ جسکے ذریعے ہر چیز باقی ہے
یا منْ کلّ شیْئٍ صائِرٌ إلیْہِ یا منْ کلّ شیْئٍ یسبِّح بِحمْدِهِ یا منْ کلّ شیْئٍ ہالِکٌ إلاّ وجْھہ(۳۸)
اے وہ جسکی طرف ہر چیز لوٹتی ہے اے وہ کہ ہر چیز جسکی حمد میں مصروف ہے اے وہ کہ جسکے جلوے کے سوا ہر چیز ناپید ہو جائے گی۔
یا منْ لا مفرّ إلاّ إلیْہِ یا منْ لا مفْزع إلاّ إلیْہِ یا منْ لا مقْصد إلاّ إلیْہِ یا منْ لا منْجیً مِنْہ إلاّ إلیْہِ،
اے وہ جسکے سوا کوئی جائے فرار نہیں ہے اے وہ جسکے سوا کوئی جائے پناہ نہیں اے وہ جسکے سوا کوئی منزلِ مقصود نہیں اے وہ جسکے علاوہ کوئی جائے نجات نہیں
یا منْ لا یرْغب إلاّ إلیْہِ، یا منْ لا حوْل ولا قوّۃ إلاّ بِہِ، یا منْ لا یسْتعان إلاّ بِہِ، یا منْ لا
اے وہ جسکے بغیر کسی شئی میں رغبت نہیں ہو سکتی اے وہ کہ نہیں ہے طاقت و قوت مگر اسی سے اے وہ جسکے سوا کہیں سے مدد نہیں مل سکتی اے وہ جسکے سوا
یتوکّل إلاّ علیْہِ یا منْ لا یرْجی إلاّ ھو یا منْ لا یعْبد إلاّ ھو (۳۹) یا خیْر الْمرْھوبِین
کسی پر بھروسہ نہیں ہو سکتا اے وہ جسکے سوا کسی سے امید نہیں ہوسکتی اے وہ جسکے سوا کسی کی عبادت نہیں ہو سکتی۔ اے بہترین ذات جس سے ڈرا جائے

يا خيْر الْمرْغوبِين، يا خيْر الْمطْلوبِين، يا خيْر الْمسْؤولِين، يا خيْر الْمقْصودِين يا خيْر
اے بہترین لبھانے والے اے بہترین طلب کیے جانے والے اے بہترین سوال کیے جانے والے اے بہترین قصد کیے جانے والے اے بہترین
الْمذْكورين يا خيْر الْمشْكورين يا خيْر الْمحْبوبِين يا خيْر الْمدْعوِّين يا خيْر الْمسْتأنِسِين(٤٠)
ذکر کیے جانے والے اے بہترین شکرکیے جانے والے اے بہترین محبت کیے جانے والے اے بہترین پکارے جانے والے اے بہترین مانوس کیے جانے والے۔
اللّٰهمّ إنِّى أسْألک بِاسْمِک يا غافِر يا ساتِر يا قادِر يا قاهِر يا فاطِر
اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام سے اے معاف کرنے والے اے چھپانے والے اے قدرت والے اے غلبے والے اے پیدا کرنیوالے
يا كاسِر يا جابِر يا ذاكِر، يا ناظِر، يا ناصِر (٤١) يا منْ خلق فسوّى،
اے توڑنے والے اے جوڑنے والے اے ذکر کرنیوالے اے دیکھنے والے اے مدد کرنے والے۔ اے وہ جس نے پیدا کیا پھر درست کیا
يا منْ قدّر فهدى، يا منْ يكْشِف الْبلْوى ، يا منْ يسْمع النّجْوى، يا منْ ينْقِذ الْغرْقى،
اے وہ جس نے تقدیر بنائی پھرہدایت دی اے وہ جو بلائیں دور کرتا ہے اے وہ جو سرگوشیاں سنتا ہے اے وہ جو ڈوبنے والوں کو بچاتا ہے
يا منْ ينْجِى الْهلْكى يا منْ يشْفِى الْمرْضى يا منْ أضْحک وأبْكى، يا منْ أمات وأحْيى
اے وہ جو ہلاکتوں سے نجات دیتا ہے اے وہ جو مریضوں کو شفا دیتا ہے اے وہ جو ہنساتا اور رلاتا ہے اے وہ جو مارتا ہے اور زندہ کرتا ہے
يا منْ خلق الزّوْجيْنِ الذّكر والْانْثى (٤٢) يا منْ فِى الْبرّ والْبحْر سبِيله يا منْ فِى
اے وہ جس نے نر اور مادہ جوڑے بنائے اے وہ جس نے خاک و آب میں راستے بنائے اے وہ جس نے فضا میں
الْآفاقِ آياته يا منْ فِى الْآياتِ برْهانه، يا منْ فِى الْمماتِ قدْرته، يا منْ فِى الْقبورِ عِبْرته،
اپنی نشانیاں بنائیں اے وہ جسکی نشانیوں میں قوی دلیل ہے اے وہ کہ موت میں جسکی قدرت ظاہرہے اے وہ جس نے قبروں میں عبرت رکھی ہے
يا منْ فِى الْقِيامةِ ملْكه، يا منْ فِى الْحِسابِ هيْبته، يا منْ فِى الْمِيزانِ قضاؤه، يا منْ فِى
اے وہ کہ قیامت میں جسکی بادشاہت ہے اے وہ کہ حساب میں جسکی ہیبت ہے اے وہ کہ میزان عمل میں جسکی منصفی ہے اے وہ کہ جس کیطرف سے
الْجنّةِ ثوابه يا منْ فِى النّارِ عِقابه (٤٣) يا منْ إليْهِ يهْرب الْخائِفون، يا منْ إليْهِ يفْزع
ثوابِ جنت ہے اے وہ کہ جسکا عذاب دوزخ ہے۔ اے وہ کہ خوف زدہ جسکی طرف بھاگتے ہیں اے وہ کہ گنہگار جسکی
الْمذْنِبون يا منْ إليْهِ يقْصِد الْمنِيبون يا منْ إليْهِ يرْغب الزّاهِدون يا منْ إليْهِ يلْجأ الْمتحيّرون
پناہ لیتے ہیں اے وہ کہ توبہ کرنے والے جسکا قصد کرتے ہیں اے وہ کہ جسکی طرف پرہیز گار رغبت کرتے ہیں اے وہ کہ پریشان لوگ جسکی پناہ چاہتے ہیں
يا منْ بِهِ يسْتأنِس الْمرِيدون يا منْ بِهِ يفْتخِر الْمحِبّون يا منْ فِى عفْوِهِ يطْمع الْخاطِئون
اے وہ کہ ارادہ کرنے والے جس سے مانوس ہیں اے وہ کہ جس پر محبت کرنے والے فخر کرتے ہیں اے وہ کہ خطاکار جسکے عفو کی خواہش رکھتے ہیں

يا منْ إليْہِ يسْکن الْموقِنون يا منْ عليْہِ يتوکّل الْمتوکِّلون (٤٤) اللّٰهمّ إنِّی أسْألک

اے وہ جسکے ہاں یقین والے سکون پاتے ہیں اے وہ کہ توکل کرنے والے جس پر توکل کرتے ہیں ۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

بِاسْمِک یا حبِیب یا طبِیب یا قرِیب یا رقِیب یا حسِیب یا مهِیب یا مثِیب یا مجِیب

تیرے نام کے واسطے سے اے محبوب اے چارہ گر اے نزدیک تر اے نگہدار اے حساب رکھنے والے اے ہیبت والے اے ثواب دینے والے اے دعا قبول کرنے والے

یا خبِیر یا بصِیر (٤٥) یا أقْرب مِن کلِّ قرِیبٍ یا أحبّ مِنْ کلِّ حبِیبٍ یا أبْصر مِنْ

اے با خبر اے بینا۔ اے ہر قریب سے زیادہ قریب اے ہر محب سے زیادہ محبت کرنے والے اے ہر دیکھنے والے

کلِّ بصِیرٍ یا أخْبر مِنْ کلِّ خبِیرٍ یا أشْرف مِنْ کلِّ شرِیفٍ یا أرْفع مِنْ کلِّ رفِیعٍ یا أقْوی

سے زیادہ بینا اے ہر باخبر سے زیادہ خبر والے اے ہر بزرگ سے زیادہ بزرگ اے ہر بلند سے زیادہ بلند اے ہر توانا

مِنْ کلِّ قوِیٍّ یا أغْنی مِنْ کلِّ غنِیٍّ یا أجْود مِنْ کلِّ جوادٍ یا أرْأف مِنْ کلِّ رؤوفٍ (٤٦)

سے زیادہ توانا اے ہر باثروت سے زیادہ باثروت اے ہر داتا سے زیادہ دینے والے اے ہر مہربان سے زیادہ مہربان۔

یا غالِباً غیْر مغْلوبٍ یا صانِعاً غیْر مصْنوعٍ یا خالِقاً غیْر مخْلوقٍ یا مالِکاً غیْر ممْلوکٍ

اے وہ غالب جس پر کوئی غالب نہیں اے وہ صانع جسے کسی نے نہیں بنایا اے وہ خالق جو خلق نہیں ہوا اے وہ مالک جسکا کوئی مالک نہیں

یا قاهِراً غیْر مقْهورٍ، یا رافِعاً غیْر مرْفوعٍ، یا حافِظاً غیْر محْفوظٍ، یا ناصِراً

اے وہ زبردست جو کسی کے زیر نگیں نہیں اے وہ بلند جسے کسی نے بلند نہیں کیا اے وہ نگہبان جسکا کوئی نگہبان نہیں اے وہ مددگار

غیْر منْصورٍ یا شاهِداً غیْر غائِبٍ یا قرِیباً غیْر بعِیدٍ (٤٧) یا نور النّورِ، یا منوِّر النّورِ،

جسکا کوئی مددگار نہیں اے وہ حاضر جو کہیں بھی غائب نہیں اے وہ قریب جو کبھی دور نہیں ہوا۔ اے نور کی روشنی اے نور روشن کرنے والے

یا خالِق النّورِ یا مدبِّر النّورِ، یا مقدِّر النّورِ، یا نور کلِّ نورٍ، یا نوراً قبْل کلِّ نورٍ، یا نوراً

اے نور پیدا کرنے والے اے نور کا بندوبست کرنے والے اے نور کی اندازہ گیری کرنے والے اے نور کی روشنی اے ہر نور سے اولین نور

بعْد کلِّ نورٍ یا نوراً فوْق کلِّ نورٍ یا نوراً لیْس کمِثْلِہِ نورٌ (٤٨) یا منْ عطاؤہ شرِیفٌ

اے ہر نور کے بعد روشن رہنے والے اے ہرنور سے بالاتر نور اے وہ نور جسکی مثل کوئی نور نہیں ۔ اے وہ جسکی عطا بلند تر ہے

یا منْ فِعْلہ لطِیفٌ یا منْ لطْفہ مقِیمٌ یا منْ إحْسانہ قدِیمٌ یا منْ قوْلہ حقٌّ یا منْ وعْدہ صِدْقٌ

اے وہ جسکا فعل باریک تر ہے اے وہ جسکا لطف پائندہ ہے اے وہ جسکا احسان قدیم ہے اے وہ جسکا قول حق ہے اے وہ جسکا وعدہ سچا ہے

یا منْ عفْوہ فضْلٌ، یا منْ عذابہ عدْلٌ، یا منْ ذِکْرہ حلْوٌ، یا منْ فضْلہ عمِیمٌ ۔ (٤٩)

اے وہ جسکی عفو میں احسان ہے اے وہ جسکے عذاب میں عدل ہے اے وہ جسکا ذکر شیریں ہے اے وہ جسکا احسان عام ہے۔

اللّٰهمّ إنِّی أسْألک بِاسْمِک یا مسهِّل، یا مفصِّل، یا مبدِّل، یا

اے معبودمیں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے ہموار کرنے والے اے جدا کرنے والے اے تبدیل کرنے والے اے
مذلِّل، یا منزِّل، یا منوِّل، یا مفْضِل، یا مجْزِل، یا ممْہِل، یا مجْمِل ۔ (۵۰)
پست کرنیوالے اے اتارنے والے اے عطا کرنے والے اے نعمت دینے والے اے احسان کرنیوالے اے مہلت دینے والے اے نیکوکار۔
یا منْ یری ولا یری، یا منْ یخْلق ولا یخْلق، یا منْ یہْدِی ولا یہْدی، یا منْ یحْیِی
اے وہ جو دیکھتا ہے خود نظر نہیں آتا اے وہ جو خلق کرتا ہے اور خلق نہیں ہوا اے وہ جو ہدایت دیتا ہے اور ہدایت طلب نہیں کرتا اے وہ جو زندہ کرتا ہے
ولا یحْیی، یا منْ یسْأل ولا یسْأل، یا منْ یطْعِم ولا یطْعم، یا منْ یجِیر ولا یجار علیْہِ، یا
اور زندہ نہیں کیا گیا اے وہ جومسئول ہے اور سائل نہیں اے وہ جو کھلاتا ہے اور کھاتا نہیں اے وہ جو پناہ دیتا ہے اور محتاجِ پناہ نہیں ہے
منْ یقْضِی ولا یقْضی علیْہِ، یا منْ یحْکم ولا یحْکم علیْہِ، یا منْ لمْ یلِدْ ولمْ یولدْ
اے وہ جو فیصلے کرتا ہے اور طالبِ فیصلہ نہیں ہے اے وہ جو حکم دیتا ہے اور اس پر کسی کا حکم نہیں اے وہ جسکا کوئی بیٹا نہیں نہ وہ کسی کا بیٹا ہے
ولمْ یکنْ لہ کفواً أحدٌ۔(۵۱) یا نِعْم الْحسِیب، یا نِعْم الطّبِیب، یا نِعْم الرّقِیب، یا نِعْم
اور نہ کوئی اسکا ہمسر ہے۔ اے بہترین حساب کرنے والے اے بہترین چارہ گر اے بہترین نگہبان اے بہترین
الْقریب یا نِعْم الْمجِیب، یا نِعْم الْحبِیب، یا نِعْم الْکفِیل، یا نِعْم الْوکِیل، یا نِعْم الْمولْیٰ،
قریب اے بہترین دعا قبول کرنے والے اے وہ جو بہترین محبوب ہے اے وہ جو بہترین سرپرست ہے اے وہ جو بہترین کارساز ہے اے بہترین آقا
یا نِعْم النّصِیر۔ (۵۲) یا سرور الْعارِفِین یا منی الْمحِبِّین یا أنِیس الْمرِیدِین، یا حبِیب
اے بہترین یاور۔ اے عارفوں کی شادمانی اے حب داروں کی تمنا اے ارادت مندوں کے ہمدم اے توبہ کرنے
التّوّابِین، یا رازِق الْمقِلِّین، یا رجائ الْمذْنِبِین، یا قرّۃ عیْنِ الْعابِدِین
والوں کے محبوب اے بے مایہ لوگوں کے رازق اے گناہگاروں کی آس اے عبادت کرنے والوں کی آنکھوں کی ڈھنڈک
، یا منفِّساً عنِ الْمکْروبِین، یا مفرِّجاً عنِ الْمغْمومِین، یا إلہ الْأوّلِین
اے دکھیاروں کے دکھ دور کرنے والے اے غمزدوں کا غم مٹانے والے اے اولین
والْآخِرِین ۔ (۵۳) اللّٰہمّ إنِّی أسْألک بِاسْمِک یا ربّنا، یا إلٰھنا، یا
و آخرین کے معبود۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ہی نام کے واسطے سے اے ہمارے رب اے ہمارے معبود اے
سیِّدنا، یا مولْانا، یا ناصِرنا، یا حافِظنا، یا دلِیلنا، یا معِیننا، یا
ہمارے سردار اے ہمارے آقا اے ہمارے یاور اے ہمارے محافظ اے ہمارے رہنما اے ہمارے مددگار اے
حبِیبنا، یا طبِیبنا ۔ (۵٤) یا ربّ النّبِیِّین و الْأبْرارِ، یا ربّ الصِّدِّیقِین
ہمارے محبوب اے ہمارے چارہ گر۔ اے انبیائ و صالحین کے پروردگار اے صدیقوں اور
والْأخْیارِ، یا ربّ الْجنّۃِ والنّارِ، یا ربّ الصِّغارِ والْکِبارِ، یا ربّ
نیک لوگوں کے پروردگار اے جنت و دوزخ کے مالک اے چھوٹے بڑے کے رب اے دانہ و ثمر

الْحبوبِ والثِّمار، یا ربّ الْا نْہار والْاشْجار، یا ربّ الصّحاری
کے پروان چڑھانے والے اے دریائوں اور درختوں کے مالک اے صحرائوں اور
والْقِفار، یا ربّ الْبراری والْبِحار، یا ربّ اللَّیْلِ والنّہار، یا ربّ
بستیوں کے مالک اے صحراؤں اور سمندروں کے مالک اے دن اور رات کے مالک اے کھلی
الْاِعْلانِ والْاِسْرار ۔ (٥٥) یا منْ نفذ فِی کلِّ شیْئٍ أمْرھ، یا منْ لحِق
اور چھپی باتوں کے مالک۔ اے وہ جسکا حکم ہر چیز پر نافذ ہے اے وہ جسکا علم
بِکلِّ شیْئٍ عِلْمہ، یا منْ بلغتْ إلی کلِّ شیْئٍ قدْرتہ، یا منْ
ہر چیز پر حاوی ہے اے وہ جسکی قدرت ہر چیز تک پہنچی ہوئی ہے اے وہ جسکی
لایحْصِی الْعِباد نِعمہ، یا منْ لا تبْلغ الْخلائِق شکْرہ، یا منْ لاتدْرک
نعمتوں کوبندے گن نہیں سکتے اے وہ کہ مخلوقات جسکاشکریہ ادا نہیں کر سکتیں اے وہ کہ جسکی جلالت سمجھ میں نہیں
الْافْہام جلالہ، یا منْ لا تنال الْاوْہام کنْہہ، یا منِ الْعظمۃ
آسکتی اے وہ کہ جسکی حقیقت کو وہم پا نہیں سکتے اے وہ کہ بزرگی اور بڑائی
والْکِبْریائ رداؤہ، یا منْ لا یردّ الْعِباد قضائہ، یا منْ لا ملْک إلاّ
جسکا لباس ہے اے وہ جسکی قضا کو بندے ٹال نہیں سکتے اے وہ جسکے سوا کسی کی
ملْکہ، یا منْ لا عطائ إلاّ عطاؤہ ۔ (٥٦) یا منْ لہ الْمثل الْاعْلی، یا
حکومت نہیں اے وہ جسکی عطا کے سوا کوئی عطا نہیں ۔ اے وہ جسکے لئے اعلٰی نمونہ ہے اے
منْ لہ الصِّفات الْعلْیا، یا منْ لہ الْاخِرۃ والْاولی، یا منْ لہ جنّۃ
وہ جسکے لیے بلند صفات ہیں اے وہ دنیا و آخرت جسکی ملکیت ہیں اے وہ جو جنت الماویٰ کا
الْمأْوی، یا منْ لہ الْایات الْکبْری، یا منْ لہ الْاسْمائ الْحسْنی، یا
مالک ہے اے وہ جسکی نشانیاں عظیم ہیں اے وہ جسکے نام پسندیدہ ہیں اے
منْ لہ الْحکْم والْقضائ، یا منْ لہ الْھوائ والْفضائ، یا منْ لہ الْعرْش
وہ جو حکم و فیصلے کا مالک ہے اے وہ کہ ہوا و فضا جسکی ملک ہیں اے وہ جو عرش و
والثّری، یا منْ لہ السّماوات الْعلی ۔ (٥٧) اللّٰھمّ إِنِّی أسْأ لک
فرش کا مالک ہے اے وہ جو بلند آسمانوں کا مالک ہے۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں
بِاسْمِک یا عفوّ، یا غفور، یا صبور، یا شکور، یا رؤوف، یا
تیرے نام کے واسطے سے اے معافی دینے والے اے بخشنے والے اے بہت صبر والے اے بہت شکر والے اے مہربان اے
عطوف، یا مسْؤول، یا ودود، یا سبّوح، یا قدّوس ۔ (٥٨) یا منْ فِی
نرم خو اے مسئول اے محبت والے اے پاک تر اے پاکیزہ۔ اے وہ کہ آسمان
السّمائِ عظمتہ، یا منْ فِی الْارْضِ آیاتہ، یا منْ فِی کلِّ شیْئٍ
میں جسکی بڑائی ہے اے وہ کہ زمین میں جسکی نشانیاں ہیں اے وہ ہر چیز میں جس

دلائِلہ، یا منْ فِی الْبِحار عجائِبہ، یا منْ فِی الْجِبالِ خزائِنہ، یا منْ
کی دلیلیں ہیں اے وہ کہ سمندروں میں جسکی انوکھی چیزیں ہیں اے وہ پہاڑوں میں جسکے خزانے ہیں اے وہ جس نے
یبْدأ الْخلْق ثمّ یعِیده، یا منْ إلیْہِ یرْجِع الْامْر کلّہ، یا منْ أظْھر فِی
خلق کو ظاہر کیا پھر جاری رکھا اے وہ جسکی طرف ہر امر کی بازگشت ہے اے وہ جسکا لطف
کلِّ شیْئٍ لطْفہ، یا منْ أحْسن کلّ شیْئٍ خلْقہ، یا منْ تصرّف فِی
ہر چیز میں عیاں ہے اے وہ جس نے ہرچیز کو خوبی سے خلق کیا اے وہ جسکی قدرت مخلوقات میں
الْخلائِقِ قدْرتہ ۔ (٥٩) یا حبِیب منْ لا حبِیب لہ، یا طبِیب منْ لا
اثراندازی کر رہی ہے۔ اے اسکے ساتھی جسکا کوئی ساتھی نہیں اے اسکے چارہ گر جسکا کوئی
طبِیب لہ، یا مجِیب منْ لا مجِیب لہ، یا شفِیق منْ لا شفِیق لہ، یا
چارہ گر نہیں اے اسکی دعا قبول کرنے والے جسکی کوئی قبول کرنے والا نہیں اے اسکے مہربان جس پرکوئی مہربان نہیں اے
رفِیق منْ لا رفِیق لہ، یا مغِیث منْ لا مغِیث لہ، یا دلِیل منْ لا دلِیل
اسکے ہمراہی جس کا کوئی ہمراہی نہیں اے اسکے فریاد رس جسکا کوئی فریاد رس نہیں اے اسکے رہنما جسکا کوئی رہنمانہیں
لہ، یا أنِیس منْ لا أنِیس لہ، یا راحِم منْ لا راحِم لہ، یا صاحِب منْ
اے اسکے ہمدم جسکا کوئی ہمدم نہیں اے اس پر رحم کرنے والے جس پر رحم کرنے والا کوئی نہیں اے اسکے ساتھی جسکا
لا صاحِب لہ ۔ (٦٠) یا کافِی منِ اسْتکْفاہ، یا ہادِی منِ اسْتھْداہ، یا
کوئی ساتھی نہیں ۔ اے طالبِ کفایت کی کفایت کرنے والے اے ہدایت طلب کی ہدایت کرنے والے اے
کالِی منِ اسْتکْلاہ، یا راعِی منِ اسْترْعاہ، یا شافِی منِ اسْتشْفاہ،
نگہبانی چاہنے والے کے نگہبان اے حفاظت چاہنے والے کی حفاظت کرنے والے اے شفا مانگنے والے کو شفادینے والے
یا قاضِی منِ اسْتقْضاہ، یا مغْنِی منِ اسْتغْناہ، یا موفِی منِ اسْتوْفاہ
اے فیصلہ چاہنے والے کا فیصلہ کرنے والے اے ثروت خواہ کو ثروت دینے والے اے وفا طلب سے وفا کرنے والے اے قوت
، یا مقوّی منِ اسْتقْواہ، یا و لِیّ منِ اسْتوْلاہ ۔ (٦١) اللّٰھمّ إنِّی
کے طالب کو قوت عطا کرنے والے اے طالب سرپرستی کی سرپرستی کرنے والے۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ہی
أسْألک بِاسْمِک یا خالِق، یا رازِق، یا ناطِق، یا صادِق، یا فالِق، یا
نام کے واسطے سے اے خلق کرنے والے اے رزق دینے والے اے بولنے والے اے صدق والے اے شگافتہ کرنے والے اے
فارِق، یا فاتِق، یا راتِق، یا سابِق، یا سامِق ۔ (٦٢) یا منْ یقلِّب
جداکرنے والے اے توڑنے والے اے جوڑنے والے اے سب سے پہلے اے بلندی والے ۔ اے رات اور دن کو پلٹانے

اللّیْل والنّہار، یا منْ جعل الظّلماتِ والْا نْوار، یا منْ خلق الظِّلّ
والے اے روشنیوں اور تاریکیوں کے پیدا کرنے والے اے وہ جس نے سایہ
والْحرور، یا منْ سخّر الشّمْس والْقمر، یا منْ قدّر الْخیْر والشّرّ، یا
اور دھوپ کو پیدا کیا اے وہ جس نے سورج اور چاند کو پابند کیا اے وہ جس نے نیکی و بدی کا اندازہ ٹھہرایا اے
منْ خلق الْموْت والْحیاۃ، یا منْ لہ الْخلْق والْامْر، یا منْ لمْ یتّخِذْ
وہ جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا اے وہ جسکے ہاتھ میں خلق و امر ہے اے وہ جسکی نہ کوئی
صاحِبۃً ولا ولداً، یا منْ لیْس لہ شرِیکٌ فِی الْملْکِ، یا منْ لمْ یکنْ
زوجہ اور نہ فرزند ہے اے وہ جسکی حکومت میں کوئی شریک نہیں اے وہ جوعاجز نہیں کہ اسکا
لہ و لِیٌّ مِن الذّلِّ ۔ (٦٣) یا منْ یعْلم مراد الْمرِیدِین، یا منْ یعْلم
کوئی مددگار ہو۔ اے وہ جو ارادہ کرنے والوں کی مراد کو جانتا ہے اے وہ جو خاموش
ضمِیر الصّامِتِین، یا منْ یسْمع أنِین الْواھِنِین، یا منْ یری بکائ
لوگوں کے دل کی باتیں جانتا ہے اے وہ جوکمزوروں کی زاری کو سنتا ہے اے وہ جو ڈرنے والے لوگوں
الْخائِفِین، یا منْ یمْلِک حوائِج السّائِلِین، یا منْ یقْبل عذْر
کا رونا دیکھ لیتا ہے اے وہ جو سائلین کی حاجتوں کا مالک ہے اے وہ جو توبہ کرنے والوں کا عذر
التّائِبِین، یا منْ لا یصْلِح عمل الْمفْسِدِین، یا منْ لا یضِیع أجْر
قبول کرتا ہے اے وہ جو فسادیوں کے عمل کو اچھا نہیں سمجھتا اے وہ جو نیکوکاروں کے اجر کو
الْمحْسِنِین، یا منْ لا یبْعد عنْ قلوبِ الْعارِفِین، یا أجْود الْاجْودِین ۔ (٦٤)
ضائع نہیں کرتا اے وہ جو عارفوں کے دلوں سے دور نہیں رہتا اے سب داتاؤں سے بڑے داتا
یا دائِم الْبقائِ، یا سامِع الدّعائِ، یا واسِع الْعطائِ، یا غافِر
اے ہمیشہ باقی رہنے والے اے دعا کے سننے والے اے بہت زیادہ عطا کرنے والے اے خطا کے
الْخطائِ، یا بدِیع السّمائِ، یا حسن الْبلائِ، یا جمِیل الثّنائِ، یا قدِیم
بخشنے والے اے آسمان کے بنانے والے اے بہترین آزمائش کرنے والے اے بھلی تعریف والے اے قدیمی
السّنائِ، یا کثِیر الْوفائِ، یا شرِیف الْجزائِ ۔ (٦٥) اللّٰھمّ إنِّی أسْأ لک
بلندی والے اے بہت وفاداری کرنے والے اے بہترین جزادینے والے اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں
بِاسْمِک یا ستّار، یا غفّار، یا قہّار، یا جبّار، یا صبّار، یا بارّ، یا
تیرے نام کے واسطے سے اے پردہ پوش اے بخشنے والے غلبہ والے اے زور والے اے بہت صبروالے اے نیکی والے اے
مخْتار، یا فتّاح، یا نفّاح، یا مرْتاح ۔ (٦٦) یا منْ خلقنِی وسوّانِی، یا

اختیار والے اے کھولنے والے اے نفع دینے والے اے شاداں ۔ اے وہ جس نے مجھے پیدا کیا اور سنوارا اے
منْ رزقنِی وربّانِی، یا منْ أطْعمنِی وسقانِی، یا منْ قرّبنِی وأدْنانِی
وہ جس نے مجھے رزق دیا اور پالااے وہ جس نے مجھے طعام دیا اور سیراب کیا اے وہ جس نے مجھے قریب کیا اور قربت عطا کی
، یا منْ عصمنِی وکفانِی، یا منْ حفِظنِی وکلانِی، یا منْ أعزّنِی
اے وہ جس نے میری نگہداشت کی اور کفالت کی اے وہ جس نے میری حفاظت کی اور حمایت کی اے وہ جس نے مجھے عزت دی
وأغْنانِی، یا منْ وفّقنِی وھدانِی، یا منْ آنسنِی وآوانِی، یا منْ
اور دولتمند بنایا اے وہ جس نے میری مدد کی اور ہدایت عطا کی اے وہ جس نے مجھ سے انس کیا اور پناہ دی اے وہ جس نے
أماتنِی وأحْیانِی ۔ (٦٧) یا منْ یحِقّ الْحقّ بِکلِماتِہِ، یا منْ یقْبل
مجھے موت دی اور زندہ کیا۔ اے وہ جو اپنے کلام سے حق کو ثابت کرتا ہے اے وہ جو اپنے بندوں کی
التّوْبۃ عنْ عِبادِہِ، یا منْ یحول بیْن الْمرْئِ وقلْبِہِ، یا منْ لا تنْفع
توبہ قبول فرماتا ہے اے وہ جو انسان اور اسکے دل کے درمیان حائل ہوتاہے اے وہ جسکے اذن کے بغیر
الشّفاعۃ إلاّ بِ إذْنِہِ، یا منْ ہو أعْلم بِمنْ ضلّ عنْ سبِیلِہِ، یا منْ لا
شفاعت کچھ نفع نہیں پہنچاتی اے وہ جو راہ سے بھٹکے ہوئے لوگوں کو خوب جانتا ہے اے وہ جسکے
معقِّب لِحکْمِہِ، یا منْ لا رادّ لِقضائِہِ، یا منِ انْقاد کلّ شیْئٍ لِامْرِہِ
حکم کو کوئی ہرگز نہیں ٹال سکتا اے وہ جسکے فیصلے کو کوئی پلٹا نہیں سکتا اے وہ جسکے امرکے آگے ہر چیز جھکی ہوئی ہے
یا منِ السّماوات مطْوِیّاتٌ بِیمِینِہِ، یا منْ یرْسِل الرِّیاح بشْراً بیْن
اے وہ جسکی قدرت سے آسمان باہم لپٹے ہوئے ہیں اے وہ جو اپنی رحمت سے ہوائوں کی خوشخبری دے کر
یدیْ رحْمتِہِ ۔ (٦٨) یا منْ جعل الْارْض مِہاداً، یا منْ جعل الْجِبال
بھیجتاہے۔ اے وہ جس نے زمین کوفرش بنایا اے وہ جس نے پہاڑوں کو میخیں بنایا
أوْتاداً، یا منْ جعل الشّمْس سِراجاً، یا منْ جعل الْقمر نوراً، یا منْ
اے وہ جس نے سورج کو چراغ بنایا اے وہ جس نے چاند کو روشن کیا اے وہ جس نے
جعل اللّیْل لِباساً، یا منْ جعل النّہار معاشاً، یا منْ جعل النّوْم سباتاً
رات کو پردہ پوشی کے لیے بنایا اے وہ جس نے دن کو کام کاج کا وقت ٹھہرایا اے وہ جس نے نیند کو ذریعہ راحت بنایا
یا منْ جعل السّمائ بِنائً، یا منْ جعل الْأشْیائ أزْواجاً، یا منْ جعل
اے وہ جس نے آسمان کا شامیانہ لگایا اے وہ جس نے چیزوں میں جوڑے مقرر کیے اے وہ جس نے آتش دوزخ کو
النّار مِرْصاداً ۔ (٦٩) اللّٰھمّ إِنِّی أسْألک بِاسْمِک یا سمِیع، یا شفِیع،

کمین گاہ بنایا۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے سننے والے اے شفاعت والے
یا رفِیع، یا منِیع، یا سرِیع، یا بدِیع، یا کبِیر، یا قدِیر، یا خبِیر، یا
اے بلندی والے اے محفوظ اے جلدی کرنے والے اے ابتداکرنے والے اے بڑائی والے اے قدرت والے اے خبر والے
مجِیر۔ (۷۰) یا حیّاً قبْل کلِّ حیٍّ، یا حیّاً بعْد کلِّ حیٍّ، یا حیّ الّذِی
اے پناہ دینے والے۔ اے ہرزندہ سے پہلے زندہ ہو اے ہرزندہ کے بعد زندہ اے وہ زندہ جسکی
لیْس کمِثْلِہِ حیٌّ، یا حیّ الّذِی لا یشارِکہ حیٌّ، یا حیّ الّذِی لا
مثل کوئی اور زندہ نہیں اے وہ زندہ جسکا کوئی زندہ شریک نہیں اے وہ زندہ جو کسی زندہ کا
یحْتاج إلی حیٍّ، یا حیّ الّذِی یمِیت کلّ حیٍّ، یا حیّ الّذِی یرْزق
محتاج نہیں اے وہ زندہ جو سب زندوں کو موت دیتا ہے اے وہ زندہ جو سب زندوں کو رزق
کلّ حیٍّ، یا حیّاً لمْ یرِثِ الْحیاۃ مِنْ حیٍّ، یا حیّ الّذِی یحْیِی الْموْتیٰ
دیتا ہے اے وہ زندہ جس نے کسی زندہ سے زندگی نہیں پائی اے وہ زندہ جو زندوں کو موت دیتا ہے
یا حیّ یا قیّوم لا تأخذہ سِنۃٌ ولا نوْمٌ ۔ (۷۱) یا منْ لہ ذِکْرٌ لا ینْسی
اے وہ نگہبان جسے نہ نیند آتی ہے نہ اونگھ اے وہ جسکا ذکر بھلایا نہیں جا سکتا
یا منْ لہ نورٌ لا یطْفیٰ، یا منْ لہ نِعمٌ لا تعدّ، یا منْ لہ ملْکٌ لا
اے وہ جسکے نور کو بجھایا نہیں جا سکتا اے وہ جسکی نعمتوں کوشمار نہیں کیا جا سکتا اے وہ جسکی بادشاہی
یزول، یا منْ لہ ثناءٌ لا یحْصیٰ، یا منْ لہ جلالٌ لا یکیّف، یا منْ لہ
ختم ہونے والی نہیں اے وہ جسکی تعریف کی کوئی حد نہیں اے وہ جسکے جلال کی کیفیت بے بیان ہے اے وہ جسکے
کمالٌ لا یدْرک، یا منْ لہ قضاءٌ لا یردّ، یا منْ لہ صِفاتٌ لا تبدّل، یا
کمال کو سمجھا نہیں جا سکتا اے وہ جسکا فیصلہ ٹالا نہیں جا سکتا اے وہ جسکی صفات میں تبدیلی نہیں آسکتی اے
منْ لہ نعوتٌ لا تغیّر ۔ (۷۲) یا ربّ الْعالمِین، یا مالِک یوْمِ الدِّین، یا
وہ جسکے وصفوں میں تبدیلی نہیں ۔ اے عالمین کے پروردگار اے روز جزا کے مالک اے
غایۃ الطّالِبِین، یا ظہْر اللاّجِین، یا مدْرِک الْہارِبِین، یا منْ یحِبّ
طالبوں کے مقصود اے پناہ لینے والوں کی پناہ گاہ اے بھاگنے والوں کو پالینے والے اے وہ جو صبر والوں کو
الصّابِرِین، یا منْ یحِبّ التّوّابِین، یا منْ یحِبّ الْمتطہِّرِین، یا منْ
دوست رکھتا ہے اے وہ جو توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے اے وہ جو پاکیزگی والوں کو پسندکرتا ہے اے وہ جو
یحِبّ الْمحْسِنِین، یا منْ ہو أعْلم بِالْمہْتدِین ۔ (۷۳) اللّٰہمّ إِنِّی

نیکوکاروں کو پسند کرتا ہے اے وہ جو ہدایت یافتہ لوگوں کو جانتا ہے۔ اے معبود میں تجھ سے
أسْألک بِاِسْمِکَ یا شفِیق، یا رفِیق، یا حفِیظ، یا محِیط، یا مقِیت، یا
سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے مہربان اے ہمدم اے نگہدار اے احاطہ کرنے والے اے رزق دینے والے اے
مغِیث، یا معِزّ، یا مذِلّ، یا مبْدِی ، یا معِید ۔ (٧٤) یا منْ هو أحدٌ بِلا
فریاد رس اے عز ت دینے والے اے ذلت دینے والے اے پیدا کرنے والے اے لوٹانے والے۔ اے وہ جو ایسا یگانہ ہے جس کا
ضِدٍّ، یا منْ هو فرْدٌ بِلا نِدٍّ، یا منْ هو صمدٌ بِلا عیْبٍ، یا منْ هو وتْرٌ
کوئی مقابل نہیں اے وہ جو ایسا یکتا ہے جسکا شریک نہیں اے وہ جو بے نیاز ہے جس میں کوئی عیب نہیں اے وہ جوایسا فرد ہے
بِلا کیْفٍ، یا منْ هو قاضٍ بِلا حیْفٍ، یا منْ هو ربٌّ بِلا وزِیرٍ، یا منْ
جس میں کوئی کیفیت نہیں اے وہ جسکا فیصلہ خلاف حق نہیں ہوتا اے وہ رب جسکا کوئی وزیرنہیں ہے اے وہ
هو عزِیزٌ بِلا ذلٍّ، یا منْ هو غنِیٌّ بِلا فقْرٍ، یا منْ هو ملِکٌ بِلا عزْلٍ، یا
عزت دار جسے ذلت نہیں اے وہ ثروت مند جو محتاج نہیں اے وہ بادشاہ جسے ہٹایا نہیں جا سکتا اے
منْ هو موْصوفٌ بِلا شبِیہٍ ۔ (٧٥) یا منْ ذِکْرہ شرفٌ لِلذّاکِرِین، یا
ایسے صفتوں والے جسکی کوئی مثال نہیں ۔ اے وہ جسکا ذکر ذاکروں کے لیے وجہ بزرگی ہے اے
منْ شکْرہ فوْزٌ لِلشّاکِرِین، یا منْ حمْده عِزٌّ لِلْحامِدِین، یا منْ
وہ جسکاشکر شاکروں کے لیے کامیابی ہے اے وہ جسکی حمد، حمدکرنے والوں کے لیے وجہ عزت ہے اے وہ جسکی
طاعتہ نجاۃٌ لِلْمطِیعِین، یا منْ بابہ مفْتوحٌ لِلطّالِبِین، یا منْ سبِیلہ
فرمانبرداری فرمانبرداروں کے لیے وجہ نجات ہے اے وہ جسکا دروازہ طلبگاروں کے لیے کھلا رہتا ہے اے وہ جسکا راستہ
واضِحٌ لِلْمنِیبِین، یا منْ آیاتہ برْہانٌ لِلنّاظِرِین، یا منْ کِتابہ تذْکِرۃٌ
توبہ کرنے والوں کیلئے ظاہر و واضح ہے اے وہ جسکی نشانیاں دیکھنے والوں کیلئے پختہ دلیل ہیں اے وہ جسکی کتاب پرہیزگاروں
لِلْمتّقِین، یا منْ رِزْقہ عمومٌ لِلطّائِعِین والْعاصِین، یا منْ رحْمتہ
کے لیے نصیحت ہے اے وہ جسکا رزق فرمانبرداروں اور نافرمانوں کے لیے یکساں ہے اے وہ جسکی رحمت
قرِیبٌ مِن الْمحْسِنِین ۔ (٧٦) یا منْ تبارک اسْمہ، یا منْ تعالی جدّه،
نیکوکاروں کے نزدیک تر ہے۔ اے وہ جسکا نام برکت والا ہے اے وہ جسکی شان بلند ہے
یا منْ لا إلہ غیْره، یا منْ جلّ ثناؤه، یا منْ تقدّستْ أسْماؤه، یا منْ
اے وہ جسکے سوا کوئی معبود نہیں اے وہ جسکی تعریف روشن ہے اے وہ جسکے نام پاک وپاکیزہ ہیں اے وہ جسکی
یدوم بقاؤه، یا منِ الْعظمۃ بہاؤه، یا منِ الْکِبْریائ رداؤه، یا منْ لا

ذات ہمیشہ رہنے والی ہے اے وہ کہ بزرگی جسکا جلوہ ہے اے وہ کہ بڑای جسکا لباس ہے اے وہ جسکی
تحْصى آلاؤه، يا منْ لا تعدّ نعْماؤه ـ (٧٧) اللّٰهمّ إِنّى أسأ لک
نعمتوں کی حد نہیں اے وہ جسکی نعمتوں کا شمار نہیں ۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں
بِاسْمِک يا معِين، يا أمِين، يا مبِين، يا متِين، يا مكِين، يا رشِيد، يا
تیرے نام کے واسطے سے اے مددگار اے امانتدار اے آشکار اے سنجیدہ اے قدرت والے اے ہدایت والے اے
حمِيد، يا مجِيد، يا شدِيد، يا شهِيد ـ (٧٨) يا ذا الْعرْشِ الْمجِيدِ، يا ذا
تعریف والے اے بزرگی والے اے محکم اے گواہ۔ اے عرش عظیم کے مالک اے سچے قول
الْقوْلِ السّدِيدِ، يا ذا الْفِعْلِ الرّشِيدِ، يا ذا الْبطْشِ الشّدِيدِ، يا ذا
والے اے پختہ تر کام کرنے والے اے سخت گرفت کرنے والے اے وعدہ کرنے
الْوعْدِ والْوعِيدِ، يا منْ هو الْو لِىّ الْحمِيد، يا منْ هو فعّالٌ لِما يرِيد،
اور دھمکی دینے والے اے وہ جو قابل تعریف سرپرست ہے اے وہ جو چاہے کر گزرتا ہے
يا منْ هو قرِيبٌ غيْر بعِيدٍ، يا منْ هو على كلِّ شيْئٍ شهِيدٌ، يا منْ هو
بواسطہ تیرے کرم کے سوال کرتا ہوں کہ مجھ پر اپنی عطا سے ایسا احسان فرما جس سے میری آنکھیں ٹھنڈی ہوجائیں اور ایسی امید
بِما تطْمئِنّ بِہِ نفْسِی، ومِن الْيقِينِ بِما تهوِّن بِہِ على مصِيباتِ الدّنْيا، وتجْلو
دے کہ جس سے میرے دل کو چین آجائے ایسا یقین عطا کر کہ جس سے دنیا کی مصیبتیں میرے لیے ہلکی ہوجائیں اور میری سمجھ بوجھ
عنْ بصِيرتِی غشواتِ الْعمىٰ، بِرحْمتِک يا أرْحم الرّاحِمِين ۔
پرسے نادانی کے پردے دور ہوجائیں تیری رحمت کے واسطے سے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

پانچویں مناجات ---- بِسْمِ اللّٰهِ الرحْمٰنِ الرحيمْ---- مناجات راغبین خداکے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والاہے
إلٰهِی إنْ كان قلّ زادِی فِی الْمسِيرِ إلیْک، فلقدْ حسن ظنِّی بِالتّوكّلِ عليْک، و إنْ
میرے معبود اگرچہ تیری راہ میں سفر کیلئے میرا زاد راہ کم ہے تو پھربھی مجھے جوتجھ پر بھروسہ ہے اسکے باعث میں پر امید ہوں اور اگرچہ
كان جرمِی قدْ أخافنِی مِنْ عقوبتِک، ف إنّ رجائِی قدْ أشْعرنِی بِالْأمْنِ مِنْ نِقْمتِک
میرا جرم مجھے تیری طرف کی سزا سے خوف دلاتا ہے تا ہم تجھ سے میری امید مجھے تیرے انتقام سے بچ جانے کی نوید دیتی ہے
و إنْ كان ذ نْبِی قدْ عرّضنِی لِعِقابِک، فقدْ آذ ننِی حسْن ثِقتِی بِثوابِک، و إنْ
اور اگرچہ میرا گناہ مجھے تیری طرف کے عذاب کے سامنے لے آیا ہے لیکن تجھ پر میرا اعتماد تیرے ثواب سے آگاہ کرتا ہے اگرچہ
أنامتْنِی الْغفْلۃ عنِ الاستِعْدادِ لِلِقائِک، فقدْ نبّهتْنِی الْمعْرِفۃ بِكرمِک وآلائِک، و إنْ
غفلت نے مجھے تیری ملاقات کے لائق نہیں رہنے دیا لیکن تیری نوازش اور تیری نعمتوں سے واقفیت نے مجھے بیدار کردیا ہے اور
أوْحش ما بيْنِی وبيْنک فرْط الْعِصْيانِ والطّغْيانِ، فقدْ آنسنِی بشْرى الْغفْرانِ
اگرچہ میرے اور تیرے درمیان میرے گناہوں اور سرکشیوں نے دوری پیدا کردی ہے تب بھی تیری بخشش اور مہربانی کی خوشخبری
والرِّضْوانِ ۔ أسْأ لک بِسبحاتِ وجْهِک وبِأ نْوار قدْسِک،
نے مجھے تجھ سے مانوس کردیا ہے میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری ذات کی پاکیزگیوں اور تیرے انوار کی روشنیوں کے واسطے سے
وأبْتهِل إليْک بِعواطِفِ رحْمتِک، ولطائِفِ بِرِّک، أنْ تحقِّق ظنِّی بِما أؤمِّلہ
اورتیرے حضور زاری کرتا ہوں تیری رحمت کی نرمیوں احسان کی لطافتوں کے واسطے کہ میرے خیال کو جمادے اس پر جس کی آرزو
مِنْ جزِيلِ إكْرامِک، وجمِيلِ إنْعامِک، فِی الْقرْبىٰ مِنْک والزّلْفىٰ لديْک،
کرتا ہوں تیرے بڑے بڑے احسانوں اور پسندیدہ انعاموں میں سے کہ میں تیرے قریب ہوجاؤں اور تیرے نزدیک ہوجاؤں
والتّمتّع بِالنّظر إليْک، وها أ نا متعرّضٌ لِنفحاتِ روْحِک وعطْفِک، ومنْتجِعٌ
اور تیرے آستاں پر نظر ڈالوں اورہاں اب میں تیرے نسیم راحت کے انوار اور تیری مہربانی کا طالب ہوں اور تیری بخشائش
غيْث جودِک ولطْفِک، فارٌ مِنْ سخطِک إلى رضاک، هارِبٌ مِنْک إليْک،

اور لطف کے مینہ کا طلب گار ہوں میں تیری ناراضی سے تیری رضا کی طرف دوڑنے والا ہوں تجھ سے بھاگ کر تیری درگاہ میں امید

راجٍ أحْسن ما لدیْک، معوّلٌ علی مواهِبِک، مفْتقِرٌ إلی رِعایتِک ۔ إلهی ما بدأت بِہِ

لگائے ہوں اس چیز کی جو تیرے ہاں بہتر ہے مجھے تیری عطاؤں پر اعتمادہے اور میں تیری رعایت کا محتاج ہوں میرے معبود تو نے

مِنْ فضْلِک فتمِّمْہ، وما وهبْت لِی مِنْ کرمِک فلا تسْلُبْہ، وما سترْتہ علیّ بِحِلْمِک

جس مہربانی کا آغاز کیا ہے اسے پورا فرما اور تو نے جس نوازش سے جو کچھ مجھے عطا فرمایا ہے اسے نہ چھین اور اپنی ملائمت سے جو پردہ

فلا تهْتِکْہ، وما علِمْتہ مِنْ قبِیحِ فِعْلِی فاغْفِرْه ۔ إلهی اسْتشْفعْت بِک إلیْک،

پوشی کی ہے وہ فاش نہ کر میرے جن برے کاموں کاتجھے علم ہے انکی معافی دے میرے معبود میں تیرے سامنے تجھی سے شفاعت کراتا ہوں

واسْتجرْت بِک مِنْک، أتیْتک طامِعاً فِی إحْسانِک، راغِباً فِی امْتِنانِک، مسْتسْقِیاً

اور تجھ سے تیری ہی ذات کی پناہ لیتا ہوں میں تیرے احسان کی خواہش میں تیرے پاس آیاہوں تیری بخشش کی رغبت رکھتا ہوں میں

وابِل طوْلِک، مسْتمْطِراً غمام فضْلِک، طالِباً مرْضاتک، قاصِداً جنابک، وارِداً

تیرے فضل کے بادلوں سے تیری سخاوت کی بارش کا طلبگار ہوں تیری رضاؤں کا طالب، تیری طرف قدم بڑھانے والا ہوں

شرِیعۃ رِفْدِک، ملْتمِساً سنِیّ الْخیْراتِ مِنْ عِنْدِک، وافِداً إلی حضْرۃِ جمالِک،

تیری قبولیت کے گھاٹ پر آیا ہوں تجھ سے روشن بھلائیاں مانگنے کو حاضر ہوا ہوں تیرے حضور جمال میں تیری ذات کی خاطر پیش ہؤا

مرِیداً وجْهک طارِقاً بابک، مسْتکِیناً لِعظمتِک وجلالِک، فافْعلْ بِی ما أ نْت أهْلہ

ہوں تیرا دروازہ کھٹکھٹاتا ہوں تیری بڑائی و بزرگی کے سامنے عاجز ہوں پس میرے ساتھ وہ سلوک فرما جو تیرے لائق ہے

مِن الْمغْفِرۃِ والرّحْمۃِ، ولا تفْعلْ بِی ما أنا أهْلہ مِن الْعذابِ والنِّقْمۃِ، بِرحْمتِک

وہ بخشش و مہربانی ہے اور مجھ سے وہ نہ کر جس کا میں اہل ہوں جو عذاب اور گناہوں کی سزا ہے تیری رحمت کا واسطہ

یا أرْحم الرّاحِمِین ۔

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

چھٹی مناجات

بِسْمِ اللهِ الرحْمنِ الرحيمْ--- مناجات شاکرین خدا کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

إلٰهِی أَذْهلَنِی عنْ إقامۃِ شکْرِک تتابع طوْ لِک، وأَعْجزنِی عنْ إحْصاۓ

میرے معبود تیری لگاتار بخششوں نے مجھے تیرا شکر ادا کرنے سے غافل کردیا ہے اور تیرے فضل کے تسلسل نے مجھے تیری ثناۓ کا

ثنائِک فیْض فضْلِک، وشغلنِی عنْ ذِکْر محامِدِک ترادف عوائِدِک،

احاطہ کرنے سے عاجز کردیا ہے اور تیری پے در پے ہونے والی مہربانیوں نے مجھے تیری تعریفوں کے بیان سے بے دھیان کردیا اور

وأعْیانِی عنْ نشْر عوارِفِک توالِی أیادِیک، وہذا مقام منِ اعْترف بِسبوغِ النّعْماۓ

تیری مسلسل نعمتوں نے مجھے تیرے احسانات کے ذکر سے تکھاکر رکھ دیا یہی مقام ہے اس شخص کا جو تیری نعمتوں کا معترف ہے

وقابلہا بِالتّقْصِیر وشہد علی نفْسِہِ بِالْإِہْمالِ والتّضْیِیعِ وأنْت الرّؤوف الرّحِیم

اور ان پر شکر سے قاصر ہے وہ اپنی اس بے دھیانی اور نافکری پر خود ہی گواہ ہے اور تو ہی وہ شفیق و مہربان نیک نام سخی ہے

الْبرّ الْکریم، الّذِی لا یخیّب قاصِدِیہِ، ولا یطْرد عنْ فِنائِہِ آمِلِیہِ، بِساحتِک تحطّ

جو اپنی درگاہ کا قصد کرنے والوں کو ناامید نہیں کرتا اور آرزومندوں کو اپنے آستانے سے دور نہیں کرتا تیرے ہی در پر امیدواروں کے

رِحال الرّاجِین، وبِعرصتِک تقِف آمال الْمسْترْفِدِین، فلا تقابِلْ آمالنا بِالتّخْیِیبِ

کارواں اترتے ہیں اور تیرے ہی میدان میں طالبان نعمت کی تمنائیں جگہ پاتی ہیں پس ہماری چاہتوں کے مقابلے میں ناامیدی و

والْإِیآسِ ولا تلْبِسْنا سِرْبال الْقنوطِ والاِ بْلاسِ إلٰھِی تصاغر عِنْد تعاظمِ آلائِک

یاس نہ دے اور ہمیں ناامیدی اور پشیمانی کا پیراہن نہ پہنا میرے معبود تیری بزرگتر نعمتوں کے سامنے میرا شکر و سپاس ہیچ ہے

شکْرِی وتضائل فِی جنْبِ إکْرامِک إیّای ثنائِی ونشْرِی جلّلتْنِی نِعمک مِنْ أنْوار

تیری عظمتوں کے مقابل میری زبان سے تیری تعریف و ذکر بے مایہ ہے تیری نعمتوں نے مجھے ایمان کے نورانی پوشاکوں سے

الْإِیمانِ حللاً، وضربتْ علیّ لطائِف بِرِّک مِن الْعِزِّ کِللاً، وقلّدتْنِی مِننک قلایِد لا

ڈھانپ دیا اور تیری خوش آیند بھلائی نے مجھے عزت کے تاج پہنائے ہیں تو نے مجھے فخر کے وہ زیور پہنائے جو اترتے

تحلّ وطوّقتْنِی أطْواقاً لا تفلّ فآلاوک جمّۃٌ ضعف لِسانِی عنْ إحْصائِہا ونعْماؤک

نہیں اور گردن میں وہ ہار ڈالا جو ٹوٹتا نہیں تیری مہربانیاں زیادہ ہیں میری زبان انکو شمار کرنے سے عاجز ہے اور تیری نعمتیں کثیر ہیں

کثِیرۃٌ قصر فہْمِی عنْ إدْراکِہا فضْلاً عنِ اسْتِقْصائِہا فکیْف لِی بِتحْصِیلِ

میرا فہم ان کو سمجھنے سے قاصر ہے چہ جائیکہ ان کی تعداد کو جان سکے تو میں کیسے مقام شکر حاصل کروں کہ

الشّکْرِ وشکْرِی إیّاک یفْتقِر إلی شکْرٍ ؟ فکلّما قلْت لک الْحمْد وجب علیّ لِذلِک

میرا شکر کرنا بھی محتاج شکر ہے تو جب میں کہوں کہ تیرے لیے حمد ہے اس کے لیے مجھ پر واجب ہے کہ

أنْ أ قول لک الْحمْد إلهی فکما غذّیْتنا بِلطْفِک وربّیْتنا بِصنْعِک فتمِّمْ علیْنا سوابِغ
میں کہوں تیرے لیے حمد ہے پس جیسے تو نے ہمیں اپنے لطف سے غذا دی اور اپنے احسان سے پرورش کی ہے تو ہم پر اپنی کثیر نعمتیں
النِّعمِ، وادْفعْ عنّا مکارِہ النِّقمِ، وآتِنا مِنْ حظوظِ الدّاریْنِ أرْفعہا وأجلّہا عاجِلاً
بھی تمام فرما اور عذاب کی سختیاں ہم سے دور کردے اور ہمیں دنیا و آخرت میں بہتر اور بیشتر حصہ عطا فرما
وآجِلاً، ولک الْحمْد علی حسْنِ بلائِک، وسبوغِ نعْمائِک، حمْداً یوافِق رِضاک،
اب بھی اور تب بھی تیرے لیے حمد ہے تیری بہترین آزمائش اور کثیر نعمتوں پرایسی حمد جو تیری رضا کے موافق ہو
ویمْتری الْعظِیم مِنْ بِرِّک ونداک، یا عظِیم یا کرِیم، بِرحْمتِک یا أرْحم الرّاحِمِین
اور تیرے عظیم احسان و بخشش کو حاصل کرے اے عظیم اے کریم تیری رحمت کا واسطہ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

ساتویں مناجات

بِسْمِ اللّٰہِ الرحْمنِ الرحیمْ--- مناجات مطِیعِین للہ خدا کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اللّٰہمّ ألْہِمْنا طاعتک وجنِّبْنا معْصِیتک ویسِّرْ لنا بلوغ ما نتمنّیٰ مِنِ ابْتِغاءِ رِضْوانِک
اے معبود ہمیں اپنی فرمانبرداری کی تعلیم دے اور اپنی نافرمانی سے بچائے رکھ ہمارے لیے ان تمناؤں تک پہنچنا آسان فرما
وأحْلِلْنا بحْبوحۃ جِنانِک، واقْشعْ عنْ بصائِرِنا سحاب الارْتِیابِ، واکْشِفْ عنْ
جو تیری رضا حاصل کرنے کا ذریعہ ہوں ہمیں اپنی جنت کے وسط میں جگہ دے ہماری آنکھوں سے شک کے بادل دور کردے
قلوبِنا أغْشِیۃ الْمِرْیۃِ والْحِجابِ وأزْہِقِ الْباطِل عنْ ضمائِرِنا، وأ ثْبِتِ الْحقّ فِی
ہمارے دلوں سے شبہ و حجاب کے پردے ہٹا دے اور ہمارے ضمیروں سے باطل کو مٹادے ہمارے باطن میں حق
سرائِرِنا، ف إنّ الشّکوک والظّنون لواقِحِ الْفِتنِ، ومکدِّرۃٌ لِصفْوِ الْمنائِحِ والْمِننِ ۔
کو قائم کردے کیونکہ شکوک اور گمان فتنہ پیدا کرتے ہیں اور بخششوں اور احسانوں کی چمک پر داغ دار کرتے ہیں
اللّٰہمّ احْمِلْنا فِی سفنِ نجاتِک، ومتِّعْنا بِلذِیذِ مناجاتِک، وأوْرِدْنا حِیاض حبِّک،
اے معبود ہمیں نجات کی کشتیوں میں جگہ دے اپنے حضور مناجات کی لذت نصیب فرما ہمیں اپنی محبت کے حوضوں میں داخل کر
وأذِقْنا حلاوۃ ودِّک وقرْبِک، واجْعلْ جِہادنا فِیک، وہمّنا فِی طاعتِک، وأخْلِصْ
اور اپنی محبت اور قرب کی مٹھاس چکھا دے ہماری کوشش اپنی راہ میں قرار دے اور اپنی اطاعت کی ہمت عطا کر اپنے ساتھ معاملے
نِیّاتِنا فِی معاملتِک، ف إنّا بِک ولک ولا وسِیلۃ لنا إلیْک إلاّ أ نْت ۔ إلہِی اجْعلْنِی مِن
میں ہماری نیتوں کو خالص فرما کہ ہم تیرے ساتھ اور تیرے لیے ہیں تیرے بارگاہ میں ہمارا وسیلہ کوئی نہیں مگر خود تو ہی ہے میرے

الْمصْطفيْن الْاخْيار، وألْحِقْنِی بِالصّالِحِين الْا بْرارِ، السّابِقِين إلی الْمكْرمات،ِ
معبود مجھے چنے ہوئے نیک لوگوں میں سے قرار دے اور مجھے نیکوکار پاک دل لوگوں میں شامل فرما جو خوبیوں میں آگے بڑھنے اور
الْمسارِعِين إلی الْخيْراتِ، الْعامِلِين لِلْباقِياتِ الصّالِحاتِ، السّاعِين إلی رفِيعِ
نیکیوں میں جلدی کرنے والے ہیں جو اچھے آثار پر عمل کرنے والے اونچے درجوں کی طرف جانے میں
الدّرجاتِ إنّک علی کلِّ شيْئٍ قدِيرٌ وبِالْاِجابۃِ جدِيرٌ بِرحْمتِک يا أرْحم الرّاحِمِين
کوشاں ہیں بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور قبول کرنے کا اہل ہے تیری رحمت کا واسطہ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

آٹھویں مناجات

بِسْمِ اللهِ الرحْمنِ الرحيمْ--- مناجات مریدین خدا کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
سبْحانک ما أضْيق الطّرق علی منْ لمْ تکنْ دلِيلہ، وما أوْضح الْحقّ عِنْد منْ
تو پاک ہے اس کیلئے راستے کتنے تنگ ہیں جس کا رہبر تو نہ ہو اور اس کے لیے حق کتنا واضح ہے
هدیْتہ سبِيلہ؟ إلهِی فاسْلکْ بِنا سبل الْوصولِ إليْک ، وسيِّرْنا فِی أقْربِ الطّرقِ
جسے تو راستہ بتائے میرے معبود ہمیں اپنی درگاہ تک پہنچانے والے راستوں پر چلا اور ہمیں اپنی طرف لے جانے والے قریب ترین
لِلْوفودِ عليْک، قرِّبْ عليْنا الْبعِيد، وسهِّلْ عليْنا الْعسِير الشّدِيد، وأ لْحِقْنا بِعِبادِک
راستوں پر رواں فرما جو دور ہے وہ ہمارے قریب لے آ اور جو مشکل اور کٹھن ہے وہ ہمارے لیے آسان فرمادے ہمیں اپنے ان
الّذِين همْ بِالْبِدار إليْک يسارِعون وبابک علی الدّوامِ يطْرقون، و إيّاک فِی اللّيْلِ
بندوں سے ملحق کردے جو تیری طرف بڑھنے میں جلدی کرنے والے ہیں اور تیرے دروازہ رحمت کو ہمیشہ کھٹکھٹاتے ہیں رات دن
والنّهار يعْبدون، وهمْ مِنْ هيْبتِک مشْفِقون، الّذِين صفّيْت لهم الْمشارِب،
تیری عبادت میں مشغول رہتے ہیں اور تیرے دبدبہ سے خائف و ترساں رہتے ہیں وہ وہی ہیں جن کی سیرابی کی جگہوں کو تو نے
وبلّغْتهم الرّغائِب، وأ نْجحْت لهم الْمطالِب، وقضيْت لهمْ مِنْ فضْلِک الْمآرِب،
صاف کیااور انہیں ان کی چاہتوں تک پہنچایا ہے انہیں اپنے مقاصد میں کامیاب بنایااور اپنے کرم سے انکی حاجات پوری فرمائی ہیں
وملائ ِت لهمْ ضمائِرهمْ مِنْ حبِّک وروّيْتهمْ مِنْ صافِی شِرْبِک فبِک إلی لذِيذِ
ان کے دلوں کو اپنی محبت سے لبریز کر دیا ہے اور انہیں شفاف گھاٹ سے سیراب کیا ہے وہ تجھ سے مناجات کی لذت
مناجاتِک وصلوا، ومِنْک أقْصی ٰ مقاصِدِهِمْ حصّلوا، فيا منْ هو علی الْمقْبِلِين
سے تیری بارگاہ میں پہنچے ہیں اور تجھی سے انہوں نے اپنے تمام مقاصد حاصل کیے ہیں پس اے وہ جو اپنی طرف رخ کرنے
عليْهِ مقْبِلٌ، وبِالْعطْفِ عليْهِمْ عائِدٌ مفْضِلٌ، وبِالْغافِلِين عنْ ذِکْرِهِ رحِيمٌ ر ئ وْفٌ،

والوں کی جانب متوجہ ہے اور اپنی مہربانی سے انہیں متواتر نعمت دینے اور بخشنے والا ہے اور اپنے ذکر سے غفلت کرنے والوں پر نرم اور

وبِجذْبِہِمْ إلی بابِہِ ودودٌ عطوفٌ، أسْألک أنْ تجْعلنِی مِنْ أوْفرهِمْ مِنْک حظاًّ،

مہربان ہے اور انہیں اپنے دروازے پر لانے میں پیار کرنیوالا مہربان ہے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے ان لوگوں میں رکھ جو

وأعْلاهمْ عِنْدک منْزلاً، وأجْزلِہِمْ مِنْ ودِّک قِسْماً ، وأ فْضلِہِمْ فِی

تیرے ہاں زیادہ حصہ رکھتے ہیں اور تیرے حضور ان کا مقام بلند ہے اور انہوں نے تیری رحمت کا زیادہ حصہ پایا ہے اور وہ تیری

معْرفتِک نصِیباً، فقدِ انْقطعتْ إلیْک هِمّتِی، وانْصرفتْ نحْوک

معرفت میں سے بہت زیادہ حصہ لے چکے ہیں پس میری ہمت تجھ تک آکر قطع ہوگئی ہے اور میں نے اپنی چاہت تیری طرف پھیر

رغْبتِی، فأ نْت لا غیْرک مرادِی، ولک لا لِسِواک سہرِی وسہادِی، و لِقاؤک

دی ہے تو ہی ہے کہ تیرے سوا میرا کوئی مطلوب نہیں میری نیند اور بیداری تیرے ہی لیے ہے کسی اور کے لیے نہیں تیری ملاقات

قرّۃ عیْنِی، و وصْلک منی ٰ نفْسِی، و إلیْک شوْقِی، وفِی محبّتِک ولہِی، و إلی ٰ

میری آنکھوں کی ٹھنڈک اور تجھ سے ملنا میری دلی آرزو ہے مجھے تیرا ہی شوق ہے اور تیری ہی محبت کا جنون ہے تیری چاہت میرا

هواک صبابتِی ورضاک بغْیتِی، ورؤْیتک حاجتِی، وجِوارک طلبِی، وقرْبک غایۃ

عشق ہے اور تیری رضا میرا مقصود ہے تیرا نظارہ ہی میری ضرورت ہے تیرا ساتھ میری طلب ہے تیرا قرب میری

سؤْلِی، وفِی مناجاتِک روْحِی وراحتِی، وعِنْدک دوائ عِلّتِی، وشِفائ غلّتِی، وبرْد

انتہائی خواہش ہے اور تجھ سے راز و نیاز میں میری خوشی و مسرت ہے تو ہی میری بیماری و علت کی دوا میرے سوز جگر کی شفا سوز دل کی

لوْعتِی، وکشْف کرْبتِی، فکنْ أنِیسِی فِی وحْشتِی، ومقِیل عثْرتِی، وغافِر زلّتِی،

ٹھنڈک ہے اور میری سختی کادور ہونا ہے پس تو میری تنہائی کا ساتھی بن جا میری خطاؤں کو معاف کرنے والا میری کوتاہیوں کو بخشنے والا

وقابِل توْبتِی ومجِیب دعْوتِی وو لِیّ عِصْمتِی ومغْنِی فاقتِی، ولا تقْطعْنِی عنْک،

میری توبہ قبول کرنے والا میری دعا قبول کرنے والا میری نگہداری کا ذمہ داراور کمی کو پورا کرنے والا بن جا مجھے خود سے الگ نہ فرما

ولا تبْعِدْنِی مِنْک، یا نعِیمِی وجنّتِی، ویا دنْیای وآخِرتِی، یا أرْحم الرّاحِمِین ۔

اور نہ خود سے دور ہٹا اے میرے لیے نعمت اے میری جنت اے میری دنیا و آخرت اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

نویں مناجات

بِسْمِ اللهِ الرحْمنِ الرحیمْ--- مناجات محبین خدا کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

إلہِی منْ ذا الّذِی ذاق حلاوۃ محبّتِک فرام مِنْک بدلاً ومنْ ذا الّذِی أنِس

میرے معبود کون ہے جو تیری صحبت کی شیرینی کامزہ چکھے اور پھر اس میں تبدیلی کی خواہش کرے اور کون ہے جو تیری نزدیکی سے

بِقرْبِک فابْتغی عنْک حِولاً؟ إلهی فاجْعلْنا مِمّنِ اصْطفیْتہ لِقرْبِک وولایتِک،
مانوس ہو اور پھر اس سے دوری چاہے میرے معبود مجھے ان لوگوں میں قرار دے جن کو تو نے قرب و دوستی کے لیے پسند فرمایا
وأخْلصْتہ لِودِّک ومحبّتِک، وشوّقْتہ إلی لِقائِک، ورضّیْتہ بِقضائِک، ومنحْتہ
اور جن کے لیے اپنی چاہت اور محبت کو خالص کیا ہے جنہیں اپنی ملاقات کا شوق دلایاہے اور جن کو اپنی قضا پر راضی کیا اور اپنی ذات
بِالنّظرِ إلی وجْہِک، وحبوْتہ بِرِضاک، وأعذْتہ مِنْ هجْرِک وقِلاک، وبوّأْتہ مقْعد
کا نظارہ کرنے کا شرف بخشا ہے جنہیں اپنی رضا سے نوازا ہے خود سے دوری اور علیحدگی سے پناہ میں رکھا ہے اور اپنی خوشنودی
الصِّدْقِ فِی جِوارِک وخصصْتہ بِمعْرِفتِک وأہّلْتہ لِعِبادتِک وهیّمْت قلْبہ لِاِرادتِک
کے مقام کے قریب رکھا ہے اور انہیں اپنی معرفت کے لیے خاص کیا اپنی عبادت کا اہل بنایا ان کے دلوں میں اپنی ارادت پیدا کی
واجْتبیْتہ لِمشاهدتِک، وأخْلیْت وجْہہ لک، وفرّغْت فؤادہ لِحبِّک، ورغّبْتہ فِیما
اور ان کو اپنے جلووں کے مشاہدے کے لیے چن لیا ان کے چہروں کو اپنے حضور جھکایا ان کے دلوں کو اپنی محبت کیلئے فارغ کیا اور جو
عِنْدک، وأ لْهمْتہ ذِکْرک، وأوْزعْتہ شکْرک، وشغلْتہ بِطاعتِک، وصیّرْتہ مِنْ
کچھ تیرے پاس ہے اس کی چاہت دی انہیں اپنا ذکر تعلیم کیا ان کو اپنے شکر کی توفیق دی اور اپنی اطاعت میں مشغول کیا انہیں اپنی
صالِحِی برِیّتِک، واخْترْتہ لِمناجاتِک، وقطعْت عنْہ کلّ شیْئٍ یقْطعہ عنْک ۔ اللّٰهمّ
نیک مخلوق میں سے قرار دیا اور انہیں اپنی مناجات کے لیے چنا تو نے ان سے وہ تمام چیزیں الگ کردیں جو انہیں تجھ سے جدا کرسکتی
اجْعلْنا مِمّنْ دأبهم الارْتِیاح إلیْک والْحنِین، ودهْرهم الزّفْرۃ والْانِین، جِباههمْ
تھیں اے معبود ہمیں ان لوگوں میں قرار دے جو تیری بارگاہ کا شوق و خوشدلی رکھتے ہیں جن کی زندگی آہ و زاری سے عبارت ہے ان
ساجِدۃٌ لِعظمتِک، وعیونهمْ ساهِرۃٌ فِی خِدْمتِک، ودموعهمْ سائِلۃٌ مِنْ
کی پیشانیاں تیری بڑائی کے آگے جھکی ہوئی ہیں ان کی آنکھیں تیرے حضور بیدار رہتی ہیں تیرے خوف میں ان کے آنسو رواں ہیں
خشْیتِک وقلوبهمْ متعلِّقۃٌ بِمحبّتِک وأفْئِدتهمْ منْخلِعۃٌ مِنْ مهابتِک یا منْ أ نْوار
انکے دل تیری محبت میں لگے بندھے ہیں ان کے باطن تیرے رعب سے پگھلے ہوئے ہیں اے وہ جس کی پاکیزگی کے انوار محبوں
قدْسِہِ لِاَ بْصارِ محِبِّیہِ رائِقۃٌ، وسبحات وجْہِہِ لِقلوبِ عارِفِیہِ شائِقۃٌ، یا منیٰ
کو بھلے لگتے ہیں اور اس کی ذات کے جلوے سے عارفوں کے دلوں کو کھولنے والے ہیں اے شوق رکھنے
قلوبِ الْمشْتاقِین ویا غایۃ آمالِ الْمحِبِّین أسْألک حبّک، وحبّ منْ یحِبّک، وحبّ
والے دلوں کی آرزو اے محبوں کے ارمانوں کی انتہا میں تجھ سے تیری محبت اور تجھ سے محبت کرنے والوں کی محبت مانگتا ہوں
کلِّ عملٍ یوصِلنِی إلی قرْبِک، وأنْ تجْعلک أحبّ إلیّ مِمّا سِواک، وأنْ تجْعل
اور ہر اس عمل کی محبت جو مجھے تیرے نزدیک کرنے والا ہے میں چاہتا ہوں کہ دوسروں سے زیادہ اپنی ذات کو میرا محبوب بنا اور یہ کہ

حبّی إيّاک قائِداً إلی رِضْوانِک، وشوْقِی إلیْک ذائِداً عنْ عِصْیانِک، وامْننْ
میں تجھ سے جو محبت کرتا ہوں اسے میرے لیے دخول جنت کا ذریعہ بنا اور تیرے لیے میرا جو شوق ہے اسے نافرمانیوں سے مانع بنا
بِالنّظر إلیْک علیّ، وانْظرْ بِعیْنِ الْودّ والْعطْفِ إلیّ، ولا تصْرِفْ عنّی وجْهک،
اور اپنی نظر عنایت کرکے مجھ پر احسان فرما مجھ کو نرمی اور محبت کی نظروں سے دیکھ اور مجھ سے اپنی توجہ نہ ہٹا مجھے اپنے
واجْعلْنِی مِنْ أهْلِ الْإِسْعادِ والْحظْوۃِ عِنْدک، یا مجِیب، یا أرْحم الرّاحِمِین ۔
نزدیک اہل سعادت اور بہرہ مندوں میں قرار دے اے دعا قبول کرنے والے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے ۔

دسویں مناجات

بِسْمِ اللهِ الرحْمنِ الرحِیمْ--- مناجات متوسلین خدا کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
إلهِی لیْس لِی وسِیلۃٌ إلیْک إلاّ عواطِف رأفتِک، ولالی ذرِیعۃٌ إلیْک
میرے معبود تیری درگاہ تک تیرے کرم اور مہربانیوں کے علاوہ میرا کوئی وسیلہ نہیں مگر تیرا کرم اور مہربانیاں اور تجھ تک پہنچنے کا میرا کوئی
إلاّ عوارِف رحْمتِک وشفاعۃ نبِیِّک نبِیّ الرّحْمۃِ، ومنْقِذِ الْأمّۃِ مِن الْغمّۃِ فاجْعلْهما
ذریعہ نہیں مگر تیری رحمت اور احسان اور تیرے نبی ؐ رحمت کی شفاعت جو امت کو گمراہی سے نکالنے والے ہیں ان دونوں کو میرے
لِی سبباً إلی نیْلِ غفْرانِک، وصیِّرْهما لِی وصْلۃً إلی الْفوْزِ بِرِضْوانِک، وقدْ حلّ
لیے اپنی بخشش کے حصول کا ذریعہ بنا اور انہی دونوں کو میرے لیے اپنی رضا تک پہنچنے کا وسیلہ قرار دے میری امیدیں تیری بارگاہ کرم
رجائِی بِحرمِ کرمِک وحطّ طمعِی بِفِنائِ جودِک، فحقِّقْ فِیک أملِی، واخْتِمْ بِالْخیْرِ
سے وابستہ ہیں اور میری خواہش مجھے تیرے آستان سخاوت پر لائی ہے پس میری امید پوری فرما میرے عمل کا
عملِی واجْعلْنِی مِنْ صفْوتِک الّذِین أحْللْتهمْ بحْبوحۃ جنّتِک وبوّأْتهمْ دار کرامتِک
انجام بہ خیر کر مجھے اہل صفا میں قرار دے جن کو تو نے اپنی جنت کے بیچوں بیچ جگہ عطا کی ہے اور انہیں اپنے کرامت والے گھر میں رکھا
وأقْررْت أعْینهمْ بِالنّظرِ إلیْک یوْم لِقائِک، وأوْرثْتهمْ منازِل الصِّدْقِ فِی جِوارِک ۔
تو نے یوم ملاقات اپنی درگاہ کی طرف نظر کرنے سے ان کی آنکھوں کو روشن کیا اور انہیں اپنے قرب میں صدق کی منزلوں کا وارث بنایا
یا منْ لا یفِد الْوافِدون علی أکْرم مِنْه ولا یجِد الْقاصِدون أرْحم مِنْه، یا خیْر منْ
اے وہ کہ وارد ہونے والے اس سے زیادہ کریم کے ہاں وارد نہیں ہوتے اور نہ ہی قصد کرنے والے کوئی اس سے زیادہ رحم والا پاتے
خلا بِهِ وحِیدٌ، ویا أعْطف منْ آویٰ إلیْهِ طرِیدٌ، إلی سعۃِ عفْوِک مددْت یدِی،
ہیں اے ان سب سے بہتر جن سے تنہائی میں ملاقات کی جائے اوراے بہت مہربان کہ ہر دور کیا ہؤا تیرے ہی وسیع دامان عفو میں

وبِذیْلِ کرمِک أعْلقْت کفِّی، فلا تو لِنِی الْحِرْمان، ولا تبْلِنِی بِالْخیْبۃِ والْخسْرانِ،
پناہ حاصل کرتا ہے میں نے اپنا ہاتھ پھیلایا اورتیرے دامن سخاوت کو اپنی ہاتھ سے تھام لیا ہے پس مجھے ناامید نہ فرما اور مجھے رسوائی
یا سمِیع الدّعائِ، یا أرْحم الرّاحِمِین ۔
اور گھاٹے سے دوچار نہ کر اے دعا کے سننے والے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

گیارہویں مناجات

بِسْمِ اللّهِ الرحْمنِ الرحیمْ---- مناجات مفتقرین خدا کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
إلٰھِی کسْرِی لا یجْبرہ إلاّ لطْفک وحنانک وفقْرِی لا یغْنِیہِ إلاّ عطْفک و إحْسانک
میرے معبود کوئی میری شکستگی کو بحال نہیں سکتا مگر تیرا لطف و مہربانی اور مجھے محتاجی سے کوئی نہیں نکال سکتا مگرتیری نوازش اور تیرا
وروْعتِی لا یسکِّنہا إلاّ أمانک، وذِلّتِی لا یعِزّہا إلاّ سلْطانک، وأمْنِیّتِی لا یبلِّغنِیہا
احسان کوئی میرے خوف کو سکون میں نہیں بدل سکتا مگر تیری پناہ کوئی میری ذلت کو عزت سے نہیں بدل سکتا مگر تیری قوت کوئی میری آرزو پوری
إلاّ فضْلک، وخلّتِی لا یسدّہا إلاّ طوْلک، وحاجتِی لا یقْضِیہا غیْرک، وکرْبِی لا
نہیں ہوسکتی مگر تیرے فضل سے کوئی میری حاجت بر نہیں آتی مگر تیری بخشش سے کوئی میری ضرورت پوری نہیں کرسکتا سوائے تیرے
یفرّجہ سِوی رحْمتِک وضرِّی لا یکْشِفہ غیْر رأْفتِک وغلّتِی لا یبرِّدہا إلاّ وصْلک
میری مصیبت نہیں کٹتی بجز اس کے کہ تو رحمت فرمائے میری بے چارگی رفع نہیں ہوتی سوائے تیری مہربانی کے میرے سینے کی جلن کو
ولوْعتِی لا یطْفِیہا إلاّ لِقاؤک، وشوْقِی إلیْک لا یبلّہ إلاّ النّظر إلی
تیرا ہی وصالٹھنڈک پہنچا سکتاہے میرے سوزدل کو تیری ملاقات ہی خنک کرسکتی ہے میرے شوق کو تیرے جلوے کا نظارہ ہی تسکین
وجْہِک، وقرارِی لا یقِرّ دون دنوِّی مِنْک، ولہْفتِی لا یردّہا إلاّ روْحک، وسقْمِی
دے سکتا ہے سوائے تیرے قرب کے مجھے قرار نہیں مل سکتا میرے رنج و غم کو تیری خوشنودی ہی مٹا سکتی ہے اورمیری
لا یشْفِیہِ إلاّ طِبّک وغمِّی لا یزِیلہ إلاّ قرْبک وجرْحِی لا یبْرِئہ إلاّ صفْحک، وریْن
بیماری دور نہیں ہوتی مگر تیری دوا سے میرا غم نہیں جاتا مگر تیرے قرب سے تیری ہی چشم پوشی میرے زخم کو اچھا کرسکتی ہے
قلْبِی لا یجْلوہ إلاّ عفْوک ووسْواس صدْرِی لا یزِیحہ إلاّ أمْرک ۔ فیا منْتہیٰ أملِ
تیرا عفو ہی میرے دل کے میل کو صاف کرسکتا ہے تیرے ہی حکم سے میرے سینے کا وسواس دور ہوسکتا ہے پس اے امید کرنے والوں
الْآمِلِین، ویا غایۃ سؤْلِ السّائِلِین، ویا أقْصیٰ طلِبۃِ الطّالِبِین، ویا أعْلیٰ رغْبۃِ
کی امید کی انتہا اے سوالیوں کی انتہا اے طلب کرنے والوں کی انتہائی طلب اے رغبت کرنے والوں
الرّاغِبِین ویا و لِیّ الصّالِحِین ویا أمان الْخائِفِین، ویا مجِیب دعْوۃِ الْمضْطرِّین

کی رغبت سے بالاتر اے نیکوکاروں کے سرپرست اے ڈرے ہوؤں کی پناہ گاہ اے بے قراروں کی دعائیں قبول کرنے والے

ویا ذخْر الْمعْدِمِین ویا کنْز الْبائِسِین، ویا غِیاث الْمسْتغِیثِین، ویا قاضِی حوائِجِ

اے ناداروں کے سرمایہ اے درماندوں کے خزانے اے داد خواہوں کے داد رس اے فقرائ و مساکین کی حاجتیں

الْفقرائِ والْمساکِینِ ویا أکْرم الْاکْرمِین ویا أرْحم الرّاحِمِین لک تخضّعِی

پوری کرنے والے اے عزت داروں میں بڑے عزت دار اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے تیرے آگے عاجزی کرتا ہوں

وسؤالِی و إلیْک تضرّعِی وابْتِہالِی، أسْألک أنْ تنِیلنِی مِنْ روْحِ رِضْوانِک،

اور تجھی سے ہی سوال کرتا ہوں تیرے ہی سامنے فریاد و زاری کرتا ہوں میں سوال کرتا ہوں کہ اپنی نسیم رضا مجھ تک پہنچا دے

وتدِیم علیّ نِعم امْتِنانِک، وھا أ نا بِبابِ کرمِک واقِفٌ، و لِنفحاتِ بِرّک متعرِّضٌ،

اور ہمیشہ مجھ پراحسان و کرم فرما ہاں اب میں تیرے در سخاوت پر آکھڑا ہوں اور تیرے بہترین عطیات کا منتظر ہوں

وبِحبْلِک الشّدِیدِ معْتصِمٌ وبِعروتِک الْوثْقی متمسِّکٌ۔ إلھِی ارْحمْ عبْدک الذّلِیل

اور تیری مضبوط رسی کو پکڑے ہوئے ہوں اور تیری محکم ڈوری کو تھامے ہوئے ہوں میرے معبود اپنے اس پست بندے پر رحم فرما

ذا اللِّسانِ الْکلِیلِ والْعملِ الْقلِیلِ وامْننْ علیْہِ بِطوْلِک الْجزِیلِ، واکْنفْہ تحْت ظِلِّک

جس کی زبان گنگ اور عمل بہت کم ہے اس پر اپنی فزوں تر سخاوت سے احسان فرما اوراپنے بلندتر سائے تلے پناہ دے اے کریم

الظّلِیل، یا کرِیم یا جمِیل، یا أرْحم الرّاحِمِین ۔

اے جمیل اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

بارہویں مناجات

بِسْمِ اللهِ الرحْمنِ الرحیمْ--- مناجات عارفین خدا کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

إلھِی قصرتِ الْألْسن عنْ بلوغِ ثنائِک کما یلِیق بِجلالِک، وعجزتِ الْعقول عنْ

میرے معبود تیری جلالت شان کے مناسب تیری تعریف کرنے میں زبانیں گنگ ہیں اور تیرے جمال کی حقیقت کو سمجھنے سے

إدْراکِ کنْہِ جمالِک، وانْحسرتِ الْا بْصار دون النّظرِ إلی سبحاتِ وجْھِک، ولمْ

لوگوں کی عقلیں عاجز ہیں تیری ذات کے جلووں کی طرف نظر کرنے سے آنکھیں درماندہ ہو کر رہ جاتی ہیں لوگوں کے لیے تیری

تجْعلْ لِلْخلْقِ طرِیقاً إلی معْرِفتِک إلاّ بِالْعجْزِ عنْ معْرِفتِک إلھِی فاجْعلْنا مِن

معرفت کا حصول بس یہی ہے کہ وہ تیری معرفت سے قاصر ہیں میرے معبود مجھے ان لوگوں میں سے قرار دے

الّذِین ترسّختْ أشْجار الشّوْقِ إلیْک فِی حدائِقِ صدورِھِمْ وأخذتْ لوْعۃ محبّتِک

جن کے سینوں کے باغیچوں میں تیرے شوق کے درخت جڑیں پکڑ چکے ہیں اور تیرے سوز محبت نے ان کے دلوں کو

بِمجامِعِ قلوبِھِمْ، فھمْ إلی أوْکارِ الْأفْکارِ یأْوون، وفِی رِیاضِ الْقرْبِ والْمکاشفۃِ

گھیرا ہؤا ہے اب وہ یادوں کے آشیانے میں پناہ لیے ہوئے ہیں اور تیرے قرب اور جلوے کے باغوں میں
یرْتعون، ومِنْ حِیاضِ الْمحبّۃِ بِکأْسِ الْملاطفۃِ یکْرعون، وشرائِعِ الْمصافاۃِ
سیر کر رہے ہیں وہ تیری محبت کے چشموں سے جام الفت کے گھونٹ پی رہے ہیں اور صاف ستھرے گھاٹوں پر
یردون قدْ کشِف الْغِطائ عنْ أبْصارِھِمْ وانْجلتْ ظلْمۃ الرّیْبِ عنْ عقائِدِھِمْ
وارد ہیں ان کی آنکھوں سے پردہ اٹھ چکا ہے اور شک کی کالک ان کے عقیدوں اور ضمیروں سے دور ہوگئی ہے ان کے
وضمائِرِھِمْ وانْتفتْ مخالجۃ الشّکِّ عنْ قلوبِھِمْ وسرائِرِھِمْ، وانْشرحتْ بِتحْقِیقِ
دلوں اور باطنوں سے شبہ کے اثرات ختم ہوگئے ہیں صحیح معرفت حاصل ہونے سے ان کے سینے
الْمعْرِفۃِ صدورھمْ، وعلتْ لِسبْقِ السّعادۃِ فِی الزّھادۃِ ھِممھمْ، وعذب فِی معِینِ
کھل چکے ہیں حصول سعادت کے لیے زہد میں ان کی ہمتیں بلند ہوگئی ہیں کردار کے چشمہ میں ان کا پینا شیریں ہے
الْمعاملۃِ شِرْبھمْ، وطاب فِی مجْلِسِ الْأنْسِ سِرّھمْ، وأمِن فِی موْطِنِ الْمخافۃِ
انس و محبت کی محفل میں ان کا باطن صاف ہے خوفناک جگہوں پر ان کا گروہ امن میں ہے اور پالنے والوں
سِرْبھمْ، واطْمأنّتْ بِالرّجوعِ إلی ربِّ الْأرْبابِ أنْفسھمْ، وتیقّنتْ بِالْفوْزِ والْفلاحِ
کے پالنے والے کی طرف بازگشت سے ان کے نفس مطمئن ہیں ان کی روحوں کو بخشش و کامیابی
أرْواحھمْ، وقرّتْ بِالنّظرِ إلی محْبوبِھِمْ أعْینھمْ، واسْتقرّ بِ إدْراکِ السّؤْلِ ونیْلِ
کا یقین ہے ان کی آنکھیں دیدار محبوب سے خنک ہیں ان کو حاجتیں پوری ہونے اور مرادیں
الْمأْمولِ قرارھمْ، وربِحتْ فِی بیْعِ الدّنْیا بِالْآخِرۃِ تِجارتھمْ ۔ إلھِی ما ألذّ خواطِر
بر آنے سے قرار حاصل ہے آخرت کے بدلے دنیا بیچنے سے ان کا سودا نفع بخش ہے میرے معبود کیا ہی مزہ ہے ان خیالوں میں
الْإِلْھامِ بِذِکْرِک علی الْقلوبِ وما أحْلیٰ الْمسِیر إلیْک بِالْأوْہامِ فِی مسالِکِ الْغیوبِ
جو تیرے ذکر سے دلوں میں آتے ہیں اور کتنا شرین ہے تیری طرف وہ سفر جو بخیال خود غیب کے راستوں پر جاری ہے کتنا اچھا ہے
وما أطْیب طعْم حبِّک وما أعْذب شِرْب قرْبِک، فأعِذْنا مِنْ طرْدِک و إبْعادِک،
تیری محبت کا ذائقہ اور کتنا میٹھا ہے تیرے قرب کا شربت پس بچا ہمیں کہ تیرے ہاں سے ہانکے جائیں اور تجھ سے دور رہیں ہمیں
واجْعلْنا مِنْ أخصِّ عارِفِیک وأصْلحِ عِبادِک وأصْدقِ طائِعِیک وأخْلصِ عبّادِک
اپنے خصوصی عارفوں اور صالح ترین بندوں میں قرار دے اور اپنے سچے فرمانبرداروں اور کھرے عبادت گزاروں میں رکھ اے عظمت
یا عظِیم یا جلِیل، یا کرِیم یا منِیل، بِرحْمتِک ومنِّک یا أرْحم الرّاحِمِین ۔
والے اے جلال والے اے مہربان اے عطا کرنے والے تجھے تیری رحمت و احسان کا واسطہ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

تیرہویں مناجات

بِسْمِ اللّٰهِ الرحْمنِ الرحيمْ--- مناجات ذاکرين خدا کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہايت رحم والا ہے

إلٰهِی لوْلا الْواجِب مِنْ قبولِ أمْرِک لنزّهْتک عنْ ذِکْرِی إيّاک على أنّ ذِکْرِی لک

ميرے معبود اگر تيرا حکم ماننا واجب نہ ہوتا تو ميں تيرا ذکر اپنی زبان پر نہ لاتا کيونکہ ميں تيرا جو ذکر کرتا ہوں وہ ميرے اندازے سے

بِقدْرِی لا بِقدْرِک، وما عسىٰ أنْ يبْلغ مِقْدارِی حتّى أجْعل محلاًّ لِتقْدِيسِک، ومِنْ

ہے نہ تيری شان کے مطابق اور ميری کيا بساط کہ ميں تيری تقديس و پاکيزگی کا محل قرار پا سکوں يہ چيز ہم پر تيری

أعْظمِ النِّعمِ عليْنا جريان ذِکْرِک على ألْسِنتِنا، و إذْ نک لنا بِدعائِک وتنْزِيهِک

عظيم نعمتوں ميں سے ہے کہ تيرا ذکر ہماری زبانوں پر جاری ہے اور ہميں تجھ سے دعا مانگنے اور تيری پاکيزگی و نظافت بيان کرنے

وتسْبِيحِک ـ إلٰهِی فألْهِمْنا ذِکْرک فِی الْخلائِ والْملائِ، واللّيْلِ والنّهارِ، والْإعْلانِ

کی اجازت ہے ميرے معبود ہميں اپنے ذکر کی توفيق دے کہ ہم نہاں اور عياں ، رات اور دن، ظاہر و باطن اور

والْإِسْرارِ وفِی السّرّائِ والضّرّائِ وآنِسْنا بِالذِّکْرِ الْخفِيّ واسْتعْمِلْنا بِالْعملِ الزّکِيّ

خوشی و غمی ميں تيرا ذکر کيا کريں ہميں اپنے پوشيدہ ذکر سے مانوس فرما ہميں پاکيزہ عمل اور پسنديدہ کوشش

والسّعْیِ الْمرْضِيّ، وجازِنا بِالْمِيزانِ الْوفِيّ ـ إلٰهِی بِک هامتِ الْقلوب الْوالِهۃ،

ميں لگا اور پوری ميزان سے ہميں جزا دے ميرا محبت بھرا دل تجھ سے لگاؤ رکھے ہوئے ہے

وعلى معْرِفتِک جمِعتِ الْعقول الْمتبايِنۃ فلا تطْمئِنّ الْقلوب إلّابِذِکْراک ولا تسْکن

تيری معرفت ميں مختلف قسم کی عقليں اتفاق رکھتی ہيں پس دل چين نہيں پکڑتے مگر تيرے ذکر سے

النّفوس إلاّ عِنْد رؤْياک، أنْت الْمسبّح فِی کلِّ مکانٍ، والْمعْبود فِی کلِّ زمانٍ،

اور تيری ذات پر يقين سے نفسوں کو سکوں ملتا ہے تو ہی ہے جس کی تسبيح ہر جگہ ہوتی ہے اور جو ہر زمانے ميں معبود ہے اور ہر

والْموْجود فِی کلِّ أوانٍ والْمدْعوّ بِکلِّ لِسانٍ والْمعظّم فِی کلِّ جنانٍ وأسْتغْفِرک

وقت ہر جگہ موجود ہے اور ہر زبان سے پکارا جاتا ہے اور ہر دل ميں تيری عظمت قائم ہے ميں معافی چاہتا

مِنْ کلِّ لذّۃٍ بِغيْرِ ذِکْرِک، ومِنْ کلِّ راحۃٍ بِغيْرِ أ نْسِک، ومِنْ کلِّ سرورٍ بِغيْرِ قرْبِک

ہوں تجھ سے تيرے ذکر کے سوا ہر لذت سے تيری محبت کے سوا ہر راحت سے تيری قربت کے سوا ہر خوشی پر اور معافی چاہتا ہوں

ومِنْ کلِّ شغْلٍ الْحق ّبِغيْرِ طاعتِک إلٰهِی أنْت قلْت وقوْلک يا أيّها الّذِين آمنوا

تجھ سے تيری اطاعت کے سوا ہر کام سے ميرے معبود تو نے ہی کہا ہے اور تيرا قول حق ہے

اذْکروا اللّٰه ذِکْراً کثِيراً وسبِّحوه بکْرۃً وأصِيلاً وقلْت وقوْلک الْحق فاذْکرونِی

کہ اے ايمان لانے والو ذکر کرو اللہ کا بہت زيادہ ذکر اور صبح و شام اس کی پاکيزگی بيان کرو نيز تو نے ہی کہا اور تيرا قول حق ہے پس تم

أذْكُرْكُمْ فأمرْتنا بِذِكْرِك ووعدْتنا عليْهِ أنْ تذْكرنا تشْرِيفاً لنا وتفْخِيماً و
مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کرونگا تو نے ہمیں اپنی یاد کا حکم دیا اور ہم سے وعدہ کیا اس پرکہ تو بھی ہمیں یاد کرے گا یہ ہمارے لیے شرف و
إعْظاماً وها نحْن ذاكِروك كما أمرْتنا، فأ نْجِزْ لنا ما وعدْتنا، يا ذاكِر الذّاكِرِين،
احترام اور بڑائی ہے تو اب ہم تجھے یاد کررہے ہیں جیسے تو نے حکم دیا ہے پس تو بھی ہم سے کیا ہؤا وعدہ پورا کر اے یاد کرنے والوں کو
ويا أرْحم الرّاحِمِين .

یاد کرنے والے اور اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

چودھویں مناجات

بِسْمِ اللهِ الرحْمنِ الرحيمْ---- مناجات معتصمين
خدا کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔
اللّهمّ يا ملاذ اللاّئِذِين، ويا معاذ الْعائِذِين، ويا منْجِى الْهالِكِين، ويا عاصِم
میرے معبود اے پناہ دینے والوں کی پناہ اے پناہ لینے والوں کی پناہ گاہ اے ہلاکت والوں کو نجات دینے والے اے بے چاروں
الْبائِسِين، ويا راحِم الْمساكِين، ويا مجِيب الْمضْطرّين، ويا كنْز الْمفْتقِرِين،
کے نگہدار اے بے کسوں پر رحم کرنے والے اے پریشانوں کی دعا قبول کرنے والے اے محتاجوں کے خزانے
ويا جابِر الْمنْكسِرين ويا مأْوى الْمنْقطِعِين ويا ناصِر الْمسْتضْعفِين ويا مجِير
اے ٹوٹے ہوؤں کے جوڑنے والے اے بے ٹھکانوں کی جائے پناہ اور اے کمزوروں کی مدد کرنے والے اے خوف زدوں
الْخائِفِين، ويا مغِيث الْمكْروبِين ، ويا حِصْن اللاّجِين، إنْ لمْ أعذْ بِعِزّتِك فبِمنْ
کی پناہ گاہ اے دکھیاروں کے فریاد رس اے پناہ خواہوں کی محکم جائے پناہ اگر میں تیری عزت کی پناہ نہ لوں تو کس کی
أعوذ ؟ و إنْ لمْ ألذْ بِقدْرتِك فبِمنْ أ لوذ ؟ وقدْ ألْجأتْنِى الذّنوب إلى التّشبّثِ
پناہ لوں اور اگر تیری قدرت سے التجا نہ کروں تو کس سے التجا کروں میرے گناہوں نے مجھے مجبور کردیا ہے کہ میں تیرے دامان عفو کو
بِأذْيالِ عفْوِك وأحْوجتِنى الْخطايا إلى اسْتِفْتاحِ أبْوابِ صفْحِك ودعتْنِى
تھام لوں اور میری خطاؤں نے مجھے تیری چشم پوشی کے دروازوں کے کھلنے کا طلبگار بنا دیا ہے میری بدعملی نے مجھے تیرے آستان
الْإِسائة إلى الْإِناخةِ بِفِناءِ عِزّك، وحملتْنِى الْمخافة مِنْ نِقْمتِك على التّمسّكِ
عزت پرڈیرہ ڈال دینے کو کہا ہے اور تیرے عذاب کے خوف نے مجھے تیری مہربانی کی ڈوری پکڑ لینے پر آمادہ کیا ہے اور حق یہ نہیں
بِعروةِ عطْفِك، وما حقّ من اعْتصم بِحبْلِك أنْ يخْذل، ولا يلِيق بِمنِ اسْتجار
کہ جو تیری رسی کو پکڑ لے تو اسے رسوا کیا جائے اور یہ مناسب نہیں کہ جو تیری عزت کی پناہ لے اس کو
بِعِزّك أنْ يسْلم أوْ يهْمل . إلهى فلا تخْلِنا مِنْ حِمايتِك، ولا تعْرنا مِنْ رِعايتِك،

بے سہارا چھوڑا جائے میرے معبود ہمیں اپنی حمایت کے بغیر چھوڑ نہ دے اور ہمیں اپنی نگاہ سے محروم نہ فرما اور ہمیں
وذدنا عنْ موارِدِ الْھلکۃِ ف إنّا بِعینِک وفِی کنفِک ولک أسْأ لک بِأھْلِ خاصّتِک مِنْ
ہلاکت کی جگھوں سے دور رکھ کیونکہ ہم تیرے زیر نظر اور تیری پناہ میں ہیں میں تیرے مخصوص فرشتوں اور تیری مخلوق میں سے صالح
ملائِکتِک والصّالِحِین مِنْ برِیّتِک، أنْ تجْعل علیْنا واقِیۃً تنْجِینا مِن الْھلکاتِ،
بندوں کا واسطہ دے کر تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ ہم پر ایسی سپر ڈال دے جو ہمیں ہلاکتوں سے بچائے
وتجنِّبنا مِن الْآفاتِ وتکِنّنا مِنْ دواھِی الْمصِیباتِ، وأنْ تنْزِل علیْنا مِنْ سکِینتِک،
اور آفتوں سے محفوظ رکھے اور تو ہمیں بڑی بڑی مصیبتوں سے نجات عطا فرما میں چاہتا ہوں کہ تو ہم پر اپنی طرف سے تسکین نازل کر
وأنْ تغشِّی وجوھنا بِأ نْوارِ محبّتِک، وأنْ تؤْوِینا إلی شدِیدِ رکْنِک، وأنْ تحْوِینا
اور ہمارے چہروں کا اپنی محبت کے انوار سے احاطہ فرما ہمیں اپنے محکم و پائیدار رکن کا سہارا دے اور اپنی عصمت کے
فِی أکْنافِ عِصْمتِک، بِرأْفتِک ورحْمتِک یا أرْحم الرّاحِمِین ۔
سایوں میں لے لے واسطہ ہے تیری رحمت و ملائمت کا اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

پندرہویں مناجات

بِسْمِ اللّٰهِ الرحْمنِ الرحیمْ--- مناجات زاہدین خدا کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
إلھِی أسْکنْتنا داراً حفرتْ لنا حفر مکْرِہا وعلّقتْنا بِأیْدِی الْمنایا فِی
میرے معبودتو نے ہمیں ایسے گھر میں رکھا جس کو فریب کے کدال نے ہمارے لیے کھودا ہے اور تو نے ہمیں آرزوؤں
حبائِلِ غدْرِہا ف إلیْک نلْتجِی مِنْ مکائِدِ خدعِہا، وبِک نعْتصِم
کے ہاتھوں اسکے فریب کی رسیوں میں جکڑ دیا ہے پس ہم اس دنیا کے فریبوں اور مکاریوں سے تیری پناہ چاہتے ہیں اور ہم اس کی
مِن الاغْتِرار بِزخارِفِ زِینتِہا، ف إنّہا الْمہْلِکۃ طلّابہا، الْمتْلِفۃ
جھوٹی زینتوں کے دھوکوں سے بچنے کے لیے تیرا مضبوط دامن پکڑتے ہیں کہ یہ اپنے طلبگاروں کو ہلاک کرنے والی یہاں آنے
حلّالِہا، الْمحْشوّۃ بِالْآفاتِ، الْمشْحونۃ بِالنّکباتِ ۔ إلھِی فزہِّدْنا فِیہا، وسلِّمْنا
والوں کو تلف کرنے والی آفتوں سے بھری بدحالیوں سے پر ہے میرے معبود ہمیں اس میں زہد عطا فرما اور اپنی مدد اور حفاظت کے
مِنْہا بِتوْفِیقِک وعِصْمتِک وانْزعْ عنّا جلابِیب مخالفتِک وتولّ أمورنا بِحسْنِ کِفایتِک
ساتھ اس سے بچائے رکھ اپنی مخالفت کی چادروں کو ہم سے جدا کر دے اپنی بہترین کفایت سے ہمارے امور کی سرپرستی فرما
وأوْفِرْ مزِیدنا مِنْ سعۃِ رحْمتِک، وأجْمِلْ صِلاتِنا مِنْ فیْضِ مواھِبِک واغْرِسْ فِی
ہمارے لیے اپنی وسیع رحمت فراواں اور زیادہ کردے اپنی عطاؤں کے فیض سے ہمیں بہترین جزائیں دے ہمارے دلوں میں اپنی

أفْيِدتِنا أشْجار محبّتِک، وأتْمِمْ لنا أ نْوار معْرفتِک، وأذِقْنا حلاوۃ عفْوک ولذّۃ
محبت کے درخت لگا دے ہمیں اپنی معرفت کے سبھی انوار عطا کر دے اور اپنے عفو کی شیرینی اور بخشش کی لذت کا ذائقہ چکھا
مغْفِرتِک، وأقْرِرْ أعْيننا يوْم لِقائِک بِروْيتِک، وأخْرِجْ حبّ الدّنْيا مِنْ قلوبِنا کما
اپنی ملاقات کے دن اپنے جمال سے ہماری آنکھیں ٹھنڈی فرما اور ہمارے دلوں سے دنیا کی محبت نکال دے
فعلْت بِالصّالِحِين مِنْ صفْوتِک والْ بْرارِ مِنْ خاصّتِک بِرحْمتِک يا أرْحم
جیسا کہ تو نے اپنے مخصوص نیکو کاروں اور اپنے چنے ہوئے خوش کردار لوگوں کے لیے کیا تجھے واسطہ تیری رحمت کا اے سب سے
الرّاحِمِين، ويا أکْرم الْ کْرمِين ۔
زیادہ رحم کرنے والے اور اے سب سے زیادہ کرم کرنے والے۔

مناجات منظومہ حضرت امیرالمومنین علی بن ابی طالب -
منقول از صحیفۂ علویہ بِسْمِ اللهِ الرّحْمنِ الرَّحِيمِ
شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
لک الْحمْدیاذاالْجودِوالْمجْدِوالْعلیٰ
تبارکْت تعْطِی منْ تشاۓ وتمْنع
تیرے لیے حمد ہے اے سخاوت بزرگی اور بلندی والے
تو بابرکت ہے (جسے چاہے) دیتا ہے جسے چاہے روک لیتا ہے

إلهِی وخلاّقِی وحِرْزِی ومِوْئِلِی
إليْک لدى الْاِعْسارِ والْيسْرِ أفْزع
اے میرے معبود میرے خالق میری پناہ اور میرے پشت پناہ
میں تنگی اور فراخی میں تیری ہی بارگاہ میں فریاد کرتا ہوں

إلهِي لئِنْ جلّتْ وجمّتْ خطِيئتِی
فعفْوک عنْ ذنْبِی أجل ّ وأوْسع
اے میرے معبود اگر میری خطائیں بڑی ہیں اور بہت ہیں
تیرا عفو میرے گناہوں کی نسبت عظیم اور وسیع ہے

إلهِي لئِنْ أعْطيْت نفْسِي سؤْلها
فها أنا فِي روْضِ النّدامۃِ أرْتع
اے میرے معبود اگر چہ میں نے اپنے نفس کی بری خواہش پوری کی
اب میں پشیمانی کے بیابانوں میں سرگرداں ہوں

إلهِي ترىٰ حالِي وفقْرِی وفاقتِی
وأنْت مناجاتِی الْخفِيّۃ تسْمع
اے میرے معبود تو میری حالت فقر و فاقہ کو جانتا ہے
اور تو ہی میری پوشیدہ عرض احوال کو سنتا ہے

إلهِي فلا تقْطعْ رجائِی ولا تزِغْ
فؤادِی فلِی فِی سيْبِ جودِک مطْمع
اے معبود پس میری امید کو قطع نہ کر اور نہ ہی ٹیڑھا کر
میرے دل کو کہ میں تیرے جود و سخا کی طمع رکھتا ہوں

إلهِي لئِنْ خيّبْتنِی أوْ طردْتنِی
فمنْ ذاالّذِی أرْجو ومنْ ذا أشفِّع؟
اے میرے معبود اگر تو نے مجھے ناامید کیا اور اپنی بارگاہ سے دور کردیا
پھر کون ہے جس سے امید رکھوں اورکسے اپنا شفیع بناؤں

إلهِی أجِرْنِی مِنْ عذابِک إنّنِی

أسِيرٌ ذلِيلٌ خائِفٌ لك أخْضع
اے میرے معبود مجھے اپنے عذاب سے نجات دے کہ بے شک
میں قیدی، خوار، خوف زدہ اور تجھ سے ہراساں ہوں

إلهِی فآنِسْنِی بِتلْقِينِ حجّتِی
إذا كان لِی فِی الْقبْرمثْوىً ومضْجع
اے میرے معبود مجھ کو دلیل و حجت تلقین کر میرا ساتھی بن
اس وقت جب قبر میں میرا مقام اور میرا ٹھکانہ ہو

إلهِی لئِنْ عذّبْتنِی ألْف حجّةٍ
فحبْل رجائِی مِنْک لا يتقطّع
اے میرے معبود اگر تومجھے ہزار سال تک عذاب کرے
تو بھی تجھ سے میری امید کارشتہ ہرگز نہ ٹوٹے گ

إلهِی أذِقْنِي طعْم عفْوك يوْم لا
بنون ولا مالٌ هنالِك ينْفع
اے میرے معبود مجھے اپنے عفو کا ذائقہ چکھا اس دن کہ
جس میں مال اور اولاد کچھ فائدہ نہیں دیں گے

إلهِی لئِنْ لمْ ترْعنِی كنْت ضائِعاً
و إنْ كنْت ترْعانِی فلسْت أضيّع
اے میرے معبود اگر تو نے میری سرپرستی نہ کی تو میں تباہ ہوجاؤں گا
اور اگر تو میری سرپرستی کرے تو میں تباہ نہیں ہوسکت

إلهِي إذا لمْ تعْف عنْ غيْرِ محْسِنٍ
فمنْ لِمسِيئٍ بِالْهوىٰ يتمتّع
اے میرے معبود جب تو بدکار کو معاف نہ فرمائے گا
تو پھر کون چاہت سے گناہ کرنے والے کا بھلا کرے

إلهِي لئِنْ فرّطْت فِی طلبِ التّقىٰ
فها أنا إثْر الْعفْو أقْفو وأتْبع
اے میرے معبود اگر میں نے برائی سے بچنے میں کوتاہی کی ہے
تو اب میں صاف دلی سے معافی کے پیچھے چل رہا ہوں

إلهِی لئِنْ أخْطأت جهْلاً فطالما
رجوْتک حتّی قِيل ما هو يجْزع
اے میرے معبود اگر میں نے جہالت سے خطا کی ہے تو اب تجھ سے
ایسی امید رکھتا ہوں کہ کہا جائے اسے کوئی بے چینی نہیں

إلهِي ذنوبِی بذّتِ الطّوْد واعْتلتْ
وصفْحک عنْ ذنْبِی أجلّ وأرْفع
اے میرے معبود میرے گناہ پہاڑ سے بڑے اور اونچے ہیں
اور تیری بخشش میرے گناہوں کی نسبت عظیم اور بلند ہے

إلهِی ینجِّی ذِکْرِ طوْلِک لوْعتِی
وذِکْر الْخطایا الْعیْن مِنِّی یدمِّع
اے میرے معبود تیرے فضل و کرم کی یادمیرے دل کو ٹھنڈا کرتی ہے
اور میری خطاؤں کے یاد میری آنکھوں میں آنسو لے آتی ہے

إلهِی أقِلْنِي عثْرتِی وامْح حوْبتِي
ف إِنِّی مقِرٌّ خائِفٌ متضرّع
اے میرے معبود میری لغزش معاف کر اور میرے گناہ مٹادے
کیونکہ میں گناہوں کا اقراری ترساں اور ان پر زاری کرتا ہوں

إلهِي أنِلْنِی مِنْک روْحاً وراحۃً
فلسْت سِوی أبْوابِ فضْلِک أقْرع
اے میرے معبود مجھے اپنی طرف سے خوشی و راحت عطا فرما
کہ میں تیرے فضل کے دروازوں کے سوا کوئی دروازہ نہیں کھٹکھٹات

إلهِی لئِنْ أقْصیْتنِي أوْ أهنْتنِی
فما حِیلتِی یا ربِّ أمْ کیْف أصْنع؟
اے میرے معبود اگر تو نے مجھے دور کیایا مجھے پست کردیا
تو اے میرے پروردگار میرا کیاحیلہ ہے اور میں کیا کروں گ

إلهِی حلِیف الْحبِّ فِی اللّیْلِ ساهِر
یناجِی ویدْعو والْمغفّل یهْجع
اے میرے معبود تجھ سے محبت کرنے والا رات کو جاگتا ہے
تجھے یاد کرتا اور دعا مانگتا ہے اور تجھے بھولنے والا سو رہا ہے

إلهِی وهذا الْخلْق ما بیْن نائِمٍ
ومنْتبِهٍ فِی لیْلِهِ یتضرّع
اے میرے معبود یہ مخلوق ہے جن میں کچھ سوئے ہوئے
اور کچھ بیدار ہیں جو رات میں آہ و فغاں کر رہے ہیں

وکلّهم یرْجو نوالک راجِیاً
لِرحْمتِک الْعظْمیٰ وفِی الْخلْدِ یطْمع
اور یہ سب کے سب تیری بخشندگی کے امیدوار ہیں
کہ تیری عظیم رحمت اور بہشت بریں کی حرص رکھتے ہیں

إلهي يمنّينى رجائِي سلامةً
وقبْح خطِيئاتِى علىّ يشنّع
اے میرے معبودمیری امید نے مجھے سلامتی کا آرزومند بنایا ہے
اور میرے گناہوں کی برائی مجھ پر طعن کر رہی ہے

إلهي ف إنْ تعْفو فعفْوك منْقِذِى
و إلاّ فبِالذّنْبِ الْمدمِّر أصْرع
اے میرے معبود پس اگر تو معاف کردے یہ معافی مجھے چھڑادینے والی ہے
اور اگر ایسا نہ ہؤا تو میں تباہ کرنے والے گناہوں میں پڑا رہونگ

إلهي بِحقّ الْهاشِمِىّ محمّدٍ
وحرْمةِ أطْهارٍ هم لک خضّع
اے میرے معبود پیغمبرمحمد(ص)(ص)ہاشمی کے حق کے واسطے سے
اور ان پاک ہستیوں کے واسطے جو تیرے حضور عجز کرتے ہیں

إلهي بِحقّ الْمصْطفى وابْنِ عمِّہ
وحرْمةِ أبْرارٍ هم لک خشّع
اے میرے معبودنبی مصطفی (ص) اور ان کے ابن عم کے حق کے واسطے
اور ان نیکوکاروں کے واسطے جو تیرے سامنے فروتن ہیں

إلهي فأنْشِرْنِى على دِينِ أحْمدٍ
منِيباً تقِيّاً قانِتاً لک أخْضع
اے میرے معبود مجھے دین احمد مجتبیٰ پر اٹھا
اس حال میں کہ میں تائب متقی تیرا فرمانبردار ومطیع ہوں

ولا تحْرمنِّي يا إلهي وسيِّدِى
شفاعتہ الْكبْرىٰ فذاک الْمشفّع
اے میرے معبود و سردار مجھے محروم نہ فرما مصطفی (ص)کی
عظیم تر شفاعت سے کہ ان کی شفاعت مقبول ہے

وصلِّ عليْهِمْ ما دعاک موحِّدٌ
وناجاک أخْيارٌ بِبابِک ركّع
اور رحمت فرماان پر جب تک موحدین تجھے پکاریں
اور نیکوکار لوگ تجھے چپکے سے یاد کریں جو تیرے حضور جھکتے ہیں ۔
صحیفہ علویہ میں ایک اور منظوم مناجات نقل ہوئی ہے کہ جس کا آغاز یا سامع الدعا سے ہوتا ہے۔ چونکہ اس کے کلمات بہت مشکل ہیں ۔ لذا ہم نے اسے یہاں ذکر نہیں کیا۔

حضرت علی -کے تین کلمات مناجات إلھی کفیٰ بِی عِزّاً أنْ أکون لک عبْداً
وکفیٰ بِی فخْراً أنْ تکون لِی ربّاً
میرے معبود میری عزت کیلئے یہی کافی ہے کہ میں تیرا بندہ ہوں
اور میرے فخر کے لئے یہی کافی ہے کہ تو میرا پروردگار ہے

أنْت کما أحِبّ فاجْعلْنِی کما تحِبّ۔
تو ایسا ہے جیسا کہ میں چاہتا ہوں پس مجھے ویسا بنادے جیسا کہ تو چاہتاہے۔

باب دوم

سال کے مہینوں کے اعمال

اس باب میں سال کے مہینوں کے اعمال نوروز کی فضیلت اور اس کے اعمال اور رومی مہینوں کے اعمال مذکور ہیں اور اس میں کئی فصلیں ہیں ۔

پہلی فصل - ماہ رجب کی فضیلت اور اس کے اعمال

واضح رہے کہ ماہ رجب، شعبان اور رمضان بڑی عظمت اور فضیلت کے حامل ہیں اور بہت سی روایات میں ان کی فضیلت بیان ہوئی ہے۔ جیساکہ حضرت محمد کا ارشاد پاک ہے کہ ماہ رجب خداکے نزدیک بہت زیادہ بزرگی کا حامل ہے۔ کوئی بھی مہینہ حرمت و فضیلت میں اس کا ہم پلہ نہیں اور اس مہینے میں کافروں سے جنگ و جدال کرنا حرام ہے۔آگاہ رہو رجب خدا کا مہینہ ہے شعبان میرا مہینہ ہے اور رمضان میری امت کا مہینہ ہے۔ رجب میں ایک روزہ رکھنے والے کو خدا کی عظیم خوشنودی حاصل ہوتی ہے` غضب الٰہی اس سے دور ہوجاتا ہے` اور جہنم کے دروازوں میں سے ایک دروازہ اس پر بند ہوجاتا ہے۔ امام موسیٰ کاظم -فرماتے ہیں کہ ماہ رجب میں ایک روزہ رکھنے سے جہنم کی آگ ایک سال کی مسافت تک دور ہوجاتی ہے اورجو شخص اس ماہ میں تین دن کے روزے رکھے تو اس کے لیے جنت واجب ہوجاتی ہے۔ نیز حضرت فرماتے ہیں کہ رجب بہشت میں ایک نہر ہے جس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ شیریں ہے اور جو شخص اس ماہ میں ایک دن کا روزہ رکھے تو وہ اس نہر سے سیراب ہوگا۔

امام جعفر صادق -سے مروی ہے کہ حضرت رسول اکرم نے فرمایا: کہ رجب میری امت کے لیے استغفار کامہینہ ہے۔ پس اس مہینے میں زیادہ سے زیادہ طلب مغفرت کرو کہ خدا بہت بخشنے والا اور مہربان ہے۔ رجب کو اصبّ بھی کہاجاتا ہے کیونکہ اس ماہ میں میری امت پر خدا کی رحمت بہت زیادہ برستی ہے۔ پس اس ماہ میں بہ کثرت کہا کرو:

اسْتَغْفِرِ اللّٰہ و اسْئَلہ التّوْبۃ

” میں خدا سے بخشش چاہتا ہوں اور توبہ کی توفیق مانگتا ہوں “

ابن بابویہ نے معتبر سند کے ساتھ سالم سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: میں اوخر رجب میں امام جعفر صادق -کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضرت نے میری طرف دیکھتے ہوئے فرمایا کہ اس مہینے میں روزہ رکھا ہے؟ میں نے عرض کیا فرزند رسول (ص) ! واللہ نہیں ! تب فرمایا کہ تم اس قدر ثواب سے محروم رہے ہوکہ جسکی مقدارسوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا کیونکہ یہ مہینہ ہے جسکی فضیلت تمام مہینوں سے زیادہ اور حرمت عظیم ہے اور خدا نے اس میں روزہ رکھنے والے کا احترام اپنے اوپرلازم کیا ہے۔ میں نے عرض کیا اے فرزند رسول (ص)! اگرمیں اسکے باقی ماندہ دنوں میں روزہ رکھوں توکیا مجھے وہ ثواب مل جائیگا؟

آپ (ص)نے فرمایا: اے سالم!

جو شخص آخر رجب میں ایک روزہ رکھے تو خدا اسکو موت کی سختیوں اور اس کے بعدکی ہولناکی اورعذاب قبر سے محفوظ رکھے گا۔جوشخص آخر ماہ میں دوروزے رکھے وہ پل صراط سے آسانی کے ساتھ گزرجائے گا اور جو آخررجب میں تین روزے

رکھے اسے قیامت میں سخت ترین خوف'تنگی اورہولناکی سے محفوظ رکھا جائے گا اور اس کوجہنم کی آگ سے آزادی کاپروانہ عطا ہوگا۔
واضح ہوکہ ماہ رجب میں روزہ رکھنے کی فضیلت بہت زیادہ ہے جیساکہ روایت ہوئی ہے اگر کوئی شخص روزہ نہ رکھ سکتاہو وہ ہرروز سو مرتبہ یہ تسبیحات پڑھے تو اس کو روزہ رکھنے کاثواب حاصل ہوجائے گا۔
سبْحان الْاِلہِ الْجلِیلِ سبْحان منْ لا ینْبغِی التّسْبِیح إلاّ لہ سبْحان الْاعزّ الْاکْرمِ
پاک ہے جو معبود بڑی شان والا ہے پاک ہے وہ کہ جس کے سوا کوئی لائق تسبیح نہیں پاک ہے وہ جو بڑا عزت والا اور بزرگی والا ہے
سبْحان منْ لبِس الْعِزّ وھو لہ أھْلٌ ۔
پاک ہے وہ جولباس عزت میں ملبوس ہے اور وہی اس کا اہل ہے۔

ماہ رجب کے مشترکہ اعمال

دعایہ روزانہ ماہ رجب یہ ماہ رجب کے اعمال میں پہلی قسم ہے یہ وہ اعمال ہیں جومشترکہ ہیں اورکسی خاص دن کے ساتھ مخصوص نہیں ہیں اور یہ چند اعمال ہیں -

(۱)
رجب کے پورے مہینے میں یہ دعا پڑھتا رہے اور روایت ہے کہ یہ دعا امام زین العابدین -نے ماہ رجب میں حجر کے مقام پر پڑھی:
یا منْ یمْلِک حوائِج السّائِلِین، ویعْلم ضمِیر الصّامِتِین، لِکلِّ مسْألۃٍ مِنْک سمْعٌ
اے وہ جوسائلین کی حاجتوں کامالک ہے اور خاموش لوگوں کے دلوں کی باتیں جانتا ہے ہر وہ سوال جو تجھ سے کیا جائے تیرا
حاضِرٌ، وجوابٌ عتِیدٌ ۔ اللّھمّ ومواعِیدک الصّادِقۃ، وأیادِیک الْفاضِلۃ، ورحْمتک
کان اسے سنتا ہے اور اس کا جواب تیار ہے اے معبود تیرے سب وعدے یقینا سچے ہیں تیری نعمتیں بہت عمدہ ہیں اور تیری رحمت
الْواسِعۃ فأسْألک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ وأنْ تقْضِی حوائِجِی لِلدّنْیا
بڑی وسیع ہے پس میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ محمد(ص)(ص)وآل(ع) محمد(ص)(ص) پر رحمت نازل فرما اور یہ کہ میری دنیا اور اور آخرت کی حاجتیں
والْآخِرۃِ، إنّک علی کلِّ شیْئٍ قدِیرٌ ۔
پوری فرما بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

(۲)
یہ دعا پڑھے کہ جسے امام جعفر صادق -رجب میں ہر روز پڑھا کرتے تھے۔
خاب الْوافِدون علی غیْرِک، وخسِر الْمتعرّضون إلاّ لک، وضاع الْملِمّون إلاّ بِک
نا امید ہوئے تیرے غیرکی طرف جانے والے گھاٹے میں رہے تیرے غیر سے سوال کرنے والے تباہ ہوئے تیرے غیر کے ہاں
وأجْدب الْمنْتجِعون إلاّ منِ انْتجع فضْلک بابک مفْتوحٌ لِلرّاغِبِین وخیْرک مبْذولٌ
جانے والے، قحط کاشکار ہوئے تیرے فضل کے غیر سے روزی طلب کرنے والے تیرا در اہل رغبت کیلئے کھلا ہے تیری بھلائی طلب
لِلطّالِبِین، وفضْلک مباحٌ لِلسّائِلِین، ونیْلک متاحٌ لِلْآمِلِین، ورِزْقک مبْسوطٌ لِمنْ

گاروں کو بہت ملتی ہے تیرا فضل سائلوں کیلئے عام ہے اور تیری عطا امید واروں کیلئے آمادہ ہے تیرا رزق نافرمانوں کیلئے بھی فراواں

عصاک وحِلْمک معْترِضٌ لِمنْ ناواک عادتک الْاِحْسان إلی الْمسِیئِین وسبِیلک

ہے تیری بردباری دشمن کے لیے ظاہر و عیاں ہے گناہگاروں پر احسان کرنا تیری عادت ہے اور ظالموں کو باقی رہنے دینا

الْاِ بْقائَ علی الْمعْتدِین اللّھمّ فاھْدِنِی ھدی الْمھْتدِین وارْزقْنِی اجْتِھاد الْمجْتھِدِین

تیرا شیوہ ہے اے معبود مجھے ہدایت یافتہ لوگوں کی راہ پر لگا اور مجھے کوشش کرنے والوں کی سی کوشش نصیب فرما

ولا تجْعلْنِی مِن الْغافِلِین الْمبْعدِین، واغْفِرْ لِی یوْم الدِّینِ ۔

مجھے غافل اور دورکیے ہوئے لوگوں میں سے قرار نہ دے اور یوم جزا میں مجھے بخش دے۔

(۳)

شیخ نے مصباح میں فرمایا ہے کہ معلٰی بن خنیس نے امام جعفرصادق -سے روایت کی ہے۔ آپ(ع) نے فرمایا کہ ماہ رجب میں یہ دعا پڑھا کرو:

اللّٰھمّ إنِّی أسْأ لک صبْر الشّاکِرِین لک، وعمل الْخائِفِین مِنْک، ویقِین الْعابِدِین

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے شکر گزاروں کا صبر ڈرنے والوں کا عمل اور عبادت گزاروں کا یقین عطا

لک اللّٰھمّ أنْت الْعلِیّ الْعظِیم وأنا عبْدک الْبائِس الْفقِیر أنْت الْغنِیّ الْحمِید وأنا

فرما اے معبود تو بلند و بزرگ ہے اور میں تیرا حاجت مند اور بے مال ومنال بندہ ہوں تو بے حاجت اور تعریف والا ہے اور میں تیرا

الْعبْد الذّلِیل اللّٰھمّ صلِّ علی محمّدٍ وآلِہِ وامْننْ بِغِناک علی فقْرِی، وبِحِلْمِک علی

پست تر بندہ ہوں اے معبود محمد(ص)(ص) اور انکی آل(ع) پر رحمت نازل فرما اور میری محتاجی پر اپنی تونگری سے میری نادانی پر اپنی ملائمت و بردباری

جھْلِی وبِقوّتِک علی ضعْفِی یا قوِیّ یا عزِیز اللّٰھمّ صلِّ علی محمّدٍ وآلِہِ الْاوْصِیائِ

سے اور اپنی قوت سے میری کمزوری پر احسان فرما اے قوت والے اسے زبردست اے معبود محمد(ص) اورانکی آل(ع) پر رحمت نازل فرما

الْمرْضِیِّین واکْفِنِی ما أھمّنِی مِنْ أمْرِ الدّنْیا والْآخِرۃِ یا أرْحم الرّاحِمِین

جو پسندیدہ وصی اور جانشین ہیں اور دنیا و آخرت کے اہم معاملوں میں میری کفایت فرما اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

مؤلف کہتے ہیں کہ کتاب اقبال میں سید بن طاؤس نے بھی اس دعا کی روایت کی ہے اس سے ظاہر ہوتاہے کہ یہ جامع ترین دعا ہے اور اسے ہروقت پڑھاجاسکتا ہے۔

(۴)شیخ فرماتے ہیں کہ اس دعا کو ہر روز پڑھنا مستحب ہے۔

اللّٰھمّ یا ذا الْمِننِ السّابِغۃِ والْآلائِ الْوازِعۃِ والرّحْمۃِ الْواسِعۃِ، والْقدْرۃِ الْجامِعۃِ

اے معبود اے مسلسل نعمتوں والے اور عطا شدہ نعمتوں والے اے کشادہ رحمت والے۔ اے پوری قدرت والے۔

والنِّعمِ الْجسِیمۃِ والْمواھِبِ الْعظِیمۃِ والْایادِی الْجمِیلۃِ والْعطایا الْجزِیلۃِ یا منْ

اے بڑی نعمتوں والے اے بڑی عطائوں والے اے پسندیدہ بخششوں والے اور اے عظیم عطائوں والے اے وہ جس کے وصف

لا ينْعت بِتمْثِيلٍ ولا يمثّل بِنظِيرٍ ولا يغْلب بِظهِيرٍ يا منْ خلق فرزق وألْهم فأنْطق
كیلئے كوئی مثال نہیں اور جسكا كوئی ثانی نہیں جسے كسی كی مدد سے مغلوب نہیں كیا جاسكتا اے وہ جس نے پیدا كیاتوروزی دی الہام كیاتو
وابْتدع فشرع، وعلا فارْتفع، وقدّر فأحْسن، وصوّر فأتْقن، واحْتجّ فأبْلغ،
گویائی بخشی نئے نقوش بنائے تورواں كردیئے بلند ہوا تو بہت بلند ہوا اندازہ كیا تو خوب كیا صورت بنائی تو پائیدار بنائی حجت قائم كی
وأنْعم فأسْبغ، وأعْطى فأجْزل، ومنح فأفْضل يا منْ سما فِى الْعِزّ ففات نواظِر
تو پہنچائی نعمت دی تو لگاتار دی عطا كیا تو بہت زیادہ اور دیا تو بڑھاتا گیا اے وہ جو عزت میں بلند ہوا تو ایسا بلند كہ
الْا بْصارِ، ودنا فِى اللّطْفِ فجاز هواجِس الْافْكارِ يا منْ توحّد بِالْملْكِ فلا نِدّ لہ
آنكھوں سے اوجھل ہوگیا اور تو لطف و كرم میں قریب ہوا تو فكر و خیال سے بھی آگے نكل گیا اے وہ جو بادشاہت میں
فِى ملكوتِ سلْطانِہِ وتفرّد بِالْآلاءِ والْكِبْرِياءِ فلا ضِدّ لہ فِى جبروتِ شأْنِہِ يا منْ
یكتا ہے كہ جسكی بادشاہی كے اقتدار میں كوئی شریك نہیں وہ اپنی نعمتوں اور اپنی بڑائی میں یكتا ہے پس شان و عظمت میں كوئی اسكا
حارتْ فِى كِبْرِياءِ هيْبتِہِ دقائِق لطائِفِ الْاوْہامِ، وانْحسرتْ دون إدْراكِ عظمتِہِ
مقابل نہیں اے وہ جس كے دبدبہ كی عظمت میں خیالوں كی باریكیاں حیرت زدہ ہیں اور اس كی بزرگی كو پہچاننے میں مخلوق
خطائِف أبْصارِ الْانامِ ۔ يا منْ عنتِ الْوجوہ لِهيْبتِہِ، وخضعتِ الرّقاب لِعظمتِہِ،
كی نگاہیں عاجز ہیں اے وہ جس كے رعب كے آگے چہرے جھكے ہوئے ہیں اور گردنیں اسكی بڑائی كے سامنے نیچی ہیں
ووجِلتِ الْقلوب مِنْ خِيفتِہِ أسْألك بِهذِہِ الْمِدْحۃِ الّتِى لا تنْبغِى إلاّ لك وبِما وأيْت
اور دل اسكے خوف سے ڈرے ہوئے ہیں میں سوال كرتا ہوں تیری اس تعریف كے ذریعے جو سوائے تیرے كسی كو زیب نہیں اور اس
بِہِ على نفْسِك لِداعِيك مِن الْمؤْمِنِين وبِما ضمِنْت الْاِجابۃ فِيہِ على نفْسِك
كے واسطے جو كچھ تو نے اپنے ذمہ لیا پكارنے والوں كی خاطر جو كہ مومنوں میں سے ہیں اس كے واسطے جسے تونے پكارنے والوں كی
لِلدّاعِين يا أسْمع السّامِعِين، وأبْصر النّاظِرِين، وأسْرع الْحاسِبِين، يا ذا الْقوّۃِ
دعا قبول كرنے كی ضمانت دے ركھی ہے اے سب سے زیادہ سننے والے اے سب سے زیادہ دیكھنے والے اے تیز تر حساب كرنے
الْمتِين صلِّ على محمّدٍ خاتمِ النّبِيّين وعلى أهْلِ بيْتِہِ واقْسِمْ لِى فِى شهْرِنا هذا
والے اے محكم تر قوت والے محمد(ص)(ص) پر رحمت نازل فرما جو خاتم الانبیائ ہیں اور ان كے اہلبیت پر بھی اور اس مہینے میں مجھے اس سے بہتر
خيْر ما قسمْت واحْتِمْ لِى فِى قضائِك خيْر ما حتمْت، واخْتِمْ لِى بِالسّعادۃِ فِيمنْ
حصہ دے جو تو تقسیم كرے اور اپنے فیصلوں میں میرے لیے بہتر و یقینی فیصلہ فرما كر مجھے نواز اور اس مہینے كو میرے لیے خوش بختی پر
ختمْت وأحْيِنِى ما أحْييْتنِى موْفوراً وأمِتْنِى مسْروراً ومغْفوراً وتولّ أنْت نجاتِى
تمام كر دے اور جب تك تو مجھے زندہ ركھے فراواں روزی سے زندہ ركھ اور مجھے خوشی و بخشش كی حالت میں موت دے

مِنْ مسائلۃِ البرْزخِ وادْراْ عنِّی منکراً ونکِیراً، وأر عیْنِی مبشِّراً وبشِیراً، واجْعلْ
اور برزخ کی گفتگو میں تو خود میرا سرپرست بن جامنکر و نکیر کو مجھ سے دور اور مبشر و بشیر کو میری آنکھوں کے سامنے لا اور مجھے اپنی رضا
لِی إلی رِضْوانِک وجِنانِک مصِیراً وعیْشاً قرِیراً، وملْکاً کبِیراً، وصلِّ علی محمّدٍ
مندی اور بہشت کے راستے پر گامزن کر دے وہاں آنکھوں کو روشن کرنے والی زندگی اور بڑی حکومت عطا فرما اور تو محمد(ص)(ص) پر اور ان کی
وآلِہِ کثِیراً ۔
آل(ع) پر رحمت نازل فرما بہت زیادہ۔

مولف کہتے ہیں کہ یہ دعا مسجد صعصعہ میں بھی پڑھی جاتی ہے جو مسجدکوفہ کے قریب ہے۔
(۵)
شیخ نے روایت کی ہے کہ ناحیہ مقدسہ (اما م زمان(عج) کی جانب) سے امام العصر(ع) کے وکیل شیخ کبیر ابو جعفر محمد بن عثمان بن سعید کے ذریعے سے یہ توقیع یعنی مکتوب آیا ہے۔
ولِاِ بْراھِیم إسْماعِیل و إسْحاق، ویا منْ ردّ یوسف علی یعْقوب، ویا منْ کشف
اور ابراہیم (ع)کو اسماعیل(ع) و اسحاق(ع) دئے اے وہ جس نے یوسف(ع) کو یعقوب(ع) کی طرف لوٹایا اے وہ جس نے آزمائش
بعْد الْبلائِ ضرّ أ یّوب، یا رادّ موسی علی أمِّہِ، وزائِد الْخِضْرِ فِی عِلْمِہِ، ویا منْ
کے بعد ایوب(ع) کی سختی دور کی اے موسیٰ(ع) کو ان کی ماں کے پاس لانے والے خضر(ع) کے علم میں اضافہ کرنے والے اے وہ جس
وھب لِداود سلیْمان ولِزکرِیّا یحْیی، و لِمریم عِیسی، یا حافِظ بِنْتِ شعیْبٍ، ویا
نے داود(ع) کو سلیمان(ع)، زکریا(ع) کو یحیی(ع) اور مریم(ع) کو عیسیٰ (ع)عطا کیئے اے دختر شعیب(ع) کی حفاظت کرنے والے اے
کافِل ولدِ أمِّ موسی أسْألک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ وأنْ تغْفِر لِی
مادر موسیٰ(ع) کے فرزند کے محافظ میں سوال کرتا ہوں کہ تو محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور یہ کہ میرے
ذنوبِی کلّہا، وتجِیرنِی مِنْ عذابِک، وتوجِب لِی رِضْوانک وأمانک و إحْسانک
سارے گناہ بخش دے مجھے اپنے عذاب سے پناہ دے اور میرے لئے اپنی رضا مندی، اپنی پناہ، اپنا احسان،اپنی بخشش
وغفْرانک وجِنانک ۔ وأسْأ لک أنْ تفکّ عنِّی کلّ حلْقۃٍ بیْنِی وبیْن منْ یؤْذِینِی،
اور اپنی بہشت واجب کردے اور میں سوال کرتا ہوں کہ میرے اور مجھے ایذ ادینے والے کے درمیان جتنی کڑیاں ہیں وہ کھول دے
وتفْتح لِی کلّ بابٍ، وتلیِّن لِی کلّ صعْبٍ، وتسہِّل لِی کلّ عسِیرٍ، وتخْرِس عنِّی
ہر دروازہ میرے لئے کھول دے ہر سختی کو نرمی میں بدل دے ہر مشکل کوآسان کر دے میرے خلاف ہر بدگوئی کرنے والے
کلّ ناطِقٍ بِشرٍّ، وتکفّ عنِّی کلّ باغٍ، وتکْبِت عنِّی کلّ عدوٍّ لِی وحاسِدٍ، وتمْنع
کو گونگا کردے ہر سرکش کو مجھ سے دور کردے اور میرے ہر دشمن و حاسد کو ذلیل کردے ہر ظالم کو
مِنِّی کلّ ظالِمٍ، وتکْفِینِی کلّ عائِقٍ یحول بیْنِی وبیْن حاجتِی ویحاول أنْ یفرِّق
مجھ سے روکے رکھ ہر اس مانع سے میری کفایت فرما جو میرے جو میری حاجت کے درمیاں حائل ہے اور چاہتا ہے کہ مجھے تیری
بیْنِی وبیْن طاعتِک ویثبِّطنِی عنْ عِبادتِک ۔ یا منْ أ لْجم الْجِنّ الْمتمرِّدِین، وقھر
فرمانبرداری سے باز رکھے اور تیری عبادت سے دور کرے اے وہ جس نے سر کش جنات کو لگام دی اور نافرمان
عتاۃ الشّیاطِینِ وأذلّ رِقاب الْمتجبِّرِین وردّ کیْد الْمتسلِّطِین عنِ الْمسْتضْعفِین
شیطانوں کی سرکوبی کی اور ظالموں کی گردنیں جھکا دیں اور کمزور لوگوں کو ظالموں کے پنجے سے آزادی بخشی میں
أسْأ لک بِقدْرتِک علی ما تشائ، وتسْہِیلِک لِما تشائ کیْف تشائ أنْ تجْعل قضائ
سوال کرتا ہوں بواسطہ اس کے کہ تو جو چاہے اس پر قادر ہے اور جو چاہے، جیسے چاہے تیرے لئے آسان ہے کہ تو میری

حاجتِی فِیما تشائ ۔
حاجت روائی، جس چیز میں چاہے قرار دے۔
اسکے ساتھ ہی زمین پر سجدہ کرے اور اپنے دونوں رخسار خاک پر رکھ کر یہ کہے:
اللّٰھمّ لک سجدْت، وبِک آمنْت، فارْحمْ ذلِّی وفاقتِی واجْتِہادِی وتضرّعِی
اے معبود ! میں تجھی کو سجدہ کرتا ہوں اورتجھی پر ایمان رکھتا ہوں پس میری ذلت، احتیاج اور میری کوشش، میری زاری و بے چارگی اور
ومسْکنتِی وفقْری إلیْک یاربِّ۔
اپنی بارگاہ میں میری محتاجی پر رحم فرما اے پروردگار۔

اس دوران یہ کوشش کرے کہ آنکھوں سے آنسو نکل آئیں اگر چہ وہ مکھی کے پر جتنے ہی کیوں نہ ہوں کیونکہ یہ قبولیت دعا کی نشانی ہے۔

پچیس رجب کا دن ۲۵ رجب ۱۸۳ھ کو ۵۵ برس کی عمر میں امام موسیٰ کاظم - کی شہادت بغداد میں واقع ہوئی پس یہ ایسا دن ہے جس میں اہلب(ع)یت اور ان کے حبداروں کے غم پھر سے تازہ ہوجاتے ہیں ۔

ستائیس رجب کی رات

یہ بڑی متبرک راتوں میں سے ہے کیونکہ یہ رسول اللہ کے مبعث (مامور بہ تبلیغ ہونے) کی رات ہے اور اس میں چند ایک اعمال ہیں :
(۱)مصباح میں شیخ نے امام ابو جعفر جواد -سے نقل کیا ہے کہ فرمایا : ماہ رجب میں ایک رات ہے کہ وہ ان سب چیزوں سے بہتر ہے جن پر سورج چمکتا ہے اور وہ ستائیسویں رجب کی رات ہے کہ جس کی صبح رسول اعظم مبعوث بہ رسالت ہوئے۔ ہمارے پیروکاروں میں جو اس رات عمل کرے گا تو اس کو ساٹھ سال کے عمل کا ثواب حاصل ہوگا۔ میں نے عرض کیا اس رات کا عمل کیا ہے؟ آپ نے فرمایا : نماز عشا کے بعد سوجائے اور پھر آدھی رات سے پہلے اٹھ کر بارہ رکعت نماز دو دو رکعت کرکے پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد قرآن کی آخری مفصل سورتوں (سورہ محمد سے سورہ ناس) میں سے کوئی ایک سورہ پڑھے۔ نماز کا سلام دینے کے بعد سورہ حمد، سورہ فلق سورہ ناس، سورہ توحید، سورہ کافرون اور سورہ قدر میں سے ہر ایک سات سات مرتبہ نیز آیۃ الکرسی بھی سات مرتبہ پڑھے اور ان سب کو پڑھنے کے بعد یہ دعا پڑھے:

الْحمْد لِلّٰہ الّذِی لمْ یتّخِذْ ولداً، ولمْ یکنْ لہ شرِیکٌ فِی الْملْکِ، ولمْ یکنْ لہ و لِیٌّ
حمد ہے اس خدا کیلئے جس نے کسی کو اپنا بیٹا نہیں بنایا اور نہ کوئی اس کی حکومت میں اس کا شریک ہے نہ وہ کمزور ہے کہ کوئی اس کا حامی
مِن الذّلِّ وکبِّرْہ تکْبِیراً اللّٰھمّ إنِّی أسأ لک بِمعاقِدِ عِزِّک علی أرْکانِ عرْشِک
ہو اور تم اس کی بڑائی خوب بیان کرو اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے عرش پر تیرے مقامات عزت کے واسطے
ومنْتھی الرّحْمۃِ مِنْ کِتابِک، وبِاسْمِک الْاعْظمِ الْاعْظمِ،

سے اور اس انتہائی رحمت کے واسطے سے جو تیرے قرآن میں ہے اور بواسطہ تیرے نام کے جو بہت بڑا، بہت بڑا، بہت ہی بڑا ہے

وذِکْرِک الْاَعْلٰی الْاَعْلٰی الْاَعْلٰی، وبِکَلِماتِک التّامّاتِ أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِہِ

بواسطہ تیرے ذکر کے جو بلند تر، بلندتر اور بہت بلندتر ہے اور بواسطہ تیرے کامل کلمات کے سوالی ہوں کہ تو حضرت محمد(ص) اور ان کی

وأنْ تفْعل بِی ما أنْت أهْلہ ۔

آل (ع)پر رحمت فرما اور مجھ سے وہ سلوک فرما جو تیرے شایان شان ہے۔

اس کے بعد جو دعا چاہے پڑھے۔ نیز اس رات میں غسل کرنا مستحب ہے اور اس شب میں پندرہ رجب کی رات میں پڑھی جانے والی نماز بھی بجا لانی چاہیئے۔

(٢)امیرالمؤمنین -کی زیارت پڑھنا کہ جو اس رات کے تمام اعمال سے بہتر وافضل ہے، اس رات میں آنجناب(ع) کی تین زیارتیں ہیں جن کا ذکر انشاءاللہ باب زیارات میں آئے گا۔

واضح ہو کہ مشہور اہل سنت عالم ابو عبداللہ محمد ابن بطوطہ نے چھ سو سال قبل مکہ معظمہ و نجف اشرف کا سفر کیا اور امیرالمومنین -کے روضہ پر حاضری دی، انہوں نے اپنے سفر نامہ(رحلہ ابن بطوطہ) میں مکہ سے نجف اشرف میں داخل ہونے کے بعد جوار امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب (ع) کے روضہ کا ذکر کرتے ہوئے ایک واقعہ تحریر کیا ہے کہ اس شہر کے رہنے والے سب کے سب رافضی ہیں اور اس روضہ سے بہت سی کرامات ظہور میں آتی ہیں ۔ یہ لوگ لیلۃ المحیا (جاگنے کی رات) کہ جو ستائیسویں رجب کی شب ہے۔ اس میں کوفہ، بصرہ، خراسان اور بلاد فارس و روم و غیرہ سے ہر بیمار،مفلوج، شل شدہ اور زمین گیرکو یہاں لاتے ہیں کہ جن کی تعداد عموماً تیس چالیس تک ہوتی ہے وہ لوگ نماز عشاء کے بعد ان اپاہجوں کو امیرالمومنین -کی ضریح مبارک پر لے جاتے ہیں جہاں بہت سے لوگ ان کے اردگرد جمع ہوجاتے ہیں ۔ ان میں سے بعض نماز، تلاوت اور ذکر میں مشغول رہتے ہیں اور بعض صرف ان بیمار لوگوں کو ہی دیکھتے رہتے ہیں کہ کب وہ تندرست ہوکر اٹھ کھڑے ہوں گے۔ جب آدھی یا دوتہائی رات گزر جاتی ہے تو جو مفلوج و زمین گیر حرکت ہی نہ کرسکتے تھے وہ اس حالت میں اٹھتے ہیں کہ انہیں کوئی بیماری نہیں ہوتی اور کلمہ طیبہ لااِلہ اِلاّ اللہ محمّد، رّسوْل اللّٰہِ علِیّ، ولِیّ، اللّٰہِ پڑھتے ہوئے وہاں سے روانہ ہوجاتے ہیں ۔ یہ مشہور و مسلمہ کرامت ہے اگر چہ اس رات میں خود وہاں موجود نہ تھا، لیکن قابل اعتماد اور نیکوکار لوگوں کی زبانی مجھ تک پہنچی ہے تا ہم میں نے امیرالمومنین- کے روضہ اقدس کے قریب واقع مدرسہ میں تین آدمی دیکھے جو اپاہج زمین پر پڑے تھے ان میں سے ایک اصفہان کا دوسرا خراسان کا اور تیسرا اہل روم سے تھا، میں نے ان سے پوچھا کہ تم لوگ تندرست کیوں نہیں ہوئے؟ وہ کہنے لگے کہ ہم ستائیس رجب کو یہاں پہنچ نہیں سکے۔ لہذا ہم آئندہ ستائیس رجب تک یہیں رہیں گے تا کہ ہمیں شفا حاصل ہو اور پھر ہم واپس جائیں ۔ آخر میں ابن بطوطہ کہتے ہیں کہ اس رات دوردراز شہروں کے لوگ زیارت کے لیے اس روضہ اقدس پر جمع ہوجاتے ہیں اور یہاں بہت بڑا بازار لگتا ہے جو دس دن تک جما رہتا ہے۔

مؤلف کہتے ہیں کہ لوگ اس واقعہ کو بعید نہ سمجھیں کیونکہ ان مشاہد مشرفہ سے اتنی کرامات ظاہر ہوئی ہیں جن کا شمار نہیں ہوسکتا۔ چنانچہ ماہ شوال ١٣٤٣ ھ میں امت عاصی کے ضامن امام ثامن یعنی ابوالحسن امام علی رضا -کے مشہد

اطہر میں تین مفلوج و زمین گیر عورتیں لائی گئیں ۔ جن کے علاج سے طبیب و معالج عاجز آگئے تھے۔ ان کو وہاں سے شفا ملی اور وہ تندرست ہوکر اس حرم سے واپس گئیں اس مشہد مبارک کے معجزات و کرامات ایسے واضح و آشکار ہیں ، جیسے آسمان پر سورج کا چمکنا اور بدوؤں کیلئے حرم نجف کے دروازے کا کھلنا ہر شک و شبہ سے بالاتر ہے۔ ان عورتوں کا واقعہ ایسا ظاہر وباہر تھا کہ جو معالج ان کے کامیاب نہ ہوسکے تھے ۔انہوں نے اعتراف کیا کہ ہمارا خیال یہی تھا کہ یہ عورتیں صحت یاب نہیں ہوسکتیں ، لیکن، انہیں حرم مطہر سے شفا مل گئی ہے، پھر انہوں نے باقاعدہ تحریری تصدیق نامہ بھی لکھ کر دیا اور اگر اختصار مدنظر نہ ہوتا تو ایسے بہت سے واقعات کا ذکر کیا جاسکتا تھا ، ہمارے بزرگ شیخ حر عاملی نے اپنے قصیدہ میں کیا خوب فرمایا ہے:

وما بدا مِنْ برکاتِ مشْہدِہِ
فِی کلِّ یوْمٍ أمْسہ مِثْل غدِہِ
جو برکتیں ان کی درگاہ سے ظاہر ہوئیں
آج کی طرح کل بھی عیاں ہوں گی
وکشِفا الْعمی والْمرضی بِہِ
إجابۃ الدّعائِ فِی أعْتابِہِ
یعنی بیماری و نابینا پن دور ہوتا ہے
ان کی درگاہ پر دعائیں قبول ہوتی ہیں

(٣)شیخ کفعمی نے بلدالامین میں فرمایا ہے کہ بعثت کی رات یہ دعا بھی پڑھی جائے:

اللّٰہمّ إنِّی أسْأ لک بِالتّجلِّی الْاعْظمِ فِی ہذِہِ اللّیْلۃِ مِن الشّہْرِ الْمعظّمِ،
اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ بہت بڑی نورانیت کے جو آج کی رات اس بزرگتر مہینے میں ظاہر ہوئی ہے اور بواسطہ
والْمرْسلِ الْمکرّمِ، أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِہِ وأنْ تغْفِر لنا ما أنْت بِہِ مِنّا أعْلم،
عزت والے رسول (ص)کے یہ کہ تو محمد(ص) اور ان کی آل(ع) پر رحمت فرما اور ہمیں وہ چیزیں عطا فرما کہ تو انہیں ہم سے زیادہ جانتا ہے اے وہ جو
یا منْ یعْلم ولا نعْلم اللّٰہمّ بارِکْ لنا فِی لیْلتِنا ہذِہِ الّتِی بِشرفِ الرِّسالۃِ فضّلْتہا،
جانتا ہے اور ہم نہیں جانتے اے معبود! برکت دے ہمیں آج کی رات میں کہ جسے تو نے آغاز رسالت سے فضیلت بخشی اپنی بزرگی
وبِکرامتِک أجْللْتہا، وبِالْمحلِّ الشّرِیفِ أحْللْتہا ۔ اللّٰہمّ ف إنّا نسْأ لک بِالْمبْعثِ
سے اسے برتری دی اورمقام بلند دے کر اس کو زینت بخشی ہے اے معبود! پس ہم تیرے سوالی ہیں بواسطہ
الشّرِیفِ، والسّیِّدِ اللّطِیفِ، والْعنْصرِ الْعفِیفِ، أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِہِ وأنْ
بعثت شریف اور مہربان اور پاکیزہ سردار و پارسا ذات کے یہ کہ تو محمد(ص) اور ان کی آل(ع) پر رحمت نازل فرما اور آج کی
تجْعل أعْمالنا فِی ہذِہِ اللّیْلۃِ وفِی سائِرِ اللّیالِی مقْبولۃً وذ نوبنا مغْفورۃً
رات اور تمام راتوں میں ہمارے اعمال کو شرف قبولیت عطا فرما ہمارے گناہوں کو بخش دے

وحسناتِنا مشْكورةً وسيِّئاتِنا مسْتورةً وقلوبنا بِحسْنِ الْقوْلِ مسْرورةً وأرْزاقنا
ہماری نیکیوں کو پسندیدہ قرار دے ہماری خطاؤں کو ڈھانپ دے ہمارے دلوں کو اپنے عمدہ کلام سے خود سند فرما اور ہماری روزی میں
مِنْ لدنْک بِالْیسْرِ مدْرورۃً ۔ اللّٰہمّ إنّک تریٰ ولا تریٰ، وأ نْت بِالْمنْظرِ الْاعْلی، و
اپنی بارگاہ سے آسانی اور اضافہ کردے اے معبود! تو دیکھتا ہے اور خود نظر نہیں آتا کہ تو مقام نظر سے بالا و بلندتر ہے اور جائے
إنّ إلیْک الرّجْعٰی والْمنْتہیٰ و إنّ لک الْممات والْمحْیا، و إنّ لک الْاخِرۃ والْأولی
آخر و بازگشت تیری ہی طرف ہے اور موت دینا اور زندہ کرنا تیرے اختیار میں ہے اور تیرے ہی لیے ہے آغاز و انجام
اللّٰہمّ إنّا نعوذ بِک أنْ نذِلّ ونخْزی وأنْ نأتِی ما عنْہ تنْہی اللّٰہمّ إنّا نسْألک الْجنّۃ
اے معبود! ہم ذلت و خواری میں پ ڑنے سے تیری پناہ کے طالب ہیں اور وہ کام کرنے سے جس سے تو نے منع کیا ہے اے معبود! ہم
بِرحْمتِک، ونسْتعِیذ بِک مِن النّارِ فأعِذْنا مِنْہا بِقدْرتِک،
تیری رحمت کے ذریعے تجھ سے جنت کے طلبگار ہیں اور دوزخ سے تیری پناہ چاہتے ہیں تو ہمیں اس سے پناہ دے اپنی قدرت کے
ونسْألک مِن الْحورِ الْعِینِ فارْزقْنا بِعِزّتِک، واجْعلْ أوْسع أرْزاقِنا
ساتھ اور ہم تجھ سے زیبا ترین حوروں کی خواہش کرتے ہیں وہ بواسطہ اپنی عزت کے عطا فرما اور بڑھاپے کے وقت ہماری روزی میں
عِنْد کِبرِ سِنِّنا، وأحْسن أعْمالِنا عِنْد اقْتِرابِ آجالِنا، وأطِلْ فِی
اضافہ فرما موت کے وقت ہمارے اعمال کو پسندیدہ قرار دے ہمیں اپنی اطاعت اوراپنی نزدیکی کے اسباب میں
طاعتِک وما یقرّب إلیْک ویحْظِی عِنْدک ویزْلِف لدیْک أعْمارنا وأحْسِنْ فِی جمِیعِ
ترقی عطا فرمادے اپنے ہاں حصے اور منزلت کی خاطر ہماری عمریں دراز کردے تمام حالات اور تمام معاملوں میں
أحْوالِنا وأمورنا معْرفتنا، ولا تکِلْنا إلی أحدٍ مِنْ خلْقِک فیمنّ علیْنا، وتفضّلْ
ہمیں بہترین معرفت عطا فرما ہمیں اپنی مخلوق میں سے کسی کے حوالے نہ فرما کہ وہ ہم پر احسان رکھے اور دنیا اور
علیْنا بِجمِیعِ حوائِجِنا لِلدّنْیا والْاخِرۃِ وابْدأْ بِآبائِنا وأبْنائِنا وجمِیعِ إخْوانِنا
آخرت کی تمام ضرورتوں اور حاجتوں کیلئے ہم پر احسان فرما اورہم نے تجھ سے اپنے لیے جن چیزوں کاسوال کیا ہے ان کی عطا میں
الْمؤْمِنِین فِی جمِیعِ ما سألْناک لِا نْفسِنا یا أرْحم الرّاحِمِین اللّٰہمّ إنّا نسْألک
ہمارے پہلے بزرگوں ، ہماری اولاد اور دینی بھائیوں کو بھی شامل فرما اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے معبود! ہم سوالی ہیں
بِاسْمِک الْعظِیمِ، وملْکِک الْقدِیمِ، أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ وأنْ تغْفِر لنا
بواسطہ تیرے عظیم نام اور تیری ازلی حکومت کے کہ تو محمد(ص) اور آل محمد(ص) پر رحمت فرما اور ہمارے سارے کے سارے گناہ
الذّنْب الْعظِیم، إنّہ لا یغْفِر الْعظِیم إلاّ الْعظِیم ۔ اللّٰہمّ وہذا رجبٌ الْمکرّم الّذِی
بخش دے کیونکہ کثیر گناہوں کو بزرگتر ذات کے سوا کوئی نہیں بخش سکتا اے معبود! یہ عزت والا مہینہ رجب ہے جسے تو نے حرمت

أكْرمْتنا بِہِ أوّل أشْہر الْحرمِ، أكْرمْتنا بِہِ مِنْ بيْنِ الأممِ، فلك الْحمْد يا ذا الْجودِ
والے مہینوں میں اولیت دے کر ہمیں سرفراز کیا تو نے اس کے ذریعے ہمیں دوسری امتوں میں ممتاز کیا پس تیرے ہی لیے حمد ہے
والْكرمِ، فأسْألك بِہِ وبِاسْمِک الْاعْظمِ الْاعْظمِ الْاجلّ الْاكْرمِ الّذِی
اے عطا وبخشش کرنے والے پس تیرا سوالی ہوں بواسطہ اس ماہ کے اور تیرے بہت بڑے، بہت بڑے، بہت ہی بڑے نام کے جو
خلقتہ فاسْتقرّ فِی ظِلِّک فلا يخْرج مِنْک إلی غيْرِک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وأهْلِ
روشن بزرگی والا ہے، اسے تونے خلق کیا وہ تیرے ہی زیر سایہ قائم ہے پس وہ تیرے ہاں سے دوسرے کی طرف نہیں جاتا بواسطہ اس
بيْتِہِ الطّاهِرين، وأنْ تجْعلنا مِن الْعامِلِين فِيہِ بِطاعتِک، والْامِلِين فِيہِ لِشفاعتِک ۔
کے سوالی ہوں کہ تو حضرت محمد(ص) اور ان کی پاکیزہ اہلبیت (ع)پررحمت فرما اور یہ کہ اس مہینے میں ہمیں اپنی فرمانبرداری میں رہنے والے اور
اللّٰهمّ اهْدِنا إلی سواءِ السّبِيلِ، واجْعلْ مقِيلنا عِنْدک خيْر مقِيلٍ، فِی
اپنی شفاعت کے امیدوار قرار دیاے معبود! ہمیں راہ راست کی ہدایت دے اور اپنے ہاں ہمارا قیام بہترین جگہ پر اپنے بلند
ظِلِّ ظلِيلٍ، وملْكٍ جزِيلٍ، ف إنّک حسْبنا و نِعْم الْوكِيل ۔ اللّٰهمّ اقْلِبْنا
سایہ اور اپنی عظیم حکومت میں قرار دے پس ضرور تو ہمارے لیے کافی اور بہترین سرپرست ہے اے معبود! ہمیں فلاح پانے اور
مفْلِحِين منْجِحِين غيْر مغْضوبٍ عليْنا ولا ضالِّين بِرحْمتِک يا أرْحم الرّاحِمِين ۔
کامیابی والے بنادے نہ ہم پر غضب کیا جائے اورنہ ہم گمراہ ہوں واسطہ ہے تیری رحمت کا اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے
اللّٰهمّ إنِّی أسْأ لک بِعزائِمِ مغْفِرتِک، وبِواجِبِ رحْمتِک، السّلامة مِنْ كلِّ إثْمٍ،
اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تیری یقینی بخشش اور تیری حتمی رحمت کے واسطے سے ہر گناہ سے بچائے رکھنے، ہر نیکی سے حصہ پانے،
والْغنِيمة مِنْ كلِّ بِرٍّ والْفوْز بِالْجنّةِ والنّجاة مِن النّارِ اللّٰهمّ دعاک الدّاعون ودعوْتک
جنت میں داخلے کی کامیابی اور جہنم سے نجات پانے کا اے معبود! دعا کرنیوالوں نے، تجھ سے دعا کی اور میں بھی دعا کرتاہوں سوال
وسألک السّائِلون وسألْتک وطلب إليْک الطّالِبون وطلبْت إليْک اللّٰهمّ أ نْت الثِّقة
کیا تجھ سے سوال کرنیوالوں نے، میں بھی سوالی ہوں تجھ سے طلب کیا طلب کرنیوالوں نے میں بھی تجھ سے طلب کرتا ہوں اے
والرّجاءُ، و إليْک منْتهیٰ الرّغْبةِ فِی الدّعاءِ ۔ اللّٰهمّ فصلِّ علی محمّدٍ وآلِہِ واجْعلِ
معبود! تو ہی میر اسہارہاور امیدگاہ ہے اور دعا میں تیری ہی طرف انتہائے رغبت ہے اے معبود! پس تو محمد(ص) اور ان کی آل(ع) پر رحمت
الْيقِين فِی قلْبِی والنّور فِی بصری والنّصِيحة فِی صدْری وذِكْرک بِاللّيْلِ
نازل فرما اور میرے دل میں یقین، میری آنکھوں میں نور، میرے سینے میں نصیحت، میری زبان پر رات دن اپنا ذکر و اذکار قرار دے
والنّهارِ علی لِسانِی ورِزْقاً واسِعاً غيْر ممْنونٍ ولا محْظورٍ فارْزقْنِی، وبارِکْ لِی
کسی کے احسان اور کسی رکاوٹ کے بغیر زیادہ روزی دے پس جو رزق تونے مجھے دیا ا س میں میرے لیے برکت عطا کر اور میرے

فِيما رزقْتنِی واجْعلْ غِناى فِی نفْسِی ورغْبتِی فِيما عِنْدک بِرحْمتِک يا أرْحم الـرّاحِمِين
-
دل کو سير فرما اورجو تيرے پاس ہے اس ميں رغبت دے واسطہ تيری رحمت کا اے سب سے زيادہ رحم کرنيوالے۔

اب سجدہ ميں جائے اور سو مرتبہ کہے :

الْحمْد للهِ الّذِیْ ھدانا لِمعْرفتِہٖ و خصّنا بِولايتِہٖ و وفّقنا لِطاعتِہٖ شکْراً شکْراً

حمد ہے ا س خدا کيلئے جس نے اپنی معرفت ميں ہماری رہنمائی کی اپنی سرپرستی ميں خاص کيا اور اپنی اطاعت کی توفيق دی شکر ہے اس کا بہت شکر

پھر سجدے سے سر اٹھائے اور کہے :

اللّٰھمّ إنِّی قصدْتک بِحاجتِی، واعْتمدْت عليْک بِمسْألتِی، وتوجّھْت إليْک بِأئمّتِی

اے معبود! ميں اپنی حاجت ليے تيری طرف آيا اور اپنے سوال ميں تجھ پر بھروسہ کيا ہے ميں اپنے اماموں (ع) اورسرداروں کے ذريعے

وسادتِی اللّٰھمّ انْفعْنا بِحبِّھِمْ، وأوْردْنا موْردھمْ، وارْزقْنا مرافقتھمْ، وأدْخِلْنا

تيری طرف متوجہ ہوا اے معبود! ہميں ان کی محبت سے نفع دے ان کے مقام تک پہنچا ہميں ان کی رفاقت عطا کر اور ہميں ان کے

الْجنّۃ فِی زمْرتِھِمْ بِرحْمتِک يا أرْحم الرّاحِمِين۔

ساتھ جنت ميں داخل فرما واسطہ تيری رحمت کا اے سب سے زيادہ رحم کرنے والے

سيد(رح) نے فرمايا ہے کہ يہ دعا مبعث کے دن ميں بھی پڑھی جائے۔

ستائيس رجب کا دن

يہ عيدوں ميں سے بہت بڑی عيد کا دن ہے کہ اسی دن حضور(ص) مبعوث بہ رسالت ہوئے اور اسی دن جبرائيل (ع)احکام رسالت کے ساتھ حضور پر نازل ہوئے ، اس دن کيلئے چند ايک عمل ہيں :

(١)غسل کرنا۔

(٢)روزہ رکھنا، يہ دن سال بھر ميں ان چار دنوں ميں سے ايک ہے کہ جن ميں روزہ رکھنے کی ايک خاص امتيازی حيثيت ہے، اور اس دن کا روزہ ستر سال کے روزے کا ثواب رکھتا ہے۔

(٣)کثرت سے درود شريف پڑھنا۔

(۴)حضرت رسول اللہ اور امير المومنين -کی زيارت کرنا۔

(۵)مصباح ميں شيخ نے ذکر کيا ہے کہ ريان ابن صلت سے روايت ہے کہ جب امام محمد تقی - بغداد ميں تھے تو آپ پندرہ اور ستائيس رجب کا روزہ رکھتے اور آپ کے تمام متعلقين بھی روزہ رکھتے تھے۔ نيزحضرت نے ہميں بارہ رکعت نمازپڑھنے کا حکم ديا تھا جس کی ہر رکعت ميں الحمد کے بعد ايک سورہ پڑھے اور اس کے بعد سورہ حمد، توحيد اور الفلق، الناس ميں سے ہر ايک چار چار مرتبہ پڑھنے کے بعد چار مرتبہ کہتے:

لا إلہ إلّااللہ واللہ أکْبر.سبْحان اللهِ والْحمْد لِلّہ ولاحوْل ولاقوّۃ إلّابِاللهِ الْعلِیّ الْعظِيمِ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بزرگتر ہے خدا پاک ہے اور حمد خدا ہی کیلئے ہے اور نہیں کوئی طاقت و قوت مگر وہ جو خدائے بلند وبرتر سے ہے

چار مرتبہ اللّٰہ اللّٰہ ربِّی لااُ شرِک بِہٖ شیئاً اور چارمرتبہ لااُ شرِک بِربِّیْ احداً

وہ اللہ، وہی اللہ میر ارب ہے میں کسی چیز کو اسکا شریک نہیں بناتا میں کسی کو اپنے رب کا شریک نہیں گردانتا

(۶)شیخ نے جناب ابوالقاسم حسین بن روح (رح)سے روایت کی ہے کہ ستائیس رجب کو بارہ رکعت نماز پڑھے اور ہر دو رکعت کے بعد بیٹھے اور تشہد اور سلام کے بعد کہے:

الْحمْدُ لِلّٰہ الّذِی لمْ یتّخِذْ ولداً، ولمْ یکنْ لہ شرِیکٌ فِی الْملْکِ، ولمْ یکنْ لہ و لِیٌّ

حمد خدا ہی کے لیے ہے جس نے کسی کو اپنا بیٹا نہیں بنا یا اور نہ ازلی سلطنت میں کوئی اس کا شریک ہے نہ وہ عاجز ہے کہ کوئی اس کا

مِن الذّلِّ، وکبِّرْہ تکْبِیراً ۔ یا عدّتِی فِی مدّتِی، یا صاحِبِی فِی شِدّتِی، یا و لِیِّی فِی

مددگار ہو اور اس کی بڑائی بیان کرو بہت، بہت اے میری عمر میں میری آمادگی، اے سختی میں میرے ساتھی، اے نعمت میں میرے

نِعْمتِی یا غِیاثِی فِی رغْبتِی یا نجاحِی فِی حاجتِی یا حافِظِی فِی غیْبتِی یا کافِیّ

سرپرست، اے میری توجہ پر میرے فریاد رس، اے میریحاجت میں میری کامیابی، اے میری پوشیدگی میں میرے نگہبان، اے

فِی وحْدتِی، یا أ نْسِی فِی وحْشتِی، أ نْت السّاتِر عوْرتِی، فلک الْحمْد، وأ نْت

میری تنہائی میں میری کفایت، کرنے والے، اے میری تنہائی میں میرے انس تو ہی میرے عیب کا پردہ پوش ہے توحمد تیرے ہی لیے

الْمقِیل عثْرتِی، فلک الْحمْد، وأ نْت الْمنْعِش صرْعتِی، فلک الْحمْد،

ہے اور تو ہی میری لغزش سے درگزر کرنے والا ہے حمد تیرے ہی لیے ہے تو ہی مجھے بے ہوشی سے ہوش میں لانے والا ہے پس حمد ہے

صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ واسْترْ عوْرتِی، وآمِنْ روْعتِی، وأقِلْنِی عثْرتِی،

تیرے لیے محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت فرما اور میرے عیب چھپا دے مجھے خوف سے بچائے رکھ میری خطا معاف فرما میرے جرم سے

واصْفحْ عنْ جرْمِی وتجاوزْ عنْ سیِّئاتِی فِی أصْحابِ الْجنّۃِ وعْد الصِّدْقِ الّذِی

درگزر فرما میرے گناہ معاف کرکے مجھے اہل جنت میں سے قرار دے یہ وہ سچا وعدہ ہے

کانوا یوعدون

جو دنیا میں ان سے کیا جاتا ہے۔

اس نماز اور دعا کے بعد سورہ حمد، سورہ توحید، سورہ فلق، سورہ ناس، سورہ کافرون، سورہ قدر اور آیت الکرسی سات سات مرتبہ پڑھے۔ پھر سات مرتبہ کہے:

لا إلہ إلاّاللّٰہ واللّٰہ أکْبروسبْحان اللّٰہ ولاحوْل ولاقوّۃ إلاّبِاللّٰہِ پھر سات مرتبہ کہے اللّٰہ اللّٰہ ربِّیْ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بزرگتر ہے اورخدا پاک ہے نہیں کوئی حرکت اورقوت مگر وہی جو خدا سے ہے وہ اللہ ہی میرا رب ہے

لااُ شرِک بِہٖ شیْئاً

میں کسی چیز کو اس کاشریک نہیں بناتا

اس کے بعد جو بھی دعا پڑھنا چاہے وہ پڑھے۔
(۷)کتاب اقبال اور مصباح کے بعض نسخوں میں ستائیس رجب کے دن اس دعا کا پڑھنا مستحب قرار دیا گیا ہے:
يا منْ أمر بِالْعفْو والتّجاوز، وضمّن نفْسہ الْعفْو والتّجاوز، يا منْ عفا وتجاوز
اے وہ جس نے عفو ودرگزر کا حکم دیا ہے اور خود کو عفو و درگزر کا ضامن قرار دیا ہے اے وہ جس نے معاف کیا اور درگزر
اعْف عنِّی وتجاوزْ يا كريم ۔ اللّٰهمّ وقدْ أكْدى الطّلب، وأعْيتِ الْحِيلۃ والْمذْهب،
کی مجھے معافی دے اور درگزر فرما اے بزرگتر اے معبود! طلب نے مجھے مشقت میں ڈال دیا چارہ جوئی ختم اور
ودرستِ الْأمال، وانْقطع الرّجائ إلاّ مِنْک وحْدک لا شريک لک ۔ اللّٰهمّ إنِّی أجِد
راستہ بند ہوگیا آرزوئیں پرانی ہوگئیں اور تیرے علاوہ ہر کسی سے امید ٹوٹ گئی ہے تو ہی یکتا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اے معبود! میں
سبل الْمطالِبِ إليْک مشْرعۃً، ومناهِلِ الرّجائِ لديْک متْرعۃً، وأبْواب الدّعائِ لِمنْ
اپنے مقاصد کے راستے تیری طرف آتا ہوں اور امید کے سرچشمے تیرے پاس لبالب بھرے ہوئے ہیں اور جو تجھ سے دعا کرے
دعاک مفتّحۃً، والاسْتِعانۃ لِمنِ اسْتعان بِک مباحۃً، وأعْلم أ نّک لِداعِيک بِموْضِع
اس کیلئے دعا کے دروازے کھلے ہوئے ہیں تجھ سے مد دمانگنے والے کے لیے تیری مدد عام ہے اور میں جانتا ہوں کہ بے شک تو
إجابۃٍ، و لِلصّارِخِ إليْک بِمرْصدِ إغاثۃٍ، وأنّ فِی اللّهْفِ إلی جودِک والضّمانِ
پکارنے والے کیلئے مرکز قبولیت ہے تو فریاد کرنے والے کے کیے دادرسی کا ٹھکا نہ ہے اور یقینا تیری عطا میں رغبت اور تیرے
بِعِدتِک عِوضاً مِنْ منْعِ الْباخِلِين ومنْدوحۃً عمّا فِی أيْدِی الْمسْتأْثِرِين، وأ نّک لا
وعدے پر اعتماد ہی ہے جو کنجوسوں کی طرف سے رکاوٹ کا مداوا اور مالداروں کے قبضے میں آئے ہوئے مال پر رنج سے بچانے
تحْتجِب عنْ خلْقِک إلاّ أنْ تحْجبهم الْأعْمال دونک، وقدْ علِمْت أنّ أ فْضل زادِ
والاہے بے شک تو اپنی مخلوق سے اوجھل نہیں ہے مگر بات یہ ہے کہ ان کے برے اعمال نے ان کی آنکھوں پر پردہ ڈالا ہوا ہے اور
الرّاحِلِ إليْک عزْم إرادۃٍ يخْتارک بِها وقدْ ناجاک بِعزْمِ الْإرادۃِ قلْبِی، وأسْأ لک
میں جانتا ہوں کہ تیری طرف سفر کرنے والے کا بہترین زاد راہ تجھے پالینے کا پکا ارادہ ہی ہے بے شک یکسوئی کے ساتھ تیری یاد میں
بِكلِّ دعْوۃٍ دعاک بِها راجٍ بلّغْته أمله، أوْ صارِخٌ إليْک أغثْت صرْخته، أوْ
لگا ہوا ہے اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ایسی دعا کے ذریعے جو کسی امیدوار نے کی اور قبول ہوئی یا ایسے فریادی کی سی فریاد جس کی
ملْهوفٌ مكْروبٌ فرّجْت كربه، أوْ مذْنِبٌ خاطِی غفرْت له، أوْ
تونے داد رسی کی ہے یااس رنجیدہ دکھی کی سی فریاد جس کی تکلیف تونے دور کی ہے یا ایسے خطاکار گنہگار کی سی پکار جسے تونے بخش دیا
معافیً أ تْممْت نِعْمتک عليْه، أوْ فقِيرٌ أهْديْت غِناک إليْه، و لِتِلْک
ہے یاایسے با آرام جیسی دعا جسے تونے سب نعمتیں عطا کیں ہیں یا اس محتاج جیسی دعا جسے تونے دولت عطا کی ہے اور ایسی

الدّعْوۃِ علیْک حقٌّ وعِنْدک منْزلۃٌ إلاّ صلّیْت علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ وقضیْت
دعا جس نے تجھ پر اپنا حق پیدا کیا اور تیرے حضور گرامی ہوئی وہ یہی ہے کہ تو محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور دنیا و
حوائِجِی حوائِج الدّنْیا والْآخِرۃِ، وہذا رجبٌ الْمرجّب الْمکرّم الّذِی أکْرمْتنا بِہِ
آخرت میں میری تمام حاجات پوری فرما اور یہ ماہ رجب ہے کہ عزت شان والا ہے جس سے تونے ہمیں سرفراز کیا جو حرمت والے
أوّل أشْہرِ الْحرمِ أکْرمْتنا بِہِ مِنْ بیْنِ الْأممِ یا ذا الْجودِ والْکرمِ فنسْألک بِہِ
مہینوں میں پہلا ہے اس سے تو نے ہمیں امتوں میں سے ممتاز کیا اے عطا وبخشش کے مالک پس میں سوالی ہوں اسکے واسطے سے اور
وبِاسْمِک الْأعْظمِ الْأعْظمِ الْأعْظمِ ، الْأجلِّ الْأکْرمِ الّذِی خلقْتہ فاسْتقرّ فِی ظِلِّک
تیرے نام کے واسطے سے جو بہت بڑا، بہت بڑا، بہت بڑا ہے روشن تر اور بزرگی والا جسے تو نے خلق کیا پس وہ تیرے بلند سایہ میں
فلا یخْرج مِنْک إلی غیْرِک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وأہْلِ بیْتِہِ الطّاہِرِین وتجْعلنا
ٹھہرا اور تیرے ہاں سے کسی اور کی طرف نہیں گیا میں سوالی ہوں کہ محمد(ص) پر اور ان کے پاکیزہ تر اہلبیت(ع) پر رحمت فرما اور ہمیں اپنی
مِن الْعامِلِین فِیہِ بِطاعتِک والْآمِلِین فِیہِ بِشفاعتِک اللّٰہمّ واہْدِنا إلی سواءِ السّبِیلِ
فرمانبرداری پر کارمند اور اپنی شفاعت کا طلبگار اور امیدوار بنا دے اے معبود ہمیں راہ راست کیطرف ہدایت فرما اور ہماری روز مرہ
واجْعلْ مقِیلنا عِنْدک خیْر مقِیلٍ فِی ظِلٍّ ظلِیلٍ ف إنّک حسْبنا و نِعْم الْوکِیل
زندگی اپنی جناب سے بہترین زندگی قرار دے جو تیرے بلند ترین سایہ میں ہو پس تو ہمارے لئے کافی اور بہترین کام بنانے والا ہے
والسّلام علی عِبادِہِ الْمصْطفیْن وصلواتہ علیْہِمْ أجْمعِین ۔ اللّٰہمّ وبارِکْ لنا فِی
اور سلام ہو خدا کے چنے ہوئے افراد پر اور ان سبھوں پر اس کی رحمت نازل ہو اے معبود! آج کا دن ہمارے لئے
یوْمِنا ھذا الّذِی فضّلْتہ، وبِکرامتِک جلّلْتہ، وبِالْمنْزِلِ الْعظِیمِ الْأعْلی أنْزلْتہ
مبارک فرما کہ جسے تو نے فضیلت دی اور اپنی مہربانی سے اس کو زیبائش دی اور اسے بلند تر مقام پر اتارا ہے اس دن میں
صلِّ علی منْ فِیہِ إلی عِبادِک أرْسلْتہ، وبِالْمحلِّ الْکرِیمِ أحْللْتہ اللّٰہمّ صلِّ علیْہِ
اس ذات پر رحمت فرما جسے تو نے اپنے بندوں کی طرف رسول (ص) بنا کر بھیجا اور اسے عزت والی جگہ پر اتاراہے اے معبود، آنحضرت(ص)
صلاۃً دائِمۃً تکون لک شکْراً، ولنا ذخْراً، واجْعلْ لنا مِنْ أمْرِنا یسْراً،
پر رحمت فرما ہمیشہ کی رحمت کہ جو تیرے شکر کا موجب بنے اور ہمارے لئے ذخیرہ ہو اور ہمارے کاموں میں آسانی اور سہولت قرار دے
واخْتِمْ لنا بِالسّعادۃِ إلی منْتہی آجالِنا، وقدْ قبِلْت الْیسِیر مِنْ أعْمالِنا، وبلّغْتنا
اور ہماری زندگیوں کو سعادت مندی و نیک بختی کے ساتھ انجام پر پہنچا اور تو نے کمتر اعمال کو شرف قبولیت بخشا ہے اور اپنی رحمت سے
بِرحْمتِک أفْضل آمالِنا إنّک علی کلِّ شیْئٍ قدِیرٌ وصلّی اللہ علی محمّدٍ وآلِہِ وسلّم
ہمیں اپنے مقاصد میں کامیاب کیا ہے بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور درود و سلام ہو محمد(ص) اور ان کی پاک و پاکیزہ آل(ع) پر۔

مولف کہتے ہیں کہ امام موسیٰ کاظم -کو جب بغداد لے جا رہے تھے تو اس روز آپ نے یہ دعا پڑھی اور وہ ستائیس رجب کا دن تھا پس یہ دعا رجب کی خاص دعاؤں میں شمار ہوتی ہے ۔

(۸) سید (رح) نے اقبال میں فرمایا ہے کہ ۲۷/رجب کو یہ دعا پڑھے:اللّٰھمّ اِنِّی اسْئلک بِالنجْل الْاعْظمِ .الخیہ دعا صفحہ نمبر ۲۸۸ پر ذکر ہو چکی ہے

کفعمی کی روایت کے مطابق یہ دعا ستائیس رجب کی رات کو پڑھی جانے والی دعاؤں میں بھی ذکر ہوئی ہے۔جس کا ذکر صفحہ نمبر ۲۸۷ پرہو چکا ہے

رجب کا آخری دن اس روز غسل کرنے کا حکم ہے اور اس دن کا روزہ رکھنا گذشتہ و آئندہ گناہوں کی معافی کا موجب ہے نیز اس دن نمازسلمان (ع)پڑھے کہ جس کا طریقہ یکم رجب کے اعمال میں گذر چکا ہے۔

(دوسری فصل) - ماہ شعبان کی فضیلت واعمال

معلوم ہونا چاہئے کہ شعبان وہ عظیم مہینہ جو حضرت رسول سے منسوب ہے حضور (ص) اس مہینے میں روزے رکھتے اور اس مہینے کے روزوں کو ماہ رمضان کے روزوں
سے متصل فرماتے تھے ۔ اس بارے میں آنحضرت کا فرمان ہے کہ شعبان میرا مہینہ ہے اور جو شخص اس مہینہ میں ایک روزہ رکھے تو جنت اس کیلئے واجب ہو جاتی ہے۔

امام جعفر صادق -فرماتے ہیں کہ جب شعبان کا چاند نمودار ہوتا تو امام زین العابدین- تمام اصحاب کو جمع کرتے اور فرماتے : اے میرے اصحاب ! جانتے ہو کہ یہ کونسا مہینہ ہے ؟ یہ شعبان کا مہینہ ہے اور رسول اللہ فرمایا کرتے تھے کہ یہ شعبان میرا مہینہ ہے۔ پس اپنے نبی(ص) کی محبت اور خدا کی قربت کیلئے اس مہینے میں روزے رکھو ۔ اس خدا کی قسم کہ جس کے قبضہ قدرت میں علی ابن الحسین+ کی جان ہے میں نے اپنے پدر بزرگوار حسین ابن علی +سے سنا وہ فرماتے تھے میں نے اپنے والد گرامی امیر المومنین -سے سنا کہ جو شخص محبت رسول (ص) اور تقرب خدا کیلئے شعبان میں روزہ رکھے تو خدائے تعالیٰ اسے اپنا تقرب عطا کریگا قیامت کے دن اس کو عزت و احترم ملے گا اور جنت اس کیلئے واجب ہو جائے گی ۔

شیخ نے صفوان جمال سے روایت کی ہے کہ امام جعفر صادق -نے فرمایا: اپنے قریبی لوگوں کو ماہ شعبان میں روزہ رکھنے پر آمادہ کرو ! میں نے عرض کیا آپ پر قربان ہو جاوٴں اس میں کوئی فضیلت ہے ؟آپ(ع) نے فرمایا ہاں اور فرمایا رسول اللہ جب شعبان کا چاند دیکھتے تو آپ کے حکم سے ایک منادی یہ ندا کرتا :

اے اہل مدینہ! میں رسول خدا کا نمائندہ ہوں اور ان کا فرمان ہے کہ شعبان میرا مہینہ ہے ۔ خدا کی رحمت ہو اس پر جو اس مہینے میں میری مدد کرے ۔ یعنی روزہ رکھے۔ صفوان کہتے ہیں امام جعفر صادق -کا ارشاد ہے کہ امیر المؤمنین- فرماتے تھے جب سے منادی رسول (ص) نے یہ ندا دی اسکے بعد شعبان کا روزہ مجھ سے قضا نہیں ہوا اور جب تک زندگی کا چراغ گل نہیں ہو جاتا یہ روزہ مجھ سے ترک نہیں ہوگا نیز فرمایا کہ شعبان اور رمضان دو مہینوں کے روزے توبہ اور بخشش کا موجب ہیں
۔

اسماعیل بن عبد الخالق سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق -کی خدمت میں حاضر تھا، وہاں روزہٴ شعبان کا ذکر ہوا تو حضرت نے فرمایا ماہ شعبان کے روزے رکھنے کی بہت زیادہ فضیلت ہے حتی کہ نا حق خون بہانے والے کو بھی ان روزوں سے فائدہ پہنچ سکتا ہے اور بخشا جا سکتا ہے۔

اس عظیم و شریف مہینے کے اعمال دو قسم کے ہیں :
”اعمال مشترکہ او راعمال مختصہ“

ماہ شعبان کے مشترکہ اعمال

اعمالِ مشترکہ میں سے چند امور ہیں ۔

(۱) ہر روز ستر مرتبہ کہے :اسْتغْفِرِ اللہ و اسْئلہ التّوْبۃ (۲) ہر روز ستر مرتبہ کہے : اسْتغْفِرِ اللہ الّذِیْ لا
بخشش چاہتا ہوں اللہ سے اور توبہ کی توفیق مانگتا ہوں بخشش کا طالب ہوں اللہ سے کہ جس کے سوا کوئی
اِلہ اِلّا ھو الرّحْمٰن الرّحِیْم الْحیّ الْقیّوْم و اتوْب اِلیْہبعضروایات میں الْحیّ الْقیّوْم کے الفاظ
معبودنہیں وہ بخشنے والا مہربان ہے زندہ نگہبان ہے اورمیں اسکے حضور توبہ کرتا ہوں زندہ و پائندہ بخشنے والا مہربان
الرّحْمٰن الرّحِیْم سے قبل ذکر ہوئے ہیں ۔
بخشنے والا مہربان
پس جیسے بھی عمل کرے مناسب ہے روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ اس ماہ کا بہترین عمل استغفار ہے اور اس مہینے میں ستر مرتبہ استغفار کرنا گویا دوسرے مہینوں میں ستر ہزار مرتبہ استغفار کرنے کے برابر ہے۔
(۳) صدقہ دے اگرچہ وہ نصف خرما ہی کیوں نہ ہو، اس سے خدا اسکے جسم پر جہنم کی آگ کو حرام کردے گا ۔
امام جعفر صادق -سے ماہ رجب کے روزے کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایاتم ماہ شعبان کے روزے سے کیوں غافل ہو ؟ راوی نے عرض کی ، فرزند رسول(ص) ! شعبان کے ایک روزے کا ثواب کس قدر ہے؟ فرمایا قسم بخدا کہ اس کااجر و ثواب بہشت ہے۔ اس نے عرض کی۔ اے فرزند رسول(ص) ! اس ماہ کا بہترین عمل کیا ہے؟ فرمایا کہ صدقہ و استغفار ، جو شخص ماہ شعبان میں صدقہ دے ۔ پس خدا اس صدقے میں اس طرح اضافہ کرتا رہے گا، جیسے تم لوگ اونٹنی کے بچے کو پال کر عظیم الجثہ اونٹ بنا دیتے ہو چنانچہ یہ صدقہ قیامت کے روز احد کے پہاڑ کی مثل بڑھ چکا ہوگا۔
(۴) پورے ماہ شعبان میں ہزار مرتبہ کہے:
لا اِلٰہ اِلّا اللہ ولا نعْبد اِلّا اِیّاہ مخْلِصِیْن لہ الدِّیْن ولوْ کرِہ الْمشْرِکِیْن
اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور ہم عبادت نہیں کرتے مگر اسی کی ہم اس کے دین سے خلوص رکھتے ہیں اگرچہ مشرکوں پر ناگوار گزرے
اس ذکر کا بہت زیادہ ثواب ہے، جس میں ایک جز یہ ہے کہ جو شخص مقررہ تعداد میں یہ ذکر کرے گا اس کے نامہ اعمال میں ایک ہزار سال کی عبادت کا ثواب لکھ دیا جائے گا ۔
(۵) شعبان کی ہر جمعرات کو دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد سو مرتبہ سورہ توحید پڑھے اور نماز کے بعد سو مرتبہ درود شریف پڑھے تاکہ خدا دین و دنیا میں اس کی ہر نیک حاجت پوری فرمائے واضح ہو کہ روزے کا اپنا الگ اجر و ثواب ہے اور روایت میں آیا ہے کہ شعبان کی ہر جمعرات کو آسمان سجایا جاتا ہے تو ملائکہ عرض کرتے ہیں ، خدایا آج کا روزہ رکھنے والوں کوبخش دے اور ان کی دعائیں قبول کر لے۔ ایک حدیث میں مذکور ہے کہ اگر کوئی شخص ماہ شعبان میں سوموار اور جمعرات کو روزہ رکھے تو خدا وند کریم دنیا و آخرت میں اس کی بیس بیس حاجات پوری فرمائے گا۔
(۶) ماہ شعبان میں درود شریف بکثرت پڑھے۔

(۷) شعبان میں ہر روز وقت زوال اور پندرہ شعبان کی رات کو امام زین العابدین- سے مروی صلوات پڑھے:

اللّٰھمّ صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ شجرۃِ النّبوّۃِ، وموضِعِ الرّسالۃِ، ومخْتلفِ

اے معبود! محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما جو نبوت کا شجر رسالت کا مقام، فرشتوں کی آمد و رفت

الْملائِکۃِ ومعْدِنِ الْعِلْمِ، وأھْلِ بیْتِ الْوحْیِ ۔ اللّٰھمّ صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ

کی جگہ، علم کے خزانے اور خانہ وحی میں رہنے والے ہیں اے معبود! محمد(ص) وآل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما

الْفلْکِ الْجارِیۃِ فِی اللّججِ الْغامِرۃِ، یأْمن منْ رکِبھا، ویغْرق منْ ترکھا، الْمتقدِّمِ

جو بے پناہ بھنوروں میں چلتی ہوئی کشتی ہیں کہ بچ جائے گا جو اس میں سوار ہوگا اور غرق ہوگا جو اسے چھوڑ دے گا ان سے آگے نکلنے والا

لھمْ مارِقٌ، والْمتأخِّر عنْھمْ زاھِقٌ، واللاّزِم لھمْ لاحِقٌ ۔ اللّٰھمّ صلِّ علی محمّدٍ

دین سے خارج اور ان سے پیچھے رہ جانے والا نابود ہو جائے گا اور ان کے ساتھ رہنے والا حق تک پہنچ جائے گا اے معبود! محمد(ص)

وآلِ محمّدٍ الْکھْفِ الْحصِینِ، وغِیاثِ الْمضْطرِّ الْمسْتکِینِ، وملْجا الْھارِبِین

و آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما جو پائیدار جائے پناہ اور پریشان و بے چارے کی فریاد کو پہنچنے والے، بھاگنے اور ڈرنے والے کیلئے جائے

وعِصْمۃِ الْمعتصِمِین ۔ اللّٰھمّ صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ صلاۃً کثِیرۃً تکون

امان اور ساتھ رہنے والوں کے نگہدار ہیں اے معبود محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما بہت بہت رحمت کہ جوان کے لیے وجہ خوشنودی

لھمْ رِضاً و لِحقِّ محمّدٍ وآلِ محمّدٍ أداءً وقضاءً بِحوْلٍ مِنْک وقوّۃٍ یا ربّ الْعالمِین

اور محمد(ص) وآل محمد(ع) کے واجب حق کی ادائیگی اور اس کے پورا ہونے کاموجب بنے تیری قوت و طاقت سے اے جہانوں کے پروردگار

اللّٰھمّ صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ الطّیِّبِین الْأ بْرارِ الْأخْیارِ الّذِین أوْجبْت

اے معبود محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما جو پاکیزہ تر، خوش کردار اور نیکو کار ہیں جن کے حقوق تو نے واجب کیے

حقوقھمْ وفرضْت طاعتھمْ وولایتھمْ ۔ اللّٰھمّ صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ واعْمرْ

اور تو نے ان کی اطاعت اور محبت کو فرض قرار دیا ہے اے معبود محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور میرے دل کو اپنی

قلْبِی بِطاعتِک ولا تخْزِنِی بِمعْصِیتِک وارْزقْنِی مواساۃ منْ قتّرْت علیْہِ مِنْ رِزْقِک

اطاعت سے آباد فرما اپنی نافرمانی سے مجھے رسوا و خوار نہ کر اور جس کے رزق میں تو نے تنگی کی ہے مجھے اس سے ہمدردی کرنے کی

بِما وسّعْت علیّ مِنْ فضْلِک، ونشرْت علیّ مِنْ عدْلِک، وأحْییْتنِی تحْت ظِلِّک

توفیق دے کیونکہ تو نے اپنے فضل سے میرے رزق میں فراخی کی مجھ پر اپنے عدل کوپھیلایا اور مجھے اپنے سائے تلے زندہ رکھا ہے

وھذا شھْر نبِیِّک سیِّدِ رسلِک شعْبان الّذِی حففْتہ مِنْک بِالرّحْمۃِ والرِّضْوانِ الّذِی

اور یہ تیرے نبی(ص) کا مہینہ ہے جو تیرے رسولوں کے سردار ہیں یہ ماہ شعبان جسے تو نے اپنی رحمت اور رضامندی کے ساتھ گھیرا ہوا ہے

کان رسول اللّٰہِ صلّی اللہ علیْہِ وآلِہِ وسلّم یدْأب فِی صِیامِہِ وقِیامِہِ فِی لیالِیہِ

یہ وہی مہینہ ہے جس میں حضرت رسول اپنی فروتنی سے دنوں میں روزے رکھتے اور راتوں میں صلوۃ و قیام کیا کرتے تھے
وأيّامِہِ بخوعاً لک فِی إکْرامِہِ و إعْظامِہِ إلی محلّ حِمامِہِ اللّٰهمّ فأعِنّا علی
تیری فرمانبرداری اور اس مہینے کے مراتب و درجات کے باعث وہ زندگی بھر ایسا ہی کرتے رہے اے معبود! پس اس مہینے میں ہمیں
الاسْتِنانِ بِسنّتِہِ فِیہِ، ونیْلِ الشّفاعۃِ لدیْہِ اللّٰهمّ واجْعلْہ لِی شفِیعاً مشفّعاً،
ان کی سنت کی پیروی اور ان کی شفاعت کے حصول میں مدد فرما اے معبود؛ آنحضرت(ص) کو میرا شفیع بنا جن کی شفاعت مقبول ہے اور
وطرِیقاً إلیْک مهْیعاً واجْعلْنِی لہ متّبِعاً حتّی ألْقاک یوْم الْقِیامۃِ عنِّی راضِیاً، وعنْ
میرے لیے اپنی طرف کھلا راستہ قرار دے مجھے انکا سچا پیروکار بنادے یہاں تک کہ میں روز قیامت تیرے حضور پیش ہوں جبکہ تو مجھ
ذ نوبِی غاضِیاً، قدْ أوْجبْت لِی مِنْک الرّحْمۃ والرِّضْوان، وأ نْزلْتنِی دار الْقرار
سے راضی ہو اور میرے گناہوں سے چشم پوشی کرے ایسے میں تو نے میرے لیے اپنی رحمت اور خوشنودی لازم کر رکھی ہو اور مجھے
ومحلّ الْأخْیار۔
دارالقرار اور صالح لوگوں کے ساتھ رہنے کی مہلت دے
(۸)ابن خالویہ سے روایت ہے کہ امیرالمومنین -اور ان کے فرزندان ماہ شعبان میں روزانہ جو مناجات پڑھا کرتے تھے وہ یہ ہے:
اللّٰهمّ صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ واسْمعْ دعائِی إذا دعوْتک، واسْمعْ نِدائِی إذا
اے معبود! محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور جب میں تجھ سے دعا کروں تو میری دعا سن جب میں تجھے پکاروں تو میری
نادیْتک وأ قْبِلْ علیّ إذا ناجیْتک فقدْ هربْت إلیْک ووقفْت بیْن یدیْک مسْتکِیناً لک
پکار کو سن جب میں تجھ سے مناجات کروں تو میری پر توجہ فرما کہ تیرے ہاں تیزی سے آیا ہوں میں تیری بارگاہ میں کھڑا ہوں اپنی بے
متضرِّعاً إلیْک راجِیاً لِما لدیْک ثوابِی وتعْلم ما فِی نفْسِی وتخْبر
چارگی تجھ پر ظاہر کر رہا ہوں تیرے سامنے نالہ و فریاد کرتا ہوں اپنے اس ثواب کی امید میں جو تیرے ہاں ہے اور تو جانتا ہے جو کچھ
حاجتِی وتعْرِف ضمِیری، ولا یخْفی علیْک أمْر منْقلبِی ومثْوای
میرے دل میں ہے تو میری حاجت سے آگاہ ہے اور تو میرے باطن سے باخبر ہے دنیا اور آخرت میں میری حالت تجھ پرمخفی نہیں اور
وما أرِید أنْ أبْدِی بِہِ مِنْ منْطِقِی، وأ تفوّہ بِہِ مِنْ طلِبتِی، وأرْجوه لِعاقِبتِی، وقدْ
جس کا میں ارادہ کرتا ہوں کہ زبان پر لاؤں اور اسے بیان کروں اور اپنی حاجت ظاہر کروں اور اپنی عافیت میں ا س کی امید رکھوں تو
جرتْ مقادِیرک علیّ یا سیِّدِی فِیما یکون مِنِّی إلی آخِرِ عمْری مِنْ سرِیرتِی
یقینا تیرے مقدرات مجھ پر جاری ہوئے اے میرے سردار جو میں آخر عمر تک عمل کروں گا میرے پوشیدہ اور ظاہرا کاموں میں سے
وعلانِیتِی وبِیدِک لا بِیدِ غیْرک زِیادتِی ونقْصِی ونفْعِی وضرِّی إلٰهِی إنْ حرمْتنِی
اور میری کمی بیشی اور نفع و نقصان تیرے ہاتھ میں ہے نہ کہ تیرے غیر کے ہاتھ میں میرے معبود! اگر تو نے مجھے محروم کیا

فمنْ ذا الّذِی یرْزقنِی و إنْ خذلْتنِی فمنْ ذا الّذِی ینْصرنِی إلهِی أعوذ بِک مِنْ
تو پھر کون ہے جو مجھے رزق دے گا اور اگر تو نے مجھے رسو کیا تو پھر کون ہے جو میری مدد کرے گا میرے معبود! میں تیرے غضب اور تیرا
غضبِک وحلولِ سخطِک إلهِی إنْ کنْت غیْر مسْتأْهِلٍ لِرحْمتِک فأنْت أهْلٌ أنْ تجود
عذاب نازل ہونے سے تیری پناہ مانگتا ہوں میرے معبود: اگر میں تیری رحمت کے لائق نہیں پس تو اس چیز کا اہل ہے کہ مجھ پر اپنے
علیّ بِفضْلِ سعتِک إلهِی کأ نِّی بِنفْسِی واقِفۃٌ بیْن یدیْک وقدْ أظلّها حسْن توکّلِی
عظیم تر فضل سے عطا و عنایت فرمائے میرے معبود! گویا میں خود تیرے سامنے کھڑا ہوں اور تجھ پر میرے حسن اعتماد اور توکل کا سایہ
علیْک فقلْت ما أ نْت أهْلہ وتغمدْتنِی بِعفْوِک ۔ إلهِی إنْ عفوْت
پڑرہا ہے پس تو نے وہی کچھ کیا جو تیری شان کے لائق ہے اور تو نے مجھے اپنے دامن عفو میں لے لیا میرے معبود: اگر تو مجھے معاف
فمنْ أوْلی مِنْک بِذلِک و إنْ کان قدْ دنا أجلِی ولمْ یدْنِنِی مِنْک عملِی فقدْ جعلْت
کرے تو کون ہے جو اس کا تجھ سے زیادہ اہل ہو اور اگر میری موت قریب آگئی ہے اور میرا کردار مجھے تیرے قریب کرنے والا نہیں تو
الْإِقْرار بِالذّنْبِ إلیْک وسِیلتِی ۔ إلهِی قدْ جرْت علی نفْسِی فِی النّظر لها فلها
میں نے اپنے گناہ کے اقرار کو تیری جناب میں اپنا وسیلہ قرار دے لیا ہے میرے معبود! میں نے اپنے نفس کی تدبیر میں اس پر ظلم کیا
الْویْل إنْ لمْ تغْفِرْ لها ۔ إلهِی لمْ یزلْ بِرّک علیّ أیّام حیاتِی فلا تقْطعْ بِرّک عنِّی
اگر تو اسے بخشے تو یہ ہلاکت وبربادی ہے میرے معبود ایام زندگی میں تیرا احسان ہمیشہ مجھ پر ہوتا رہا پس بوقتِ موت اسے مجھ سے قطع
فِی مماتِی ۔ إلهِی کیف آیس مِنْ حسْنِ نظرک لِی بعْد مماتِی وأ نْت لمْ تولِّنِی إلاّ
نہ فرما میرے معبود! میں مرنے کے بعد تیرے عمدہ التفات سے کیونکر مایوس ہوں گا جبکہ میں نے اپنی زندگی میں تیری طرف سے
الْجمِیل فِی حیاتِی ۔ إلهِی تولّ مِنْ أمْرِی ما أ نْت أهْلہ، وعدْ علیّ بِفضْلِک علی
سوائے نیکی کے کچھ اور نہیں دیکھا میرے معبود! میرے امور کا اس طرح ذمہ دار بن جو تیرے شایاں ہے اور مجھ گنہگار پر اپنے فضل
مذْنِبٍ قدْ غمرہ جهْلہ ۔ إلهِی قدْ سترْت علیّ ذ نوباً فِی الدّنْیا وأ نا أحْوج إلی
سے توجہ فرما جسے نادانی نے گھیر رکھا ہے میرے معبود! تو نے دنیا میں میرے گناہوں کی پردہ پوشی فرمائی جبکہ میں آخرت میں
سترِها علیّ مِنْک فِی الْأخْری إذْ لمْ تظْهِرْها لِاحدٍ مِنْ عِبادِک الصّالِحِین
اپنے گناہوں کی پردہ پوشی کا زیادہ محتاج ہوں میرے معبود! یہ تیرا احسان ہے کہ تو نے میرے گناہ اپنے نیک بندوں میں سے کسی پر
فلا تفْضحْنِی یوْم الْقِیامۃِ علی رؤوسِ الْأشْهادِ إلهِی جودک بسط أملِی
ظاہر نہیں کیے پس روز قیامت بھی مجھے لوگوں کے سامنے رسوا و ذلیل نہ فرما میرے معبود! تیری عطا میری امید پر چھائی ہوئی ہے اور
وعفْوک أفْضل مِنْ عملِی إلهِی فسرّنِی بِلِقائِک یوْم تقْضِی فِیہِ بیْن عِبادِک
تیرا عفو میرے عمل سے برتر ہے میرے معبود! اپنی ملاقات سے مجھے شاد فرما جس روز تو اپنے بندوں کے درمیان فیصلے کرے گا

إلهِی اعتِذاری إلیْک اعتِذار منْ لمْ یستغْنِ عنْ قبولِ عذْرِهِ فاقْبلْ عذْری یا أکْرم

میرے معبود! تیرے حضور میری عذر خواہی اس شخص کی طرح ہے جو قبول عذر سے بے نیاز نہیں پس میرا عذر قبول فرما اے سب

منِ اعْتذر إلیْہِ الْمسیِئون۔ إلهِی لا تردّ حاجتِی، ولا تخیِّبْ طمعِی

سے زیادہ کرم کرنے والے کہ جس کے سامنے گنہگار عذر خواہی کرتے ہیں میرے مولا میری حاجت رد نہ فرما میری طمع میں مجھے

ولا تقْطعْ مِنْک رجائِی وأملِی ۔ إلهِی لوْ أردْت هوانِی لمْ تهْدِنِی

ناامید نہ کر اور میں تجھ سے جو امید و آرزو رکھتا ہوں اسے قطع نہ کرمیرے معبود اگر تو میری خواری چاہتا ہے تو میری رہنمائی نہ فرماتا اور

ولوْ أردْت فضِیحتِی لمْ تعافِنِی ۔ إلهِی ما أظنّک تردّنِی فِی حاجةٍ قدْ أفْنیْت

اگر تو میری رسوائی چاہتا تو میری پردہ پوشی نہ کرتا، میرے معبود! میں یہ گمان نہیں کرتا کہ تو میری وہ حاجت پوری نہ کرے گا جو میں عمر

عمْری فِی طلبِها مِنْک ۔ إلهِی فلک الْحمْد أبداً أبداً دائِماً سرْمداً یزید ولا یبِید

بھر تجھ سے طلب کرتا رہاہوں ، میرے معبود! حمد بس تیرے ہی لیے ہے ہمیشہ ہمیشہ پے در پے اور بے انتہا جو بڑھتی جاتی ہے اور کم

کما تحِبّ وترضی إلهِی إنْ أخذْتنِی بِجرْمِی أخذْتک بِعفْوِک و إنْ أخذْتنِی

نہیں ہوتی جو تجھے پسند ہے اور تجھے بھلی لگتی ہے، میرے معبود! اگر تو مجھے جرم پر پکڑے گا تو میں تیری بخشش کا دامن تھام لوں گا اگر

بِذنوبِی أخذْتک بِمغْفِرتِک، و إنْ أدْخلْتنِی النّار أعْلمْت أهْلها أ نِّی أحِبّک

مجھے گناہ پر پکڑے گا تو میں تیری پردہ پوشی کا سہارا لوں گا اور اگرتو مجھے جہنم میں ڈالے گا تو میں اہل جہنم کو بتاؤں گا کہ میں تیرا چاہنے

إلهِی إنْ کان صغر فِی جنْبِ طاعتِک عملِی فقدْ کبر فِی جنْبِ رجائِک أملِی

والا ہوں میرے خدا! اگر تیری اطاعت کے سلسلے میں میرا عمل کمتر ہے تو بھی تجھ سے بخشش کی امید رکھنے میں میری آرزو بہت بڑی

إلهِی کیْف أنْقلِب مِنْ عِنْدِک بِالْخیْبةِ محْروماً وقدْ کان حسْن ظنِّی بِجودِک أنْ

ہے، میرے خدا! کس طرح میں تیری درگاہ سے مایوسی میں خالی ہاتھ پلٹ جاوں جبکہ میں تیری عطا سے یہ توقع رکھتا ہوں کہ تو مجھے

تقْلِبنِی بِالنّجاةِ مرْحوماً إلهِی وقدْ أ فْنیْت عمْری فِی شِرّةِ السّهْو عنْک، وأبْلیْت

رحمت و بخشش کے ساتھ پلٹائے گا، میرے خدا ہوا یہ کہ میں نے تجھے فراموش کرکے اپنی زندگی برائی میں گزاری اور میں نے اپنی

شبابِی فِی سکْرةِ التّباعدِ مِنْک ۔ إلهِی فلمْ أسْتیْقِظْ أیّام اغْتِراری بِک، ورکونِی

جوانی تجھ سے دوری اور غفلت میں گنوائی میرے خدا؛ تیرے مقابل جرا ٔت کرنے کے دوران میں ہوش میں نہ آیا اور تیری ناخوشی

إلی سبِیلِ سخطِک إلهِی وأنا عبْدک وابْن عبْدِک قائِمٌ بیْن یدیْک متوسِّلٌ بِکرمِک

کے راستے پر چلتا گیا پھر بھی اے معبود؛ میں تیرا بندہ اور تیرے بندے کا بیٹا ہوں اور تیرے ہی لطف و کرم کو وسیلہ بنا کر تیری بارگاہ

إلیْک إلهِی أنا عبْدٌ أتنصّل إلیْک مِمّا کنْت أواجِهک بِہِ مِنْ قِلّةِ اسْتِحْیائِی مِنْ

میں آکر کھڑا ہوں ، میرے خدا! میں وہ بندہ ہوں جو خود کو تیری طرف کھینچ لایا ہے جبکہ میں تیری نگاہوں کا حیا نہ کرتے ہوئے تیرے

نظرک، وأطْلب الْعفْو مِنْک إذِ الْعفْو نعْتٌ لِکرمِک ۔ إلهِی لمْ یکنْ لِی حوْلٌ
مقابل اکڑا ہوا تھا میں تجھ سے معافی مانگتاہوں کیونکہ معاف کردینا تیرے لطف و کرم کا خاصہ ہے میرے خدا! میں جنبش نہیں کرسکتا تا
فأنْتقِل بِہِ عنْ معْصِیتِک إلاّ فِی وقْتٍ أیْقظْتنِی لِمحبّتِک، وکما أردْت أنْ أکون
کہ تیری نافرمانی کی حالت سے نکل آؤں مگر اس وقت جب تو مجھے اپنی محبت کی طرف متوجہ کرے کہ جیسا تو چاہے میں ویساہی بن
کنْت فشکرْتک بِ إدْخالِی فِی کرمِک، و لِتطْهِیر قلْبِی مِنْ أوْساخِ الْغفْلۃِ
سکتا ہوں پس میں تیرا شکر گذار ہوں کہ تو نے مجھے اپنی مہربانی میں داخل کیا اور میں تجھ سے جو غفلت کرتا رہاہوں میرے دل کو اس
عنْک ۔ إلهِی انْظرْ إلیّ نظر منْ نادیْتہ فأجابک، واسْتعْملْتہ بِمعونتِک
سے پاک کردیا میرے خدا! مجھ پر وہ نظر کر جو تو تجھے پکارنے والے پر کرتا ہے تو اس کی دعا قبول کرتا ہیپھر اس کی یوں مدد کرتا ہے گویا
فأطاعک، یا قرِیباً لا یبْعد عنِ الْمغْترّ بِہِ، ویا جواداً لا یبْخل عمّنْ رجا
وہ تیرا فرمانبردار تھا اے قریب کہ جو نافرمان سے دوری اختیار نہیں کرتا اور اے بہت دینے والے جو ثواب کے امیدوار کے لیے کمی
ثوابہ ۔ إلهِی هبْ لِی قلْباً یدْنِیہِ مِنْک شوْقہ، و لِساناً یرْفع إلیْک صِدْقہ، ونظراً
نہیں کرتا، میرے خدا! مجھے وہ دل دے جس میں تیرے قرب کاشوق ہو۔ وہ زبان عطا فرما جو تیرے حضور سچی رہے اور وہ نظر دے
یقرّبہ مِنْک حقّہ۔ إلهِی إنّ منْ تعرّف بِک غیْر مجْهولٍ، ومنْ لاذ بِک غیْر مخْذولٍ
جس کی حق بینی مجھے تیرے قریب کرے، میرے خدا! بے شک جسے تو جان لے وہ نامعلوم نہیں رہتا جو تیری محبت میں آجائے وہ بے
ومنْ أ قْبلْت علیْہِ غیْر مملْولٍ ۔ إلهِی إنّ من انْتهج بِک لمسْتنِیرٌ، و إنّ منِ
کس نہیں ہوتا اور جس پر تیری نگاہ کرم ہو وہ کسی کا غلام نہیں ہوتا، میرے خدا! بے شک جو تیری طرف بڑھے اسے نور ملتا ہے اور جو تجھ
اعْتصم بِک لمسْتجِیرٌ، وقدْ لذْت بِک یا إلهِی فلا تخیِّبْ ظنِّی مِنْ رحْمتِک،
سے وابستہ ہو وہ پناہ یافتہ ہے، ہاں میں تیری پناہ لیتا ہوں اے خدا؛ مجھے اپنے دوستوں میں قرار دے جن کا مقام یہ ہے
ولا تحْجبْنِی عنْ رأفتِک ۔ إلهِی أقِمْنِی فِی أهْلِ ولایتِک مقام منْ رجا
کہ وہ تیری محبت کی بہت امید رکھتے ہیں ، میرے خدا! مجھے اپنے ذکر کے ذریعے اپنے ذکر کا
الزِّیادۃ مِنْ محبّتِک ۔ إلهِی وأ لْهِمْنِی ولهاً بِذِکْرِک إلی ذِکْرِک، وهِمّتِی فِی روْحِ
شوق اور ذوق دے اور مجھے اپنے اسمائ حسنیٰ سے مسرور ہونے اور اپنے پاکیزہ مقام سے دلی سکون حاصل کر
نجاحِ أسْمائِک ومحلِّ قدْسِک إلهِی بِک علیْک إلاّ ألْحقْتنِی بِمحلِّ أهْلِ طاعتِک
نیکی ہمت دے میرے خدا تجھے تیری ذات کا واسطہ ہے کہ مجھے اپنے فرمانبردار بندوں میں شامل کرلے
والْمثْوی الصّالِحِ مِنْ مرْضاتِک، ف إنِّی لا أقْدِر لِنفْسِی دفْعاً، ولا أمْلِک لها نفْعاً ۔
اور اپنی خوشنودی کے مقام تک پہنچادے کیونکہ میں نہ اپنا بچاؤ کرسکتا ہوں اورنہ اپنے آپ کو کچھ فائدہ پہنچاسکتاہوں ،

إلهي أنا عبْدک الضّعِيف الْمذْنِب، وممْلوكک الْمنِيب فلا تجْعلْنِی مِمّنْ صرفْت
میرے خدا؛ میں تیرا ایک کمزور و گنہگار بندہ اور تجھ سے معافی کا طلب گار غلام ہوں پس مجھے ان لوگوں میں نہ رکھ جن سے تو نے توجہ
عنہ وجْهک وحجبہ سهْوه عنْ عفْوک ۔ إلهی هبْ لی كمال الانْقِطاع إليْک، وأنِرْ
ہٹالی اور جن کی بھول نے انہیں تیرے عفو سے غافل کر رکھا ہے میرے خدا مجھے توفیق دے کہ میں تیری بارگاہ کا ہوجاؤں اور ہمارے
أبْصار قلوبِنا بِضِياءِ نظرِها إليْک، حتّی تخْرق أبْصار الْقلوبِ حجب النّور
اورہمارے دلوں کی آنکھیں جب تیری طرف نظر کریں تو انہیں نورانی بنادے تا کہ یہ دیدہ ہائے دل حجاباتِ نور کو پار کرکے تیری
فتصِل إلی معْدِنِ الْعظمۃِ، وتصِير أرْواحنا معلّقۃً بِعِزِّ قدْسِک ۔ إلهی واجْعلْنِی
عظمت و بزرگی کے مرکز سے جاملیں اور ہماری روحیں تیری پاکیزہ بلندیوں پر آویزاں ہوجائیں میرے خدا؛ مجھے ان لوگوں میں رکھ
مِمّنْ ناديْتہ فأجابک، ولاحظْتہ فصعِق لِجلالِک، فناجيْتہ سِرّاً
جن کو تو نے پکارا تو انہوں نے جواب دیا تو نے ان پر توجہ فرمائی تو انہوں نے تیرے جلال کا نعرہ لگایا ہاں تو نے انہیں باطن میں پکارا
وعمِل لک جهْراً ۔ إلهی لمْ أسلِّطْ علی حسْنِ ظنِّی قنوط الْاياسِ، ولا انْقطع
اور انہوں نے تیرے لیے ظاہر میں عمل کیا ، میرے خدا؛ میں نے اپنے حسن ظن پر ناامیدی کو مسلط نہیں کیا اور تیرے
رجائِی مِنْ جمِيلِ كرمِک ۔ إلهی إنْ كانتِ الْخطايا قدْ أسْقطتْنِی لديْک فاصْفحْ
لطف و کرم کی توقع قطع نہیں ہونے دی ہے، میرے خدا؛ اگر تیرے نزدیک میری خطائیں نظر انداز کردی گئی ہیں تو میری جو توکل تجھ
عنِّی بِحسْنِ توكّلِی عليْک ۔ إلهی إنْ حطّتْنِی الذّنوب مِنْ مكارِمِ لطْفِک فقدْ
پرہے اس کے پیش نظر میری پردہ پوشی فرمادے، میرے خدا؛ اگر گناہوں نے مجھے تیرے کرم کی برکتوں سے دور کردیا ہے تو بھی
نبّهنِی الْيقِين إلی كرمِ عطْفِک ۔ إلهی إنْ أنامتْنِی الْغفْلۃ عنِ الاسْتِعْدادِ
یقین نے مجھے تیری عنایت و مہربانی سے آگاہ کر رکھا ہے میرے خدا؛ اگر میں نے خواب غفلت میں پڑکر تیری بارگاہ میں حاضری کی
لِلِقائِک فقدْ نبّهتْنِی الْمعْرِفۃ بِكرمِ آلائِک ۔ إلهی إنْ دعانِی إلی النّارِ عظِيم عِقابِک
تیاری نہیں کی تو بے شک معرفت نے مجھے تیری مہربانیوں سے باخبر کردیا ہے، میرے خدا؛ اگر تیری سخت سزا مجھے جہنم کی طرف
فقدْ دعانِی إلی الْجنّۃِ جزِيل ثوابِک ۔ إلهی فلک أسْأل و إليْک أبْتهِل
بلارہی ہے تو بھی تیرا بہت زیادہ ثواب مجھے جنت کی سمت لیے جاتا ہے، میرے خدا؛ میں بس تیرا سوالی ہوں تیرے آگے زاری کرتا
وأرْغب، وأسْأ لک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ وأنْ تجْعلنِی مِمّنْ يدِيم
ہوں تیرے پاس آیا ہوں اور تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور یہ کہ مجھے ایسا قرار دے جو ہمیشہ تیرا
ذِكْرک، ولا ينْقض عهْدک، ولا يغْفل عنْ شكْرِک، ولا يسْتخِفّ بِأمْرِک ۔
ذکر کرتا رہا، جس نے تیری نافرمانی نہیں کی، جو تیرا شکر ادا کرنے سے غافل نہیں ہوا اور جس نے تیرے فرمان کو سبک نہیں سمجھا،

إلٰهِی وأَلْحِقْنِی بِنورِ عِزِّک الْا بْهِجِ فأکون لک عارِفاً وعنْ سِواک منْحرِفاً، ومِنْک
میرے خدا؛ مجھے اپنی روشن تر عزت کو نور تک پہنچادے تا کہ میں تجھے پہچان لوں ، تیرے غیر کو چھوڑدوں اور تجھ سے
خائِفاً مراقِباً یا ذا الْجلالِ والْاِکْرامِ وصلّی اللہ علی محمّدٍ رسولِہِ وآلِہِ
ڈرتے ہوئے تیری جانب متوجہ رہوں اے سب مرتبوں اور عزتوں کے مالک اور اللہ اپنے رسول محمد مصطفی(ص) پررحمت نازل فرمائے
الطّاهِرِین وسلّم تسْلِیماً کثِیراً ۔
اور ان کی پاکیزہ آل(ع) پر اور سلام بھیجے کہ جو سلام بھیجنے کاحق ہے۔
اور یہ بہت جلیل القدر مناجات ہیں جو آئمہ کی طرف سے منسوب ہیں اور یہ دعا مضامین عالیہ پر مشتمل ہے جب انسان حضور قلب رکھتا ہو اس دعا کا پڑھنا مناسب ہے

ماہ شعبان کے مخصوص اعمال

فضیلت روز اول شعبان

پہلی شعبان کی رات کتاب اقبال میں شعبان کی پہلی رات میں پڑھی جانے والی کافی نمازوں کا ذکر ہوا ہے ، ان میں سے ایک بارہ رکعت نماز ہے کہ جس کی ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ توحید پڑھی جاتی ہے۔

پہلی شعبان کا دن ماہ شعبان کے پہلے دن کا روزہ رکھنے کی بڑی فضیلت ہے۔ اور امام جعفر صادق -سے روایت ہوئی ہے کہ یکم شعبان کا روزہ رکھنے والے کے لیے جنت واجب ہوجاتی ہے ۔ سید ابن طاؤس نے رسول اللہ سے نقل کیا ہے کہ شعبان کے پہلے تین دن کا روزہ رکھنے اور پہلی تین راتوں میں دو، دو رکعت نماز پڑھنے کاثواب بہت زیادہ ہے، اس نماز کی ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ توحید پڑھے:

واضح رہے کہ ماہ شعبان اور اسکے پہلے دن کے روزے کی فضیلت تفسیر امام - میں مذکور ہے۔ ہمارے استاد ثقۃ الاسلام نوری (رح) نے کتاب کلمہ طیبہ کے آخر میں ایک روایت نقل کی
ہے۔ جس میں ا سکے بہت سے فوائد و برکات کا ذکر ہے، یہ روایت بڑی طویل ہے۔ ہم یہاں ا سکا خلاصہ نقل کررہے ہیں :

خلاصہ روایت

یکم شعبان کو چند افراد مسجد میں بیٹھے قضا و قدر کے مسئلہ پر بحث و تکرار کرتے ہوئے بلند آواز سے بول رہے تھے۔ امیرالمومنین -نے ان لوگوں کو سلام کیا، جب انہوں نے آپ سے وہاں تشریف رکھنے کی خواہش کی تو آپ نے فرمایا : تم لوگ ایسی باتیں کر رہے ہو، جن میں کوئی فائدہ نہیں آیا تم نہیں جانتے کہ خدا کے ایسے بندے بھی ہیں جو صرف خوف خدا سے خاموشی اختیار کرلیتے ہیں لیکن وہ بولنے سے قاصر نہیں ہوتے۔ بات یہ ہے کہ جب ان کے دلوں میں عظمت خداوندی کا تصور آتا ہے۔ تو ان کی زبانیں گنگ اور ان کی عقلیں حیران ہوجاتی ہیں پھر جب وہ اپنی حالت میں آتے ہیں تو خود کو بارگاہ الٰہی میں گنہگار و خطاکار سمجھتے ہوئے آہیں بھرتے ہیں جبکہ وہ گناہوں سے مبراٴ ہوتے ہیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ اپنے عمل

کو کم تر سمجھتے ہیں اور ان کا خیال یہ ہوتا ہے کہ ہم میں تقصیر اور کوتاہی ہے۔ پس وہ ہر وقت عمل خیر میں مشغول رہتے ہیں ۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر ان کی طرف نظر کی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ حالت خوف میں عبادت میں کھڑے ہیں اور ان کا اضطراب ظاہر ہے۔ ان لوگوں کے مقابلے میں تم کہاں ہو؟ کیا تم نہیں جانتے کہ سب سے بڑا دانا وہ ہے جو زیادہ خاموش رہے اور سب سے بڑا جاہل وہ ہے جو بہت زیادہ باتیں کرتا ہو۔ اے نادان و کم سمجھ لوگو! آج یکم شعبان ہے اور خدائے تعالیٰ نے اس کا نام شعبان اس لیے رکھا ہے کہ اس میں نیکیاں عام کردی جاتی ہیں ، حسنات کے دروازے کھل جاتے ہیں اورجنت کے محلات ارزاں قیمت اورآسان تر اعمال سے حاصل ہوتے ہیں ۔ پس عبادت کرکے انہیں خریدلو۔ شیطان، ابلیس نے برائیوں کو تمہارے لیے پسندیدہ بنادیا ہے، تم گمراہی نافرمانی اور سرکشی میں پڑے ہو، شیاطین کی بدیوں اور برائیوں کی طرف متوجہ ہو اور شعبان کی خوبیوں اور اچھائیوں سے منہ نہ موڑو۔ جب کہ خدا کی طرف سے حسنات و خیرات کا دروازہ کھلا ہوا ہے۔

آج یکم شعبان ہے اور اس کی حسنا ت و خیرات میں نماز، روزہ، امر بہ معروف و نہی از منکر، والدین، ہمسایہ اور اقربا سے حسن سلوک، آپس کے اختلافات دور کرنا اور فقرائ و مساکین کے لیے صدقہ و خیرات کرنا ہے۔ ادھر تم ہو کہ قضا و قدر کی بحث میں الجھے ہوئے ہو۔ کہ جس کا تمہیں حکم نہیں دیا گیا، جن باتوں سے تمہیں منع کیا گیا ہے تم ان میں مشغول ہو۔ خبر دار رہو کہ جو راز الٰہی کے کھولنے میں کوشاں ہوگا وہ برباد ہوجائے گا۔ آج کے دن اطاعت کرنے والوں کے لیے خدا نے جو کچھ مہیا فرمایا ہے اگر تمہیں اس کا علم ہوجائے تو یقینا تم ان بے کار بحثوں کو چھوڑکر احکام خد اکی طرف متوجہ ہوجاؤگے۔

ان سب نے عرض کی کہ یا امیرالمومنین-! خدا تعالیٰ نے اطاعت گذاروں کے لیے کیا کچھ مہیا فرمایا ہے؟ تب حضرت نے ایک لشکر کا قصہ اس طرح نقل فرمایا:

رسول اکرم نے کفار سے جنگ کے لیے ایک لشکربھیجا تو کافروں نے اس پر شب خون مارا۔ جب کہ وہ ایک تاریک ترین رات تھی اور سبھی مسلمان پڑے سورہے تھے ۔ اس لشکر میں سے صرف چار افراد جاگ رہے تھے کہ ان میں سے ہر ایک اپنے لشکر کے ایک کونے پر تلاوت، ذکر اور نماز میں مشغول تھا۔ یہ چار افراد زید بن حارثہ، عبداللہ بن رواحہ، قتادہ بن نعمان اور قیس بن عاصم منقری تھے۔ جب دشمن نے مسلمانوں پر سوتے میں حملہ کردیا تو قریب تھا کہ سب کے سب مارے جائیں ۔ لیکن اچانک ان چار اشخاص کے چہروں سے نور کی کرنیں پھوٹ نکلیں کہ سارا میدان روشن ہوگیا۔ اس روشنی میں مسلمان سنبھلے اور دیکھ بھال کر دشمن کا مقابلہ کرنے لگے۔ اور اس نور کو دیکھ کر ان کے حوصلے اور بھی بڑھتے جاتے تھے۔ پس انہوں نے دشمنوں کو تلواروں سے زیر کرلیا۔

یہاں تک کہ بہت سے مارے گئے اور بہت سے زخمی و اسیر ہوگئے۔ جب یہ فاتح لشکر واپس آیا تو یہ ماجرا رسول اللہ کی خدمت میں عرض کیا گیا، آپ نے فرمایا کہ یہ نور تمہارے ان بھائیوں کے ان اعمال کی برکت سے ظاہر ہوا جو اس رات (یکم شعبان کے سلسلہ میں) انجام دے رہے تھے۔ ہاں یہ یکم شعبان کے اعمال ہی ہیں کہ جن کے باعث تمہیں فتح حاصل ہوئی اورتم لوگ دشمن کے اچانک حملے میں اس کا مقابلہ کرنے میں کامیاب رہے ہو۔

پھر آنحضرت(ص) نے ایک ایک کرکے یکم شعبان کے اعمال کا ذکر فرماتے ہوئے کہا: جب یکم شعبان کا دن آتا ہے تو شیطان اپنے گماشتوں سے کہتا ہے کہ ہر طرف پھیل جاؤ، لوگوں کو اپنی طرف بلاؤ اور انہیں خدا سے دور کرو۔ جب کہ خدائے رحمان اپنے ملائکہ سے فرماتا ہے کہ آج یکم شعبان ہے، تم ہر طرف پھیل جاؤ اور میرے بندوں کو میری طرف بلاؤ، انہیں نیکی کی طرف راغب کرو تاکہ وہ سب با سعادت اور نیک بخت بن جائیں البتہ ان میں سے سرکش اور نافرمان لوگ شیطان کے گروہ میں ہی رہیں گے۔

آنحضرت نے فرمایا کہ جب یکم شعبان ہوتی ہے تو بہشت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں ، شجر طوبیٰ کو حکم ہوتا ہے کہ اپنی شاخیں پھیلائے اور انہیں زمین کے قریب کرے، خدا کا ایک منادی یہ ندا دیتا ہے کہ اے خدا کے بندو اور اے نیکوکار لوگو! طوبیٰ کی ان شاخوں سے لپٹ جاؤ کہ وہ تمہیں اٹھاکے جنت میں لے جائیں ۔ جب کہ بدکاروں کی لیے تھوہر کا درخت ہے اور ڈرتے رہو کہ کہیں اس کی شاخیں تمہیں جہنم میں نہ لے جائیں ۔

رسول اللہ نے یہ بھی فرمایا:اس ذات کی قسم جس نے مجھ کو حق کے ساتھ رسالت پر مبعوث فرمایا کہ جو یکم شعبان کے دن نیکی کرے تو وہ طوبیٰ کی شاخ سے لپٹ گیا اور وہ اسے جنت میں لے جائے گی۔ پھر فرمایا جو آج کے دن نماز پڑھے یا روزہ رکھے تو وہ بھی شاخ طوبیٰ سے لپٹ گیا۔ اسی طرح جوشخص آج کے دن باپ بیٹے میں صلح کرائے۔ میاں بیوی میں سمجھوتہ کرائے، رشتہ داروں میں راضی نامہ کرائے یا اپنے ہمسائے یا کسی اجنبی میں مصالحت کرائے تو وہ بھی شاخ طوبیٰ سے لپٹ گیا۔ جو مقروض کی پریشانی کم کرے یا طلب میں تخفیف کرے تو وہ شاخ طوبیٰ سے لپٹ گیا۔ جو شخص آج کے دن اپنے حساب پر نظر کرے اور دیکھے کہ ایک پرانا قرضہ ہے جسے مقروض ادا نہیں کرسکتا۔ پس وہ اس قرضے کو حساب سے کاٹ دے تو وہ طوبیٰ کی شاخ سے لپٹ گیا۔ جو کسی یتیم کی کفالت کرے، کسی جاہل کومؤمن کی ہتک کرنے سے باز کرے تو وہ بھی شاخ طوبیٰ سے لپٹ گیا۔ جو قرآن کی تلاوت کرے، مریض کی عیادت کرے، خداکا ذکر کرے اور خدا کی نعمتوں کا نام لے لے کر اس کا شکر ادا کرے تو وہ بھی طوبیٰ کی شاخ سے لپٹ گیا۔ جوشخص آج کے دن اپنے ماں یا باپ یا دونوں میں سے ایک کے ساتھ اچھا سلوک کرے تو وہ بھی طوبیٰ کی شاخ سے لپٹا، جو اس سے پہلے کسی کو غضب ناک کرچکا ہو اور آج اسے راضی اور خوش کردے تو وہ بھی شاخ طوبیٰ سے لپٹا جو شخص جنازے کے ساتھ چلے تو وہ بھی طوبیٰ کی شاخ سے لپٹ گیا۔ جو کسی مصیبت زدہ کی بھی دلجوئی کرے وہ شاخ طوبیٰ سے لپٹا اور جو شخص آج کے دن کوئی بھی نیک کام کرے تو وہ شاخ طوبیٰ سے لپٹ گیا۔

اس کے بعد رسول اکرم نے فرمایا: مجھے اس ذات کی قسم جس نے مجھ کورسالت پر مامور کیا ہے کہ جو شخص آج کے دن شر و بدی کا کوئی بھی کام کرے تو وہ زقوم(تھوہر) کی شاخوں سے لپٹ گیا اوروہ اسے جہنم کی طرف کھینچ لے جائیں گیں پھر فرمایا کہ قسم ہے مجھ کو اس ہستی کی جس نے مجھے پیغمبر (ص)قرار دیا کہ جو شخص بھی آج کے دن واجب نماز میں کوتاہی کرتے ہوئے اسے ضائع کرے تو وہ بھی شجر زقوم کی شاخوں سے لپٹ گیا۔ جس کے پاس کوئی فقیر و ناتواں آئے کہ جس کی حالت کو یہ جانتا ہے اور اس کی حالت کو بدل بھی سکتا

ہے۔ کہ خود اس کو کچھ ضرر نہیں پہنچتا۔ نیز اس غریب کی مدد کرنے والا کوئی دوسرا شخص بھی نہ ہو پس اگر وہ اس درماندہ کو اس حالت میں چھوڑدے اور وہ ہلاک ہوجائے تو یہ مدد نہ کرنے والازقوم کی شاخوں سے لپٹ گیا۔ جس کے سامنے کوئی برے کام والا آدمی معذرت کرے اور پھر بھی وہ اس کو اس کی برائی کی سزا سے کچھ زیادہ سزا دے تو یہ بھی زقوم کی شاخوں سے لپٹا۔ جو شخص آج کے دن میاں بیوی یا باپ بیٹے یا بھائی بھائی یا بھائی بہن یا کسی قریبی رشتہ داریا ہمسائے یا دو دوستوں میں جدائی اور غلط فہمی پیدا کرے تو وہ بھی زقوم کی شاخوں سے لپٹ گیا۔

جو شخص کسی تنگ دست پر سختی کرے کہ جس کی حالت کو جانتاہے اور اس کی مصیبت میں اپنے غصے کا اضافہ کرے تو وہ زقوم کی شاخوں سے لپٹا۔ جس پر کسی کا قرض ہو اور یہ اس کا انکار کردے اور اپنی عیاری سے اس قرض کو باطل قرار دے تو یہ بھی زقوم کی شاخوں سے لپٹ گیا۔جو شخص کسی یتیم کو اذیت دے۔ اس پر ستم توڑے اور اس کے مال و متاع کو ضائع کردے تو وہ بھی زقوم کی شاخوں سے لپٹ گیا اور جو شخص کسی مومن کی عزت کو خراب کرے اور دوسروں کو ایسا کرنے کے لیے شہ دے تو وہ بھی اس درخت کی شاخوں سے لپٹا۔ جو شخص اس طرح گانا گائے کہ لوگ اس کے گانوں سے گناہوں میں مبتلا ہوں تو وہ زقوم کی شاخوں سے لپٹا اور جوشخص زمانہ جنگ میں کیے ہوئے اپنے برے کاموں اور اپنے ظلم و ستم کے دوسرے واقعات لوگوں میں بیٹھ کر فخرسے سنائے تو وہ بھی زقوم کی شاخوں سے لپٹا۔

جو شخص اپنے بیمار ہمسائے کو کم تر تصور کرتے ہوئے اس کی عیادت نہ کرے تو وہ زقوم کی شاخوں سے لپٹ گیا۔ اور جو شخص اپنے مردہ ہمسائے کو ذلیل سمجھتے ہوئے اس کے جنازے کے ساتھ نہ جائے تو وہ بھی اس درخت کی شاخوں سے لپٹا۔ جو شخص کسی ستم رسیدہ سے بے رخی برتے اوراسے پست خیال کرتے ہوئے اس پر سختی کرے تو وہ زقوم کی شاخوں سے لپٹا اور جو شخص اپنے ماں باپ یا دونوں میں سے کسی ایک کا نافرمان ہوجائے تو وہ بھی اس درخت کی شاخوں سے لپٹ گیا۔ جو شخص آج کے دن سے قبل اپنے ماں باپ کا نافرمان ہو اور آج کے دن ان کو راضی و خوش نہ کرے تو وہ بھی زقوم کی شاخوں سے لپٹ گیا۔ نیز جو بھی شخص ان برائیوں کے علاوہ کسی اور بدی و گناہ کا ارتکاب کرے تو وہ بھی درخت زقوم کی شاخوں سے لپٹ گیا۔

آنحضرت(ص) نے مزید فرمایا: قسم ہے مجھے اس ذات کی جس نے مجھ کو نبی(ص) و پیغمبر (ص)بنایا کہ جو لوگ درخت طوبیٰ کی شاخوں سے لپٹے ہوئے ہونگے وہ انہیں اٹھاکر جنت میں لے جائینگے۔ اس کے بعد رسول اللہ نے چند لمحوں کیلئے اپنی نگاہ آسمان کیطرف بلند کی تو آپ خوش ہوئے اور ہنسے پھر اپنی نگاہ زمین پر ڈالی اور آپ(ص) کا چہرہ مبارک کچھ ترش ہؤا۔ تب اپنے اصحاب کی سمت دیکھتے ہوئے فرمایا مجھ کو قسم ہے ا س ہستی کی جس نے مجھے پیغمبر(ص) قرار دیا کہ میں نے شجر طوبیٰ کو بلند ہوتے اور اپنے سے لپٹے ہوئے لوگوں کو جنت کی طرف لے جاتے دیکھا ہے۔ بقدر اپنی اطاعت و نیکوکاری کے کہ اسکی ایک شاخ یا کئی کئی شاخوں سے لپٹے ہوئے تھے میں نے دیکھا کہ زید بن حارثہ اسکی کئی شاخوں سے لپٹے ہوئے ہیں اور وہ انکو جنت کے مقام اعلیٰ علیین کیطرف بلند کرتی

جارہی ہیں یہ دیکھ کر میں خوش ہؤا اور ہنسا۔پھر میں نے زمین پر نظر ڈالی تو قسم ہے اس ہستی کی جس نے مجھ کونبی(ص) بنایا۔ کہ میں نے درخت زقوم کو دیکھا کہ اس کی شاخیں نیچے کو جارہی ہیں اور جو لوگ اپنی برائیوں کے مطابق اس کی ایک یا کئی شاخوں سے لپٹے ہوئے ہیں وہ ان کو جہنم کے سب سے نچلے طبقے کی طرف لے جارہی ہیں ۔ اس سے میرے چہرے پر بیزاری کے آثار ظاہر ہوئے تھے۔اور اس کے ساتھ کئی منافق لپٹے ہوئے تھے۔

تیسری شعبان کا دن

یہ بڑا با برکت دن ہے شیخ نے مصباح میں فرمایا ہے کہ اس روز امام حسین- کی ولادت ہوئی نیز امام عسکری -کے وکیل قاسم بن علا ہمدانی کیطرف سے فرمان جاری ہؤا کہ بروز جمعرات ٣ /شعبان کو امام حسین -کی ولادت باسعادت ہوئی ہے۔ پس اس دن کا روزہ رکھو اور اس روز یہ دعا پڑھو:

اللّٰھمَّ إنِّی أسأْ لک بِحقِّ الْمولْودِ فِی ھذا الْیوْمِ الْموْعودِ بِشہادتِہِ قبْل اسْتِھْلالِہِ

اے معبود! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں آج کے دن پیدا ہونیوالے مولود کے واسطے سے کہ جس کے پیدا ہونے اور دنیا میں

وولادتِہِ، بکتْہ السّمائ ومنْ فِیہا، والْارْض ومنْ علیْہا، ولمّا یطأْ لابتیْہا

آنے سے پہلے اس سے شہادت کا وعدہ لیا گیا تو اس پر آسمان رویا اور جو کچھ اس میں ہے اور زمین اور جو کچھ اس پر ہے روے جبکہ

قتِیلِ الْعبْرۃِ، وسیِّدِ الْاسْرۃِ، الْممْدودِ بِالنُّصْرۃِ یوْم الْکرّۃِ، الْمعوّضِ مِنْ

اس نے زمین مدینہ پر قدم نہ رکھا تھا وہ گریہ والا شہید اور کامیاب و کامران خاندان کا سید و سردار ہے رجعت کے دن، یہ اس کی

قتْلِہِ أنَّ الْائِمّۃ مِنْ نسْلِہِ، والشِّفائ فِی ترْبتِہِ، والْفوْز معہ فِی أوْبتِہِ،

شہادت کا بدلہ ہے کہ پاک آئمہ (ع)اس کی اولاد میں سے ہوئے اس کی خاکِ قبر میں شفائ ہے اور اس کی بازگشت میں کامیابی اسی کے

والْاوْصِیائ مِنْ عِتْرتِہِ بعْد قائِمِھِمْ وغیْبتِہِ، حتّی یدْرکوا الْاوْتار، ویثْأروا الثّار،

لیے ہے اور اوصیائ اسی کی اولاد میں سے ہیں کہ ان میں سے قائم غیبت ختم ہونے کے بعد وہ اپنے خون کا بدلہ اور انتقام لے کر تلافی

ویرْضوا الْجبّار ویکونوا خیْر أنْصارٍ صلّی اللهُ علیْھِمْ مع اخْتِلافِ اللّیْلِ والنّھار

کرنے والے خدا کو راضی کریں گے اور بہترین مددگار ثابت ہوں گے درود ہوان سب پر جب تک رات دن آتے جاتے رہیں

اللّٰھمّ فبِحقِّھِمْ إلیْک أ توسّل وأسْأل سؤال مقْترِفٍ معْترِفٍ مسِیئٍ إلی نفْسِہِ

اے معبود ان کا حق جو تجھ پر ہے اسے وسیلہ بناتا ہوں اور سوال کرتا ہوں اپنا گناہ تسلیم کرنے والے کیطرح کہ جس نے اپنے نفس

مِمّا فرّط فِی یوْمِہِ وأمْسِہِ، یسْأ لک الْعِصْمۃ إلی محلِّ رمْسِہِ۔ اللّٰھمّ فصلِّ علی

سے برائی کی ہے آج کے دن اور گزری ہوئی رات میں تو وہ سوال کرتا ہے اپنی موت کے دن تک کیلئے اے معبود! پس حضرت محمد(ص) اور

محمّدٍ وعِتْرتِہِ، واحْشرْنا فِی زمْرتِہِ ، وبوِّئْنا معہ دار الْکرامۃِ، ومحلّ الْاِقامۃِ ۔

انکے خاندان پر رحمت فرما اور ہمیں اسکے گروہ میں محشور فرما اور ہمیں بزرگی والے گھر اور جائے قیام کے سلسلے میں انکے ساتھ جگہ دے

اللّٰهمّ وكما أكْرمْتنا بِمعْرفتِہِ فأكْرمْنا بِزلْفتِہِ، وارْزقْنا مرافقتہ وسابِقتہ،
اے معبود! جیسے تو نے ان کی معرفت کے ساتھ ہمیں عزت دی اسی طرح ان کے تقرب سے بھی نوازا اور ہمیں ان کی رہنمائی عطا کر
واجْعلْنا مِمّنْ يسلِّم لِاَمْرِهِ، ويكْثِر الصّلاة عليْہِ عِنْد ذِكْرِهِ، وعلى جمِيعِ
اور انکی ہمراہی نصیب فرما ہمیں ان لوگوں میں قرار دے جو ان کاحکم مانتے اور ان کے ذکر کے وقت ان پر بکثرت درود بھیجتے ہیں نیز
أوْصِيائِہِ وأهْلِ أصْفِيائِہِ، الْممْدودِين مِنْک بِالْعددِ الاثْنى عشر، النّجومِ الزّهر،
ان کے سارے جانشینوں پر اور برگزیدہ اہل خاندان پر جن کی تعداد کو تو نے بارہ تک پورا فرمایا ہے جو چمکتے ہوئے ستارے ہیں
والْحججِ على جمِيعِ الْبشر ۔ اللّٰهمّ وهبْ لنا فِی هذا الْيوْمِ خيْر موْهِبۃٍ، وأ نْجِحْ
اور وہ تمام انسانوں پرخدا کی حجتیں ہیں اے معبود! آج کے دن ہمیں بہترین عطاؤں سے سرفراز فرما اور ہماری سبھی حاجات
لنا فِيہِ كلّ طلِبۃٍ، كما وهبْت الْحسيْن لِمحمّدٍ جدِّهِ، وعاذ فطْرس بِمهْدِهِ، فنحْن
پوری کر دے جیسے تو نے حسین(ع) کے نانا حضرت محمد(ص) کو خود حسین(ع) عطا فرمائے تھے اور فطرس نے انکے گہوارے کی پناہ لی پس ہم انکے روضہ
عائِذون بِقبْرِهِ مِنْ بعْدِهِ نشْهد تربْتہ ونـنْتظِر أوْبتہ، آمِين ربّ الْعالمِين ۔
کی پناہ لیتے ہیں انکے بعد اب ہم انکے روضہ کی زیارت کرتے ہیں اور انکی رجعت کے منتظر ہیں ایسا ہی ہو اے جہانوں کے پالنے والے۔
اس کے بعد امام حسین - کی دعا پڑھے کہ جو آپ نے یوم عاشورہ کوپڑھی جب کہ آپ دشمنوں میں گھرے ہوئے تھے اور وہ دعا یہ ہے:
اللّٰهمّ أ نْت متعالى الْمكانِ، عظِيم الْجبروتِ، شدِيد الْمِحالِ، غنِىٌّ عنِ الْخلائِقِ،
اے معبود! تو بلند تر منزلت رکھتا ہے تو بڑے ہی غلبے والا ہے زبردست طاقت والا، مخلوقات سے بے نیاز،
عرِيض الْكِبْرِيائِ قادِرٌ على ما تشائ قرِيب الرّحْمۃِ ، صادِق الْوعْدِ، سابِغ النِّعْمۃِ،
بے حد و حساب بڑائی والاہے جو چاہے اس پر قادر، رحمت کرنے میں قریب، وعدے میں سچا، کامل نعمتوں والا،
حسن الْبلائِ، قرِيبٌ إذا دعِيت، محِيطٌ بِما خلقْت، قابِل التّوْبۃِ لِمنْ تاب إليْک،
بہترین آزمائش کرنے والاہے تو قریب ہے جب پکارا جائے جسکو پیدا کیا تو اسے گھیرے ہوئے ہے تو اسکی توبہ قبول کرتا ہے جو توبہ کرے
قادِرٌ على ما أردْت ، ومدْرِکٌ ما طلبْت، وشكورٌ إذا شكِرْت، وذ كورٌ إذا ذكِرْت،
تو جو ارادہ کرے اس پر قادر ہے جسے تو طلب کرے اسے پالینے والا ہے اور جب تیرا شکر کیا جائے تو قدر کرتا ہے تجھے یاد کیا جائے
أدْعوک محْتاجاً، وأرْغب إليْک فقِيراً، وأ فْزع إليْک خائِفاً، وأبْكِى إليْک
تو بھی یاد کرتا ہے میں حاجتمندی میں تجھے پکارتا اور مفلسی میں تیری رغبت کرتا ہوں تیرے خوف سے گھبراتا ہوں مصیبت میں تیرے
مكْروباً، وأسْتعِين بِک ضعِيفاً، وأ توكّل عليْک كافِياً، احْكمْ بيْننا وبيْن قوْمِنا
آگے روتا ہوں کمزوری کے باعث تجھ سے مدد مانگتا ہوں تجھے کافی جان کر توکل کرتا ہوں فیصلہ کردے ہمارے اور ہماری قوم کے
بِالْحقِّ، ف إنّهمْ غرّونا وخدعونا وخذلونا وغدروا بِنا وقتلونا، ونحْن عِتْرۃ نبِيِّک

درمیان کہ انہوں نے ہمیں فریب دیا اور ہم سے دھوکہ کیا ہمیں چھوڑدیا اور بے وفائی کی اور ہمیں قتل کیا جبکہ ہم تیرے نبی(ص) کا گھرانہ اور

وولد حبیبِک محمّدِ بْنِ عبْدِاللهِ الّذی اصْطفیْتہ بِالرّسالۃِ وائْتمنْتہ علی وحْیک،

تیرے حبیب محمد(ص) بن عبداللہ کی اولاد ہیں جن کو تو نے تبلیغ رسالت کے لیے چنا اور انہیں اپنی وحی کا امین بنایا

فاجْعلْ لنا مِنْ أمْرِنا فرجاً ومخْرجاً بِرحْمتِک یا أرْحم الرّاحِمِین ۔

پس اس معاملے میں ہمیں کشادگی اور فراخی دے اپنی رحمت سے اے سب سے زیادہ رحم والے۔

ابن عیاش سے روایت ہے کہ میں نے حسین بن علی بن سفیان کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ امام جعفر صادق -تین شعبان کو مذکورہ دعا پڑھتے اور فرماتے تھے کہ یہ امام حسین کی پاک ولادت کا دن ہے۔

تیرھویں شعبان کی رات یہ شب ہائے بیض(روشن راتوں) میں سے پہلی رات ہے، اس رات اور اس کے بعد کی دونوں راتوں میں پڑھی جانے والی نمازوں کی ترکیب ماہ رجب کے اعمال میں ذکر ہوئی ہے۔ پس ا سکے مطابق یہ نمازیں ادا کی جائیں ۔

فضیلت و اعمال نیمہ شعبان

پندرھویں شعبان کی رات یہ بڑی بابرکت رات ہے، امام جعفر صادق -فرماتے ہیں کہ امام محمد باقر -سے نیمہ شعبان کی رات کی فضیلت کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا: یہ رات شب قدر کے علاوہ تمام راتوں سے افضل ہے۔ پس اس رات تقرب الٰہی حاصل کرنے کی کوشش کرنا چاہیئے۔ اس رات خدا تعالیٰ اپنے بندوں پر فضل و کرم فرماتا ہے اور ان کے گناہ معاف کرتا ہے حق تعالیٰ نے اپنی ذاتِ مقدس کی قسم کھائی ہے کہ اس رات وہ کسی سائل کو خالی نہ لوٹائے گا سوائے اس کے جو معصیت و نافرمانی سے متعلق سوال کرے۔ خدا نے یہ رات ہمارے لیے خاص کی ہے۔ جیسے شب قدر کو رسول اکرم کے لیے مخصوص فرمایا۔ پس اس شب میں زیادہ سے زیادہ حمد و ثنائ الٰہی کرنا اس سے دعا و مناجات میں مصروف رہنا چاہیئے۔

اس رات کی عظیم بشارت سلطان عصر حضرت امام مہدی (عج)کی ولادت باسعادت ہے جو ۲۵۵ھ میں بوقت صبح صادق سامرہ میں ہوئی جس سے اس رات کو فضیلت نصیب ہوئی۔

اس رات کے چند ایک اعمال ہیں :

(۱)غسل کرنا کہ جس سے گناہ کم ہوجاتے ہیں ۔

(۲)نماز اور دعا و استغفار کے لیے شب بیداری کرے کہ امام زین العابدین -کا فرمان ہے، کہ جو شخص اس رات بیدار رہے تو اس کے دل کو اس دن موت نہیں آئے گی۔ جس دن لوگوں کے قلوب مردہ ہوجائیں گے۔

(۳)اس رات کا سب سے بہترین عمل امام حسین -کی زیارت ہے کہ جس سے گناہ معاف ہوتے ہیں جو شخص یہ چاہتا ہے کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کی ارواح اس سے مصافحہ کریں تو وہ کبھی اس رات یہ زیارت ترک نہ کرے۔ حضرت (ع) کی چھوٹی سے چھوٹی زیارت بھی ہے کہ اپنے گھر کی چھت پر جائے اپنے دائیں بائیں نظر کرے۔ پھر اپنا سر آسمان کی طرف بلند کرکے یہ کلمات کہے:

السّلام علیْک یا ابا عبْدِ اللهِ السّلام علیْک و رحْمۃ اللهِ و برکاتہ
سلام ہو آپ پر اے ابوعبدا(ع)للہ سلام ہو آپ پر اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں
کوئی شخص جہاں بھی اور جب بھی امام حسین -کی یہ مختصر زیارت پڑھے تو امید ہے کہ اس کو حج و عمرہ کا ثواب ملے گا۔نیز اس رات کی مخصوص زیارت انشائ اللہ باب زیارات میں آئیگی۔
(۴)شیخ و سید نے اس رات یہ دعا پڑھنے کا ذکر فرمایا ہے، جو امام زمانہ کی زیارت کے مثل ہے اور وہ یہ ہے:
اللّٰھمّ بِحقّ لیْلتِنا ھذِہِ وموْلودِھا وحجّتِک وموْعودِھا الّتِی قرنْت إلی فضْلِھا فضْلاً
اے معبود! واسطہ ہماری اس رات کا اور اس کے مولود کا اور تیری حجت (ع)اور اس کے موعود (ع)کا جس کو تو نے فضیلت پر فضیلت عطا کی
فتمّتْ کلِمتک صِدْقاً وعدْلاً لا مبدِّل لِکلِماتِک ولا معقِّب لِآیاتِک نورک الْمتألِّق
اور تیرا کلمہ صدق و عدل کے لحاظ سے پورا ہوگیا تیرے کلموں کو بدلنے والا کوئی نہیں اورنہ کوئی تیری آیتوں کا مقابلہ کرنیوالا ہے وہ
وضِیاؤک الْمشْرِق، والْعلم النّور فِی طخْیائِ الدّیْجور، الْغائِب الْمسْتور جلّ
(مہدی موعود(ع)) تیرا نور تاباں اور جھلملاتی روشنی ہے وہ نور کا ستون، شان والی سیاہ رات کی تاریکی میں پنہاں و پوشیدہ ہے اس کی
موْلِدہ، وکرم محتِدہ، والْملائِکۃ شہّدہ، واللہ ناصِرہ ومؤیِّدہ، إذا آن مِیعادہ
ولادت بلند مرتبہ ہے اس کی اصل، فرشتے ا س کے گواہ ہیں اور اللہ ا سکا مدد گار و حامی ہے جب اس کے وعدے کا وقت آئے گا
والْملائِکۃ أمْدادہ، سیْف اللهِ الّذِی لا ینْبو، ونورہ الّذِی لا یخْبو، وذو الْحِلْمِ
اور فرشتے اس کے معاون ہیں وہ خدا کی تلوار ہے جو کند نہیں ہوتی اور اس کا ایسا نور ہے جو ماند نہیں پڑتا وہ ایسا بردبار ہے
الّذِی لا یصْبو، مدار الدّھْرِ، ونوامِیس الْعصْرِ، وولاۃ الْامْرِ، والْمنزّل علیْھِمْ
جو حد سے نہیں نکلتا وہ ہر زمانے کا سہارا ہے یہ معصومین(ع) ہر عہد کی عزت اور والیان امر ہیں جو کچھ شبِ قدر میں نازل کیا جاتا ہے
ما یتنزّل فِی لیْلۃِ الْقدْرِ، وأصْحاب الْحشْرِ والنّشْرِ، تراجِمۃ وحْیِہِ، وولاۃ أمْرِہِ
انہی پر نازل ہوتا ہے وہی حشر و نشر میں ساتھ دینے والے اس کی وحی کے ترجمان اور اس کے امر و نہی
ونھْیِہِ ۔ اللّٰھمّ فصلِّ علی خاتِمِھِمْ وقائِمِھِم الْمسْتورِ عنْ عوالِمِھِمْ ۔ اللّٰھمّ وأدْرِکْ
کے نگران ہیں اے معبود! پس ان کے خاتم اور ان کے قائم پر رحمت فرما جو اس کائنات سے پوشیدہ ہیں اے معبود! ہمیں اس کا زمانہ
بِنا أیّامہ وظھورہ وقِیامہ، واجْعلْنا مِنْ أ نْصارِہِ، واقْرِنْ ثأْرنا بِثأْرِہِ، واکْتبْنا
اس کا ظہور اور قیام دیکھنا نصیب فرما اور ہمیں اس کے مددگاروں میں قرار دے ہمارا اور اس کا انتقام ایک کردے اور ہمیں اس کے
فِی أعْوانِہِ وخلصائِہِ، وأحْیِنا فِی دوْلتِہِ ناعِمِین، وبِصحْبتِہِ غانِمِین ، وبِحقِّہِ
مددگاروں اور مخلصوں میں لکھ دے ہمیں اسکی حکومت میں زندگی کی نعمت عطا کر اور اسکی صحبت سے بہرہ یاب فرما اسکے حق میں قیام کرنے
قائِمِین، ومِن السّوئِ سالِمِین، یا أرْحم الرّاحِمِین، والْحمْد لِلّٰہ ربِّ الْعالمِین،

والے اور برائی سے محفوظ رہنے کی توفیق دے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اور حمد اللہ ہی کیلئے ہے جو جہانوں کا پروردگار ہے

وصلواتہ علی سیِّدِنا محمّدٍ خاتمِ النّبِیِّین والْمرسلِین وعلی أهْلِ بیْتِہِ الصّادِقِین

اور اسکی رحمتیں ہوں ہمارے سردار محمد(ص) پر جو نبیوں اور رسولوں کے خاتم ہیں اور انکے اہل پر جو ہر حال میں سچ بولنے والے ہیں اور انکے

وعِتْرتِہِ النّاطِقِین، والْعنْ جمِیع الظّالِمِین، واحْکمْ بیْننا وبیْنهمْ یا أحْکم الْحاکِمِین۔

اہل خاندان پر جو حق کے ترجمان ہیں اور لعنت کرتمام ظلم کرنے والوں پر اور فیصلہ کر ہمارے اور ان کے درمیان اے سب سے بڑھ کر فیصلہ کرنے والے۔

(۵)شیخ نے اسماعیل بن فضل ہاشمی سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا:

امام جعفر صادق -نے پندرہ شعبان کی رات کو پڑھنے کیلئے مجھے یہ دعا تعلیم فرمائی:

اللّٰهمّ أنْت الْحیّ الْقیّوم الْعلِیّ الْعظِیم الْخالِق الرّازِق الْمحْیِی الْممِیت الْبدِیئ

اے معبود! تو زندہ وپائندہ، بلندتر، بزرگتر خلق کرنے والا، رزق دینے والا، زندہ کرنے والا، موت دینے والا، آغاز کرنے

الْبدِیع لک الْجلال ولک الْفضْل ولک الْحمْد ولک الْمنّ ولک الْجود ولک الْکرم

اور ایجاد کرنے والا ہے تیرے لیے جلالت اور تیرے ہی لیے بزرگی ہے تیری ہی حمد ہے اور تو ہی احسان کرتا ہے اور تو ہی سخاوت والا ہے

ولک الْامْر، ولک الْمجْد، ولک الشّکْر، وحْدک لا شریک لک، یا واحِد یا

تو ہی صاحب کرم اور تو ہی امر کا مالک ہے تو ہی شان والا اور تو ہی لائق شکر ہے تو یکتا ہے تیرا کوئی شریک نہیں ہے اے یکتا، اے

أحد یا صمد یا منْ لمْ یلِدْ ولمْ یولدْ ولمْ یکنْ لہ کفواً أحدٌ، صلّ علی محمّدٍ و

یگانہ، اے بے نیاز، اے وہ جس نے نہ کسی کو جنا اور نہ وہ جنا گیا اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہوسکتا ہے حضرت محمد(ص) اور آل محمد(ص)

آلِ محمّدٍ واغْفِرْ لِی وارْحمْنِی واکْفِنِی ما أهمّنِی واقْضِ دیْنِی، ووسِّعْ علیّ فِی

پر رحمت فرما اور مجھے بخش دے مجھ پر رحمت فرما کٹھن کاموں میں میری کفایت فرما میرا قرض ادا کردے میرے رزق میں

رِزْقِی، ف إنّک فِی ہذِهِ اللّیْلۃِ کلّ أمْرٍ حکِیمٍ تفرق، ومنْ تشائ مِنْ خلْقِک ترْزق،

کشائش فرما کہ تو اسی رات میں ہر حکمت والے کام کی تدبیر کرتا ہے اور اپنی مخلوق میں سے جسے چاہے رزق و روزی دیتا ہے،

فارْزقْنِی وأنْت خیْر الرّازِقِین، ف إنّک قلْت وأ نْت خیْر الْقائِلِین النّاطِقِین

پس مجھے بھی رزق دے کیونکہ تو ہی سب سے بہتر رزق دینے والا ہے یقینا یہ تیرا ہی فرمان ہے اور تو بہتر ہے سب کہنے والوں بولنے

واسْألوا اللہ مِنْ فضْلِہِ فمِنْ فضْلِک أسْأل و إیّاک قصدْت، وابْن نبِیِّک اعْتمدْت،

والوں میں کہ مانگو اللہ تعالیٰ سے اس کے فضل میں سے پس میں تیرے فضل کا سوال کرتاہوں اور بس تیرا ہی ارادہ رکھتا ہوں تیرے

ولک رجوْت، فارْحمْنِی یا أرْحم الرّاحِمِین ۔

نبی(ص) کے فرزند کو اپنا سہارابناتا ہوں اور تجھی سے امید رکھتا ہوں پس مجھ پر رحم فرما اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

(۶)یہ دعا پڑھے کہ رسول اکرم اس رات یہ دعا پڑھتے تھے۔
اللّٰهمّ اقْسِمْ لنا مِنْ خشْیتِک ما یحول بیْننا وبیْن معْصِیتِک، ومِنْ
اے معبود! ہمیں اپنے خوف کا اتنا حصہ دے جو ہمارے اور ہماری طرف سے تیری نافرمانی کے درمیان رکاوٹ بن جائے اور
طاعتِک ما تبلِّغنا بِہِ رضْوانک، ومِن الْیقِینِ ما یهون علیْنا بِہِ
فرمانبرداری سے اتنا حصہ دے کہ اس سے ہم تیری خوشنودی حاصل کرسکیں اور اتنا یقین عطا کر کہ جس کی بدولت دنیا کی تکلیفیں ہمیں
مصِیبات الدّنْیا ۔ اللّٰهمّ أمْتِعْنا بِأسْماعِنا وأبْصارِنا وقوّتِنا ما أحْییْتنا واجْعلْہ
سبک معلوم ہوں اے معبود! جب تک تو ہمیں زندہ رکھے ہمیں ہمارے کانوں ، آنکھوں اور قوت سے مستفید فرما اور اس قائم(ع) کو ہمارا
الْوارِث مِنّا، واجْعلْ ثأرنا علی منْ ظلمنا، وانْصرْنا علی منْ عادانا، ولا تجْعلْ
وارث بنا اور ان سے بدلہ لینے والا قرار دے جنہوں نے ہم پر ظلم کیا ہمارے دشمنوں کے خلاف ہماری مدد فرما اور ہمارے دین میں
مصِیبتنا فِی دِینِنا، ولا تجْعلِ الدّنْیا أکْبر همِّنا ولا مبْلغ عِلْمِنا، ولا تسلِّطْ علیْنا
ہمارے لیے کوئی مصیبت نہ لا اور ہماری ہمت اور ہمارے علم کے لیے دنیا کو بڑا مقصد قرار نہ دے اور ہم پر اس شخص کو غالب نہ کر
منْ لا یرْحمنا، بِرحْمتِک یا أرْحم الرّاحِمِین
جو ہم پر رحم نہ کرے واسطہ تیری رحمت کا اے سب سے زیادہ رحم والے۔
یہ دعا جامع و کامل ہے۔ پس اسے دیگر اوقات میں بھی پڑھیں ۔ جیسا کہ عوالی اللئالی میں مذکور ہے کہ رسول اللہ یہ دعا ہمیشہ پڑھا کرتے تھے۔
(۷)وہ صلوٰت پڑھے جو ہر روز بوقت زوال پڑھا جاتا ہے۔
(۸)اس رات دعائ کمیل پڑھنے کی بھی روایت ہوئی ہے اور یہ دعا باب اول میں ذکر ہوچکی ہے۔
(۹)یہ تسبیحات سو مرتبہ پڑھے تا کہ حق تعالیٰ اس کے پچھلے گناہ معاف کردے اور دنیا وآخرت کی حاجات پوری فرما دے:
سبْحان اللّٰهِ و الْحمْد للّٰهِ و اللّٰه اکْبر و لا اِلہ اِلّا اللّٰه
اللہ پاک تر ہے اور حمد اللہ ہی کی ہے اللہ بزرگتر ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں
(۱۰)مصباح میں شیخ نے ابو یحییٰ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: میں نے شعبان کی پندرھویں رات کی فضیلت کا ذکر کرتے ہوئے امام جعفر صادق -سے پوچھا کہ اس رات کیلئے بہترین دعا ئ کونسی ہے؟

حضرت نے فرمایا اس رات نمازعشا کے بعد دو رکعت نماز پڑھے جس کی پہلی رکعت میں سورہ الحمد اور سورہ کافرون اور دوسری رکعت میں سور ہ الحمد اور سورہ توحید پڑھے نماز کا سلام دینے کے بعد ۳۳/مرتبہ سبحان اللہ۔ ۳۳ /مرتبہ الحمد للہ اور ۳٤/مرتبہ اللہ اکبر کہے۔ بعد میں یہ دعا پڑھے:

یا منْ إلیْہِ ملْجأ الْعِبادِ فِی الْمهِمّاتِ و إلیْہِ یفْزع الْخلْق فِی الْملِمّاتِ یا عالِم

اے وہ جو مشکل کاموں میں بندوں کی پناہ گاہ ہے اور جس کی طرف لوگ ہر مصیبت کے وقت فریادی ہوتے ہیں اے سب چھپی اور
الْجهْر والْخفِيّاتِ، يا منْ لا تخْفى عليْہِ خواطِر الْاوْهامِ وتصرّف الْخطراتِ، يا
کھلی چیزوں کے جاننے والے اے وہ جس پر لوگوں کے وہم و خیال اور دلوں میں گردش کرنے والے اندیشے بھی پوشیدہ نہیں اے
ربّ الْخلائِقِ والْبريّاتِ، يا منْ بِيدِهِ ملكوت الْأرضِين والسّماواتِ، أ نْت الله لا
مخلوقات و موجودات کے پروردگار اے وہ ذات کہ زمینوں اور آسمانوں کی حکمرانی جس کے قبضہ قدرت میں ہے تو ہی معبود ہے
إلہ إلاّ أ نْت، أمتّ إليْک بِلا إلہ إلاّ أ نْت، فيا لا إلہ إلاّ أ نْت اجْعلْنِی فِی
تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تیری طرف متوجہ ہوں اس لیے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں پس اے (اللہ) تیرے سوا کوئی معبود نہیں
ہذِهِ اللّيْلۃِ مِمّنْ نظرْت إليْہِ فرحِمْتہ، وسمِعْت دعائہ فأجبْتہ،
اس رات میں مجھے ان لوگوں میں قرار دے جن پر تو نے نظر کرم فرمائی تو نے ان پر مہربانی کی ان کی دعا سنی تو نے اور اسے شرف
وعلِمْت اسْتِقالتہ فأ قلْتہ، وتجاوزْت عنْ سالِفِ خطِيئتِہِ وعظِيمِ جرِيرتِہِ،
قبولیت بخشا تو ان کی پشیمانی سے آگاہ ہوا تو انہیں معاف کردیا اور ان کے سب پچھلے گناہوں اور بڑے بڑے جرائم پر عفو ودرگذر
فقدِ اسْتجرْت بِک مِنْ ذ نوبِی، ولجأْت إليْک فِی ستْرِ عيوبِی ۔
سے کام لیا پس میں اپنے گناہوں سے تیری پناہ کا طالب ہوں اور اپنے عیبوں کی پردہ پوشی کے لیے تجھ سے التجا کرتا ہوں
اللّٰہمّ فجدْ على بِكرمِک وفضلِک واحْططْ خطاياى بِحِلْمِک وعفْوک وتغمّدْنِی
اے معبود! مجھ پر اپنے فضل و کرم سے عطا و بخشش فرما اور اپنی نرم خوئی اور درگزر کے ذریعے میری خطائیں بخش دے اس رات میں
فِی ہذِهِ اللّيْلۃِ بِسابِغِ كرامتِک، واجْعلْنِی فِيہا مِنْ أوْلِيائِک الّذِين اجْتبيْتہمْ
مجھ کو اپنے انتہائی کرم کے سائے تلے لے لے اور اس شب میں مجھے اپنے ان پیاروں میں قرار دے جن کو تو نے اپنی
لِطاعتِک، واخْترْتہمْ لِعِبادتِک، وجعلْتہمْ خالِصتک وصِفْوتک ۔ اللّٰہمّ اجْعلْنِی
فرمانبرداری کیلئے پسند کیا اپنی عبادت کے لیے چنا اور ان کو اپنے خاص الخاص اور برگزیدہ بنایا ہے اے معبود! مجھے ان لوگوں
مِمّنْ سعد جدّه، وتوفّر مِن الْخيْراتِ حظّہ، واجْعلْنِی مِمّنْ سلِم فنعِم، وفاز
میں قرار دے جنکا نصیب اچھا اور نیک کاموں میں جن کا حصہ زیادہ ہے اور مجھے ان لوگوں میں رکھ جو تندرست، نعمت یافتہ، کامران
فغنِم واكْفِنِی شرّ ما أسْلفْت، واعْصِمْنِی مِن الازْدِيادِ فِی معْصِيتِک، وحبِّبْ إلیّ
اور فائدہ پانے والے ہیں اور جو کچھ میں نے کیا اس کے شر سے بچا مجھے اپنی نافرمانی میں بڑھ جانے سے محفوظ رکھ مجھے اپنی
طاعتک وما يقرّبنِی مِنْک ويزْلِفنِی عِنْدک ۔ سيِّدِی إليْک يلْجأ الْہارِب،
فرمانبرداری کا شوق دے اور اسکا جو مجھے تیرے قریب کرے اور مجھے تیرا پسندیدہ بنائے میرے سردار، بھاگنے والا، تیرے ہاں پناہ
ومِنْک يلْتمِس الطّالِب، وعلى كرمِک يعوّل الْمسْتقِيل التّائِب، أدّ بْت عِبادک

لیتا ہے طلبگار تیرے حضور عرض کرتا ہے اور پشیمان ہونے اور توبہ کرنے والا تیرے فضل و کرم پر بھروسہ کرتا ہے تو اپنی کریمی و مہربانی
بِالتّکرّمِ وأ نْت أکْرم الْاکْرمِین، وأمرْت بِالْعفْو عِبادک وأ نْت الْغفور
سے بندوں کی پرورش کرتا ہے اور تو سب سے زیادہ کرم کرنیوالا ہے تو نے اپنے بندوں کو معاف کرنے کا حکم دیا اور تو بہت بخشنے والا
الرّحِیم ۔ اللّٰہمّ فلا تحْرِمْنِی ما رجوْت مِنْ کرمِک، ولا تؤْیِسْنِی مِنْ سابِغِ نِعمِک،
رحم کرنے والا ہے اے معبود! پس میں نے تیرے کرم کی جو امید لگارکھی ہے اس سے محروم نہ کرمجھے اپنی کثیر نعمتوں سے ناامید نہ ہونے
ولا تخیِّبْنِی مِنْ جزِیلِ قِسمِک فِی ھذِہِ اللّیْلۃِ لِاھْلِ طاعتِک واجْعلْنِی فِی جنّۃٍ مِنْ
دے اور آج کی رات اس بیشتر عطا سے محروم نہ کر جو تو نے اپنے فرمانبرداروں کیلئے مقرر کی ہوئی ہے اور مجھے اپنی مخلوق کی اذیتوں
شِرارِ برِیّتِک، ربِّ إنْ لمْ أکنْ مِنْ أھْلِ ذٰلِک فأ نْت أھْل الْکرمِ والْعفْو والْمغْفِرۃِ،
سے امان میں قرار رکھ میرے پروردگار! اگر میں اس سلوک کے لائق نہیں پس تو مہربانی کرنے، معافی دینے اور بخش دینے کا اہل ہے
وجدْ علیّ بِما أ نْت أھْلہ لا بِما أسْتحِقّہ فقدْ حسن ظنِّی بِک، وتحقّق رجائِی لک
اور مجھ پر ایسی بخشش فرما جو تیرے لائق ہے نہ وہ کہ جس کامیں حقدار ہوں پس میں تجھ سے اچھا گمان رکھتا ہوں میری امید تجھی سے لگی ہوئی ہے
وعلِقتْ نفْسِی بِکرمِک فأنْت أرْحم الرّاحِمِین وأکْرم الْاکْرمِین
اور میرا نفس تیرے کرم سے تعلق جوڑے ہوئے ہے جبکہ تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا اور سب سے بڑھ کر مہربانی کرنیوالا ہے
اللّٰہمّ واخْصصْنِی مِنْ کرمِک بِجزِیلِ قِسمِک، وأعوذ بِعفْوِک مِنْ عقوبتِک،
اے معبود! مجھے اپنی مہربانی و بخشش سے زیادہ حصہ دینے میں خصوصیت عطافرما اور میں تیرے عذاب سے، تیرے عفو کی پناہ لیتا ہوں
واغْفِرْ لِی الذّنْب الّذِی یحْبِس علیّ الْخلق ویضیِّق علیّ الرِّزْق حتّی أقوم
میرا وہ گناہ بخش دے کہ جس نے مجھ کو بدخلقی میں پھنسادیا اور میری روزی میں تنگی کا باعث ہے تاکہ میں تیری بہترین رضا
بِصالِحِ رِضاک، وأ نْعم بِجزِیلِ عطائِک، وأسْعد بِسابِغِ نعْمائِک، فقدْ لذْت
حاصل کرسکوں تو اپنی مہربانی سے مجھے نعمتیں عنایت فرما اور اپنی کثیر نعمتوں سے مجھے بہرہ مند کردے کیونکہ میں نے تیرے آستان پر
بِحرمِک وتعرّضْت لِکرمِک واسْتعذْت بِعفْوِک مِنْ عقوبتِک وبِحِلْمِک مِنْ غضبِک
پناہ لی اور تیری بخشش کی امید لگائے ہوں اور میں تیرے عذاب سے عفو کی پناہ لیتا ہوں اور تیرے غضب سے تیری نرم خوئی کی پناہ لیتا ہوں
فجدْ بِما سألْتک، وأنِلْ ما الْتمسْت مِنْک، أسْأ لک بِک لابِشیْئٍ
پس مجھے وہ دے جس کا میں نے تجھ سے سوال کیا ہے اس میں کامیاب کر جس کی تجھ سے خواہش کی ہے میں تجھ سے تیرے ہی
ھو أعْظم مِنْک ۔ پھر سجدے میں جاکر بیس مرتبے کہے : یا ربِّ سات مرتبہ: یا اللہ سات مرتبہ:
ذریعے سوال کرتا ہوں کہ تجھ سے بزرگتر کوئی چیز نہیں ہے ۔ اے پروردگار اے معبود

لاحوْل ولا قوّۃ اِلّا بِاللهِ دس مرتبہ ما شاءُ الله اور دس مرتبہ: لا قوّۃ اِلّا بِاللهِ کہے:
نہیں کوئی طاقت و قوت مگر وہ جو اللہ سے ہے جو کچھ خدا چاہے نہیں کوئی قوت مگر خدا کی۔
پھر رسول اللہ اور ان کی آل پر درود بھیجے اور بعد میں اپنی حاجات طلب کرے۔ قسم بخدا اگر کسی کی حاجات بارش کے قطروں جتنی ہوں تو بھی حق تعالیٰ اپنے وسیع فضل و کرم اور اس عمل کی برکت سے وہ تمام حاجات برلائے گا۔
(۱۱)شیخ طوسی اور کفعمی نے فرمایا ہے کہ اس رات یہ دعا پڑھے:
إلهِی تعرّض لک فِی ہذا اللّیْلِ الْمتعرّضون، وقصدک الْقاصِدون
میرے معبود! طلب کرنیوالوں نے آج رات خود کو تیرے ہی سامنے پیش کیا ہے ارادہ کرنیوالوں نے تیری ہی بارگاہ کا ارادہ کیا ہے
وأمّل فضْلک ومعْروفک الطّالِبون، ولک فِی ہذا اللّیْلِ نفحاتٌ
اور حاجتمندوں نے تیری ہی فضل و احسان سے امید باندھی ہوئی ہے آج کی رات تیری مہربانیاں ، تیری بخشش، تیری عطائیں
وجوائِز وعطایا ومواهِب تمنّ بِہا علی منْ تشاءُ مِنْ عِبادِک، وتمْنعہا منْ لمْ
اور تیرے ہی انعام ہیں کہ تو اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے ان سے احسان فرمائے اور جس پر تیری توجہ اور عنایت نہ ہوئی ہو
تسْبِقْ لہ الْعِنایۃ مِنْک وہا أنا ذا عبیْدک الْفقِیر إلیْک الْمؤمِّل فضْلک ومعْروفک
اس سے روک لے اور یہ میں ہوں تیراحقیر بندہ کہ تیرا محتاج ہوں اور تیرے فضل و احسان کی امید وار ہوں
ف إنْ کنْت یا موْلای تفضّلْت فِی هذِهِ اللّیْلۃِ علی أحدٍ مِنْ خلْقِک وعدْت علیْہِ
پس اے میرے مولا! اگر آج کی رات میں تو اپنی مخلوق میں کسی پر فضل و کرم کرے اور اس کو انعام عطا فرمائے اور وہ انعام عطا
بِعائِدۃٍ مِنْ عطْفِک فصلِّ علی محمّدٍ و آلِ محمّدٍ الطّیِّبِین الطّاهِرِین الْخیِّرِین
فرمائے جو تیری مہربانی کے ساتھ ہو تو محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما جوپاکیزہ ہیں ، نیکو کار ہیں
الْفاضِلِین وجدْ علیّ بِطوْلِک ومعْروفِک یا ربّ الْعالمِین وصلّی الله علی محمّدٍ
اور با فضیلت ہیں اور اپنے فضل اور احسان سے مجھ پر بخشش کر اے جہانوں کے پالنے والے اور محمد(ص) پر الله کی رحمت ہوجو نبیوں
خاتمِ النّبِیِّین وآلِہِ الطّاهِرِین وسلّم تسْلِیماً إنّ الله حمِیدٌ مجِیدٌ ۔ اللّہمّ إنِّی
میں آخری نبی(ص) ہیں اور ان کی آل(ع) پر جو پاکیزہ ہیں اور سلام ہو بہت سلام بے شک اللہ خوبی والااور شان والا ہے اے معبود! میں
أدْعوک کما أمرْت فاسْتجِبْ لِی کما وعدْت إنّک لا تخْلِف الْمِیعاد ۔
تجھ سے دعا کرتا ہوں جیسے تو نے حکم دیا تو اپنے وعدے کے مطابق اسے قبول فرما کیونکہ تو اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔

یہ وہ دعا ہے جو نماز شفع کے بعد بھی پڑھی جاتی ہے۔
(۱۲)اس رات نماز تہجد کی ہر دو رکعت کے بعد اور نماز شفع اور وتر کے بعد وہ دعا پڑھے کہ جو شیخ و سید نے نقل فرمائی ہے۔

(۱۳)سجدے اور دعائیں جو رسول اللہ سے مروی ہیں وہ بجا لائے اور ان میں سے ایک وہ روایت ہے جو شیخ نے حماد بن عیسیٰ سے ، انہوں نے ابان بن تغلب سے اور انہوں نے کہا کہ امام جعفر صادق -نے فرمایا کہ جب پندرہ شعبان کی رات آئی تو اس رات رسول اللہ بی بی عائشہ کے ہاں تھے جب آدھی رات گزرگئی تو آنحضرت(ص) بغرض عبادت اپنے بستر سے اٹھ گئے، بی بی بیدار ہوئیں تو حضور (ص) کو اپنے بستر پر نہ پایا انہیں وہ غیرت آگئی جو عورتوں کا خاصا ہے۔ ان کا گمان تھا کہ آنحضرت(ص) اپنی کسی دوسری بیوی کے پاس چلے گئے ہیں ۔ پس وہ چادر اوڑھ کر حضور(ص) کو ڈھونڈتی ہوئی ازواج رسول(ص) کے حجروں میں گئیں ۔ مگر آپ(ص) کو کہیں نہ پایا۔ پھر اچانک ان کی نظر پڑی تو دیکھا کہ آنحضرت(ص) زمین پر مثل کپڑے کے سجدے میں پڑے ہیں ۔ وہ قریب ہوئیں تو سناکہ حضور(ص) سجدے میں یہ دعا پڑھ رہے ہیں ۔

سجد لک سوادِی وخیالِی، و آمن بِک فؤادِی، ہذِہِ یدای وما جنیْتہ

سجدہ کیا تیرے آگے میرے بدن اور میرے خیال نے اور ایمان لایا ہے تجھ پر میرا دل یہ ہیں میرے دونوں ہاتھ اور جو ستم میں نے

علی نفسِی، یا عظِیم ترْجی لِکلِّ عظِیمٍ اغْفِرْ لِی الْعظِیم ف إنّہ لا یغْفِر الذّنْب

خود پر کیا ہے اے بڑائی والے جس سے امید ہے بڑے کام کی تو میرے بڑے بڑے گناہ بخش دے کیونکہ بڑے گناہوں کو سوائے

الْعظِیم إلاّ الرّبّ الْعظِیم ۔

بڑائی والے پروردگار کے کوئی بخش نہیں سکتا۔

پھر آنحضرت سجدے سے سر اٹھاکر دوبارہ سجدے میں گئے اوربی بی عائشہ نے سنا کہ آپ(ص) پڑھ رہے تھے:

أعوذ بِنورِ وجْہِک الّذِی أضائتْ لہ السّماوات والْارضون وانْکشفتْ لہ الظّلمات

پناہ لیتا ہوں میں تیرے نور ذات کی جس سے آسمانوں اور زمینوں نے روشنی حاصل کی اور جس سے تاریکیاں چھٹ گئیں

وصلح علیْہِ أمْر الْاوّلِین والْآخِرِین مِنْ فجْأۃِ نقِمتِک، ومِنْ تحْوِیلِ عافِیتِک ومِنْ

اور اسکی بدولت اولین اورآخرین کا کام بن گیا کہ وہ تیرے ناگہانی عذاب سے امن کے چھن جانے اور تیری نعمتوں کے زائل ہو

زوالِ نِعْمتِک ۔ اللّٰھمّ ارْزقْنِی قلْباً تقِیّاً نقِیّاً ومِن الشِّرْکِ برِیئاً لا کافِراً ولا شقِیّاً،

جانے کی سختیوں سے بچ گئے اے معبود!مجھے پاک اور پرہیزگار دل دے کہ جو شرک سے پاک ہو اور نہ حق سے انکاری ہو نہ بے رحم ہو۔

پس آپ نے اپنے چہرے کو دونوں طرف سے خاک پر رکھا اور یہ پڑھا:

عفّرْت وجْھِی فِیْ التّرابِ وحقّ لِّیٓ انْ اسْجد لک

میں نے اپنے چہرے کو خاک پر رکھا ہے اور میرے لیے ضروری ہے کہ تیرے آگے سجدہ کروں

جونہی رسول اکرم اٹھے تو بی بی عائشہ آپ(ص) کو پہچان کر جھٹ سے اپنے بستر پر آلیٹیں ۔ جب آنحضرت(ص) اپنے بستر پر آئے تو آپ(ص) نے دیکھا کہ ان بی بی کا سانس تیز تیز چل رہاہے، اس پر آپ(ص) نے فرمایا: تمہارا سانس کیوں اکھڑا ہوا ہے؟ آیا تمہیں نہیں معلوم کہ آج کونسی رات ہے؟ یہ پندرہ شعبان کی رات ہے۔ اس

میں روزی تقسیم ہوتی ہے۔ زندگی کی میعاد مقرر ہوتی ہے، حج پر جانے والوں کے نام لکھے جاتے ہیں ۔ قبیلہ بنی کلب کی بکریوں کے بالوں سے زیادہ تعداد میں گناہگار افراد بخشے جاتے ہیں اور ملائکہ آسمان سے زمین مکہ پر نازل ہوتے ہیں ۔

(١٤)اس رات نماز جعفر طیار (ع)بجا لائے، جو شیخ نے امام علی رضا -سے روایت کی ہے۔

(۵١)اس رات کی مخصوص نمازیں پڑھے جو کئی ایک ہیں ، ان میں سے ایک وہ نماز ہے جو ابو یحییٰ صنعانی نے حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق +سے نیز دیگر تیس معتبر اشخاص نے بھی ان سے روایت کی ہے۔ کہ فرمایا:

پندرہ شعبان کی رات چار رکعت نماز بجا لائے کہ ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سو مرتبہ سورہ توحید پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد کہے:

اَللّٰھمَّ إنِّی إلَیْک فَقِیرٌ، وَمِنْ عَذابِک خائِفٌ مُسْتَجِیرٌ ۔ اَللّٰھمَّ لاَ تُبَدِّلِ اسْمِی

اے معبود! میں تیرا محتاج ہوں اور تیرے عذاب سے خوف کھاتا ہوں اور اس سے پناہ ڈھونڈتا ہوں اے معبود! میرا نام تبدیل نہ کر

وَلاَ تُغَیِّرْ جِسْمِی، وَلاَ تَجْھدْ بَلائِی، وَلاَ تُشْمِتْ بِی أَعْدائِی ، أَعُوذُ بِعَفْوِک مِنْ

اور میرے جسم کو دگرگوں نہ فرما میری آزمائش کو سخت نہ بنا اور میرے دشمنوں کو مجھ پر خوشی نہ دے میں پناہ لیتا ہوں تیرے عفو کی،

عِقابِک وَأَعُوذُ بِرَحْمَتِک مِنْ عَذابِک وَأَعُوذُ بِرِضاک مِنْ سَخَطِک، وَأَعُوذُ بِک

تیرے عذاب سے میں پناہ لیتا ہوں تیری رحمت کی، تیری سزا سے میں پناہ لیتا ہوں تیری رضا کی، تیری ناراضگی سے اور چاہتا ہوں

مِنْک، جَلَّ ثَناؤُک أَ نْتَ کَما أَ ثْنَیْتَ عَلَی نَفْسِک وَفَوْقَ مَا یَقُولُ الْقائِلُونَ ۔

تجھ سے تیرے ہی ذریعے سے کہ تیری تعریف روشن ہے جیسا کہ تو نے خود ہی اپنی تعریف کی ہے جو تعریف کرنے والوں کے قول سے بلند تر ہے۔

یاد رہے کہ اس رات سو رکعت نماز بجا لانے کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے۔ اس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورہ توحید پڑھے۔ اس کے علاوہ چھ رکعت نماز ادا کرے کہ جس میں سورہ الحمد، سورہ یٰسین، سورہ ملک اور سورہ توحید پڑھی جاتی ہے اور اس کی ترکیب ماہ رجب کے اعمال میں بیان ہوچکی ہے۔

پندرہ شعبان کا دن

پندرہ شعبان کا دن ہمارے بارہویں امام زمانہ (عج) کی ولادت باسعادت کا دن ہے لہذا آج کے دن ہماری بہت بڑی عید ہے آج جہاں بھی کوئی مؤمن ہو اور اس سے جس وقت بھی ہوسکے بارہویں امام مہدی (عج)کی زیارت پڑھے اس کا پڑھنا مستحب ہے اور ضروری ہے کہ زیارت پڑھتے وقت آپ کے جلد ظہور کی دعا مانگے سامرہ کے سرداب میں آپ کی زیارت پڑھنے کی زیادہ تاکید ہے کہ یہ آپ کے ظہور کا یقینی مقام ہے اور آپ ہی ہیں جو زمین کو عدل و انصاف سے بھردیں گے جب کہ وہ ظلم و جور سے بھر چکی ہوگی۔

ماہ شعبان کے باقی اعمال امام علی رضا -سے منقول ہے کہ جو شخص شعبان کے آخری تین دن روزہ رکھ کر ماہ رمضان کے روزوں سے متصل کردے تو حق تعالیٰ اس کے نامہ اعمال میں ساٹھ متصل روزوں کا ثواب لکھے گا۔ ابوصلت ہروی سے روایت

ہے کہ میں شعبان کے آخری جمعہ کو امام علی رضا -کی خدمت میں حاضر ہؤا تو حضرت(ع) نے مجھ سے فرمایا: اے ابوصلت شعبان کا زیادہ حصہ گزرگیا ہے اور آج اس کا آخری جمعہ ہے۔لہٰذا اس کے گزشتہ دنوں میں تجھ سے جو کوتاہیاں ہوئی ہیں اس کے باقی آنے والے دنوں میں تجھے ان کی تلافی کرلینا چاہیئے اور تمہیں وہ عمل اختیار کرنا چاہیئے جو تمہارے لیے مفید ہو، تمہیں تلاوتِ قرآن اور بہت زیادہ دعا وا ستغفار کرنا چاہیئے نیز خدا کی بارگاہ میں اپنے گناہوں پر توبہ کرو تا کہ جب ماہ مبارک رمضان آئے تو اس وقت تک تم نے خود کو اپنے رب کے لیے خالص کرلیا ہو۔ اپنے ذمہ کسی کا کوئی حق نہ رہنے دو مگر یہ کہ اسے ادا کردو، اپنے دل میں کسی کے لیے بغض و کینہ نہ رکھو۔ اگر کوئی گناہ کرتے رہے ہو تو اسے ترک کردو، خدا سے ڈرو اور ظاہر و باطن میں اسی پر بھروسہ رکھو کہ جوشخص خدا پر توکل اور بھروسہ رکھتا ہے تو خدا اس کے لیے کافی ہے پس اس مہینے کے باقی دنوں میں زیادہ تر یہ دعا پڑھا کرو:

اللّٰھمّ اِنْ لّمْ تکنْ غفرْت لنا فِیْما مضٰی مِنْ شعْبان فا غْفِرْ لنا فِیْما بقِی مِنْہ

اے معبود!اگر تو نے ہمیں شعبان کے گزشتہ دنوں میں گناہوں کی معافی نہیں دی تو بھی اسکے باقی دنوں میں ہمیں بخشش عطا کردے

کیونکہ حق تعالیٰ اس مہینے میں احترام رمضان کے ناطے اپنے بہت زیادہ بندوں کوجہنم کی آگ سے آزاد فرماتا ہے شیخ نے حارث بن مغیرہ نضری سے روایت کی ہے کہ امام جعفر صادق - شعبان کی آخری اور رمضان کی پہلی رات میں یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

اللّٰھمّ إنّ ہذا الشّہْر الْمبارک الّذِی أ نْزل فِیہِ الْقرآن وجعِل ھدیً لِلنّاسِ وبیِّناتٍ

اے معبود! بے شک یہی وہ بابرکت مہینہ ہے کہ جس میں قرآن کریم نازل کیا گیا اور اسے انسانوں کا رہنما قرار دیا گیاکہ اس میں

مِن الْھدی والْفرْقانِ قدْ حضر فسلِّمْنا فِیہِ وسلِّمْہ لنا وتسلّمْہ مِنّا فِی یسْرٍ مِنْک

ہدایت کی دلیلیں اور حق و باطل کی تفریق ہے قرآن موجود ہے ہمیں اس کیلئے اسے ہمارے لیے سلامت رکھ اور اس کو ہم سے آسانی و

وعافِیۃٍ، یا منْ أخذ الْقلِیل وشکرِ الْکثِیر اقْبلْ مِنِّی الْیسِیر ۔ اللّٰھمّ إِنِّی أسْأ لک

امن کے ساتھ لے اے وہ جو موٴخذہ کم اور قدردانی زیادہ کرتا ہے مجھ سے یہ تھوڑا عمل قبول فرما اے معبود! میں سوال کرتا ہوں

أنْ تجْعل لِی إلی کلِّ خیْرٍ سبِیلاً، ومِنْ کلِّ ما لا تحِبّ مانِعاً یا أرْحم الرّاحِمِین

تجھ سے کہ میرے لیے نیکی کا ہر راستہ بنا اور جو چیزیں تجھے ناپسند ہیں ان سے باز رکھ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

یا منْ عفا عنِّی وعمّا خلوْت بِہِ مِن السّیِّئاتِ یا منْ لمْ یؤاخِذْنِی بِارْتِکابِ الْمعاصِی

اے وہ جس نے مجھے معاف کیا ان گناہوں پر جو میں نے تنہائی میں کیے اے وہ جس نے نافرمانیوں پر میری گرفت نہیں کی

عفْوک عفْوک یا کریم إلٰھِی وعظْتنِی فلمْ أ تّعِظْ ، وزجرْتنِی عنْ محارِمِک

معاف کر دے معاف کردے اے مہربان اے معبود! تو نے مجھے نصیحت کی میں نے پرواہ نہ کی تو نے حرام کاموں

فلمْ أ نْزجِرْ، فما عذْرى فاعْف عنِّى يا كريم، عفْوک عفْوک ۔ اللّٰہمّ
سے روکا تو میں ان سے باز نہ آیا پس میرا کوئی عذر نہیں تب بھی مجھے معاف فرما ایمہربان معاف کردے معاف کردے اے معبود!
إنِّى أسأْ لک الرّاحۃ عِنْد الْموْتِ، والْعفْو عِنْد الْحِساب، عظم الذّنْب مِنْ عبْدِک
میں مانگتا ہوں تجھ سے موت کے وقت راحت حساب کتاب کے وقت درگزر، تیرے بندے کا گناہ بہت بڑا ہے
فلْيحْسنِ التّجاوز مِنْ عِنْدِک ، يا أهْل التّقْوی ويا أهْل الْمغْفِرۃ، عفْوک عفْوک
پس تیری طرف سے بہترین درگزر ہونی چاہیے اے تقویٰ کے مالک اور اے بخش دینے والے معاف کردے معاف کردے
اللّٰہمّ إنِّى عبْدک بْن عبْدِک بْن أمتِک ضعِيفٌ فقِيرٌ إلی رحْمتِک وأ نْت منْزِل الْغِنی
اے معبود! میں تیرا بندہ ہوں تیرے بندے اور تیری کنیز کا بیٹا ہوں کمزور ہوں تیری رحمت کا محتاج ہوں اور تو اپنے بندوں پر ثروت و
والْبرکۃِ علی الْعِبادِ، قاهِرٌ مقْتدِرٌ أحْصيْت أعْمالهمْ، وقسمْت أرْزاقهمْ وجعلْتهمْ
برکت نازل کرنے والا زبردست بااختیار ہے تو ان کے اعمال کو شمار کرتا اور ان میں روزی بانٹتا ہے تو نے انہیں
مخْتلِفۃً ألْسِنتهمْ وألْوانهمْ خلْقاً مِنْ بعْدِ خلْقٍ، ولا يعْلم الْعِباد عِلْمک، ولا يقْدِر
مختلف زبانوں اور رنگوں والے بنایا کہ ہر مخلوق کے بعد دوسری مخلوق ہے بندے تیرے علم کو نہیں جانتے اور نہ ہی بندے تیری قدرت
الْعِباد قدْرک، وکلّنا فقِيرٌ إلی رحْمتِک، فلا تصْرِفْ عنِّى وجْهک، واجْعلْنِى مِنْ
کا اندازہ کرسکتے ہیں ہم سب تیری رحمت کے محتاج ہیں پس ہم سے اپنی توجہ ہرگز نہ ہٹا مجھے عمل آرزو قسمت اور مقدر کے اعتبار سے
صالِحِى خلْقِک فِى الْعملِ والْأملِ والْقضاءِ والْقدرِ اللّٰہمّ أبْقِنِى خيْر الْبقاءِ وأفْنِنِى
اپنے صالح و نیکوکار بندوں میں سے قرار دے اے معبود! مجھے زندہ رکھ بہتر زندگی میں اور موت دے تو
خيْر الْفناءِ علی موالاۃِ أوْلِيائِک، ومعاداۃِ أعْدائِک والرّغْبۃِ إليْک، والرّهْبۃِ مِنْک
بہترین موت دے جو تیرے دوستوں کی دوستی اور تیرے دشمنوں سے دشمنی میں ہو نیز میری موت و حیات تیری رغبت، تجھ سے خوف
والْخشوعِ والْوفاءِ والتّسْلِيمِ لک، والتّصْدِيقِ بِکِتابِک ، واتِّباعِ سنّۃِ رسو لِک
تیرے سامنے عاجزی وفاداری تیرا حکم ماننے تیری کتاب کوسچی جاننے اور تیرے رسول(ص) کی سنت کی پیروی میں ہو
اللّٰہمّ ما کان فِى قلْبِى مِنْ شکٍّ أوْ ريبۃٍ أوْ جحودٍ أوْ قنوطٍ أوْ فرحٍ أوْ بذخٍ أوْبطرٍ
اے معبود! میرے دل میں جو بھی شک یا گمان یا ضدیت یا نا امیدی یا سرمستی یا تکبر یا بے فکری
أوْ خيلاءَ أوْ رياءٍ أوْ سمْعۃٍ أوْ شِقاقٍ أوْ نِفاقٍ أوْ کفْرٍ أوْ فسوقٍ أوْ عِصْيانٍ أوْ
یا خود خواہی یا ریاکاری یا شہرت طلبی یا سنگدلی یا دورنگی یا کفر یا بد عملی یا نا فرمانی یا
عظمۃٍ أوْ شيْءٍ لا تحِبّ، فأسْأ لک يا ربِّ أنْ تبدِّلنِى مکانہ إيماناً بِوعْدِک
گھمنڈ یا تیری کوئی نا پسندیدہ بات ہے تو تجھ سے سوال کرتا ہوں اے پروردگار کہ ان برائیوں کومٹاکر ان کی جگہ میرے دل میں اپنے

ووفائً بِعهْدِک، ورضاً بِقضائِک، وزهْداً فِی الدّنْیا، ورغْبۃً فِیما عِنْدک، و أثرۃً
وعدے پر یقین اپنے عہد سے وفا اپنے فیصلے پر رضامندی دنیا سے بے رغبتی اور جو کچھ تیرے ہاں ہے اس میں رغبت اپنے در پر
وطمأْنِینۃً وتوْبۃً نصوحاً، أسْأ لک ذلِک یا ربّ الْعالمِین ۔ إلهی أ نْت مِنْ حِلْمِک
حاضری دلجمعی اور سچی توبہ کی توفیق دے میں تجھ سے یہی چاہتا ہوں اے جہانوں کے پالنے والے میرے معبود! تیری نرم خوئی کی
تعْصی فکأنّک لمْ تر، ومِنْ کرمِک وجودِک تطاع فکأ نّک لمْ تعْص
وجہ سے تیری نافرمانی کی جاتی ہے اور تیری عطا و بخشش سے تیری اطاعت کی جاتی ہے گویا تیری نافرمانی نہیں ہوتی میرے جیسا
وأ نا ومنْ لمْ یعْصِک سکّان أرْضِک فکنْ علیْنا بِالْفضْلِ جواداً
نافرمان اور جو تیری نافرمانی نہیں کرتے تیری ہی زمین پر رہتے ہیں پس ہمارے لیے اپنے فضل سے بہت عطا کرنے والا اور
وبِالْخیْر عوّاداً، یا أرْحم الرّاحِمِین وصلّی اللہ علی محمّدٍ وآلِہِ صلاۃً دائِمۃً لا
بھلائی پر بھلائی کرنیوالا ہوجا اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے خدا کی حضرت محمد(ص) اوران کی آل(ع) پر رحمت ہو ہمیشہ ہمیشہ کی رحمت
تحْصی ولا تعدّ ولا یقْدِر قدْرہا غیْرک یا أرْحم الرّاحِمِین ۔
جسے نہ جمع کیا جاسکے نہ شمار کیا جاسکے اور تیرے سوا کوئی اسکا اندازہ نہیں کر سکتا اے سب سے بڑھ کر رحم کرنیوالے۔

(تیسری فصل) - ماہ رمضان کے فضائل و اعمال

شیخ صدوق(رح) نے معتبر سند کیساتھ امام علی رضا -سے اور حضرت نے اپنے آبائ طاہرین + کے واسطے سے امیرالمومنین -سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: ایک روز رسول اللہ نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ اے لوگو! تمہاری طرف رحمتوں اور برکتوں والا مہینہ آرہا ہے۔ جس میں گناہ معاف ہوتے ہیں ۔ یہ مہینہ خدا کے ہاں سارے مہینوں سے افضل و بہتر ہے۔ جس کے دن دوسرے مہینوں کے دنوں سے بہتر، جس کی راتیں دوسرے مہینوں کی راتوں سے بہتر اور جس کی گھڑیاں دوسرے مہینوں کی گھڑیوں سے بہتر ہیں ۔ یہی وہ مہینہ ہے جس میں حق تعالیٰ نے تمہیں اپنی مہمان نوازی میں بلایا ہے اور اس مہینے میں خدا نے تمہیں بزرگی والے لوگوں میں قرار دیا ہے کہ اس میں سانس لینا تمہاری تسبیح اور تمہارا سونا عبادت کا درجہ پاتا ہے۔ اس میں تمہارے اعمال قبول کیے جاتے اور دعائیں منظور کی جاتی ہیں ۔

پس تم اچھی نیت اور بری باتوں سے دلوں کے پاک کرنے کے ساتھ اس ماہ میں خدا ئے تعالیٰ سے سوال کرو کہ وہ تم کو اس ماہ کے روزے رکھنے اور اس میں تلاوتِ قرآن کرنے کی توفیق عطا کرے کیونکہ جو شخص اس بڑائی والے مہینے میں خدا کی طرف سے بخشش سے محروم رہ گیا وہ بدبخت اور بدانجام ہوگا اس مہینے کی بھوک پیاس میں قیامت والی بھوک پیاس کا تصور کرو، اپنے فقیروں اور مسکینوں کو صدقہ دو، بوڑھوں کی تعظیم کرو، چھوٹوں پر رحم کرواور رشتہ داروں کے ساتھ نرمی و مہربانی کرو اپنی زبانوں کو ان باتوں سے بچاؤ کہ جو نہ کہنی چاہئیں ، جن چیزوں کا دیکھنا حلال نہیں ان سے اپنی نگاہوں کو بچائے رکھو، جن چیزوں کا سننا تمہارے لیے روا نہیں ان سے اپنے کانوں کو بند رکھو، دوسرے لوگوں کے یتیم بچوں پر رحم کرو تا کہ تمہارے بعد لوگ تمہارے یتیم بچوں پر رحم کریں ،اپنے گناہوں سے توبہ کرو، خدا کی طرف رخ کرو، نمازوں کے بعد اپنے ہاتھ دعا کے لیے اٹھاؤ کہ یہ بہترین اوقات ہیں جن میں حق تعالیٰ اپنے بندوں کی طرف نظر رحمت فرماتا ہے اور جو بندے اس وقت اس سے مناجات کرتے ہیں وہ انکو جواب دیتا ہے اور جو بندے اسے پکارتے ہیں ان کی پکار پر لبیک کہتا ہے اے لوگو! اس میں شک نہیں کہ تمہاری جانیں گروی پڑی ہیں ۔ تم خدا سے مغفرت طلب کرکے ان کو چھڑانے کی کوشش کرو۔ تمہاری کمریں گناہوں کے بوجھ سے دبی ہوئی ہیں تم زیادہ سجدے کرکے ان کا بوجھ ہلکا کرو کیونکہ خدا نے اپنی عزت و عظمت کی قسم کھارکھی ہے کہ ا س مہینے میں نمازیں پڑھنے اور سجدے کرنے والوں کو عذاب نہ دے اور قیامت میں ان کو جہنم کی آگ کا خوف نہ دلائے اے لوگو! جو شخص اس ماہ میں کسی مؤمن کا روزہ افطار کرائے تو اسے گناہوں کی بخشش اور ایک غلام کو آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔

آنحضرت(ص) کے اصحاب میں سے بعض نے عرض کی یا رسول (ص) اللہ! ہم سب تو اس عمل کی توفیق نہیں رکھتے تب آپ(ص) نے فرمایا کہ تم افطار میں آدھی کھجور یا ایک گھونٹ شربت دے کر بھی خود کو آتش جہنم سے بچا سکتے ہو۔ کیونکہ حق تعالیٰ اس کو بھی پورا اجر دے گا جو اس سے کچھ زیادہ دینے کی توفیق نہ رکھتا ہو۔ اے لوگو! جو شخص اس مہینے میں اپنے اخلاق درست کرے تو حق تعالیٰ قیامت میں اس کو پل صراط پر سے با آسانی گزاردے گا۔ جب کہ لوگوں کے پاؤں پھسل رہے ہوں گے۔ جو شخص اس مہینے میں اپنے غلام اور لونڈی سے تھوڑی

خدمت لے تو قیامت میں خدا اس کا حساب سہولت کے ساتھ لے گا اور جو شخص اس مہینے میں کسی یتیم کو عزت اور مہربانی کی نظر سے دیکھے تو قیامت میں خدا اس کو احترام کی نگاہ سے دیکھے گا۔ جوشخص اس مہینے میں اپنے رشتہ داروں سے نیکی اور اچھائی کا برتاؤ کرے تو حق تعالیٰ قیامت میں اس کو اپنی رحمت کے ساتھ ملائے رکھے گا اور جو کوئی اپنے قریبی عزیزوں سے بدسلوکی کرے تو خدا روز قیامت اسے اپنے سایہ رحمت سے محروم رکھے گا۔ جوشخص اس مہینے میں سنتی نمازیں بجا لائے تو خدا ئے تعالیٰ قیامت کے دن اسے دوزخ سے برائت نامہ عطا کرے گا۔ اور جو شخص اس ماہ میں اپنی واجب نمازیں ادا کرے توحق تعالیٰ اس کے اعمال کا پلڑا بھاری کردے گا۔ جبکہ دوسرے لوگوں کے پلڑے ہلکے ہوں گے۔ جو شخص اس مہینے میں قرآن پاک کی ایک آیت پڑھے تو خداوند کریم اس کے لیے کسی اور مہینے میں ختم قرآن کا ثواب لکھے گا، اے لوگو! بے شک اس ماہ میں جنت کے دروازے کھلے ہوئے ہیں ۔ پس اللہ تعالیٰ سے دعا کرو کہ وہ انہیں تم پر بند نہ کرے۔ دوزخ کے دروازے اس مہینے میں بند ہیں ۔ پس خدائے تعالیٰ سے سوال کرو کہ وہ انہیں تم پر نہ کھولے اور شیطانوں کو اس مہینے میں زنجیروں میں جکڑ دیا جاتا ہے۔ پس خدا سے سوال کرو کہ وہ انہیں تم پر مسلط نہ ہونے دے . الخ

شیخ صدوق (رح)نے روایت کی ہے کہ جب ماہِ رمضان داخل ہوتا تو رسول اللہ تمام غلاموں کو آزاد فرمادیتے اسیروں کو رہا کردیتے اور ہر سوالی کو عطا فرماتے تھے۔

مؤلف کہتے ہیں کہ رمضان مبارک خدائے تعالیٰ کا مہینہ ہے اور یہ سارے مہینوں سے افضل ہے۔ یہ وہ مہینہ ہے جس میں آسمان جنت اور رحمت کے دروازے کھل جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند کردیئے جاتے ہیں ۔ اس مہینے میں ایک رات ایسی بھی ہے، جس میں عبادت کرنا ہزار مہینوں کی عبادت سے بہتر ہے۔ پس اے انسانو! تمہیں سوچنا چاہیئے کہ تم اس مہینے کے رات دن کس طرح گزارتے ہو اور اپنے اعضائے بدن کو خدا کی نافرمانی سے کیونکر بچاسکتے ہو، خبردار کوئی شخص اس مہینے کی راتوں میں سوتا نہ رہے اور اس کے دنوں میں حق تعالیٰ کی یاد سے غافل نہ رہے کیونکہ ایک روایت میں آیا ہے کہ ماہِ رمضان میں دن کا روزہ افطار کرنے کے وقت اللہ تعالیٰ ایک لاکھ انسانوں کو جہنم کی آگ سے آزاد کرتا ہے اور شبِ جمعہ یا جمعہ کے دن ہر گھڑی میں خدائے تعالیٰ ایسے ہزاروں انسانوں کو آتشِ دوزخ سے رہائی بخشتا ہے جو دوزخی بن چکے ہوتے ہیں ۔نیز اس مہینے کی آخری رات اور دن میں حق تعالیٰ اپنے اتنے بندوں کو جہنم سے آزاد کرتا ہے جتنے کہ پورے رمضان میں آزاد کرچکا ہے۔ پس اے عزیزو! توجہ کرو کہ مبادا یہ مبارک مہینہ تمام ہوجائے اور تمہاری گردن پر گناہوں کا بوجھ باقی رہ جائے اور جب روزہ دار اپنے روزوں کا اجر پارہے ہوں تو تم ان لوگوں میں گنے جاؤ جن کو محروم کیا جارہا ہو۔ تمہیں تلاوتِ قرآن کرکے افضل وقت میں نمازیں بجا لاکر دیگر عبادتوں میں سعی کرکے اور توبہ واستغفار کرکے خدا کا تقرب حاصل کرنا چاہیئے، کیونکہ امام جعفر صادق -سے روایت ہے کہ جو شخص اس بابرکت مہینے میں نہیں بخشا گیا تو وہ آیندہ رمضان تک نہیں بخشا جائیگا سوائے اس کے کہ وہ عرفہ میں حاضر ہوجائے۔ پس تمہیں ان چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیئے جن کو خدائے تعالیٰ نے حرام کیا ہے۔ یعنی حرام چیزوں سے روزہ افطار نہیں کرناچاہیئے، اور تمہیں اس طرح رہنا چاہیئے جیسے امام جعفر صادق علیہ السلام نے وصیت فرمائی ہے کہ جب تم روزہ رکھو تو تمہارے کانوں آنکھوں بدن کے

رونگٹوں اور جلد اور دوسرے سب اعضائ کو بھی روزہ دار ہونا چاہیئے یعنی ان کو حرام بلکہ مکروہ چیزوں اور کاموں سے بچائے رکھو۔ نیز فرمایا کہ تمہارا روزہ دار ہونے کادن اس طرح کا نہ ہو جیسے تمہارا روزہ دار نہ ہونے کا دن تھا۔پھر فرمایا کہ روزہ صرف کھانے پینے سے رکنے تک ہی نہیں ۔ بلکہ حالتِ روزہ میں اپنی زبانوں کو جھوٹ سے اور آنکھوں کو حرام سے دور رکھو۔ روزے کی حالت میں کسی سے لڑائی جھگڑا نہ کرو، کسی سے حسد نہ رکھو۔ کسی کا گلہ شکوہ نہ کرو اور جھوٹی قسم نہ کھاؤ۔ بلکہ سچی قسم سے بھی پرہیز کرو، گالیاں نہ دو، ظلم نہ کرو، جہالت کا رویہ نہ اپناؤ۔ بیزاری ظاہر نہ کرو اور یاد خدا اور نماز سے غفلت نہ برتو ۔ ہر وہ بات جو نہ کہنی چاہیئے۔ اس سے خاموشی اختیار کرو ، صبر سے کام لو ، سچی بات کہو برے آدمیوں سے الگ رہو بری باتوں ، جھوٹ بولنے، بہتان لگانے، لوگوں سے جھگڑنے ، گلہ کرنے اور چغلی کھانے جیسی سب چیزوں سے پرہیز کرو ۔ اپنے آپ کو آخرت کے قریب جانو ۔ حضرت قائم آلِ محمد (ع) کے ظہور کے انتظار میں رہو، آخرت کے ثواب کی امید رکھو، آخرت کیلئے اچھے اعمال کا ذخیرہ تیار کرو۔ تمہیں خدا کے خوف میں اس طرح عاجز وخوار رہنا چاہیئے، جیسے وہ غلام کہ جو اپنے آقا سے ڈرتا ہے۔ اس کا دل رکا ہوا اور جسم سہما ہوا ہوتا ہے۔ خدا کے عذاب سے ڈرو اور اس کی رحمت کی امید رکھو۔ اے روزہ دارو! تمہارے دل عیبوں سے تمہارے باطن مکر و فریب سے اور تمہارے بدن آلودگیوں سے پاک ہونے چاہیے۔ اللہ کے سوا دوسرے خداؤں سے بیزاری اختیار کرو اور روزے کی حالت میں اپنی محبت و نصرت کو اللہ کیلئے خالص کرو۔ ہر وہ چیز ترک کردو جس سے خدا نے ظاہر و باطن میں روکا ہے خدا وند قہار سے ظاہر و باطن میں ایسا خوف رکھو جو خوف رکھنے کا حق ہے اور روزے کی حالت میں اپنا بدن اور روح خدا کے حوالے کردو اور اپنے دل کو صرف اس کی محبت اور یاد کیلئے یکسو کر لو اور اپنے جسم کو ہر اس چیز کیلئے فرمان بردار بناؤ جس کا خدا نے حکم دیا ہے ۔ اگر تم ان سب چیزوں پر عمل کر لو جو روزے کیلئے مناسب ہیں توپھر تم نے خدا کی فرمائشوں پر عمل کیا ہے اور جن چیزوں کا میں نے تذکرہ کیا ہے اگر ان میں سے کچھ کم کر دوگے تو تمہارے ثواب اور فضیلت میں کمی آجائے گی ۔ بے شک میرے والد بزرگوار نے فرمایاکہ:رسول اللہ نے سنا کہ ایک عورت بحالت روزہ اپنی کنیز کو گالیاں دے رہی ہے تو حضرت (ص) نے کھانا منگوایا اور اس عورت سے کہا کہ یہ کھانا کھا لو ۔ اس نے عرض کی کہ میں روزے سے ہوں آنحضرت (ص) نے فرمایا کہ یہ کس طرح کا روزہ ہے جبکہ تونے اپنی کنیز کو گالیاں دی ہیں ۔ روزہ محض کھانے پینے سے رکنے ہی کا نام نہیں بلکہ حق تعالیٰ نے تو روزے کو تمام قبیح کاموں یعنی بد کرداری و بد گفتاری وغیرہ سے محفوظ قرار دیا ہے پس اصل و حقیقی روزے دار بہت کم اور بھوکے پیاسے رہنے والے بہت زیادہ ہیں امیر المؤمنین -نے فرمایا کہ کتنے ہی روزہ دار ہیں کہ جن کے لئے اس میں بھوکا پیاسا رہنے کے سوا کچھ نہیں اور کتنے ہی عبادت گزار ہیں کہ جن کا حصہ ان میں سوائے بدن کی زحمت اور تھکن کے کچھ نہیں ہے ۔ کیا کہنا اس عقل مند کی نیند کا جو جاہل کی بیداری سے بہتر ہے اور کیا کہنا اس صاحب فراست کا جس کا روزے سے نہ ہونا روزداروں سے بہتر ہے جابر بن یزید نے امام محمد باقر -سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ نے جابر ابن عبد اللہ(رض) سے فرمایا: اے جابر! یہ رمضان مبارک کا مہینہ ہے ، جو شخص اس کے دنوں میں روزہ رکھے اور اس کی راتوں کے کچھ حصے میں عبادت کرے۔ اپنے شکم اور شرمگاہ کو

حرام سے بچائے رکھے اپنی زبان کو روکے رکھے تو وہ شخص گناہوں سے اس طرح باہر آئے گا جیسے یہ مہینہ جلدی ختم ہو گیا ہے ۔ جناب جابر (رض) نے عرض کی یا رسول (ص) اللہ! آپ(ص) نے بہت اچھی حدیث فرمائی ہے ، آپ(ص) نے فرمایا وہ شرطیں کتنی سخت ہیں جو میں نے روزے کیلئے بیان کی ہیں ۔ مختصر یہ کہ اس ماہ مبارک کے اعمال دو مطالب اور ایک خاتمہ میں ذکر کیئے جائیں گے ۔

پہلا مطلب

ماہ رمضان کے مشترکہ

اعمال ان اعمال کی چار قسمیں ہیں

پہلی قسم:

تجھ سے کہ میرے پچھلے گناہ معاف کر دے جنکو تیرے نگہبانوں نے لکھا ہے اور تیرے معزز فرشتوں نے شمار کیا جو مجھ پر مقرر ہیں اور
تعْصِمنِی اللّٰہمّ مِن الذّنوبِ فِيما بقِی مِنْ عمْرِی إلی منْتہی أجلِی يا اللہ يا رحْمن
میرے اللہ! باقی ماندہ زندگی میں مجھے گناہوں سے بچا اس وقت تک کہ میری عمر تمام ہو جائے اے اللہ، اے رحمن،
يا رحِيم صلِّ علی محمّدٍ وأهْلِ بيْتِ محمّدٍ وآتِنِی کلّ ما سألْتک ورغِبْت إلیْک فِيہِ
اے رحیم، حضرت محمد(ص) اور ان کے اہل بیت(ع) پر رحمت فرما اور مجھے وہ سب کچھ عطا کر جو میں نے مانگا اور جس کی تجھ سے خواہش کی ہے
ف إنّک أمرْتنِی بِالدّعاءِ، وتکفّلْت لِی بِالْاِجابۃِ، يا أرْحم الرّاحِمِين ۔
پس تو نے دعا کرنے کا حکم دیا اور میری دعا قبول کرنے کی ذمہ داری لی ہے اے سب سے زیادہ رحم والے۔
یہ فقیر (مؤلف) کہتے ہیں کہ سید نے اسکو رمضان کی پہلی رات کی دعائوں میں بھی ذکر کیا ہے

چھٹی رم ضان کا دن چھ رمضان ۲۰۱ھ میں مسلمانوں نے بطور ولی عہد کے امام علی رضا -کی بیعت کی تھی ، سید نے روایت کی ہے کہ مومنین اس نعمت کے شکرانے کی دورکعت نماز پڑھیں اور ہر رکعت میں سورئہ حمد کے بعد پچیس مرتبہ سورئہ توحید کی تلاوت کریں ۔

اعمال شب ۱۳ و ۱۵ رمضان

تیرھویں رمضان کی رات یہ شب ہائے بیض (روشن راتوں) کی پہلی رات ہے اور اس میں تین عمل ہیں :
(۱)غسل کرے
(۲)چاررکعت نماز پڑھے اور ہررکعت میں سورئہ حمد کے بعد پچیس دفعہ سورئہ توحید کی تلاوت کرے
(۳)دورکعت نماز پڑھے جیسے رجب اور شعبان کی تیرھویں رات میں پڑھی جاتی ہے۔ یعنی ہر رکعت میں سورئہ الحمد کے بعد سورہ یٰسین ، سورئہ ملک اور سورئہ توحید پڑھے۔ رمضان کی چودہویں رات کو بھی چار رکعت نماز دو دو کر کے اسی ترکیب سے پڑھے کہ قبل ازیں دعا مجیر کی شرح میں اس کا ذکرہوچکا ہے۔ یعنی

جوشخص ماہ رمضان کی شب ہائے بیض میں یہ نماز پڑھے تو اس کے گناہ معاف ہو جائیں گے چاہے وہ درختوں کے پتوں اور بارش کے قطروں جتنے بھی ہوں ۔

پندرہویں رمضان کی رات

اس کاشمار بابرکت راتوں میں ہے اور اس میں چندایک اعمال ہیں :

(۱)غسل کرے۔

(۲)زیارت حضرت امام حسین -۔

(۳)چھ رکعت نماز پڑھے جس کی ہر رکعت میں سورئہ الحمد کے بعد سورئہ یٰسین ، سورئہ ملک اور سورئہ توحید کی تلاوت کرے۔

(۴)سورکعت نماز پڑھے جس کی ہر رکعت میں سورئہ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورئہ توحید کی تلاوت کرے ، مقنعہ میں شیخ مفید (رح) نے امیرامومنین -سے روایت کی ہے کہ جو شخص اس عمل کو بجا لائے تو حق تعالی کی طرف سے دس فرشتوں کو مقرر کیا جائے گا کہ وہ اس کے دشمنوں (جن ہوں یاانسان) کو اس سے دور رکھیں ۔ نیز اس کی موت کے وقت تیس فرشتے آئیں گے جو اس کو جہنم کی آگ سے بچانے کا بندوبست کریں گے۔

(۵) امام جعفرصادق -سے پوچھا گیا کہ جو شخص پندرہویں رمضان کی رات ضریح امام حسین -کے قریب ہو کر زیارت کرے تو اس کا ثواب کس قدر ہو گا؟ آپ(ع) نے فرمایا کہ جو شخص نماز عشائ کے بعد نافلہ شب کے علاوہ ضریح مبارک کے نزدیک دس رکعت نماز پڑھے جس کی ہر رکعت میں سورئہ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورئہ توحید کی تلاوت کرے اور نمازسے فارغ ہو کر آتش جہنم سے خدائے تعالیٰ کی پناہ مانگے تو وہ اسے جہنم کی آگ سے آزادی عطا کرے گا ۔ وہ شخص قبل از مرگ خواب میں ایسے ملائکہ کو دیکھے گا جو اس کوجنت کی بشارت اور جہنم سے امان کی خوشخبری دے رہے ہوں گے۔

پندرہویں رمضان کا دن

رمضان ۲ھ میں امام حسن -کی ولادت باسعادت ہوئی اور شیخ مفید(رح) کا قول ہے کہ ۵۹۱ھ میں حضرت امام محمدتقی -کی ولادت باسعادت بھی اسی روز ہوئی۔ لیکن بعض روایات میں کسی اور تاریخ کا ذکر آیا ہے وہی مشہور بھی ہے۔ بہرحال یہ بڑی عظمت والادن ہے اور اس میں صدقات وحسنات کی بہت زیادہ فضیلت ہے۔

سترھویں رمضان کی رات یہ بڑی بابرکت رات ہے کہ اس میں لشکر اسلام و فوج کفر میں آمنا سامنا ہوا اور ۷۱رمضان کے دن جنگ بدر واقع ہوئی ، جس میں مسلمانوں کو فتح ونصرت نصیب ہوئی یہ اسلام کی ع ظیم ترین فتح تھی ۔ اس ضمن میں علمائ اعلام کا فرمان ہے کہ ہر مومن اس روز صدقہ دے اور خدا کا شکربجالائے ، اس رات میں غسل کرنا اور نوافل پڑھنا باعث فضیلت ہے۔

مؤلف کہتے ہیں بہت سی روایات میں آیا ہے کہ حضرت رسول اللہ نے اصحاب سے فرمایا کہ آج کی رات تم میں سے کون ہے جو آج رات کنویں سے پانی لائے؟ اس پر

سب خاموش رہے اور کسی نے کوئی جواب نہ دیا۔ تب امیرالمومنین -نے مشکیزہ لیا اور چل دیئے ، وہ نہایت تاریک اور سرد رات تھی اور ٹھنڈی ہوائیں چل رہی تھیں ۔ آپ(ع) کنوئیں پر پہنچے جوبہت تاریک اور گہرا تھا ۔ پھر وہا ں ڈول اوررسی وغیرہ بھی نہ تھی ۔ پس حضرت کنوئیں میں اترے۔ مشکیزہ بھرا اور واپس چلے تو اچانک ہوا کاایک تیز جھونکا آیا ، حضرت رک گئے اور تھوڑی دیر کے بعد چلنے کا ارادہ کیا تو پھر ویسا ہی سخت جھونکا آیا اور حضرت رک گئے۔ پھراٹھے لیکن سخت ہوا کے باعث رک گئے اور یوں ہی رکتے چلتے ہوئے رسول اللہ کی خدمت میں آپہنچے ۔ آنحضرت (ص) نے فرمایا: یاعلی (ع)! بہت دیر لگا دی عرض کی ہوا بہت تیز اور سرد تھی ۔ اس لیے تین دفعہ رک رک کر چلنا پڑا ۔ آپ(ص) نے پوچھا : یاعلی (ع)! آیا تمہیں معلوم ہے یہ کیا ماجرا تھا؟عرض کیا آپ ہی بتا دیں ۔ فرمایا پہلی ہوا حضرت جبرائیل(ع) کی ایک ہزارفرشتوں کے ساتھ آمد کی تھی کہ ان سب نے آپ کوسلام کیا، دوسری مرتبہ ہزارفرشتوں کے ساتھ میکائیل (ع) آئے اور ان سب نے آپ (ع) کو سلام کیا اور آخر میں ہزار فرشتوں کیساتھ اسرافیل (ع) آئے اور انہوں نے بھی آپ (ع) کو سلام کیا، ہاں تو یہ سب فرشتے کل کی جنگ میں مسلمانوں کی مدد کریں گے۔

مؤلف کہتے ہیں کہ ایک بزرگ کا قول ہے کہ امیرالمومنین -کے لیے ایک رات میں تین ہزار منقبتیں ہیں پس ممکن ہے کہ اس قول میں بدر کی رات کے اسی وقعہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہو۔

سید حمیری اپنے اشعار میں امیرالمومنین -کی مدح کرتے ہوئے کہتے ہیں :

أقْسِمِ بِاللهِ وآلائِہِ
والْمرْئ عمَّا قال مسْؤول
خدا اوراس کی نعمتوں کی قسم
انسان اپنے قول کا جوابدہ ہے
إنّ علِیّ بْن أبِی طالِبٍ
علی التّقی والبِرّ مجْبول
بیشک علی(ع) ابن ابی طالب
نیکی وپرہیز گاری پر پیدا کیے گئے

کان إذا الْحرْب مرتْہا الْقنا
وأحْجمتْ عنْہا الْبہالِیل
جب نیزے لہرانے سے جنگ تیز ہوئی
اور بڑے بڑے بہادررک جاتے

یمْشِی إلی الْقرْنِ وفِی کفِّہِ
أبْیض ماضِی الْحدّ مصْقول
علی (ع) مقابل کی طرف بڑھتے ان کے ہاتھ میں
صیقل کی ہوئی تیز تلوار ہوتی

مشْی الْعفرْنا بیْن أشْبالِہِ
أبْرزھ لِلْقنصِ الْغِیل

جیسے شیر اپنے بچوں میں چلتا ہے
تاکہ شکار سے انہیں بچا لے

ذاک الّذِی سلّمٍ فِی لیْلۃٍ
علیہِ مِیکالٌ وجِبْرِیل
علی (ع) وہ ہے سلام کیا ایک رات
اس پر میکائیل(ع) وجبرائیل(ع) نے

مِیکال فِی ألْفٍ وجِبْرِیل فِی
ألْفٍ ویتْلوھمْ سرافِیل
میکائیل (ع)ایک ہزارفرشتوں میں جبرائیل(ع)
ایک ہزارفرشتوں میں اسرافیل(ع) بھی

لیْلۃ بدْرٍ مدداً أنْزلوا
كأنّھمْ طیْرٌ أبابِیل
جنگ بدر کی شب مدد کے لیے آئے
جیسے ابابیلوں کے جھنڈ ہوں

انیسویں شب کی رات

یہ شب قدر کی راتوں میں سے پہلی رات ہے، شب قدر ایسی عظیم رات ہے کہ عام راتیں اس کی فضیلت کو نہیں پہنچ سکتیں کیونکہ اس رات کا عمل ہزارمہینوں کے عمل سے بہتر ہے۔ اسی رات تقدیر بنتی ہے اور روح کہ جو ملائکہ میں سب سے عظیم ہے وہ اسی رات پروردگار کے حکم سے فرشتوں کے ہمراہ زمین پر نازل ہوتا ہے۔
یہ ملائکہ امام العصر (عج)کی خدمت میں حاضر ہوتے اور ہر کسی کے مقدر میں جو کچھ بھی ہوتا ہے اس کی تفصیل حضرت(ع) کی خدمت میں پیش کرتے ہیں ۔
شب قدر کے اعمال دو قسم کے ہیں ۔

اعمال مشترکہ اور اعمال مخصوصہ ۔ اعمال مشترکہ وہ ہیں جو تینوں شب قدر میں بجالائے جاتے ہیں اور اعمال مخصوصہ وہ ہیں جو ہر ایک رات کے ساتھ مخصوص ہیں ۔

اعمال مشترکہ شب ہای قدر

اعمال مشترکہ میں چند امور ہیں :
(١)غسل کرنا اور علامہ مجلسی کافرمان ہے کہ غروب آفتاب کے نزدیک غسل کیا جائے اور نماز مغرب اسی غسل کے ساتھ ادا کی جائے۔
(٢)دورکعت نماز بجا لائے جس کی ہررکعت میں سورئہ الحمد کے بعد سات مرتبہ سورئہ توحید پڑھے ، بعد ازنماز ستر مرتبہ کہے:

اسْتغْفِراللہ واتوْب اِلیْہِ
خدا سے بخشش چاہتا اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں
حضرت رسول اللہ سے مروی ہے کہ ابھی وہ شخص اپنی جگہ سے اٹھا بھی نہ ہو گا کہ حق تعالی اس کے اور اس کے ماں باپ کے گناہ معاف کردے گا۔
(۳)قرآن کریم کو کھول کر اپنے سامنے رکھے اور کہے:
اللّٰہمّ إنّی أسْأ لک بِکِتابِک الْمنْزلِ وما فِیہِ وفِیہِ اسْمک الْاکْبر
اے معبود! بے شک سوال کرتا ہوں تیری نازل کردہ کتاب کے واسطے سے اور جو کچھ اس میں ہے اس کے واسطے اور اس میں تیرا بزرگتر نام ہے
وأسْماؤک الْحسْنیٰ وما یخاف ویرْجیٰ أنْ تجْعلنِی مِنْ عتقائِک مِن النّارِ
اور تیرے دیگر اچھے اچھے نام بھی ہیں اور وہ جو خوف وامید دلاتاہے سوالی ہوں کہ مجھے ان میں قرار دے جن کو تونے آگ سے آزاد کر دیا
اس کے بعد جو حاجت چاہے طلب کرے
(۴)قرآن پاک کو اپنے سرپر رکھے اور کہے:
اللّٰہمّ بِحقِّ ہذا الْقرْآنِ وبِحقِّ منْ أرْسلْتہ بِہِ وبِحقِّ کلِّ مؤْمِنٍ مدحْتہ فِیہِ
اے معبود!اس قرآن کے واسطے اور اس کے واسطے جسے تونے اس کے ساتھ بھیجا اوران مومنین کے واسطے جن کی تونے اس میں مدح کی ہے
وبِحقِّک علیْہِمْ فلا أحد أعْرف بِحقِّک مِنْکبعد میں دس مرتبہ یک یا اللہ اور دس مرتبہ
اور ان پر تیرے حق کا واسطہ پس کوئی نہیں جانتا تیرے حق کو تجھ سے بڑھ کر اے اللہ تیرا واسطہ،
بِمحمّدٍ دس مرتبہ بِعلِیٍّ دس مرتبہ بِفاطِمۃ دس مرتبہ بِالْحسنِ دس مرتبہ بِالْحسیْنِ دس مرتبہ
محمد(ص) کاواسطہ، علی (ع) کا واسطہ فاطمہ (ع) کا واسطہ حسن(ع) کاواسطہ، حسین(ع) کا واسطہ
بِعلِیِّ بْنِ الْحسیْنِ دس مرتبہ بِمحمّدِ بْنِ علِیٍّ دس مرتبہ بِجعْفرِ بْنِ محمّدٍ دس مرتبہ بِموسیٰ
علی بن الحسین(ع) کا واسطہ، محمد بن علی(ع) کا واسطہ جعفر(ع)بن محمد(ع) کا واسطہ موسی (ع)
بْنِ جعْفرٍ دس مرتبہ بِعلِیِّ بْنِ موسی دس مرتبہ بِمحمّدِ بْنِ علِیٍّ دس مرتبہ بِعلِیِّ بْنِ محمّدٍ
بن جعفر (ع)کا واسطہ علی(ع) بن موسی (ع)کا واسطہ محمد بن علی (ع) کاواسطہ علی(ع) بن محمد (ع)کاواسطہ
دس مرتبہ بِالْحسنِ بْنِ علِیٍّ دس مرتبہ بِالْحجّۃِ کہو پھر اپنی حاجات طلب کرو
حسن بن علی(ع) کا واسطہ حجت القائم (ع)کا واسطہ
(۵)امام حسین -کی زیارت پڑھے ، روایت ہے کہ شب قدر میں ساتویں آسمان پر عرش کے نزدیک ایک منادی ندا دیتا ہے کہ حق تعالیٰ نے ہر اس شخص کے گناہ معاف کر دئیے جو زیارت امام حسین- کے لیے آیا ہے۔
(۶)شب بیداری کرے یعنی ان راتوں میں جاگتا رہے ،روایت ہے کہ جو شخص شب قدر میں جاگتا رہے تو اس کے گناہ معا ف ہو جائیں گے۔ اگرچہ وہ آسمانوں کے ستاروں ، پہاڑوں کی جسامت اور دریائوں کے پانی جتنے ہوں ۔

(۷)سورکعت نماز بجا لائے جسکی بہت زیادہ فضیلت ہے اس کی ہررکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ توحید کا پڑھنا افضل ہے۔
(۸)شب قدر کی راتوں میں یہ دعا پڑھے :
اللّٰھمّ إِنِّی أمْسیْت لک عبْداً داخِراً لا أمْلِک لِنفْسِی نفْعاً ولا ضرّاً ولا
اے معبود: بے شک میں نے شام کی اس حال میں کہ تیرا آستاں بوس بندہ ہوں نہ اپنے نفع کا مالک ہوں اورنہ نقصان کا اور نہ برائی
أصْرِف عنْھا سوئً، أشْھد بِذلِک علی نفْسِی، وأعْترِف لک بِضعْفِ قوّتِی، وقِلّۃِ
کو اس سے دور کر سکتا ہوں میں اپنے نفس پر خود ہی گواہ ہوں اور تیرے سامنے اعتراف کرتاہوں اپنی کمزوری بے چارگی اور
حِیلتِی، فصلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ وأ نْجِزْ لِی ما وعدْتنِی وجمِیع الْمؤْمِنِین
بے بسی کا پس محمد(ص) وآل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور اپنا وہ مغفرت کا وعدہ پورا فرما جو اس رات میں میرے لیے اور تمام مومنین
والْمؤْمِناتِ مِن الْمغْفِرۃِ فِی ہذِہِ اللّیْلۃِ وأتْمِمْ علیّ ما آتیْتنِی ف إِنِّی عبْدک الْمِسکِین
ومومنات کے لیے جو تونے عمومی طور پر کر رکھا ہے اور مجھ پر اپنی عطائ ورحمت پوری فرما دے کہ بیشک میں تیرا بے کس،
الْمسْتکِین الضّعِیف الْفقِیر الْمھِین ۔ اللّٰھمّ لا تجْعلْنِی ناسِیاً لِذِکْرِک فِیما أوْلیْتنِی
ناچار، بے طاقت، محتاج اور پست ترین بندہ ہوں اے معبود! مجھے ایسا نہ بنا کہ تیری عطائوں کے ذکر کو بھول جاؤں تیرے احسانات
ولا غافِلاً لِاِحْسانِک فِیما أعْطیْتنِی، ولا آیِساً مِنْ إجابتِک و إنْ أبْطأتْ عنِّی فِی
سے غفلت کروں اور تیری طرف سے قبولِ دعا سے مایوس ہو جاؤں اگرچہ میں غفلت شعار ہوں
سرّائ أوْ ضرّائ أوْ شِدّۃٍ أوْ رخائٍ أوْ عافِیۃٍ أوْ بلائٍ أوْ بؤْسٍ أوْ نعْمائ إنّک سمِیع الدّعائِ
خوشی وغم میں یا سختی وآسودگی میں یا آسانی وتنگی میں یامحرومی ونعمت میں بے شک تو دعا کا سننے والا ہے۔
شیخ کفعمی سے روایت ہے کہ امام زین العابدین -اس دعا کو تینوں شب قدر میں قیام وقعود اور رکوع سجود کی حالت میں پڑھتے تھے۔ علامہ مجلسی(رح) فرماتے ہیں کہ ان راتوں کا بہترین عمل یہ ہے کہ اپنی بخشش کی دعا کرے ، اپنے والدین، اقربائ اور زندہ ومردہ مومنین کی دنیا وآخرت کے لیے دعا مانگے ۔ نیز جس قدر ممکن ہومحمدوآل محمد ٪پر صلوات بھیجے اور بعض روایات میں ہے کہ شب قدر کی تینوں راتوں میں دعائے جوشن کبیر پڑھے:
مؤلف کہتے ہیں کہ دعا جوشن کبیر قبل ازیں باب اول میں ذکر ہو چکی ہے ۔ایک اور روایت میں آیاہے کہ کسی نے رسول اللہ سے سوال کیا کہ اگر مجھے شب قدر کا موقعہ ملے تو میں خدا سے کیا مانگوں ؟ آپ نے فرمایا: کہ خدا سے صحت وعافیت مانگو۔

اعمال مخصوص لیالی قدر
اعمال مخصوصہ : جو ہر شب قدر کے ساتھ مخصوص ہیں ،
انیسویں رمضان کی رات کے چند ایک اعمال ہیں :
(۱)سومرتبہ کہے: اسْتغْفِراللہ ربِّی واتوْب اِلیْہِ (۲)سومرتبہ کہے: اللّہمّ الْعنْ قتلۃ امِیْرالْموْمِنِیْن
بخشش چاہتاہوں اللہ سے جو میرا رب ہے اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں اے معبود: لعنت فرما امیرالمومنین(ع) کے قاتلین پر
(۳) مشہور دعا: یاذاالّذِیْ کاْن پڑھے: جو اعمال رمضان کی چوتھی قسم میں ذکر ہو چکی ہے۔
اے وہ جو موجود تھا
(۴) یہ دعا پڑھے:
اللّٰہمّ اجْعلْ فِیما تقْضِی وتقدِّر مِن الْامْر الْمحْتومِ وفِیما تفْرق مِن
اے معبودا! جن امور کا تو لیلۃ القدر میں فیصلہ کرتا ہے حتمی فیصلوں میں سے اور ان کو مقرر فرماتا ہے اور جن پر حکمت امور میں
الْامْر الْحکِیمِ فِی لیْلۃِ الْقدْر وفِی الْقضاءِ الّذِی لا یردّ ولا یبدّل أنْ تکْتبنِی
امتیازات دیتا ہے اور ایسی قضائ وقدر معین کرتا ہے جس کو رد یا تبدیل نہیں کیا جا سکتا اس میں تو مجھے اس سال کے حجاج میں قرار دے
مِنْ حجّاجِ بیْتِک الْحرامِ الْمبْرور حجّہم، الْمشْکورِ سعْیہم، الْمغْفور ذنوبہم
کہ جن کا حج مقبول، جن کی سعی پسندیدہ، جن کے گناہ معاف
الْمکفّر عنْہمْ سیِّئاتہمْ واجْعلْ فِیما تقْضِی وتقدِّر أنْ تطِیل عمْرِی، وتوسِّع علیّ
جن کی برائیاں مٹا دی گئی ہیں اور جن کا تو نے فیصلہ کیا اس میں میری عمر کو دراز
فِی رِزْقِی، وتفْعل بِی کذا وکذا ۔ کذاو کذا کی بجائے اپنی حاجات کا نام لے
اور میرے رزق کو وسیع قرار دے ۔

اکیسویں رمضان کی رات
اس رات کی فضیلت انیسویں رمضان کی رات سے زیادہ ہے۔ لہ ذا انیسویں رات کے جو اعمال مشترکہ ہیں وہ اس رات میں بھی بجا لائے۔
(۱)غسل ۔
(۲) شب بیداری۔
(۳) زیارت امام حسین -۔
(۴) سورئہ حمد کے بعد سات مرتبہ سورئہ توحید والی نماز۔
(۵) قرآن کو سر پر رکھنا۔
(۶) سو رکعت نماز۔
(۷) دعائ جوشن کبیر وغیرہ۔
روایات میں تاکید کی گئی ہے کہ اس رات اور تئیسویں کی رات میں غسل اور شب بیداری کرے اور عبادت میں مشغول رہے کہ شب قدر انہی دوراتوں میں سے ایک ہے۔ چند ایک اور روایات میں مذکور ہے کہ امام جعفر صادق -سے عرض کیا گیا کہ معین

طور پر فرمائیں کہ شب قد ر کونسی رات ہے ؟آپ نے کسی رات کا تعین نہ کیا ۔ فرمایا کہ مگر اس میں کیا حرج ہے کہ تم ان دو راتوں میں اعمال خیر بجا لاتے رہو۔ ہمارے بزرگ عالم شیخ صدوق (رح) نے فرمایا کہ علمائ امامیہ کے ایک اجتماع میں میرے ایک استاد نے یہ بات املا کرائی کہ جو شخص ان دو (اکیسویں اور تئیسویں رمضان کی) راتوں کو مسائل دینی بیان کرتے ہوئے جاگ کر گزارے تو وہ سب لوگوں سے افضل ہے۔ بہرحال آج کی رات سے رمضان المبارک کے آخری عشرے کی دعائیں شروع کر دے، ان دعائوں میں سے ایک وہ دعا ہے جسے شیخ کلینی نے کافی میں امام جعفر صادق -سے نقل کیا ہے کہ فرمایا: ماہ رمضان کے آخری عشرے میں ہر رات کو یہ دعا پڑھے:

أعوذ بِجلالِ وجْہک الْکریمِ أنْ ینْقضِی عنِّی شہْر رمضان أوْ یطْلع الْفجْر مِنْ

تیری ذات کریم کی پناہ لیتا ہوں اس سے کہ جب میرا ماہ رمضان اختتام پذیر ہو یا جب میری اس رات کی فجر طلوع کرے

لیْلتِی ہذِہِ ولک قِبلِی ذنْبٌ أوْ تبِعۃٌ تعذِّبنِی علیْہِ

تو میرے ذمے کوئی گناہ یا اس پر گرفت باقی ہو جس پر مجھے عذاب دے

شیخ کفعمی نے حاشیہ بلدالامین میں نقل کیا ہے کہ امام جعفرصادق -رمضان المبارک کے آخری عشرے کی ہر رات فرائض ونوافل کے بعد یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

اللّٰہمّ أدِّ عنّا حقّ ما مضیٰ مِنْ شہْرِ رمضان واغْفِرْ لنا تقْصِیرنا فِیہِ وتسلّمْہ مِنّا

اے معبود ماہ رمضان کا جو حق ہماری طرف رہ گیا ہو وہ ہماری جانب سے ادا کردے ہمارا یہ قصور معاف فرما اور اسے ہم سے پوراپورا

مقْبولاً، ولا تؤاخِذْنا بِ إسْرافِنا علی أنْفسِنا، واجْعلْنا مِن الْمرْحومِین ولا تجْعلْنا

قبول فرما اس ماہ میں ہم نے اپنے نفس پر جو زیادتی کی اس پر ہمیں نہ پکڑ اور ہمیں ان لوگوں میں قرار دے جن پر رحم ہو چکاہے اور

مِن الْمحْرومِین

ہمیں ناکام لوگوں میں قرار نہ دے

شیخ کفعمی نے یہ بھی فرمایاکہ جو شخص اس دعا کو پڑھے توحق تعالیٰ رمضان کے گذ شتہ دنوں میں سرزد ہونے والی اس کی خطائیں معاف فرمائے گا اور آئندہ دنوں میں اسے گناہوں سے بچائے رکھے گا۔سید ابن طاوس نے کتاب اقبال میں ابن ابی عمیر کے ذریعے مرازم سے نقل کیا ہے کہ امام جعفر صادق -رمضان کے آخری عشرے کی ہررات یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

اللّٰہمّ إنّک قلْت فِی کِتابِک الْمنْزلِ شہْر رمضان الّذِی أنْزل فِیہِ الْقرْآن ہدیً لِلنّاسِ

اے معبود! تو نے اپنی نازل کردہ کتاب میں فرمایا ہے کہ رمضان وہ مہینہ ہے جسمیں قرآن کریم نازل کیاگیا جو لوگوں کیلئے ہدایت ہے

وبیِّناتٍ مِن الْہدیٰ والْفرْقانِ فعظّمْت حرْمۃ شہْرِ رمضان بِما أ نْزلْت فِیہِ مِن

اور اس میں ہدایت کی دلیلیں اور حق وباطل کا امتیاز ہے پس تونے ماہ رمضان کو اس سے بزرگي دی اس میں قران کریم

الْقرْآنِ وخصصْتہ بِلیْلۃِ الْقدْرِ وجعلْتہا خیْراً مِنْ أ لْفِ شہْرٍ ۔ اللّٰہمّ وہذِہِ أیّام

کا نزول فرمایا اور اسے شب قدر کے لیے خاص کیااور اس رات کو ہزارمہینوں سے بہتر قرار دیا اے معبود! یہ ماہ رمضان مبارک

شہْر رمضان قدِ انْقضتْ، ولیالِیہِ قدْ تصرّمتْ، وقدْ صِرْت یا إلھِی مِنْہ إلی ما

کے دن ہیں کہ جو گزرے جا رہے ہیں اور اس کی راتیں ہیں جو بیت رہی ہیں اے میرے اللہ ان گزرے شب وروز میں میری جو

أنْت أعْلم بِہِ مِنِّی وأحْصی لِعددِھِ مِن الْخلْقِ أجْمعِین، فأسْألک بِما سألک

حالت رہی تو اسے مجھ سے زیادہ جانتا ہے اور تمام لوگوں سے بڑھ کر تو اس کا حساب رکھتا ہے لہذا میں اس وسیلے سے سوال کرتا ہوں

بِہِ ملائِکتک الْمقرّبون، وأ نْبِیاؤک الْمرْسلون، وعِبادک الصّالِحون أنْ تصلِّی

جس سے تیرے مقرب فرشتے سوال کرتے ہیں اور تیرے بھیجے ہو ئے انبیائ اور تیرے نیک بندے سوال کرتے ہیں کہ محمد(ص) وآل محمد(ص)

علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ وأنْ تفکّ رقبتِی مِن النّارِ، وتدْخِلنِی الْجنّۃ برحْمتِک وأنْ

پر رحمت نازل فرما اور یہ کہ مجھے جہنم کی آگ سے رہائی عطا فرما اور اپنی رحمت سے مجھے جنت میں داخل فرما نیز یہ کہ

تتفضّل علیّ بِعفْوِک وکرمِک وتتقبّل تقرّبِی، وتسْتجِیب دعائِی وتمنّ علیّ

مجھ پر اپنے درگذر اور احسان سے فضل کر میرے قرب حاصل کرنے کو قبول فرما اور میری دعا کوقبولیت ،بخشش اور مجھ پر احسان کرتے

بِالْأمْنِ یوْم الْخوْفِ مِنْ کلِّ ھوْلٍ أعْددْتہ لِیوْمِ الْقِیامۃِ ۔ إلھِی وأعوذ بِوجْھِک

ہوئے اس خوف کے دن ہر دہشت سے محفوظ رکھ جو تو نے روز قیامت کیلئے تیار کی ہوئی ہے اے اللہ! میں پناہ لیتا ہوں تیری ذات

الْکرِیمِ وبِجلالِک الْعظِیمِ أنْ تنْقضِی أیّام شہْرِ رمضان ولیالِیہِ ولک قِبلِی تبِعۃٌ

کریم اور تیرے بزرگ تر جلال کی اس سے کہ جب ماہ رمضان المبارک کے دن اور راتیں گزر جائیں تو میرے ذمے کوئی

أوْ ذ نْبٌ تؤاخِذنِی بِہِ، أوْ خطِیئۃٌ ترِید أنْ تقْتصّھا مِنِّی لمْ تغْفِرْھا لِي، سیِّدِی

جوابدہی ہو یا کوئی گناہ ہو جس پر میری گرفت کرے یاکوئی لغزش ہو تو مجھے جسکی سزا دینا چاہتا ہو اور اسکی معافی نہ دی ہو میرے مالک

سیِّدِی سیِّدِی، أسْألک یا لا إلہ إلاّ أنْت إذْ لا إلہ إلاّ أنْت إنْ کنْت رضِیت عنِّی

میرے آقا میرے سردار میں سوال کرتا ہوں اے کہ نہیں کوئی معبود مگر تو کیونکہ نہیں کوئی معبود مگر تو ہی ہے اگر تو اس مہینے میں مجھ سے

فِی ہذا الشّہْرِ فازْددْ عنِّی رضیً، و إنْ لمْ تکنْ رضِیت عنِّی فمِن الْآن فارْض

راضی ہو گیا ہے تو میرے لیے اپنی خوشنودی میں اضافہ فرما اور اگر تو مجھ سے راضی نہیں ہوا تو اس گھڑی مجھ سے راضی ہو جا اے سب

عنِّی یا أرْحم الرّاحِمِین، یا اللہ یا أحد یا صمد یا منْ لمْ یلِدْ ولمْ یولدْ ولمْ یکنْ

سے زیادہ رحم کرنے والے اے اللہ، اے یکتا، اے بے نیاز، اے وہ جس نے نہ جنا ہے اور نہ جنا گیا اور نہ کوئی

لہ کفواً أحدٌ اور یہ بہت زیادہ کہے :یا ملیِّن الْحدِیدِ لِداود علیْہِ السّلام یا کاشِف الضّرّ

اس کا ہمسر ہے اے حضرت دائود - کے لیے لوہے کو نرم کرنے والے اے حضرت ایوب - کے

والْکربِ الْعِظامِ عنْ أ یّوب ں أیْ مفرّج ھمّ یعْقوب ں أیْ منفِّس غمّ یوسف

دکھ اور تکلیفیں ہٹا دینے والے اے یعقوب - کی بے تابی دور کرنے والے اے یوسف
ں صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ کما أنْت أهْلہ أنْ تصلِّی علیْهمْ أجْمعِین وافْعلْ
- کا رنج مٹا دینے والے محمد(ص) اور آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما جیسا کہ تو اس کا اہل ہے کہ ان سب پر اپنی طرف سے رحمت نازل فرما اور
بِی ما أنْت أهْلہ، ولا تفْعلْ بِی ما أنا أهْلہ ۔
میرے ساتھ وہ سلوک کر جو تیرے شایان ہے اور وہ سلوک نہ کر کہ جو میرے لائق ہے۔
جو دعائیں کافی کی سند کے ساتھ اور مقنعہ ومصباح میں مرسلہ طور پر نقل ہوئی ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ اس کو اکیسویں رمضان کی رات پڑھے :
یا مو لِج اللّیْلِ فِی النّہارِ، ومو لِج النّہار فِی اللّیْلِ، و مخْرِج الْحیّ مِن الْمیِّتِ،
اے رات کو دن میں داخل کرنے والے اور دن کو رات میں داخل کرنے والے اے زندہ کو مردہ سے نکالنے والے
ومخْرِج الْمیِّتِ مِن الْحیِّ، یا رازِق منْ یشائ بِغیْرِ حِسابٍ، یا اللہ یا رحْمٰن، یا
اور مردہ کو زندہ سے نکالنے والے اے جسے چاہے بغیر حساب کے رزق دینے والے، اے اللہ، اے رحمن ،اے
اللہ یا رحِیم یا اللہ یا اللہ یا اللہ لک الْاسْمائ الْحسْنیٰ، والْامْثال الْعلْیا والْکِبْریائ
اللہ، اے رحیم، اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ، تیرے ہی لیے ہیں اچھے اچھے نام بلند ترین نمونے اور تیرے لیے ہیں بڑائیاں
والْآلائ، أسْألک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ، وأنْ تجْعل اسْمِی فِی ہذِہِ
اور مہربانیاں میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ محمد(ص) وآل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور یہ کہ آج کی رات میں میرانام نیکوکاروں
اللّیْلۃِ فِی السّعدائِ، وروحِی مع الشّہدائِ، و إحْسانِی فِی عِلِّیِّین، و إسائتِی
میں قرار دے، میری روح کو شہیدوں کے ساتھ قرار دے میری اطاعت کو مقام علیین پر پہنچا دے،
مغْفورۃً وأنْ تہب لِی یقِیناً تباشِر بِہِ قلْبِی، و إیماناً یذْہِب الشّکّ عنِّی،
میری بدی کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین عطا کر جو میرے دل میں بسا ہو وہ ایمان دے جو شک کو مجھ سے دور کر دے
وترْضِینِی بِما قسمْت لِی، وآتِنا فِی الدّنْیا حسنۃً، وفِی الْآخِرۃِ حسنۃً، وقِنا
اور مجھے راضی بنا اس پر جو حصہ تو نے مجھے دیا ہے اور ہمیں دنیا میں بہترین زندگی دے اور آخرت میں خوش ترین اجر عطا کر اور ہمیں
عذاب النّارِ الْحرِیقِ وارْزقْنِی فِیہا ذِکْرک وشکْرک والرّغْبۃ إلیْک
جلانے والی آگ کے عذاب سے بچا اور اس مہینے میں مجھے ہمت دے کہ تیرا ذکر کروں تیرا شکر کروں تیری طرف توجہ رکھوں
والْاِنابۃ والتّوْفِیق لِما وفّقْت لہ محمّداً وآل محمّدٍ علیْہِ وعلیْہِم السّلام ۔
اورتیرے حضور توبہ کروں اور مجھے توفیق دے اس عمل کی جسکی توفیق تو نے محمد(ص) اور آل محمد(ص) کو دی ہے سلام ہو آنحضرت(ص) پر اور ان کی آل(ع) پر
بائیسویں شب کی دعا: یا سالِخ النّہارِ مِن اللّیْلِ ف إذا نحْن مظْلِمون ومجْری الشّمْسِ

اے وہ جودن کو رات پر سے کھینچ لے جاتا ہے تو ہم تاریکی میں گھر جاتے ہیں اور اپنے اندازے سے سورج کو
لِمسْتقرّہا بِتقْدِیرک یا عزیز یا علِیم ومقدِّر الْقمر منازل حتّی عاد کالْعرْجونِ
اسکے راستے پر چلاتا ہے اے زبردست اور اے دانا تو نے چاند کی منزلیں ٹھہرائیں کہ وہ گھٹتے گھٹتے کھجور کی پرانی سوکھی شاخ جیسا رہ
الْقدِیمِ، یا نور کلِّ نورٍ، ومنْتہیٰ کلِّ رغْبۃٍ، وو لِیَّ کلِّ نِعْمۃٍ، یا اللہ یا رحْمٰن، یا
جاتا ہے، اے ہر شی کی نورانیت کا نور، اے ہر چاہت کے مرکز ومحور اور ہر نعمت کے مالک اے اللہ، اے رحمن، اے
اللہ یا قدّوس، یا أحد یا واحِد یا فرْد یا اللہ یا اللہ یا اللہ لک الْاسْمائ الْحسْنی
اللہ، اے پاکیزہ، اے یکتا، اے یگانہ ،اے تنہا ، اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ، تیرے ہی لیے اچھے اچھے نام ہیں
والْامْثال الْعلْیا والْکِبْریائ والْالائ، أسْأ لک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وأهْلِ بیْتِہِ وأنْ
اور بلند ترین نمونے اور تیرے ہی لیے ہیں بڑائیاں اور مہربانیاں ہیں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ محمد(ص) اور ان کے اہلبیت(ع) پر رحمت نازل
تجْعل اسْمِی فِی ہذِہِ اللّیْلۃِ فِی السّعدائِ وروحِی مع الشّہدائِ و إحْسانِی فِی
فرما اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں میں لکھ دے، میری روح کو شہیدوں کیساتھ قرار دے، میری اطاعت کومقام علیین
عِلِّیِین و إسائتِی مغْفورۃً وأنْ تھب لِی یقِیناً تباشِر بِہِ قلْبِی و إیماناً یذْھِب الشّکّ
میں پہنچا اور میری برائی کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین عطا کر جومیرے دل میں بسا رہے اور وہ ایمان دے جو شک کو
عنِّی، وترْضِینِی بِما قسمْت لِی، وآتِنا فِی الدّنْیا حسنۃً، وفِی الْاخِرۃِ حسنۃً،
مجھ سے دور کردے اور مجھے راضی بنا اس پر جو حصہ تو نے مجھے دیا اور ہمیں دنیا میں بہترین زندگی دے آخرت میں خوش ترین اجر عطا
وقِنا عذاب النّارِ الْحرِیقِ، وارْزقْنِی فِیہا ذِکْرک وشکْرک، والرّغْبۃ
کر اور ہمیں جلانے والی آگ کے عذاب سے بچا اور اس ماہ میں مجھے ہمت دے کہ تجھے یاد کروں تیرا شکر بجا لائوں تیری طرف توجہ
إلیْک، والْاِنابۃ والتّوْفِیق لِما وفّقْت لہ محمّداً وآل محمّدٍ علیْہِم السّلام ۔
رکھوں اور تیرے حضور توبہ کروں اور مجھے توفیق دے اس عمل کی جس کی توفیق تو نے محمد(ص) وآل محمد(ص) کو دی ان سب پر سلام ہو
رمضان کی تیئسویں شب کی دعا یہ ہے:یا ربّ لیْلۃِ الْقدْرِ وجاعِلہا خیْراً مِنْ أ لْفِ شہْرٍ
اے شب قدر کے پروردگار اور اس کو ہزار مہینوں سے بہتر قرار دینے والے اے رات اور
وربّ اللّیْلِ والنّہارِ والْجِبالِ والْبِحارِ والظّلمِ والْا نْوارِ والْارْضِ والسّمائِ
دن کے رب اے پہاڑوں اور دریائوں ، تاریکیوں اور روشنیوں و زمین اور آسمان کے رب اے
یا بارِیٔ یا مصوِّر یا حنّان یا منّان، یا اللہ یا رحْمٰن یا اللہ یا قیّوم یا اللہ
پیدا کرنے والے ،اے صورتگر، اے محبت والے، اے احسان والے، اے اللہ، اے رحمن ،اے اللہ، اے نگہبان ،اے اللہ

یا بدِیع، یا اللہ یا اللّہ، لک الْاسْمائ الْحسْنیٰ، والْامْثال الْعلْیا، والْکِبْریائ
اے پیدا کرنے والے، اے اللہ، اے اللہ، تیرے ہی لیے ہیں اچھے نام، بلندترین نمونے،اور بڑائیاں اور مہربانیاں
والْآلائ، أسْأ لک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ وأنْ تجْعل اسْمِی فِی ہذِہِ
تیرے لیے ہیں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ محمد(ص) وآل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام
اللّیْلۃِ فِی السّعدائِ، وروحِی مع الشّہدائِ، و إحْسانِی فِی عِلِّیِّین، و إسائتِی
نیکوکاروں میں قرار دے، میری روح کو شہیدوں کیساتھ قرار دے، میری اطاعت کو مقامِ علیین میں پہنچا اور میری برائی
مغْفورۃً وأنْ تھب لِی یقِیناً تباشِر بِہِ قلْبِی و إیماناً یذْھِب الشّکّ عنِّی وترْضِینِی
کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین دے جو میرے دل میں بسا رہے اور وہ ایمان دے جو شک کو مجھ سے دور کردے اور مجھے
بِما قسمْت لِی، وآتِنا فِی الدّنْیا حسنۃً، وفِی الْآخِرۃِ حسنۃً، وقِنا عذاب
راضی بنا اس پر جو حصہ تو نے مجھے دیا اور ہمیں دنیا میں بہترین زندگی دے، آخرت میں خوش ترین اجر عطا کر اور ہمیں جلانے والی
النّارِ الْحرِیقِ، وارْزقْنِی فِیہا ذِکْرک وشکْرک والرّغْبۃ إلیْک والْاِنابۃ والتّوْبۃ
آگ کے عذاب سے بچا اور اس ماہ میں مجھے ہمت دے کہ تجھے یادکروں ، تیرا شکر بجا لائوں ، تیری طرف توجہ رکھوں ، تیری طرف
والتّوْفِیق لِما وفّقْت لہ محمّداً وآل محمّدٍ علیْہِم السّلام ۔
پلٹوں اور توبہ کروں اور مجھے اس عمل کی توفیق دے جس کی توفیق تو نے محمد(ص) وآل محمد(ص) کو دی کہ ان سب پر سلام ہو۔
محمد بن عیسیٰ نے اپنی سند کے ساتھ صالحین سے روایت کی ہے کہ انہوں نے فرمایا:

تئیسویں رمضان کی رات

اس دعا کو قیام و قعود اور رکوع وسجود میں نیز ہر حال میں بارباپڑھے اور پھر اپنی زندگی میں جب بھی یہ دعا یادآئے تو پڑھتا رہے پس حق تعالیٰ کی بزرگی بیان کرنے اور حضرت نبی اکرم پردرود وسلام بھیجنے کے بعد کہے:
اللّھمّ کنْ لِّولِیِّک فلان بن فلان اورفلان بن فلان کی بجائے کہے: الْحجّۃِ بنِ الْحسن
اے معبود ! محافظ بن جا اپنے ولی حجت القائم (ع) بن حسن(ع) کا
صلواتک علیْہِ وعلی آبائِہِ فِی ہذِہِ السّاعۃِ وفِی کلِّ ساعۃٍ ولِیّاً وحافِظاً وقائِداً
تیری رحمت نازل ہو ان پر اور ان کے آباؤ اجداد پر اس لمحہ میں اور ہر آنے والے لمحہ میں ، ان کا مددگاربن جا نگہبان پیشوا،
وناصِراً ودلِیلاً وعیْناً حتّی تسْکِنہ أرْضک طوْعاً وتمتِّعہ فِیھا طوِیلاً پھر یہ کہے :
حامی، راہنما اور نگہدار بن جا یہاں تک کہ تو لوگوں کی چاہت سے انہیں زمین کی حکومت دے اور مدتوں اس پر برقرار رکھے
یا مدبِّر الامورِ، یا باعِث منْ فِی القبورِ، یا مجْرِی البحورِ، یا ملیِّن الحدِیدِ
اے کاموں کو منظم کرنے والے، اے قبروں سے اٹھا کھڑا کرنے والے، اے دریائوں کو رواں کرنے والے، اے دائود (ع)کے لیے

لِداود صلّ علی محمّدٍ وآل محمّدٍ وافْعل بِی کذا وکذا ان الفاظ کی بجائے اپنی حاجتیں
لوہے کو موم بنانے والے، محمد(ص) وآل محمد(ص) پررحمت نازل فرما اور کر دے میرے لیے یہ اور یہ میرے لیے ایسے ایسے کر دے
طلب کرے: اللّیْلۃ اللّیْلۃ اپنے ہاتھ بلند کرے اور کہے: یا مدبّر الامور
اسی رات اسی رات اے کاموں کو منظم کرنے والے ۔
اس دعا کو حالت رکوع سجود، قیام اور قعود میں بار بار پڑھے علاوہ از ایں اس دعا کو ماہ رمضان کی آخری رات میں بھی پڑھے:
چوبیسویں شب کی دعا: یا فالِق الْاِصْباحِ وجاعِل اللّیْلِ سکناً والشّمْس والْقمر حسْباناً، یا
اے صبح کی سفیدی کو ظاہر کرنے، والے اے رات کو وقت آرام بنانے والے اور سورج اور چاند کو رواں کرنے والے اے
عزیز یا علِیم یا ذا الْمنّ والطّوْلِ والْقوّۃِ والْحوْلِ والْفضْلِ والْاِنْعامِ والْجلالِ
زبردست، اے دانا، اے احسان ونعمت والے ، اے قوت وحرکت کے مالک، اے مہربانی وعطا کرنے والے، اے جلالت
والْاِکْرامِ، یا اللہ یا رحْمن یا اللہ یا فرْد یا وتْر یا اللہ یا ظاھِر یا باطِن، یا حیّ لا
اور بزرگی والے ، اے اللہ ،اے رحمن، اے اللہ، اے تنہا ، اے یکتا، اے اللہ، اے ظاہر اے باطن ،اے زندہ ، کہ
إلہ إلاّ أ نْت لک الْاسْمائ الْحسْنی، والْامْثال الْعلْیا، والْکِبْریائ والْالائ، أسْأ لک
صرف تو ہی معبود ہے تیرے لیے اچھے اچھے نام، بلند ترین نمونے اور بڑائیاں اور مہربانیاں ہیں سوال کرتا ہوں تجھ سے
أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ، وأنْ تجْعل اسْمِی فِی ہذِہِ اللّیْلۃِ فِی السّعدائِ
کہ محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں کے زمرے میں شمار کر
وروحِی مع الشّہدائِ، و إحْسانِی فِی عِلِّیِّین، و إسائتِی مغْفورۃً، وأنْ تھب لِی
میری روح کو شہیدوں کے ساتھ قرار دے میری اطاعت کو مقام علیین میں پہنچا اور میری برائی کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے
یقِیناً تباشِر بِہِ قلْبِی، و إیماناً یذْھب بِالشّکِّ عنِّی، ورضیً بِما قسمْت لِی، وآتِنا
وہ یقین دے جو میرے دل میں بسار ہے اور وہ ایمان دے جو شک کو مجھ سے دور کردے اور مجھے اس پر راضی بنا جو حصہ تو نے مجھے دیا ہے
فِی الدّنْیا حسنۃً، وفِی الْآخِرۃِ حسنۃً، وقِنا عذاب النّارِ الْحرِیقِ، وارْزقْنِی فِیھا
اور ہمیں دنیا میں بہترین زندگی دے آخرت میں خوش ترین اجر عطا کر اور ہمیں جلانے والی آگ کے عذاب سے بچا اور اس ماہ میں
ذِکْرک وشکْرک والرّغْبۃ إلیْک والْاِنابۃ والتّوْبۃ والتّوْفِیق لِما وفّقْت لہ
مجھے ہمت دے کہ تجھے یادکروں ، تیرا شکر بجا لائوں ، تیری طرف توجہ رکھوں ،تیری طرف پلٹوں اور توبہ کروں اور مجھے اس عمل کی توفیق
محمّداً وآل محمّدٍ صلواتک علیْہِ وعلیْھِمْ ۔
دے جس کی توفیق تو نے محمد(ص) وآل محمد(ص) کو دی کہ تیری رحمت ہو آنحضرت(ص) اور ان کی ساری آل(ع) پر۔

پچیسویں شب کی دعا:يا جاعِل اللّيْلِ لِباساً والنّہار معاشاً، والْارْضِ مِہاداً، والْجِبالِ
اے رات کو بنانے والے پردہ اور دن کو وقت کاروبار، زمین کو جائے آرام اور پہاڑوں
أوْتاداً يا الله يا قاھِر، يا الله يا جبّار، يا الله يا سمِيع، يا الله يا قرِيب، يا الله يا
کو میخیں اے اللہ ،اے غالب، اے اللہ، اے دبدبہ والے، اے اللہ، اے سننے والے، اے اللہ، اے نزدیک تر، اے اللہ، اے
مجِيب، يا الله يا الله يا اللّہ، لک الْاسْمائ الْحسْنی ، والْامْثال الْعلْيا، والْكِبْرِيائ
قبول کرنے والے، اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ تیرے لیے اچھے نام، بلند ترین نمونے اور بڑائیاں
والْآلائ، أسْأ لک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ، وأنْ تجْعل اسْمِی فِی ہذِهِ
اور مہربانیاں ہیں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں کے زمرے
اللّيْلۃِ فِی السّعدائِ وروحِی مع الشّھدائِ و إحْسانِی فِی عِلِّيِّين و إسائتِی مغْفورۃً
میں شمار کر میری روح کو شہیدوں کیساتھ قرار دے میری اطاعت کو مقام علیین میں پہنچا اور میری برائی کو معاف شدہ قرار دے
وأنْ تھب لِی يقِيناً تباشِر بِہِ قلْبِی، و إيماناً يذْهِب الشّکّ عنِّی، ورضیً بِما
اور یہ کہ مجھے وہ یقین دے جو میرے دل میں بسار ہے اور وہ ایمان دے جو شک کو مجھ سے دور کردے اور مجھے اس پر راضی بنا جو حصہ
قسمْت لِی وآتِنا فِی الدّنْيا حسنۃً وفِی الْآخِرۃِ حسنۃً، وقِنا عذاب النّارِ الْحرِيقِ
تو نے مجھے دیا ہے اور ہمیں دنیا میں بہترین زندگی دے آخرت میں خوش ترین اجر عطا کر اور ہمیں جلانے والی آگ کے عذاب سے بچا
وارْزقْنِی فِيہا ذِكْرک وشکْرک والرّغْبۃ إلیْک والْإنابۃ والتّوْبۃ والتّوْفِيق
اور اس ماہ میں مجھے ہمت دے کہ تجھے یادکروں ، تیرا شکر بجا لائوں ، تیری طرف توجہ رکھوں ، تیری طرف پلٹوں اور توبہ کروں اور مجھے
لِما وفّقْت لہ محمّداً وآل محمّدٍ عليْہِم السّلام ۔
اس عمل کی توفیق دے جس کی توفیق تو نے محمد(ص) وآل محمد کودی کہ تیری رحمت ہو آنحضرت(ص) اور ان کی ساری آل(ع) پر
رمضان کی چھبیسویں رات کی دعائ:يا جاعِل اللّيْلِ والنّہارِ آيتيْن، يا منْ محا آيۃ اللّيْلِ
اے رات اور دن کو اپنی نشانیاں بنانیوالے ،اے رات کی نشانی کو تاریک
وجعل آيۃ النّہارِ مبْصِرۃً لِتبْتغوا فضْلاً مِنْہ ورِضْواناً يا مفصِّل کلّ شيْئٍ تفْصِيلاً
اور دن کی نشانی کو روشن بنانے والے تاکہ لوگ اس میں تیرے فضل اور خوشنودی کو تلاش کریں اے ہر چیز کی حد اور فرق مقرر کرنے والے
يا ماجِد يا وہّاب يا الله يا جواد، يا الله يا الله يا الله، لک الْاسْمائ الْحسْنی،
اے شان والے، اے بہت دینے والے،اے اللہ ، اے عطا کرنے والے، اے اللہ، اے اللہ ،اے اللہ، تیرے لیے اچھے اچھے نام،
والْامْثال الْعلْيا، والْكِبْرِيائ والْآلائ، أسْأ لک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ،
بلند ترین نمونے اور بڑائیاں اور مہربانیاں ہیں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما
وأنْ تجْعل اسْمِی فِی ہذِهِ اللّيْلۃِ فِی السّعدائِ، وروحِی مع الشّھدائِ، و إحْسانِی

اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں کے زمرے میں شمار کر، میری روح کو شہیدوں کیساتھ قرار دے میری اطاعت کو مقام

فِی عِلِّیّین و إساءتِی مغْفورۃً، وأنْ تھب لِی یقِیناً تباشِر بِہِ قلْبِی، و إیماناً یذْھِب

علیین میں پہنچا اور برائی کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے یقین دے جومیرے دل میں بس جائے اور وہ ایمان دے

الشّکّ عنِّی وترْضِینِی بِما قسمْت لِی، وآتِنا فِی الدّنْیا حسنۃً، وفِی الْآخِرۃِ

جو شک کو مجھ سے دور کردے اور مجھے اس پر راضی بنا جو حصہ تو نے مجھے دیا اور ہمیں دنیا میں بہترین زندگی دے آخرت میں خوش ترین

حسنۃً، وقِنا عذاب النّارِ الْحرِیقِ، وارْزقْنِی فِیھا ذِکْرک وشکْرک والرّغْبۃ

اجر عطا کر اور ہمیں جلانے والی آگ کے عذاب سے بچا اور اس ماہ میں مجھے ہمت دے کہ تجھے یادکروں ، تیرا شکر بجا لائوں تیری

إلیْک والْإنابۃ والتّوْبۃ والتّوْفِیق لِما وفّقْت لہ محمّداً وآل محمّدٍ صلّی

طرف توجہ لگائے رکھوں ، تیری طرف پلٹوں اور توبہ کروں اور مجھے اس عمل کی توفیق دے جس کی توفیق تو نے محمد(ص) وآل محمد(ص) کو دی کہ خدا

اللّہ علیْہِ وعلیْھِمْ۔

آنحضرت (ص) اور ان کی آل پر رحمت کرے

رمضان کی ستائیسویں رات کی دعائ:یا مادّ الظِّلِّ ولوْ شِئْت لجعلْتہ ساکِناً وجعلْت

اے سایہ کو پھیلانے والے اور اگر تو چاہتا تو اس کو ایک جگہ ٹھہرادیتا تو نے سورج

الشّمْس علیْہِ دلِیلاً ثمّ قبضْتہ إلیْک قبْضاً یسِیراً، یا ذا الْجودِ والطّوْلِ والْکِبْریائِ

کو سایہ کے لیے رہنما قرار دیا اور پھر اسے قابو میں کیا، تو آسانی سے قابو کیا اے سخاوت وعطا والے اور بڑائیوں

و الْآلائِ لا إلہ إلّا أ نْت عالِم الْغیْبِ والشّھادۃِ الرّحْمٰن الرّحِیم، لا إلہ إلّا

اور نعمتوں والے تیرے سوا کوئی معبود نہیں جو کہ ظاہر و باطن باتوں کا جاننے والا،بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے تیرے سوائ کوئی

أنْت یا قدّوس یا سلام یا مؤْمِن یا مھیْمِن یا عزِیز یا جبّار یا متکبِّر

معبود نہیں اے پاک ترین، اے سلامتی والے، اے امن دینے والے، اے نگہدار، اے زبردست ،اے غلبہ والے، اے بڑائی

یا اللہ یا خالِق یا بارِیٔ یا مصوِّر، یا اللہ یا اللہ یا اللہ، لک الْأسْمائ

والے، اے اللہ، اے خلق کرنے والے، اے پیدا کرنے والے، اے صورت بنانے والے، اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ، تیرے

الْحسْنیٰ والْأمْثال الْعلْیا، والْکِبْریائ والْآلائ، أسْأ لک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ

لیے اچھے نام، بلند ترین نمونے اور بڑائیاں اور مہربانیاں ہیں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ محمد(ص) و آل

محمّدٍ، وأنْ تجْعل اسْمِی فِی ہذِہِ اللّیْلۃِ فِی السّعدائِ، وروحِی مع الشّھدائِ،

محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور یہ کہ آج کی رات میں مجھے نیکوکاروں کے زمرے میں شمار کر اورمیری روح کو شہیدوں کیساتھ قرار دے،

و إحْسانِی فِی عِلِّیّین، و إساءتِی مغْفورۃً، وأنْ تھب لِی یقِیناً تباشِر بِہِ قلْبِی،

میری اطاعت کو مقام علیین میں پہنچا اور میری برائی کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین عطا کر جو میرے دل میں بس جائے

و إيماناً يذْهِب الشّکّ عنِّی، وترْضِيِنِی بِما قسمْت لِی، وآتِنا فِی الدّنْيا حسنۃً،
اور وہ ايمان دے جو شک کو مجھ سے دور کردے اور مجھے اس پر راضی بنا جو حصہ تو نے مجھے ديا اور ہميں دنيا ميں بہترين زندگی دے
وفِی الْآخِرۃِ حسنۃً، وقِنا عذاب النّارِ الْحرِيقِ، وارْزقْنِی فِيہا ذِکْرک وشکْرک
آخرت ميں خوش ترين اجر عطا کر اور ہميں جلانے والی آگ کے عذاب سے بچا اور اس ماہ ميں مجھے ہمت دے کہ تجھے يادکروں ، تيرا
والرّغْبۃ إِليْک والْإِنابۃ والتّوْبۃ والتّوْفِيق لِما وفّقْت لہ محمّداً وآل محمّدٍ صلّی
شکر بجا لائوں ، تيری طرف توجہ رکھوں ، تيری طرف پلٹوں اور توبہ کروں اور مجھے اس عمل کی توفيق دے جسکی توفيق تو نے محمد(ص) وآل محمد(ص)
اللہ عليْہِ وعليْہِمْ ۔
کو دی کہ خدا کی رحمت ہو آنحضرت (ص)اور ان کی آل (ع)پر
اٹھائيسويں شب کی دعائ:يا خازِن اللّيْلِ فِی الْہوائِ، وخازِن النّورِ فِی السّمائِ، ومانِع
اے رات کو ہوا ميں جگہ دينے والے ،اے روشنی کو آسمان ميں جگہ دينے والے اور آسمان کو
السّمائِ أنْ تقع علی الْارْضِ إِلاّ بِ إِذْنِہِ وحابِسہما أنْ تزولا، يا علِيم
روکنے والے کہ وہ زمين پر نہ آ پڑے ليکن اس کے حکم سے اور ان دونوں کے نگہدار کہ ٹوٹ نہ جائيں اے جاننے والے
يا عظِيم يا غفور يا دائِم يا اللہ يا وارِث يا باعِث منْ فِی الْقبورِ، يا
اے عظمت والے، اے بہت بخشنے والے، اے ہميشگی والے ،اے اللہ، اے ورثہ والے، اے قبروں سے اٹھا کھڑا کرنے والے ، اے
اللہ يا اللہ يا اللہ، لک الْاسْمائ الْحسْنی، والْامْثال الْعلْيا، والْکِبْرِيائ والْآلائ
اللہ ،اے اللہ، اے اللہ تيرے ليے اچھے اچھے نام بلند ترين نمونے اور بڑائياں اور مہربانياں ہيں
أسْألک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ، وأنْ تجْعل اسْمِی فِی ہذِہِ اللّيْلۃِ فِی
سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور يہ کہ آج کي رات ميں مجھے نيکوکاروں کے زمرے
السّعدائِ، وروحِی مع الشّہدائِ، و إِحْسانِی فِی عِلِّيِّين، و إِسائتِی مغْفورۃً، وأنْ
ميں شمار کر ميری روح کو شہيدوں کے ساتھ قرار دے، ميری اطاعت کو مقام عليين ميں پہنچا اور ميری برائی کو معاف شدہ قرار دے اور يہ
تہب لِی يقِيناً تباشِر بِہِ قلْبِی، و إِيماناً يذْہِب الشّکّ عنِّی، وترْضِيِنِی بِما قسمْت
کہ مجھے وہ يقين دے جو ميرے دل ميں بسار ہے اور وہ ايمان دے جو شک کو مجھ سے دور کردے اور مجھے اس پر راضی بنا جو حصہ تو
لِی، وآتِنا فِی الدّنْيا حسنۃً، وفِی الْآخِرۃِ حسنۃً، وقِنا عذاب النّارِ الْحرِيقِ
نے مجھے ديا اور ہميں دنيا ميں بہترين زندگی دے آخرت ميں خوش ترين اجر عطا کر اور ہميں جلانے والی آگ کے عذاب سے بچا
وارْزقْنِی فِيہا ذِکْرک وشکْرک، والرّغْبۃ إِليْک والْإِنابۃ والتّوْبۃ
اور اس ماہ ميں مجھے ہمت دے کہ تجھے يادکروں ، تيرا شکر بجا لائوں ، تيری طرف توجہ رکھوں ،تيری طرف پلٹوں اور توبہ کروں اور مجھے

والتّوفِیق لِما وفّقْت لہ محمّداً وآل محمّدٍ صلّی اللہ علیْہِ وعلیْہِمْ ۔
اس عمل کی توفیق دے جس کی توفیق تو نے محمد(ص) وآل محمد(ص) کو دی کہ خدا رحمت کرے آنحضرت(ص) اور ان کی آل(ع) پر
انتیسویں شب کی دعائ:یا مکوّر اللّیْلِ علی النّہارِ، ومکوّر النّہارِ علی اللّیْلِ، یا علِیم
اے رات کو دن پر چڑھانے والے اور دن کو رات پر لپیٹ دینے والے اے دانا ،
یا حکِیم، یا ربّ الْأرْبابِ، وسیِّد السّاداتِ، لا إلہ إلاّ أ نْت، یا أ قْرب إلیّ مِنْ
اے حکمت والے، اے پالنے والوں کے پالنے والے، اور سرداروں کے سردار، تیرے سوائ کوئی معبود نہیں اے مجھ سے میری رگِ
حبْلِ الْورِیدِ یا اللہ یا اللہ یا اللہ لک الْأسْمائ الْحسْنیٰ والْأمْثال الْعلْیا والْکِبْرِیائ
جان سے زیادہ قریب اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ تیرے لیے ہیں اچھے اچھے نام، بلند ترین نمونے اور بڑائیاں
والْآلائ أسْألک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ وأنْ تجْعل اسْمِی فِی ہذِہِ
اور مہربانیاں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں کی
اللّیْلۃِ فِی السّعدائِ، وروحِی مع الشّہدائِ، و إحْسانِی فِی علِّیِّین، و إسائتِی
فہرست میں درج فرما میری روح کو شہیدوں کے ساتھ قرار دے میری نیکی کو مقامِ علیین میں پہنچا اور میری برائی کو
مغْفورۃً وأنْ تہب لِی یقِیناً تباشِر بِہِ قلْبِی، و إیماناً یذْہِب الشّکّ عنِّی وترْضِینِی
معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین دے جو میرے دل میں بسا رہے اور وہ ایمان دے جو شک کو مجھ سے دور کردے اور مجھے اس
بِما قسمْت لِی، وآتِنا فِی الدّنْیا حسنۃً، وفِی الْآخِرۃِ حسنۃً، وقِنا عذاب النّارِ
پر راضی بنا جو حصہ تو نے مجھے دیا اور ہمیں دنیا میں بہترین زندگی دے آخرت میں خوش ترین اجر عطا کر اور ہمیں جلانے والی آگ
الْحرِیقِ وارْزقْنِی فِیہا ذِکْرک وشکْرک، والرّغْبۃ إلیْک والْإنابۃ
کے عذاب سے بچا اور اس ماہ میں مجھے ہمت دے کہ اس ماہ میں تجھے یادکروں ، تیرا شکر بجا لائوں تیری طرف توجہ رکھوں ، تیری طرف
والتّوْبۃ والتّوْفِیق لِما وفّقْت لہ محمّداً وآل محمّدٍ صلّی اللہ علیْہِ وعلیْہِمْ ۔
پلٹوں اور توبہ کروں اور مجھے اس عمل کی توفیق دے جس کی توفیق تو نے محمد(ص) وآل محمد(ص) کو دی کہ خدا رحمت کرے آنحضرت(ص) اور انکی آل(ع) پر
تیسویں شب کی دعائ:الْحمْد لِلّہ لا شرِیک لہ، الْحمْد لِلّہ کما ینْبغِی لِکرمِ وجْہِہِ
حمد ہے اس خدا کے لیے جس کا کوئی شریک نہیں حمد ہے اس خدا کیلئے جیسے کہ اس کی بزرگتر ذات اور
وعِزِّ جلالِہِ وکما ہو أہْلہ، یا قدّوس یا نور، یا نور الْقدْسِ، یا سبّوح، یا منْتہی
عزت وجلال کا تقاضا ہے اور جس طرح وہ اہل ہے اے پاکیزہ تر، اے نور، اے پاکیزہ تر نور، اے بے عیب، اے پاکیزگی کے
التّسْبِیحِ، یا رحْمٰن، یا فاعِل الرّحْمۃِ، یا اللہ، یا علِیم، یا کبِیر، یا اللہ، یا لطِیف،
مرکز، اے بڑے مہربان، اے رحمت کے خالق،اے اللہ ،اے دانا، اے بزرگتر، اے اللہ، اے باریک بین،
یا جلِیل، یا اللہ، یا سمِیع، یا بصِیر، یا اللہ یا اللہ یا اللہ، لک الْأسْمائ الْحسْنیٰ،

اے بڑی شان والے، اے اللہ، اے سننے والے، اے دیکھنے والے، اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ تیرے لیے اچھے اچھے نام،
والْاَمْثال الْعلْیا، والْکِبْریائ والْآلائ، أسْأَ لک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وأهْلِ بیْتِہِ،
بلند ترین نمونے اور بڑائیاں اور مہربانیاں ہیں میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما
وأنْ تجْعل اسْمِی فِی ہٰذِهِ اللَّیْلۃِ فِی السّعداءِ، وروحِی مع الشّہداءِ، و إحْسانِی
اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں کے زمرے میں شمار کر میری روح کو شہیدوں کے ساتھ قرار دے میری نیکی کو مقام
فِی عِلِّیِّین، و إساءتِی مغْفورۃً، وأنْ تہب لِی یقِیناً تباشِر بِہِ قلْبِی، و إیماناً یذْہِب
علیین میں پہنچا اور میری برائی کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین دے جو میرے دل میں بسا رہے اور وہ ایمان دے جو شک کو
الشّکّ عنِّی، وترْضِینِی بِما قسمْت لِی، وآتِنا فِی الدّنْیا حسنۃً وفِی الْآخِرۃِ
مجھ سے دور کردے اور مجھے اس پر راضی بنا جو حصہ تو نے مجھے دیا اور ہمیں دنیا میں بہترین زندگی دے آخرت میں خوش ترین اجر عطا
حسنۃً، وقِنا عذاب النّارِ الْحرِیق، وارزقْنِی فِیہا ذِکْرک وشکْرک، والرّغْبۃ إلیْک
کر اور ہمیں جلانے والی آگ کے عذاب سے بچا اور اس ماہ میں مجھے ہمت دے کہ اس ماہ میں تجھے یادکروں ، تیرا شکر بجا لائوں ،
والْإِنابۃ والتّوْبۃ والتّوْفِیق لِما وفّقْت لہ محمّداً وآل محمّدٍ صلّی
تیری طرف توجہ رکھوں ، تیری طرف پلٹوں اور توبہ کروں اورمجھے اس عمل کی توفیق دے جس کی توفیق تو نے محمد(ص) وآل محمد(ص) کو دی کہ خدا
اللہ علیہِ وعلیہِم ۔
رحمت کرے آنحضرت(ص) اور ان کی آل(ع) پر ۔

اکیسویں رات کے باقی اعمال:

کفعمی نے سید (رح)سے نقل کیا ہے کہ رمضان کی اکیسویں رات یہ دعا پڑھے:
اللّہمّ صلِّ علی محمّدٍ وآلِ محمّد واقْسِمْ لِی حِلْماً یسدّ عنِّی باب الْجہْلِ وهدیً
اے معبودا! محمد(ص) وآل محمد(ص) پر رحمت فرما اور مجھے وہ نرم خوئی عطا فرما جو جہالت کا دروازہ مجھ پر بند کرے اور ہدایت نصیب کر جس
تمنّ بِہِ علیّ مِنْ کلِّ ضلالۃٍ، وغِنیً تسدّ بِہِ عنِّی باب کلِّ فقْرٍ، وقوّۃً
کے ذریعے تو مجھ پر ہر گمراہی سے بچانے کا احسان کرے اور تونگری دے جس کے ذریعے تو مجھ پر ہر محتاجی کا دروازہ بندہ کرے اور
تردّ بِہا عنِّی کلّ ضعْفٍ، وعِزّاً تکْرِمنِی بِہِ عنْ کلِّ ذلٍّ، ورِفْعۃً
قوت عطا کر جس کے ذریعے تو مجھ سے کمزوریاں دور کرے اور وہ عزت دے جس سے تو ہر ذلت کو مجھ سے دور کرے اور وہ بلندی
ترْفعنِی بِہا عنْ کلِّ ضعۃٍ، وأمْناً تردّ بِہِ عنِّی کلّ خوْفٍ، وعافِیۃً
دے کہ جس کے ذریعے تو مجھے ہر پستی سے بلند کر دے اور ایسا امن عطا کر کہ جس کے ذریعے تومجھے ہر خوف سے بچائے اور وہ پناہ
تسْترنِی بِہا عنْ کلِّ بلائٍ، وعِلْماً تفتح لِی بِہِ کلّ یقِینٍ،

دے کہ جسکے ذریعے تو مجھے ہر مصیبت سے محفوظ رکھے او ر وہ علم دے جس کے ذریعے تومیرے لیے ہر یقین کا دروازہ کھول دے

ویقِیناً تذْھِب بِہِ عنّی کلّ شکٍّ، ودعائً تبْسط لِی بِہِ الْاِجابۃ فِی ہذِهِ اللیْلۃِ

اور وہ یقین عطا کرکہ جس کے ذریعے ہر شک کو مجھ سے دور کر دے اورایسی دعا نصیب فرما کہ جسے تو قبول فرمائے اسی رات میں اور

وفِی ہذِهِ السّاعۃِ، السّاعۃ السّاعۃ السّاعۃ یا کرِیم، وخوْفاً تنْشر لِی بِہِ کلّ

اسی گھڑی میں ، اسی گھڑی میں ،اسی گھڑی میں ، اسی گھڑی میں ابھی، اے کرم کرنے والے، اور وہ خوف دے جس سے تو مجھ پر

رحْمتٍ، وعِصْمۃً تحول بِہا بیْنِی وبیْن الذّنوبِ حتّی أفْلِح بِہا عِنْد الْمعْصومِین

رحمتیں برسائے اور وہ تحفظ دے کہ میرے اور گناہوں کے درمیان آڑ بن جائے یہاں تک کہ اس کے ذریعے تیرے معصومین(ع) کی

عِنْدک بِرحْمتِک یا أرْحم الرّاحِمِین ۔

خدمت میں پہنچ پائوں تیری رحمت سے اے سب سے زیادہ رحم والے۔

ایک اور روایت ہے کہ حماد بن عثمان اکیسویں رات امام جعفر صادق - کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ (ع)نے پوچھا : آیا تم نے غسل کیا ہے؟ اس نے عرض کی جی ہاں ! آپ پر قربان ہوجائوں ۔ حضرت نے مصلیٰ طلب فرمایا۔ حماد کو اپنے قریب بلایا اور نماز میں مشغول ہو گئے حماد بھی حضرت(ع) کے ساتھ ساتھ نماز پڑھتے رہے ۔ یہاں تک کہ آپ نماز سے فارغ ہوئے تب حضرت نے دعا مانگی اور حماد آمین کہتے رہے ۔ اس اثنائ میں صبح صادق کا وقت ہوگیا ۔ پس حضرت(ع) نے اذان واقامت کہی پھر اپنے غلاموں کو بلایا اور نماز صبح باجماعت ادا کی پہلی رکعت میں سورئہ الحمد کے بعد سورئہ قدر اوردوسری رکعت میں حمد کے بعد سورئہ توحید پڑھی نماز کے بعد تسبیح وتقدیس ، حمدوثنائ الٰہی اور حضرت رسول (ص) پر درودوسلام بھیجا اور مومنین ومومنات اورمسلمین ومسلمات، سبھی کے لیے دعا فرمائی ۔ پھر آپ نے سرسجدہ میں رکھا اور بڑی دیر تک اسی حالت میں رہے جب کہ آپ کے سانس کے سوا کوئی آواز نہ آتی تھی ، اس کے بعد یہ دعا تاآخر پڑھی کہ جو سید بن طائوس کی کتاب اقبال میں مذکور ہے اور وہ اس جملے سے شروع ہوتی ہے :

لااِلہ اِلّاانْت مقلِّب الْقلوْبِ والْاَبْصار

نہیں کوئی معبود مگر تو کہ جو دلوں اورآنکھوں کو زیروزبر کرنیوالا ہے

شیخ کلینی(رح) نے روایت کی ہے کہ امام محمدباقر -رمضان کی اکیسویں اور تئیسویں راتوں میں نصف شب تک دعا پڑھتے اور پھر نمازیں شروع کر دیتے تھے ۔ واضح رہے کہ رمضان کی آخری راتوں میں ہر رات غسل کرنا مستحب ہے۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ حضرت رسول ان دس راتوں میں ہر رات غسل فرماتے تھے۔ رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف بیٹھنا مستحب ہے بلکہ اس کی بڑی فضیلت ہے اور یہی اعتکاف کا افضل وقت ہے۔ ایک اور روایت میں مذکور ہے کہ ان ایام میں اعتکاف بیٹھنے پر دوحج اور دوعمرے کا ثواب ملتا ہے۔ حضرت رسول رمضان کے ان آخری دس دنوں میں مسجد میں اعتکاف بیٹھتے تھے، تب مسجد میں آپ کے لیے چھولداری لگا دی جاتی آپ اپنا بستر لپیٹ دیتے اور شب وروز عبادت الٰہی میں مشغول رہتے تھے۔

یاد رہے کہ ۴۰ھ میں رمضان کی اسی اکیسویں رات میں امیرالمومنین -کی شہادت ہوئی تھی۔ لہذا اس رات آل (ع) محمد(ص) اور ان کے پیروکاروں کا رنج وغم تازہ ہوجاتا ہے۔
روایت ہے کہ یہ شب بھی امام حسین -کی شبِ شہادت کے مانند ہے کہ جو پتھر بھی اٹھایا جاتا اسکے نیچے سے تازہ خون ابل پڑتا تھا۔ شیخ مفید (رح) فرماتے ہیں کہ اس رات بکثرت درود شریف پڑھے آل محمد (ص) پر ظلم کرنے والوں پر نفرین کرے اور امیرالمومنین -کے قاتل پر لعنت بھیجے۔

اکیسویں رمضان کا دن

یہ وہ دن ہے جس میں امیرالمومنین- شہید ہوئے پس اس میں حضرت(ع) کی زیارت پڑھنا مناسب ہے اور بہترہے کہ اس میں حضرت خضر(ع) کے کلمات دہرائے جائیں جو زیارت ہی کے مشابہ ہیں اور یہ کلمات کتاب ہدیۃ الزائر میں مذکور ہیں ۔

تئیسویں رمضان کی رات

ہدیۃ الزائر میں منقول ہے کہ یہ رات شب قدر کی پہلی دوراتوں سے افضل ہے اور بہت سی روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ شب قدر یہی ہے او ر یہ بات حقیقت کے قریب تر ہے اس رات حکمت الہی کے مطابق کائنات کے تمام امور مقدر ہوتے ہیں پس اس میں پہلی دوراتوں کے مشترکہ اعمال بجا لائے اور ان کے علاوہ اس رات کے چند مخصوص اعمال بھی ہیں :
(۱)سورئہ عنکبوت وسورئہ روم پڑھے کہ امام جعفرصادق -نے قسم کھاتے ہوئے فرمایاکہ اس رات ان دوسورتوں کا پڑھنے والااہل جنت میں سے ہے۔
(۲)سورئہ حٰم دخان پڑھے :
(۳)ایک ہزار مرتبہ سورئہ قدر پڑھے:
(۴)اس رات خصوصاً اور دیگر اوقات میں عموماً یہ دعا پڑھے اللّٰھمّ کنْ لِولیّک ... کہ رمضان مبارک کے آخری عشرے کی دعائوں کے سلسلے میں تئیسویں شب کی دعا کے بعد اس کا ذکر ہوا ہے۔
(۵)یہ دعا پڑھے: اللّٰھمّ امْددْ لِی فِی عمْرِی وأوْسِعْ لِی فِی رِزْقِی وأصِحّ لِی جِسْمِی
اے اللہ! میری عمر دراز فرما، میرے رزق میں وسعت دے، میرے بدن کو تندرست رکھ اور میری
وبلِّغْنِی أملِی و إنْ کنْت مِن الاشْقِیائِ فامْحنِی مِن الاشْقِیائِ واکْتبْنِی مِن السّعدائِ ف إنّک
آرزو پوری فرما اور اگر میں بدبختوں میں سے ہوں تو میرا نام بدبختوں سے کاٹ دے اور میرا نام خوش بختوں میں لکھ دے کیونکہ تو
قلْت فِی کِتابِک الْمنزلِ علی نبِیِّک الْمرْسلِ صلواتک علیْہِ وآلِہِ یمْحواْ اللہ مایشائ
نے اپنی اس کتاب میں فرمایا ہے جو تونے اپنے نبی مرسل(ص) پر نازل کی کہ تیری رحمت ہو ان پر اور انکی آل (ع)پر یعنی خدا جو چاہے مٹا دیتا

ویثْبِت وعِنْدہ أمّ الْکِتابِ ۔
ہے اور جو چاہے لکھ دیتا ہے اور اسی کے پاس ام الکتاب ہے ۔
(۶) یہ دعا پڑھے :اللّٰھمّ اجْعلْ فِیما تقْضِی وفِیما تقدِّر مِن الامْر الْمحْتومِ وفِیما
اے معبود! جن امور کا تو لیلۃ القدر میں فیصلہ کرتا ہے حتمی فیصلوں میں سے اور ان کو
تفْرق مِن الامْر الْحکِیمِ فِی لیْلۃِ الْقدْر مِن الْقضاءِ الّذِی لا یردّ ولا یبدّل أنْ
مقرر فرماتا ہے اور جن پر حکمت امور میں امتیازات دیتا ہے اور ایسی قضائ وقدر معین کرتا ہے جسکو رد یا تبدیل نہیں کیا جا سکتا اس میں
تکْتبنِی مِنْ حجّاجِ بیْتِک الْحرامِ فِی عامِی ہذا الْمبْرورِ حجّھم الْمشْکورِ سعْیھم
تو مجھے اس سال کے حجاج میں قرار دے کہ جن کا حج مقبول، جن کی سعی پسندیدہ،
الْمغْفورِ ذنوبھم، الْمکفّر عنْھمْ سیِّئاتھمْ، واجْعلْ فِیما تِقْضِی وتقدِّر أنْ تطِیل
جن کے گناہ معاف، جن کی برائیاں مٹا دی گئی ہیں اور جن کا تو نے فیصلہ کیا اس میں
عمْری، وتوسِّع لِی فِی رِزْقِی ۔
میری عمر کو دراز اور میرے رزق کو وسیع قرار دے ۔
(۷) یہ دعا پڑھے جو کتاب اقبال میں ہے:یا باطِناً فِی ظھورہِ ویا ظاھِراً فِی بطونِہِ ویا باطِناً
اے وہ جو اپنے ظہور میں بھی باطن ہے اور اے وہ جو وہ باطن رہ کر بھی ظاہر ہے اے وہ باطن کہ جو
لیْس یخْفیٰ، ویا ظاھِراً لیْس یریٰ، یا موْصوفاً لا یبْلغ بِکیْنونتِہِ موْصوفٌ ولا
پوشیدہ نہیں ہے اور وہ ظاہر جو نظر نہیں آتا اے وہ موصوف کہ توصیف جس کی حقیقت تک نہیں پہنچتی اور نہ اس کی حد
حدٌّ محْدودٌ، ویا غائِباً غیْر مفْقودٍ، ویا شاھِداً غیْر مشْھودٍ، یطْلب فیصاب، ولمْ
مقرر کر سکتی ہے اے وہ غائب جو گم نہیں ہے اور وہ حاضر جو دکھائی نہیں دیتا جسے ڈھونڈنے والا پالیتا ہے اور
یخْل مِنْہ السّماوات والْارْض وما بیْنھما طرْفۃ عیْنٍ ، لا یدْرک بِکیْفٍ، ولا یؤیّن
اس کے وجود سے آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے پل بھر کیلئے اس سے خالی نہیں ہے اسکی کیفیت نہ کوئی جگہ ہے جہاں
بِأیْنٍ ولا بِحیْثٍ، أنْت نور النّورِ وربّ الارْبابِ، أحطْت بِجمِیعِ الامورِ، سبحان
وہ ساکن ہو نہ کوئی سمت کہ جدھر وہ ہو تو نور کوروشن کرنے والا پالنے والوں کا پالنے والا اور تمام امور پر حاوی ہے پاک ہے
منْ لیْس کمِثْلِہِ شیْئٌ وھو السّمیع البصیر سبحان منْ ھو ہکذا ولا ھکذا غیْرہ
وہ جس کی مانند کوئی چیز نہیں اور وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے پاک ہے وہ جو ایسا ہے اور اس کے سوا کوئی ایسا نہیں ہے۔
اس کے بعد جو چاہے دعا مانگے۔
(۸)اول شب میں کئے ہو ئے غسل کے علاوہ آخر شب پھر غسل کرے اور واضح رہے کہ اس رات غسل ، شب بیداری ، زیارت امام حسین -اور سورکعت نماز کی بہت زیادہ تاکید اور فضیلت ہے۔

تہذیب الاسلام میں شیخ نے ابوبصیر کے ذریعے امام جعفر صادق -سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: جس رات کے بارے میں یقین ہو کہ وہ شب قدر ہے تو اس میں سورکعت نماز اس طرح کہ ہر رکعت میں سورئہ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورئہ توحید پڑھو۔ میں نے عرض کیا آپ پر قربان ہوجائوں ! اگر یہ نماز کھڑے ہو کر نہ پڑھ سکوں تو بیٹھ کر پڑھ لوں ؟ فرمایا اگر کھڑے ہونے کی طاقت نہ ہو تو بیٹھ کر پڑھ سکتے ہو میں نے عرض کی اگر بیٹھ کر نہ پڑھ سکوں تو پھر کیا کروں ؟ آپ نے فرمایا: بیٹھ کر نہیں پڑھ سکتے ہو تو پشت کے بل لیٹ کر پڑھ لو۔

دعائم الاسلام میں روایت نقل ہوئی ہے کہ رسول ا للہ رمضان مبارک کے آخری عشرے میں اپنا بستر لپیٹ دیتے اور عبادت الہی میں مصروف ہو جاتے تئیسویں کی رات آپ اپنے اہل و عیال کو بیدار کرتے اور پھر جس پر نیند کا غلبہ ہوتا اس کے منہ پر پانی کے چھینٹے دیتے۔ حضرت فاطمہ =بھی اس رات اپنے گھر کے کسی فرد کو سونے نہ دیتیں ، نیند کا علاج یوں کرتیں کہ دن کو کھانا کم دیتیں اور فرماتیں کہ دن کو سو جائو تاکہ رات کو بیدار رہ سکو، آپ فرماتی ہیں کہ بدقسمت ہے وہ شخص جو آج کی رات خیرو نیکی سے محروم رہ جائے۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ امام جعفر صادق -سخت علیل تھے کہ تئیسویں رمضان کی رات آگئی آپ نے اپنے کنبے والوں اور غلاموں کو حکم دیا کہ مجھ کو مسجد لے چلو اور پھر آپ نے مسجد میں شب بیداری فرمائی علامہ مجلسی (رح) کا ارشاد ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اس رات تلاوت قرآن کرے اور صحیفہ کاملہ کی دعائیں بالخصوص دعاۓ مکارم الاخلاق اور دعا توبہ پڑھے:

نیز یہ کہ شب ہائے قدر کے دنوں کی عظمت وحرمت کا بھی خیال رکھے اور ان میں عبادت الہی اور تلاوت قرآن کرتا رہے، معتبر احادیث میں ہے کہ شب قدر کادن بھی رات کی طرح عظمت اور فضیلت کا حامل ہے۔

ستائیسویں رمضان کی رات

اس رات خاص طور پر غسل کرنے کا حکم ہے اور منقول ہے کہ امام زین العابدین - اس رات میں پہلے سے پچھلے پہر تک اس دعا کو باربار پڑھا کرتے تھے:

اللّھمّ ارزقنی التّجافی عنْ دار الغرور، والاِنابۃ إلی دار الْخلودِ، والاسْتِعداد

اے معبود! مجھے فریب کے گھر سے دوری اختیار کرنا، ہمیشہ کے مسکن کی طرف لوٹ کے جانااور موت کے آنے سے پہلے

لِلْموْتِ قبْل حلولِ الْفوتِ ۔

موت کے لیے تیار ہونا نصیب فرما

ماہ رمضان کی آخری رات

یہ بڑی بابرکت رات ہے اور اس میں چند اعمال ہیں :

(١)غسل کرے۔

(٢)زیارت امام حسین -۔

(٣)سورئہ انعام ، سورئہ کہف اور سورئہ یاسین کی تلاوت کرے اور سومرتبہ کہے:

اسْتغْفِراللہ واتوْب اِلیْہِ
بخشش چاہتاہوں اللہ سے اس کے حضور توبہ کرتا ہوں
(۴)شیخ کلینی (رح) نے امام جعفر صادق -سے نقل کیا ہے کہ یہ دعا پڑھے:
اللّٰہمّ ہذا شہْر رمضان الَّذِی أ نْزلْت فِیہِ الْقرآن وقدْ تصرم، وأعوذ بِوجْہِک
اے معبود! یہ ماہ رمضان المبارک ہے جس میں تو نے قرآن کریم نازل فرمایا اور وہ مہینہ ختم ہو گیا ہے اور پناہ لیتا ہوں میں
الْکرِیمِ یا ربِّ أنْ یطْلع الْفجْر مِنْ لیْلتِی ہذِہِ أوْ یتصرّم شہْر رمضان ولک قِبلِی
تیری ذات کریم کی اے پروردگار اس سے کہ آج کی رات ختم ہو اور صبح ہو جائے یا رمضان مبارک کا مہینہ گزر جائے اور مجھ پر تیری
تبِعۃٌ أوْ ذ نْبٌ ترید أنْ تعذِّبنِی بِہِ یوْم أ لْقاک
کوئی سزا باقی ہو یا کوئی گناہ ہو کہ تو مجھے اس پر عذاب دینا چاہتا ہو جس دن میں پیش ہوں گا۔
(۵)دعا یامدبر الامور....پڑھے کہ جو تئیسویں کی رات کے اعمال میں ذکر ہوئی ہے۔
(۶)وہ دعائیں پڑھ کر ماہ رمضان کوالوداع کرے کہ جو شیخ کلینی (رح) ، صدوق (رح) ،شیخ مفید(رح) ، طوسی (رح) اور سیدابن طاؤس (رح) نے نقل کی ہیں ۔ شاید ان میں سب سے بہتر صحیفہ کاملہ کی پینتالیسیویں دعا ہے۔
نیز سید ابن طاؤس نے امام جعفر صادق -سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: جو شخص ماہ رمضان کی آخری رات کو الوداع کرے تو یہ کہے:
اللّٰہمّ لا تجْعلْہ آخِر الْعہْدِ من صِیامِی لِشہْر رمضان، وأعوذ بِک أنْ یطْلع فجْر
اے اللہ! رمضان کے اس مہینے کے روزے میرے لیے آخری روزے قرار نہ دے اور میں پناہ مانگتا ہوں تیری اس سے کہ اس رات
ہذِہِ اللّیْلۃِ إلاّ وقدْ غفرْت لِی
کی صبح ہو جائے لیکن تو نے مجھے بخش دیا ہو۔
جوشخص ان کلمات کے کیساتھ ماہ رمضان کوالوداع کرے تو حق تعالیٰ اسے صبح ہونے سے پہلے بخش دے گا اور اس کو توبہ و استغفار کی توفیق عطا کرے گا۔
سید و شیخ صدوق (رح)نے جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت کی ہے کہ میں رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور وہ دن رمضان مبارک کا آخری جمعہ تھا ۔ جب آنحضرت (ص) کی نظر مجھ پر پڑی تو فرمایا کہ اے جابر! یہ ماہ رمضان کا آخری جمعہ ہے پس ماہ رمضان کو الوداع کرو اور کہو:
اللّٰہمّ لا تجْعلہ آخِر العہْدِ مِنْ صِیامِنا إیّاہ ف إنْ جعلْتہ فاجْعلْنِی مرْحوماً ولا
اے اللہ! رمضان کے اس مہینے کے روزے میرے لیے آخری روزے قرار نہ دے پس اگر تو ایسا کرے تو مجھے رحم کیا ہواقرار دے
تجْعلْنِی محْروماً
اور رحمت سے محروم کیا ہوا نہ بنا
جوشخض اس دعا کو پڑھے تو یقیناً وہ دوسعادتوں میں سے ایک ضرور حاصل کرتا ہے۔ یعنی وہ آئندہ رمضان کو پائے گا یا خدا کی انتہائی رحمت و بخشش سے ہم کنار ہو کر عالم بقائ میں راحتی حاصل کرے گا۔

سید ابن طائوس (رح) وشیخ کفعمی (رح) نے رسول اللہ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا: جوشخص ماہ رمضان کی آخری رات دس رکعت نماز پڑھے کہ ہر رکعت میں دس مرتبہ سورئہ توحید اور رکوع وسجود میں دس دس مرتبہ کہے:

سبْحان اللہِ و الْحمْد للہِ و لا اِلہ اِلَّا اللہ و اللہ اکْبر

پاک تر ہے خدا کہ حمد اسی کے لئے ہے اور نہیں کوئی معبود مگر اللہ بزرگ تر ہے۔

نیز ہر دورکعت کے بعد تشہدوسلام پڑھے اور یہ دس رکعت نماز ختم کرکے ہزار مرتبہ استغفار کرے پھر سجدہ میں جائے اور کہے :

یا حیّ یا قیّوم، یا ذا الجلالِ والاِکرامِ، یارحْمان الدّنیا والآخِرۃِ ورحِیمھما

اے زندہ، اے نگہبان ،اے جلالت اور بزرگی کے مالک ،اے دنیا وآخرت میں رحم کرنے والے اور ان دونوں میں مہربان

یا أرْحم الرّاحِمِین، یا إلہ الاوّلِین والآخِرِین، اغْفِرْ لنا ذنوبنا، وتقبّلْ مِنّا صلاتنا

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے اولین و آخرین کے معبود ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہماری نمازیں ہمارے روزے

وصِیامناوقِیامنا۔

اور ہماری عبادتیں قبول فرما

آنحضرت(ص) نے مزید فرمایا:مجھے اس ذات کے حق کی قسم کہ جس نے مجھے شرف نبوت سے نوازا ہے کہ جبرائیل نے مجھے خبر دی ہے اسرفیل کے ذریعہ اور اسرافیل نے خدا وند عالم سے لیا ہے وہ شخص ابھی سر سجدے سے نہیں اٹھائے گا کہ اس کے ماہ رمضان میں بجالائے ہوئے اعمال قبول کر لیے جائیں گے او ر اس کے تمام گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔

یہ نماز شب عیدالفطر میں بھی پڑھی جاسکتی ہے، لیکن اس روایت کے مطابق رکوع وسجود کے اذکار کی بجائے تسبیحات اربعہ پڑھے اور نماز سے فراغت کے بعد سجدہ میں جاکر جب مذکورہ بالا دعا پڑھے تو اغْفِرْ لنا ذنوبنا سے وقِیامنا تک کی بجائے یہ کہے:

اغْفِرْ لِی ذنوبِی، وتقبّلْ صوْمِی وصلاتِی وقِیامِی

میرے گناہ بخش دے اور میرا روزہ، میری نماز اور میری عبادت قبول فرما

تیسویں رمضان کا دن

سید نے ماہ رمضان کے آخری دن میں پڑھنے کیلئے ایک دعا نقل کی ہے۔ جسکا پہلا جملہ یہ ہے:

اللّٰھمّ اِنّک ارْحم الرّاحِمِیْن

اے معبود! بے شک تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے

عمومًا لوگ اس دن رمضان مبارک میں شروع کیا ہوا قرآن مجید ختم کرتے ہیں ۔

پس ختم قرآن کے بعد ان کیلئے صحیفہ کاملہ کی بیالیسویں دعا کا پڑھنا بہتر ہے اور اگر کوئی شخص اسکی بجائے مختصر دعا پڑھنا چاہے تو وہ یہ دعا پڑھے جو شیخ نے حضرت امیرالمومنین -سے نقل کی ہے:

اللّٰھمّ اشْرحْ بِالْقرْآنِ صدْرِی واسْتعْمِلْ بِالْقرْآنِ بدنِی، ونوّرْ بِالْقرْآنِ بصرِی،

اے معبود ! میرے سینے کو قرآن کے ذریعے کشادہ کر دے، میرے بدن کو قرآن پر عمل پیرا بنا دے، میری آنکھوں کوقرآن سے روشن کر دے
وأطْلِقْ بِالْقرآنِ لِسانِی، وأَعِنِّی علیْہِ ما أَبْقیْتنِی ف إِنّہ لا حوْل ولا قوّۃ إلاّ بِک ۔
اور میری زبان کو قرآن کیلئے رواں کر دے اور جب تک مجھے زندہ رکھے اس میں میرا مددگار رہ کہ نہیں کوئی حرکت وقوت مگر جو تیری طرف سے ہے
نیز یہ دعا پڑھے جو امیرالموٴمنین- سے منقول ہے: اللّٰھمَّ إِنِّی أسْألک إخْبات الْمخْبِتِین و
اے معبود! میں تجھ سے دل لگانیوالوں کی توجہ مانگتا ہوں اور یقین رکھنے والوں کا
إخْلاص الْموقِنِین، ومرافقۃ الْا بْرار، واسْتِحْقاق حقائِقِ الْإِیمانِ، والْغنِیمۃ مِنْ
خلوص، نیکوکاروں کی ہمراہی، کا سئوال کرتا ہوں اور ایمان کی حقیقتوں تک رسائی، ہر نیکی میں اپنی حصے داری اور ہر گناہ سے بچے رہنے
کلِّ بِرٍّ، والسّلامۃ مِنْ کلِّ إِثْمٍ، ووجوب رحْمتِک، وعزائِم مغْفِرتِک، والْفوْز
کی صلاحیت کا خواہاں ہوں نیز اپنے لیے تیری رحمت کے لازمی ہونے، تیری طرف سے اپنی بخشش کے یقینی ہونے، جنت میں
بِالْجنّۃِ، والنّجاۃ مِن النّار
داخل ہونے اور جہنم سے رہائی کا سوال کرتا ہوں ۔

خاتمہ

ماہ رمضان کی راتوں کی نمازیں اور دنوں کی دعائیں

ماہ رمضان کی راتوں کی نمازیں

علامہ مجلسی (رح) نے زاد المعاد کی آخری فصل میں ماہ رمضان کی راتوں کی نماز اور دنوں کی خاص دعاؤں کا ذکر کیا ہے ۔یہاں ہم انہی بزگوار کے فرمودات نقل کرنے پر اکتفا کرتے ہیں ۔
پہلی رات کی نماز: یہ چار رکعت ہے جسکی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد پندرہ مرتبہ سورہ توحید پڑھے:
دوسری رات کی نماز: یہ چار رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعدبیس مرتبہ سورہ قدر پڑھے:
تیسری رکعت کی نماز: یہ دس رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعدپچاس مرتبہ سورہ توحید پڑھے:
چوتھی رات کی نماز: یہ آٹھ رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعدبیس مرتبہ سورہ قدر پڑھے:
پانچویں رات کی نماز: یہ دو رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد پچاس مرتبہ سورہ توحید اور سلام کے بعد سو مرتبہ صلوات پڑھے:
چھٹی رات کی نماز: یہ چار رکعت نماز ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ ملک پڑھے:

ساتویں رات کی نماز: یہ چار رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تیرہ مرتبہ سورہ قدر پڑھے:

آٹھویں رات کی نماز: یہ دو رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورہ توحید پڑھے اور سلام کے بعدہزار مرتبہ سبْحان اللہ کہے:

نویں رات کی نماز: یہ مغرب و عشا کے درمیان چھ رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعدسات مرتبہ آیۃ الکرسی اور سلام کے بعد پچاس مرتبہ صلوات پڑھے :

دسویں رات کی نماز: یہ بیس رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تیس مرتبہ سور ہ توحید پڑھے:

گیارہویں رات کی نماز: یہ دو رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد بیس مرتبہ سورہ کوثر پڑھے:

بارہویں رات کی نماز: یہ آٹھ رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تیس مرتبہ سورہ قدر پڑھے:

تیرہویں رات کی نماز: یہ چار رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد پچیس مرتبہ سورہ توحید پڑھے:

چودہویں رات کی نماز: یہ چھ رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تیس مرتبہ سورہ زلزال پڑھے:

پندرہویں رات کی نماز: یہ چار رکعت ہے جس کی پہلی دو رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سو مرتبہ سورہ توحید پڑھے اور دوسری دو رکعت میں سورہ الحمد کے بعد پچاس پچاس مرتبہ سورہ توحید پڑھے:

سولہویں رات کی نماز: یہ بارہ رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد بارہ مرتبہ سورہ تکاثر پڑھے:

سترہویں رات کی نماز: یہ دو رکعت ہے جس کی پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعدکوئی ایک سورہ اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سو مرتبہ سورہ توحید پڑھے اور سلام کے بعد سو مرتبہ لا الہ الا اللہ کہے:

اٹھارہویں رات کی نماز: یہ چار رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد پچیس مرتبہ سورہ کوثر پڑھے:

انیسویں رات کی نماز: یہ پچاس رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد پچاس مرتبہ سورہ زلزال پڑھے تاہم ظاہراً اس سے مراد یہ ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورہ زلزال پڑھے کیونکہ ایک رات میں پچیس سو مرتبہ سورہ زلزال پڑھنا بہت مشکل ہے :

بیسویں ، اکیسویں ، بائیسویں ، تئیسویں اور چوبیسویں رات کی نماز: ان راتوں میں سے ہر ایک میں آٹھ رکعت نماز ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد جو سورہ چاہے پڑھے:

پچیسویں رات کی نماز:یہ آٹھ رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعددس مرتبہ سورہ توحید پڑھے:

چھبیسویں رات کی نماز: یہ آٹھ رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سو مرتبہ سورہ توحید پڑھے:

ستائیسویں رات کی نماز: یہ چار رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ ملک پڑھے اگر یہ نہ ہوسکے تو پچیس مرتبہ سورہ توحید پڑھے:
اٹھائیسویں رات کی نماز: یہ چھ رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سو مرتبہ آیۃ الکرسی ، سو مرتبہ سورہ توحید اور سو مرتبہ سورہ کوثر پڑھے اور بعد از نماز سو مرتبہ صلوات پڑھے:
مؤلف کہتے ہیں کہ میری دانست میں اٹھائیسویں رات کی نماز چھ رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس مرتبہ آیۃ الکرسی ۔ دس مرتبہ سورہ کوثر اور دس مرتبہ سورہ توحید پڑھے اور نماز کے بعدسو مرتبہ پر محمد (ص) و آل محمد(ص) پر صلوات بھیجے:
انتیسویں رات کی نماز: یہ دو رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد بیس مرتبہ سورہ توحید پڑھے:
تیسویں رات کی نماز: یہ بارہ رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد بیس مرتبہ سورہ توحید پڑھے اور بعد از نماز سو مرتبہ صلوات پڑھے:
واضح رہے کہ یہ سب نمازیں دو، دو رکعت کر کے ایک تشہد و سلام کیساتھ پڑھی جاتی ہیں

ماہ رمضان کے دنوں کی دعائیں

ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا کہ ماہ رمضان کا ہر روزہ اپنی جگہ فضیلت رکھتا ہے ، لیکن ہر دن کی مخصوص دعا پڑھنے سے اسکی عظمت دو چند ہوجاتی ہے ۔
آنحضرت نے رمضان مبارک کے دنوں میں پڑھی جانے والی دعاؤں کی فضیلت بھی بیان فرمائی ہے ۔ مگر یہاں ہم صرف ہر دن کی دعا ہی کا ذکر کریں گے۔

پہلے دن کی دعا:اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صِیامِی فِیہِ صِیامَ الصّائِمِینَ وقِیامِی فِیہِ قِیامَ الْقائِمِینَ
اے معبود! میرا آج کا روزہ حقیقی روزے داروں جیسا قرار دے میری عبادت کوسچے عبادت گزاروں
ونَبِّھْنِی فِیہِ عَنْ نَوْمَۃِ الْغافِلِینَ، وھَبْ لِی جُرْمِی فِیہِ یا إلہَ الْعالَمِینَ، واعْفُ عَنِّی
جیسی قرار دے آج مجھے غافل لوگوں جیسی نیند سے بیدار کردے اور آج میرے گناہ بخش دے اے جہانوں کے پالنے والے اورمجھ سے درگزر کر
یا عافِیاً عَنِ الْمُجْرِمِینَ ۔
اے گناہگاروں سے درگزر کرنے والے
دوسرے دن کی دعا:اَللّٰھُمَّ قَرِّبْنِی فِیہِ إلی مَرْضاتِکَ وجَنِّبْنِی فِیہِ مِنْ سَخَطِکَ ونَقِماتِکَ
اے معبود !آج کے دن مجھے اپنی رضاؤں کے قریب کر دے آج کے دن مجھے اپنی ناراضي اور اپنی سزاؤں سے
ووَفِّقْنِی فِیہِ لِقِرائَۃِ آیاتِکَ، بِرَحْمَتِکَ یا أَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ ۔
بچائے رکھ اور آج کے دن مجھے اپنی آیات پڑھنے کی توفیق دے اپنی رحمت سے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

تیسرے دن کی دعا:اللّٰہمّ ارْزقْنِی فِیہِ الذِّھْن والتّنْبِیہ، وباعِدْنِی فِیہِ مِن السّفاھۃِ
اے معبود! آج کے دن مجھے ہوشاور آگاہی عطا فرما مجھے ہر طرح کی نا سمجھی اور بے راہ روی سے
والتّمْوِیہ، واجْعلْ لِی نصِیباً مِنْ کلِّ خیْرٍ تنْزل فِیہِ، بِجودِک یا أجْود الْاجْودِین
بچا کے رکھ اور مجھ کو ہر اس بھلائی میں سے حصہ دے جو آج تیری عطاؤں سے نازل ہو اے سب سے زیادہ عطا کرنے والے۔
چوتھے دن کی دعا: اللّٰہمّ قوِّنِی فِیہِ علی إقامۃِ أمْرِک وأذِقْنِی فِیہِ حلاوۃ ذِکْرِک وأوْزعْنِی
اے معبود! آج کے دن مجھے قوت دے کہ تیرے حکم کی تعمیل کروں اس میں مجھے اپنے ذکر کی مٹھاس کا مزہ عطا کرآج کے دن
فِیہِ لِاداءِ شکْرِک بِکرمِک واحْفظْنِی فِیہِ بِحِفْظِک وستْرِک یا أبْصر النّاظِرِین
اپنے کرم سے مجھے اپنا شکر ادا کرنے کی توفیق دے مجھے اپنی نگہداری اور پردہ پوشی کی حفاظت میں رکھ اے دیکھنے والوں میں زیادہ دیکھنے والے۔
پانچویں دن کی دعا: اللّٰہمّ اجْعلْنِی فِیہِ مِن الْمسْتغْفِرِین، واجْعلْنِی فِیہِ مِنْ عِبادِک
اے معبود! آج کے دن مجھے بخشش مانگنے والوں میں سے قرار دے آج کے دن مجھے اپنے نیکوکار عبادت گزار بندوں
الصّالِحِین الْقانِتِین واجْعلْنِی فِیہِ مِنْ أوْ لِیائِک الْمقرّبِین بِرأفتِک یا أرْحم الرّاحِمِین
میں سے قرار دے اور آج کے دن مجھے اپنے نزدیکی دوستوں میں سے قرار دے اپنی محبت سے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے
چھٹے دن کی دعا: اللّٰہمّ لا تخْذلْنِی فِیہِ لِتعرّضِ معْصِیتِک ولا تضْرِبْنِی بِسِیاطِ نقِمتِک
اے معبود! آج کے دن مجھے چھوڑ نہ دے کہ تیری نا فرمانی میں لگ جاؤں اور نہ مجھے اپنے غضب کا تازیانہ مار
وزحزِحْنِی فِیہِ مِنْ موجِباتِ سخطِک، بِمنِّک وأیادِیک یا منْتہی رغْبۃِ الرّاغِبِین
آج کے دن مجھے اپنے احسان و نعمت سے مجھے اپنی ناراضی کے کاموں سے بچائے رکھ اے رغبت کرنے والوں کی آخری امید گاہ۔
ساتویں دن کی دعا:اللّٰہمّ أعِنِّی فِیہِ علی صِیامِہِ وقِیامِہِ، وجنِّبْنِی فِیہِ مِنْ ھفواتِہِ
اے معبود! آج کے دن مجھے روزہ رکھنے اور عبادت کرنے میں مدد دے اور اس میں مجھے بے کار باتوں اور گناہوں سے
وآثامِہِ، وارْزقْنِی فِیہِ ذِکْرک بِدوامِہِ، بِتوْفِیقِک یا ھادِی الْمضِلِّین ۔
بچائے رکھ اور اس میں مجھے یہ توفیق دے کہ ہمیشہ تیرے ذکر و فکر میں رہوں اے گمراہوں کو ہدایت دینے والے۔
آٹھویں دن کی دعا:اللّٰہمّ ارْزقْنِی فِیہِ رحْمۃ الْایْتامِ و إطْعام الطّعامِ و إفْشاءَ السّلامِ
اے معبود! آج کے دن مجھے یتیموں پر رحم کرنے، ان کو کھانا کھلانے اور کھلے دل سب کو سلام کہنے
وصحْبۃ الْکِرامِ، بِطوْلِک یا ملْجأ الْآمِلِین
اور شرفائ کے پاس بیٹھنے کی توفیق دے اپنے فضل سے اے آرزومندوں کی پناہ گاہ ۔
نویں دن کی دعا:اللّٰہمّ اجْعلْ لِی فِیہِ نصِیباً مِنْ رحْمتِک الْواسِعۃِ واھْدِنِی فِیہِ لِبراھِینِک

اے معبود! آج کے دن مجھے اپنی وسیع رحمت میں سے بہت زیادہحصہ دے اس میں مجھ کو اپنے روشن
السّاطِعۃِ، وخذْ بِناصِیتِی إلی مرْضاتِک الْجامِعۃِ، بِمحبّتِک یا أمل الْمشْتاقِین۔
دلائل کی ہدایت فرما اور میری مہار پکڑ کے مجھے اپنی ہمہ جہتی رضاؤں کی طرف لے جا اپنی محبت سے اے شوق رکھنے والوں کی آرزو۔
دسویں دن کی دعا:اللّٰھمّ اجْعلْنِی فِیہِ مِن الْمتوکِّلِین علیْک، واجْعلْنِی فِیہِ مِن الْفائِزِین
اے معبود! آج کے دن مجھے ان لوگوں میں رکھ جو تجھ پر بھروسہ کرتے ہیں اس میں مجھے ان میں قرار دے جو تیرے حضور
لدیْک، واجْعلْنِی فِیہِ مِن الْمقرّبِین إلیْک، بِ إحْسانِک یا غایۃ الطّالِبِین
کامیاب ہیں اور اس میں اپنے احسان و کرم سے مجھے اپنے نزدیکی لوگوں میں قرار دے اے طلبگاروں کے مقصود ۔
گیارہویں دن کی دعا:اللّٰھمّ حبِّبْ إلیّ فِیہِ الْاِحْسان وکرِّہْ إلیّ فِیہِ الْفسوق والْعِصْیان
اے معبود! آج کے دن نیکی کو میرے لئے پسندیدہ فرما دے اس میں گناہ و نا فرمانی کو میرے لئے نا پسندیدہ بنا دے
وحرِّمْ علیّ فِیہِ السّخط والنِّیران، بِعوْنِک یا غِیاث الْمسْتغِیثِین
اور اس میں غیظ و غضب کو مجھ پر حرام کر دے اپنی حمایت کے ساتھ اے فریادیوں کے فریاد رس۔
بارہویں دن کی دعا:اللّٰھمّ زیِّنِّی فِیہِ بِالسِّتْرِ والْعفافِ، واسْترْنِی فِیہِ بِلِباسِ الْقنوعِ
اے معبود! آج کے دن مجھے پردے اور پاکدامنی سے زینت دے اس میں مجھے قناعت اور خود داری کے لباس
والْکفافِ واحْمِلْنِی فِیہِ علی الْعدْلِ والْاِنْصافِ وآمِنِّی فِیہِ مِنْ کلِّ ما أخاف
سے ڈھانپ دے اس میں مجھے عدل و انصاف پر آمادہ فرما اور اس میں مجھے اپنی پناہ کے ساتھ ان چیزوں سے امن دے
بِعِصْمتِک یا عِصْمۃ الْخائِفِین ۔
جن سے ڈرتا ہوں اے ڈرنے والوں کی پناہ ۔
تیرہویں دن کی دعا: اللّٰھمّ طھِّرْنِی فِیہِ مِن الدّنسِ والْاقْذارِ وصبِّرْنِی فِیہِ علی کائِناتِ
اے معبود! آج کے دن مجھ کو میل کچیل سے پاک و صاف رکھ اس میں مجھے مقدر شدہ مشکلات پر صبر
الْاقْدارِ، ووفِّقْنِی فِیہِ لِلتّقی وصحْبۃِ الْا بْرارِ، بِعوْنِک یا قرّۃ عیْنِ الْمساکِینِ ۔
عطا فرما اور آج اپنی مدد کے ساتھ مجھ کوپرہیزگاری اور نیکوکاروں کے ساتھ رہنے کی توفیق دے اے بے چاروں کي خنکی چشم۔
چودھویں دن کی دعا:اللّٰھمّ لا تؤاخِذْنِی فِیہِ بِالْعثراتِ وأقِلْنِی فِیہِ مِن الْخطایا والْھفواتِ
اے معبود! آج کے دن لغزشوں پر میری گرفت نہ فرما اس میں میری خطاؤں اور فضول باتوں سے درگزر کر اور آج مجھ
ولا تجْعلْنِی فِیہِ غرضاً لِلْبلایا والْافاتِ، بِعِزّتِک یا عِزّ الْمسْلِمِین ۔
کو مشکلوں اور مصیبتوں کا نشانہ قرار نہ دے بواسطہ اپنی عزت کے اے مسلمانوں کی عزت۔

پندرہویں دن کی دعا: اللّٰہمّ ارْزقْنِی فِیہِ طاعۃ الْخاشعِین، واشْرحْ فِیہِ صدْری بِ إنابۃِ
اے معبود! آج کے دن مجھے خاشعین کی سی اطاعت نصیب فرمااور اس میں دلدادہ لوگوں ایسی بازگشت کیلئے میرا سینہ
الْمخْبِتِین، بِأمانِک یا أمان الْخائِفِین ۔
کھول دے اپنی پناہ کے ساتھ اے خوف زدوں کی پناہ۔
سولہویں دن کی دعا: اللّٰہمّ وفِّقْنِی فِیہِ لِموافقۃِ الْا بْرارِ، وجنِّبْنِی فِیہِ مرافقۃ الْاشْرارِ
اے معبود! آج کے دن مجھے نیکوں سے سنگت کرنے کی توفیق عطا فرما اس میں مجھ کو بروں کے ساتھ سے بچائے رکھ
وآوِنِی فِیہِ بِرحْمتِک إلی دارِ الْقرارِ، بِ إلھِیّتِک یا إلہ الْعالمِین ۔
اور اس میں اپنی رحمت سے مجھے دار القرار میں جگہ عطا فرما بواسطہ اپنی معبودیت کے اے جہانوں کے معبود۔
سترہویں دن کی دعا: اللّٰہمّ اھْدِنِی فِیہِ لِصالِحِ الْاعْمالِ، واقْضِ لِی فِیہِ الْحوائِج والْآمال
اے معبود! آج کے دن مجھے نیک اعمال بجالانے کی ہدایت دے اور اس میں میری حاجتیں اور
یا منْ لا یحْتاج إلی التّفْسِیرِ والسّؤالِ، یا عالِماً بِما فِی صدورِ الْعالمِین، صلِّ
خواہشیں پوری فرما اے وہ جو سوال کرنے اور ان کی تشریح کا محتاج نہیں اے ان باتوں کے جاننے والے جو اہل عالم کے
علی محمّدٍ وآلِہِ الطّاھِرِین ۔
سینوں میں ہیں محمد(ص) اور ان کی پاکیزہ آل(ع) پر رحمت نازل فرما ۔
اٹھارہویں دن کی دعا:اللّٰہمّ نبِّہْنِی فِیہِ لِبرکاتِ أسْحارِہِ، ونوِّرْ فِیہِ قلْبِی بِضِیاءِ
اے معبود! آج کے دن مجھ کو اس مہینے کی سحریوں کی برکتوں سے آگاہ کر اس میں میرے دل کو اسکی روشنیوں سے چمکا دے اور اس میں
أنْوارِہِ، وخذْ بِکلِّ أعْضائِی إلی اتِّباعِ آثارِہِ، بِنورِک یا منوِّر قلوبِ الْعارِفِین ۔
میرے اعضائ کو اس ماہ کے احکام پر عمل کرنے کیطرف لگا دے بواسطہ اپنے نور کے اے پہچان والوں کے دلوں کو روشن کرنیوالے۔
انیسویں دن کی دعا:اللّٰہمّ وفِّرْ فِیہِ حظِّی مِنْ برکاتِہِ، وسھِّلْ سبِیلِی إلی خیْراتِہِ، ولا
اے معبود! آج کے دن اس ماہ کی برکتوں میں میرا حصہ بڑھا دے اس کی بھلائیوں کیلئے میرا راستہ آسان فرما اور میری
تحْرِمْنِی قبول حسناتِہِ، یا ھادِیاً إلی الْحقِّ الْمبِینِ ۔
نیکیوں کی قبولیت سے مجھے محروم نہ کر اے روشن حق کی طرف ہدایت کرنے والے۔
بیسویں دن کی دعا:اللّٰہمّ افْتحْ لِی فِیہِ أبْواب الْجِنانِ، وأغْلِقْ عنِّی فِیہِ أبْواب النِّیرانِ
اے معبود! آج میرے لئے جنت کے دروازے کھول دے اور آج مجھ پر جہنم کے دروازے بند فرما دے اور آج مجھے
ووفِّقْنِی فِیہِ لِتِلاوۃِ الْقرآنِ، یا منْزِل السّکِینۃِ فِی قلوبِ الْمؤْمِنِین ۔
قرآن پڑھنے کی توفیق دے اے ایمان داروں کے دلوں کو تسلی بخشنے والے۔
اکیسویں دن کی دعا:اللّٰہمّ اجْعلْ لِی فِیہِ إلی مرْضاتِک دلِیلاً، ولا تجْعلْ لِلشّیْطانِ

اے معبود! آج کے دن اپنی رضاؤں کی طرف میری رہنمائی کا سامان کر اور اس میں شیطان کو مجھ پر کسی طرح
فِیہِ علیّ سبِیلاً، واجْعلِ الْجنّۃ لِی منْزلاً ومقِیلاً، یا قاضِی حوائِجِ الطّالِبِین ۔
کا اختیار نہ دے اور جنت کو میرا مقام اور ٹھکانہ قرار دے اے طلبگاروں کی حاجتیں پوری کرنے والے ۔
بائیسویں دن کی دعا: اللّٰھمّ افْتحْ لِی فِیہِ أبْواب فضْلِک، وأنْزلْ علیّ فِیہِ برکاتِک
اے معبود! آج کے دن میرے لئے اپنے کرم کے دروازے کھول دے اس میں مجھ پر اپنی برکتیں نازل فرما
ووفِّقْنِی فِیہِ لِموجِباتِ مرْضاتِک و أسْکِنّی فِیہِ بحْبوحاتِ جنّاتِک یا مجِیب دعْوۃِ
اس میں مجھے اپنی رضاؤں کے ذرائع اختیار کرنے کی توفیق دے اور اس میں مجھ کومرکز بہشت میں سکونت عنایت فرما اے بے قرار
الْمضْطرّین ۔
لوگوں کی دعائیں قبول فرمانے والے۔
تئیسویں دن کی دعا:اللّٰھمّ اغْسِلْنِی فِیہِ مِن الذّنوبِ وطہِّرْنِی فِیہِ مِن الْعیوبِ وامْتحِنْ
اے معبود! آج کے دن میرے گناہوں کو دھو ڈال میرے عیوب و نقائص دور فرما دے اور اس میں
قلْبِی فِیہِ بِتقْوی الْقلوبِ، یا مقِیل عثراتِ الْمذْنِبِین ۔
میرے دل کو آزما کر اہل تقویٰ کا درجہ دے اے گناہگاروں کی لغزشیں معاف کرنے والے ۔
چوبیسویں دن کی دعا: اللّٰھمّ إنِّی أسْألک فِیہِ ما یرْضِیک وأعوذ بِک مِمّا یؤْذِیک وأسْألک
اے معبود! آج کے دن میں وہ چیز مانگتا ہوں جو تجھے پسند ہے اور اس چیز سے پناہ لیتا ہوں جو تجھے نا پسند ہے اور اس میں تجھ
التّوْفِیق فِیہِ لِانْ أطِیعک ولا أعْصِیک، یا جواد السّائِلِین ۔
سے توفیق مانگتا ہوں تاکہ میں فرمانبرداری کروں اور تیری نا فرمانی نہ کروں اے سائلوں کو بہت عطا کرنے والے ۔
پچیسویں دن کی دعا:اللّٰھمّ اجْعلْنِی فِیہِ محِبّاً لِاوْلِیائِک ومعادِیاً لِاعْدائِک، مسْتنّاً بِسنّۃِ
اے معبود! آج کے دن مجھے اپنے دوستوں کا دوست قرار دے اور اپنے دشمنوں کا دشمن نیز مجھے اپنے نبیوں کے خاتم کی
خاتمِ أنْبِیائِک، یا عاصِم قلوبِ النّبِیِّین ۔
سنت پر قائم رکھ اے نبیوں کے دلوں کی نگہداری کرنے والے۔
چھبیسویں دن کی دعا:اللّٰھمّ اجْعلْ سعْیِی فِیہِ مشْکوراً، وذ نْبِی فِیہِ مغْفوراً، وعملِی
اے معبود! آج کے دن میری کوشش کو پسندیدہ قرار دے اس میں میرے گناہ کو معاف اور اس میں
فِیہِ مقْبولاً، وعیْبِی فِیہِ مسْتوراً، یا أسْمع السّامِعِین ۔
میرے عمل کو مقبول اور اس میں میرے عیب کو چھپا ہوا قرار دے اے سب سے زیادہ سننے والے۔

ستائیسویں دن کی دعا:اللّٰھمّ ارْزقْنِی فِیہِ فضْل لیْلۃِ الْقدْر وصیِّرْ أموری فِیہِ مِن الْعسْر
اے معبود! آج کے دن مجھے شب قدر کا فضل نصیب فرمادے اس میں میرے معاملوں کو مشکل سے آسان بنا دے
إلی الْیسْر واقْبلْ معاذِیری، وحطّ عنِّی الذّنْب والْوزْر، یا رؤوفاً بِعِبادِہِ الصّالِحِین
اور میرا عذر و معذرت قبول کر لے اور میرا گناہ معاف اور بوجھ دور کردے اے اپنے نیکوکاربندوں کے ساتھ مہربانی کرنے والے۔
اٹھائیسویں دن کی دعا:اللّٰھمّ وفِّرْ حظِّی فِیہِ مِن النّوافِلِ وأکْرِمْنِی فِیہِ بِ إحْضار الْمسائِلِ
اے معبود! آج کے دن نفلی عبادت سے مجھے بہت زیادہ حصہ دے اور اس میں مجھے مسائل دین یاد کرنے سے عزت دے اور اس
وقرِّبْ فِیہِ وسِیلتِی إلیْک مِنْ بیْنِ الْوسائِلِ، یا منْ لا یشْغلہ إلْحاح الْملِحِّین ۔
میں تمام وسیلوں میں سے میرے وسیلے کو اپنے حضور قریب تر فرما اے وہ ذات جسے اصرار کرنے کا اصرار دوسروں سے غافل نہیں کرتا
انتیسویں دن کی دعا:اللّٰھمّ غشِّنِی فِیہِ بِالرّحْمۃِ، وارْزقْنِی فِیہِ التّوْفِیق والْعِصْمۃ، وطھِّرْ
اے معبود! آج کے دن مجھے رحمت سے ڈھانپ دے اس میں مجھے نیکی کی توفیق اور برائی سے تحفظ نصیب فرما اور میرے
قلْبِی مِنْ غیاھِبِ التّھمۃِ، یا رحِیماً بِعِبادِہِ الْمؤْمِنِین ۔
دل کو تہمت تراشی کی تاریکیوں سے پاک کردے اے اپنے ایماندار بندوں پر بہت مہربان۔
تیسویں دن کی دعا:اللّٰھمّ اجْعلْ صِیامِی فِیہِ بِالشّکْرِ والْقبولِ علی ما ترْضاہ ویرْضاہ
اے معبود! میرے اس ماہ کے روزوں کو پسندیدہ اور قبول کیئے ہوئے قرار دے اس صورت میں جس کو تو اور تیرارسول (ص)
الرّسول، محْکمۃً فروعہ بِالْأصولِ، بِحقِّ سیِّدِنا محمّدٍ وآلِہِ الطّاھِرِین
پسند فرماتا ہے کہ اس کے فروع اس کے اصول سے پختہ تعلق رکھتے ہوں بواسطہ ہمارے سردار حضرت محمد (ص) اور ان کی پاکیزہ آل (ع) کے
والْحمْد لِلّٰہ ربِّ الْعالمِین ۔
اور حمد ہے خدا کیلئے جو جہانوں کارب ہے ۔
مؤلف کہتے ہیں کہ ان دعاؤں کی تقدیم و تاخیر اور ان کی عبارتوں میں اختلاف ہے ۔
لیکن جن روایتوں میں اختلاف کا تذکرہ ہوا ہے ہم ان کو معتبر نہیں سمجھتے ، لہذا ہم نے ان کا ذکر نہیں کیا ۔ کفعمی نے ستائیسویں دن کی دعا کو انتیسویں دن کی دعا قرار دیا ہے تا مذہب شیعہ کے موافق اس کا تیسویں دن پڑھنا بھی بعید نہیں ہے۔

(چوتھی فصل) - ماہ شوال کے اعمال

اعمال شب عید فطر

یکم شوال کی رات با برکت راتوں میں سے ہے، اس کی فضیلت، بیداری، عبادت اور ثواب سے متعلق بہت سی احادیث وارد ہوئیں ہیں ، حضرت رسول سے مروی ہے کہ یہ رات مرتبے میں شب قدر سے کچھ کم نہیں اور اس میں چند ایک اعمال ہیں

(١) غروب آفتاب کے وقت غسل کرے ۔

(٢) شب بیداری یعنی نماز، دعا، استغفار اور خدا سے طلب حاجات کرتے ہوئے مسجد میں جاگ کر رات گزارے۔

(٣) نماز مغرب ، عشائ، فجر اور نماز عید کے بعد یہ تکبیریں پڑھے:

اللہ أكْبر اللہ أكْبر لا إلہ إلاّ اللہ واللہ أكْبر اللہ أكْبر و لِلّہِ الْحمْد الْحمْد لِلّہِ

خدا بزرگتر ہے خدا بزرگتر ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں خدا بزرگتر ہے خدا بزرگتر ہے اور خدا کیلئے حمد ہے حمد ہے خدا کیلئے

على ما هدانا ، ولہ الشّكْر على ما أوْلانا

اس پر کہ ہمیں ہدایت دی اوراس کا شکر ہے اس پر جو کچھ اس نے ہمیں بخشا۔

(۴) نماز مغرب فرائض و نافلہ کے بعد ہاتھوں کو بلند کر کے کہے:

يا ذا الْمنّ والطّوْلِ، يا ذا الْجودِ، يا مصْطفِي محمّدٍ وناصِره صلّ على محمّدٍ

اے فضل و احسان والے اے عطا کرنے والے اے حضرت محمد(ص) کو منتخب کرنے والے اور ان کے حامی محمد(ص) و آل محمد(ص) پر

وآلِ محمّدٍ واغْفِرْ لِى كلّ ذنْبٍ أحْصيْتہ وهو عِنْدک فِى كِتابٍ مبِينٍ

رحمت نازل فرمااور میرے تمام گناہ بخش دے جو تیرے ہاں شمار ہو چکے ہوں کہ وہ اس کھلی کتاب میں درج ہیں جو تیرے پاس ہے۔

اس کے بعد سجدے میں جاکر سو مرتبہ کہے: اتوْب اِلى اللہِ پس اب خدا سے جو حاجت بھی طلب کرے انشائ اللہ پوری ہوگی۔

شیخ نے روایت کی ہے کہ نماز مغرب سے فراغت کے بعد سجدے میں جائے اور یہ پڑھے:

يا ذا الْحوْلِ يا ذا الطّوْلِ يا مصْطفِياً محمّداً وناصِره صلّ على محمّدٍ وآلِ محمّدٍ

اے حرکت دینے والے اے سخاوت والے اے حضرت محمد(ص) کو منتخب کرنے والے اور ان کے حامی محمد(ص) و آل(ع) محمد(ص) پر رحمت نازل فرما

واغْفِرْ لِى كلّ ذنْبٍ أذْنبْتہ ونسِيتہ أنا وهو عِنْدک فِى كِتابٍ مبِينٍ اسکے بعد سو مرتبہ کہے:

اور میرے وہ سبھی گناہ بخش دے جو میں نے کئے اور انہیں بھول گیا ہوں اور وہ گناہ تیری روشن کتاب میں درج ہیں

اتوْب اِلى اللہِ

خدا کے حضور توبہ کرتا ہوں

(۵) امام حسین -کی زیارت پڑھے ۔ کہ اس کی فضیلت بہت زیادہ ہے اور آج کی رات امام حسین- کی مخصوص زیارت باب زیارت میں آئے گی ۔

(۶) شب جمعہ کے اعمال میں مذکورہ دعا یا دائم الفضل ..... دس مرتبہ پڑھے ۔

(۷) دس رکعت نماز پڑھے جس کا ذکر ماہ رمضان کی آخری شب کے اعمال میں ہو چکا ہے ۔
(۸) دو رکعت نماز ادا کرے جس کی پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورہ توحید پڑھے، اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورہ توحید پڑھے نماز کا سلام دینے کے بعد سر سجدے میں رکھے اور سو مرتبہ کہے :
أتوب إلی اللهِ پھر کہے :یا ذا الْمنّ والْجودِ، یا ذا الْمنّ والطّوْلِ، یا مصْطفِی محمّدٍ
خدا کے حضور توبہ کرتا ہوں اے احسان و عطا والے اے احسان وبخشش والے اے حضرت محمد کو منتخب وبرگزیدہ
صلّی الله علیْہِ وآلِہِ صلِّ علی محمّدٍ وآلِہِ وافْعلْ بِی کذا وکذا
کرنے والے محمد(ص) اور ان کی آل(ع) پر رحمت نازل فرما اور میرے لئے یہ اور یہ کردے
وافْعلْ بِی کذا کی بجائے اپنی حاجت طلب کرے۔
روایت ہے کہ امیر المؤمنین -یہ نماز اسی طریقے سے بجالاتے تھے اور جب سر سجدے سے اٹھاتے تو فرماتے کہ اس خدا کے حق کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے جو بھی شخص یہ نماز پڑھ کر خدا سے اپنی کوئی حاجت طلب کرے گا تو وہ یقینا پوری ہوگی اور اسکے گناہ اگر ریت کے ذرات کے برابر بھی ہوں تو معاف کر دیئے جائیں گے۔
ایک اور روایت میں اس نماز کی پہلی رکعت میں ایک ہزار کی بجائے ایک سو مرتبہ سورہ توحید پڑھنے کا ذکر آیا ہے لیکن اس صورت میں اس نماز کو نافلہ مغرب کے بعد بجا لانا ہوگا۔ شیخ و سید نے اس نماز کے بعد پڑھنے کے لیے یہ دعا نقل کی ہے:
یا الله یا الله یا الله، یا رحْمن یا الله، یا رحِیم یا الله، یا ملِک یا الله، یا قدّوس
اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے بڑے مہربان اے اللہ اے بڑے رحم والے اے اللہ اے بادشاہ اے اللہ اے پاکیزہ
یا الله یا سلام یا الله، یا مؤْمِن یا الله، یا مھیْمِن یا الله، یا عزیز یا الله، یا جبّار
اے اللہ اے کامل اے اللہ اے امن دینے والے اے اللہ اے نگہدار اے اللہ اے غالب اے اللہ اے دبدبہ والے
یا الله، یا متکبِّر، یا الله، یا خالِق، یا الله، یا بارِی، یا الله، یا مصوّر، یا الله
اے اللہ اے بڑائی والے اے اللہ اے بنانیوالے اے اللہ اے پیدا کرنے والے اے اللہ اے صورت بنانیوالے اے اللہ
یا عالِم یا الله، یا عظِیم یا الله، یا علِیم یا الله، یا کریم یا الله، یا حلِیم یا الله
اے جاننے والے اے الله اے بزرگی والے اے اللہ اے دانا اے اللہ اے کرم کرنے والے اے اللہ اے بردبار اے اللہ
یا حکِیم یا الله، یا سمِیع یا الله، یا بصِیر یا الله، یا قریب یا الله، یا مجِیب یا
اے حکمت والے اے اللہ اے سننے والے اے اللہ اے دیکھنے والے اے اللہ اے نزدیک اے اللہ اے قبول کرنے والے اے
الله یا جواد یا الله یا ماجِد یا الله، یا ملِیّ یا الله، یا وفِیّ یا الله، یا موْلی یا الله
اللہ اے بہت عطا والے اے اللہ اے شان والے اے اللہ اے دوست اے اللہ اے وفاوالے اے اللہ اے حاکم اے اللہ
یا قاضِی یا الله، یا سریع یا الله، یا شدِید یا الله، یا رؤوف یا الله، یا رقِیب

اے فیصلہ کرنے والے اے اللہ اے تیزتر اے اللہ اے سخت گیر اے اللہ اے مہربانی والے اے اللہ اے نگہبان
یا اللّٰہ یا مجِید یا اللّٰہ، یا حفِیظ یا اللّٰہ، یا محِیط یا اللّٰہ، یا سیِّد السّادات یا اللّٰہ،
اے اللہ اے بزرگی والے اے اللہ اے نگہدار اے اللہ اے گھیرنے والے اے اللہ اے سرداروں کے سردار اے اللہ
یا أوّل یا اللّٰہ، یا آخِر یا اللّٰہ، یا ظاھِر یا اللّٰہ، یا باطِن یا اللّٰہ، یا فاخِر یا اللّٰہ
اے اول اے اللّٰہ اے آخر اے اللّٰہ اے ظاہراے اللّٰہ اے باطن اے اللہ اے فخر والے اے اللہ
یا قاھِر یا اللّٰہ یا ربّاہ یا اللّٰہ یا ربّاہ یا اللّٰہ، یا ربّاہ یا اللّٰہ، یا ودود یا اللّٰہ، یا نور
اے غلبہ والے اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے دوستی والے اے اللہ اے روشن
یا اللّٰہ یا رافِع یا اللّٰہ یا مانِع یا اللّٰہ، یا دافِع یا اللّٰہ، یا فاتِح یا اللّٰہ، یا نفّاح
اے اللہ اے بلند کرنے والے اے اللہ اے روکنے والے اے اللہ اے ہٹانے والے اے اللہ اے کھولنے والے اے اللہ اے نفع
یا اللّٰہ یا جلِیل یا اللّٰہ یا جمِیل یا اللّٰہ، یا شہِید یا اللّٰہ، یا شاھِد یا اللّٰہ، یا مغِیث
پہنچانے والے اے اللہ اے بزرگ اے اللہ اے زیبا اے اللہ اے گواہ اے اللہ اے مشاہدہ کرنے والے اے اللہ اے فریاد رس
یا اللّٰہ، یا حبِیب یا اللّٰہ، یا فاطِر یا اللّٰہ، یا مطہِّر یا اللّٰہ، یا ملِک یا اللّٰہ، یا مقْتدِر
اے اللہ اے دوست اے اللہ اے پیدا کرنے والے اے اللہ اے پاکیزہ اے اللہ اے بادشاہ اے اللہ اے تقدیر بنانے والے
یا اللّٰہ، یا قابِض یا اللّٰہ، یا باسِط یا اللّٰہ، یا محْیِی یا اللّٰہ، یا ممِیت یا اللّٰہ،
اے اللہ اے بند کرنے والے اے اللہ اے کھولنے والے اے اللہ اے زندہ کرنے والے اے اللہ اے موت دینے والے اے اللہ
یا باعِث یا اللّٰہ، یا وارِث یا اللّٰہ، یا معْطِی یا اللّٰہ، یا مفْضِل یا اللّٰہ، یا منْعِم
اے اٹھانے والے اے اللہ اے ورثہ والے اے اللہ اے عطا کرنے والے اے اللہ اے فضل کرنے والے اے اللہ اے نعمت
یا اللّٰہ، یا حقّ یا اللّٰہ، یا مبِین یا اللّٰہ، یا طیِّب یا اللّٰہ، یا محْسِن یا اللّٰہ، یا مجْمِل
دینے والے اے اللہ اے حق اے اللہ اے آشکار کرنے والے اے اللہ اے پاکیزہ اے اللہ اے احسان کرنے والے اے اللہ اے نیکی کرنے والے
یا اللّٰہ، یا مبْدِی یا اللّٰہ، یا معِید یا اللّٰہ، یا بارِی یا اللّٰہ، یا بدِیع یا اللّٰہ، یا ہادِی
اے اللہ اے آغاز کرنے والے اے اللہ اے لوٹانے والے اے اللہ اے پیدا کرنے والے اے اللہ اے نیا کام کرنے والے اے اللہ اے رہنما
یا اللّٰہ، یا کافِی یا اللّٰہ، یا شافِی یا اللّٰہ، یا علِیّ یا اللّٰہ، یا عظِیم یا اللّٰہ، یا حنّان
اے اللہ اے پورا کرنے والے اے اللہ اے شفا دینے والے اے اللہ اے بلند مرتبہ اے اللہ اے بڑائی والے اے اللہ اے محبت
یا اللّٰہ، یا منّان یا اللّٰہ، یا ذا الطّوْلِ یا اللّٰہ، یا متعالِی یا اللّٰہ، یا عدْل یا اللّٰہ،
والے اے اللہ اے احسان والے اے اللّٰہ اے نعمت والے اے اللہ اے بلندی والے اے اللہ اے عدل کرنے والے اے اللہ
یا ذا الْمعارِج یا اللّٰہ، یا صادِق یا اللّٰہ، یا صدوق یا اللّٰہ، یا دیّان یا اللّٰہ، یا باقِی

اے بلندیوں والے اے اللہ اے راست گو اے اللہ اے بہت راست گو اے اللہ اے بدلہ لینے والے اے اللہ اے بقاوالے
یا اللّٰہ یا واقِی یا اللّٰہ، یا ذا الْجلالِ یا اللّٰہ، یا ذا الْاِکْرامِ یا اللّٰہ، یا محْمود یا اللّٰہ
اے اللہ اے نگہدار اے اللہ اے جلالت والے اے اللہ اے عزت والے اے اللہ اے پسندیدہ اے اللہ
یا معْبود یا اللّٰہ، یا صانِع یا اللّٰہ، یا معِین یا اللّٰہ، یا مکوّن یا اللّٰہ،
اے بندگی کیے گئے اے اللہ اے بنانے والے اے اللہ اے مدد کرنے والے اے اللہ اے وجود دینے والے اے اللہ
یا فعّال یا اللّٰہ، یا لطِیف یا اللّٰہ، یا غفور یا اللّٰہ، یا شکور یا اللّٰہ، یا نور
اے کام کرنے والے اے اللہ اے باریک بین اے اللہ اے بہت معاف کرنے والے اے اللہ اے قدردان اے اللہ اے روشن
یا اللّٰہ، یا قدِیر یا اللّٰہ، یا ربّاہ یا اللّٰہ، یا ربّاہ یا اللّٰہ، یا ربّاہ یا اللّٰہ، یا ربّاہ یا
اے اللہ اے قدرت والے اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار
اللّٰہ، یا ربّاہ یا اللّٰہ، یا ربّاہ یا اللّٰہ، یا ربّاہ یا اللّٰہ، یا ربّاہ یا اللّٰہ، یا ربّاہ یا اللّٰہ،
اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے اللہ
یا ربّاہ یا اللّٰہ، أسْأ لک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ وتمنّ علیّ بِرضاک،
اے پروردگار اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ محمد(ص) اور آل(ع) محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور اپنی رضا کے ذریعے مجھ پراحسان فرما
وتعْفو عنِّی بِحِلْمِک، وتوسِّع علی مِنْ رِزْقِک الْحلالِ الطّیّبِ ومِنْ حیْث أحْتسِب
اپنی بردباری کے ساتھ مجھے معاف کر اور مجھ پر اپنے حلال وپاکیزہ رزق میں فراخی کردے جہاں سے مجھے رزق ملنے کی توقع ہے
ومِنْ حیْث لا أحْتسِب، ف إِنِّی عبْدک لیْس لِی أحدٌ سِواک، ولا أحدٌ أسْألہ غیْرک،
اور جہاں سے مجھے رزق ملنے کی توقع نہیں ہے پس میں تیرا بندہ ہوں اور تیرے سوا میرا کوئی نہیں اور نہ تیرے سوا کوئی اور ہے جس
یا أرْحم الرّاحِمِین، ما شائ اللّٰہ لا قوّۃ إلاّ بِاللّٰہِ الْعلِیِّ الْعظِیمِ پھر سجدے میں جائے
سے مانگوں اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے وہی ہوتا ہے جو اللہ چاہے نہیں کوئی قدرت لیکن وہی جو بزرگ وبرتر خدا سے ملتی ہے
اور کہے: یا اللّٰہ یا اللّٰہ یا اللّٰہ، یا ربّ یا ربّ یا ربّ، یا منْزِل الْبرکاتِ بِک تنْزل کلّ
اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے پروردگار اے پروردگار اے برکتوں کے نازل کرنے والے تجھی سے ہر حاجت برآتی
حاجۃٍ، أسْأ لک بِکلِّ اسْمٍ فِی مخْزونِ الْغیْبِ عِنْدک والْاسْمائِ الْمشْہورۃِ عِنْدک
اور پوری ہوتی ہے سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ ہر ایک نام کے جو تیرے ہاں خزانہ غیب میں ہے اور بواسطہ ان معروف ناموں
الْمکْتوبۃِ علی سرادِقِ عرْشِک أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ وأنْ
کے جو تیرے ہاں عرش کے پردوں پر تحریر و نقش کیے ہوئے ہیں سوالی ہوں کہ تو حضرت محمد(ص) اور آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور یہ کہ
تقْبل مِنِّی شہْر رمضان، وتکْتبنِی مِن الْوافِدِین إلی بیْتِک الْحرامِ، وتصْفح

میری طرف سے ماہ رمضان کی عبادت قبول کر لے اور تو مجھے اپنے محترم گھر کعبہ کا حج ادا کرنے والوں میں لکھ دے اور تو میرے
لِی عنِ الذّنوبِ الْعِظامِ، وتسْتخْرج لِی یا ربِّ کنوزک یا رحْمن ۔
بڑے بڑے گناہوں کو معاف کرے اور تو میرے لیے اپنے ان گنت خزانے کھولے اے بہت مہربان ۔
(۹)چودہ رکعت نماز بجا لائے کہ ہر رکعت میں سورہ الحمدو آیۃ الکرسی کے بعد تین مرتبہ سورہ توحید پڑھے تاکہ اسے ہر رکعت کے بدلے میں چالیس سال کی عبادت کا ثواب ملے نیز اس شخص کے برابر مزید ثواب بھی حاصل ہو کہ جس نے ماہ رمضان کے پورے روزے رکھے ہوں اور عبادت کی ہو۔
(۱۰)مصباح میں شیخ کا فرمان ہے کہ آخر شب غسل کرے اور مصلائے عبادت پر رہے یہاں تک کہ صبح صادق ہوجائے۔

پہلی شوال کا دن

یہ عیدالفطر کا دن ہے اور اس میں چند ایک اعمال ہیں :
(۱)نماز فجر کے بعد اور نماز عید کے بعد وہ تکبیریں پڑھے جو شب عید کے اعمال میں ذکر ہوچکی ہیں
(۲)وہ دعا پڑھے کہ سید نے روایت کی ہے کہ اسے نماز فجر کے بعد پڑھے اور شیخ کا فرمان ہے، کہ اسے نماز عید کے بعد پڑھے:
اللّھمّ اِنِّی توجّھْت اِلیْک بِمحمّدٍ امامِی .الخ
اے معبودا! میں اپنے رہبر حضرت محمد(ص) کے وسیلے سے تیرے حضور آیا ہوں
(۳)نماز عیدسے قبل گھر کے ہر چھوٹے بڑے فرد کی طرف سے زکات فطرہ ادا کرے کہ جس کی مقدار فی کس ایک صاع یعنی ۳ ۱/۲ چھٹانک جنس یا اس کی قیمت بتائی گئی ہے، اس کی تفصیل کے لیے کتب فقہ کی طرف رجوع کرنا چاہیئے۔
واضح رہے کہ زکات فطرہ واجب مؤکد ہے جو ماہ مبارک کے روزوں کی قبولیت اور سال آئندہ تک حفظ وامان کا سبب ہے۔ خدا نے سورہ اعلیٰ میں زکات کا ذکر نماز سے پہلے کیا ہے:
قدْ افْلح من تزکّی وذکر اسْم ربِّہِ فصلّی
کامیاب ہوا وہ جس نے زکوٰۃ دی اور اپنے پروردگار کو یاد کیا پھر نماز پڑھی۔
اس سے ظاہر ہے کہ زکات فطرہ کا نماز عید سے پہلے ادا کرنا ضروری ہے:
(۴)غسل کرے اور بہتر ہے کہ نہر میں غسل کیا جائے۔ اس کا وقت طلوع فجر سے نماز عید پڑھنے سے قبل تک ہے۔
شیخ فرماتے ہیں کہ یہ غسل چھت کے نیچے کرنا زیادہ مناسب ہے، غسل کرتے وقت یہ کہے:
اللّھمّ اِیْماناً بِک وتصْدِیْقاً بِکِتابِک و اِتِّباع سنّۃِ نبِیِّک محمّدٍ صلیٰ اللہ علیْہِ وآلِہٖ
اے معبودا! تجھ پر ایمان رکھتا ہوں تیری کتاب کی تصدیق کرتا ہوں اور تیرے نبی حضر ت محمد کی سنت و روش کا پیروکار ہوں
بسمِ اللہ پڑھ کر غسل شروع کرے اور غسل کے بعد کہے: اللّھمّ اجْعلْہ کفّارۃً لِذنوْبِی وطھِر

اےمعبود! اس غسل کو میرے گناہوں کا کفارہ بنا اور میرے دین کو
دِینِی اللّٰھمّ اِذْھبْ عنِّی الدّنس
پاک فرما اے معبود! مجھ سے ناپاکی کو دور کردے
(۵)عمدہ لباس پہنے اور خوشبو لگائے۔ مکہ مکرمہ کے سوا کسی اور مقام پر ہو تو نماز عید صحرا میں کھلے آسمان تلے ادا کرے ۔
(۶)نماز عید سے پہلے دن کے آغاز میں افطار کرے اور بہتر ہے کہ کھجور یا مٹھائی سے ہو، شیخ مفید(رح) فرماتے ہیں کہ افطار میں تھوڑی سی خاک شفا کھائے تو وہ ہر بیماری سے شفا کا موجب بنے گی۔

(۷)جب نماز عیدکے لیے تیار ہوجائے تو طلوع آفتاب کے بعد گھرسے نکلے اور وہ دعائیں پڑھے جو سید نے کتاب اقبال میں نقل کی ہیں ۔

اس ذیل میں ابو حمزہ ثمانی نے امام محمد باقر -سے روایت کی ہے کہ عید فطر، عید قربان اور جمعہ کے روز جب نماز کے لیے نکلے تو یہ دعا پڑھے:
اللّٰھمّ منْ تھیّأ فِی ھذا الْیوْمِ أوْ تعبّأ أوْ أعدّ واسْتعدّ لِوفادۃٍ إلی مخْلوقٍ رجائ
اے معبود! جو شخص آمادہ ہے آج کے دن یا کمر بستہ ہے یا تیاری کرتا اور تیار ہوتا ہے لوگوں کی طرف جانے کیلئے اس امید سے کہ ان
رِفْدِہِ ونوافِلِہِ وفواضِلِہِ وعطایاہ ف إنّ إلیْک یا سیِّدِی تھْیِئتِی وتعْبِیئتِی و إعْدادِی
سے نقدی چیزیں بخششیں اور عطائیں لے لیکن اے میرے آقا میری تیاری میری آمادگی اور میری ساری کوشش تیری طرف
واسْتِعْدادِی رجائ رِفْدِک وجوایِزک ونوافِلِک وفواضِلِک وفضائِلِک وعطایاک
آنے میں ہے کہ میں امیدوار ہوں تیری عطا تیرے انعام تیری عنائتوں تیرے احسانوں تیری مہربانیوں اور بخششوں کا اور آج صبح
وقدْ غدوْت إلی عِیدٍ مِنْ أعْیادِ أمّۃِ نبِیِّک محمّدٍ صلوات اللہِ علیْہِ وعلی آلِہِ
کی ہے میں نے ایک عید کے دن جو تیرے نبی محمد(ص) کہ خدا کی رحمتیں ہوں ان پر اور ان کی آل(ع) پر کی امت کی عیدوں میں سے ہے اور
ولمْ أفِدْ إلیْک الْیوْم بِعملٍ صالِحٍ أثِق بِہِ قدّمْتہ ولا توجّھْت بِمخْلوقٍ أمّلْتہ ولکِنْ
میں آج تیرے حضور کوئی صالح عمل لے کر نہیں آیا ہوں جسکو یقینی طور پر پیش کروں نہ کسی مخلوق کی طرف توجہ اور امید رکھتا ہوں ہاں
أتیْتک خاضِعاً مقِرّاً بِذ نوبِی و إسائتِی إلی نفْسِی، فیا عظِیم یا عظِیم یا
مگر تیری جناب میں عاجز بن کر اپنے گناہوں اور خطاؤں کا اقراری ہوکر آیا ہوں تو اے عظمت والے اے عظمت والے اے
عظِیم اغْفِرْ لِی الْعظِیم مِنْ ذ نوبِی، ف إنّہ لا یغْفِر الذّنوب الْعِظام إلاّ أنْت یا لا إلہ
عظمت والے بخش دے میرے بڑے بڑے گناہوں کو کیونکہ تیرے سوا کوئی نہیں ہے جو بڑے بڑے گناہوں کو بخشتا ہو تیرے سوا
إلاّ أ نْت یا أرْحم الرّاحِمِین ۔
سوا کوئی معبود نہیں ہے اے سب سے زیادہ رحم والے۔

(۸)نماز عید

دو رکعت ہے، پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ اعلیٰ پڑھے اور پانچ تکبیریں کہے کہ ہر تکبیر کے بعد یہ قنوت پڑھے:

اللّٰھمّ أھْل الْکِبْریائِ والْعظمۃِ، وأھْل الْجودِ والْجبروتِ، وأھْل الْعفْو والرّحْمۃِ

بارالہا بزرگیوں کا اور بڑائی کا مالک تو ہے اور بخشش کا اور دبدبے کا مالک تو ہے درگزر اور مہربانی کا مالک تو ہے

وأھْل التّقْوی والْمغْفِرۃِ، أسْألک بِحقِّ ھذا الْیوْمِ الّذِی جعلْتہ لِلْمسْلِمِین عِیداً و

میں پناہ و پردہ پوشی کا سوال کرتا ہوں میں بواسطہ آج کے دن کے جس کو تو نے مسلمانوں کیلئے،

لِمحمّدٍ صلّی اللہ علیْہِ وآلِہِ ذخْراً ومزِیداً أنْ تصلِّی علی محمّدٍ وآلِ محمّدٍ وأنْ

محمد کیلئے عید قرار دیا اسے سرمایہ اور اضافہ کادن بنایا ہے آج محمد(ص) وآل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور یہ کہ

تدْخِلنِی فِی کلِّ خیْرٍ أدْخلْت فِیہِ محمّداً وآل محمّدٍ، وأنْ تخْرِجنِی مِنْ کلِّ سوئٍ

داخل کر مجھے ہر اس نیکی میں جس میں تو نے محمد(ص) وآل(ع) محمد(ص) کو داخل کیا اور یہ کہ دور کردے مجھے ہر اس بدی

أخْرجْت مِنْہ محمّداً وآل محمّدٍ صلواتک علیْہِ وعلیْھِمْ ۔ اللّٰھمّ إنِّی أسْألک خیْر

سے جس سے تو نے محمد(ص) و آل محمد(ص) کو دور رکھا تیری رحمتیں ہوں آنحضرت(ص) پر اور انکی آل پر اے معبود! میں سوال کرتاہوں تجھ سے ہر اس

ما سألک عِبادک الصّالِحون، وأعوذ بِک مِمّا اسْتعاذ مِنْہ عِبادک الصّالِحون۔

بھلائی کا جس کاسوال تجھ سے تیرے نیک بندوں نے کیا اور پناہ لیتا ہوں تیری جس سے تیرے نیکوکاربندوں نے پناہ چاہی ہے ۔

پھر چھٹی تکبیر کہہ کررکوع و سجود کرے۔

دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ الشمس پڑھے اور چار تکبیریں کہے ، ہر تکبیر کے بعد وہی قنوت پڑھے اور پانچویں تکبیر کہہ کر رکوع و سجود کرے اور تشہد و سلام کے بعد تسبیح فاطمہ = پڑھے:

نماز عید کے بعد پڑھنے کی بہت سی دعائیں منقول ہیں اور ان میں سب سے بہتر صحیفہ کاملہ کی چھیالیسویں دعا ہے۔ مستحب ہے کہ نماز عید زیر آسمان ایسی زمین پرپڑھے، جس کا فرش نہ کیا گیا ہو۔نماز کے بعد گھر واپس آتے ہوئے اس راستے سے نہ آئے، جس سے نماز کے لیے گیا تھا اس روز اپنے لیے اور اپنے دینی بھائیوں کیلئے جو دعا بھی مانگے گا قبول ہوگی۔

(۹)امام حسین -کی زیارت پڑھے:

(۱۰)دعائ ندبہ پڑھے کہ جس کا ذکرباب زیارت میں آئے گا، سید ابن طاؤس کہتے ہیں کہ یہ دعائ پڑھنے کے بعد سجدے میں سر رکھے اور کہے:

أعوذ بِک مِنْ نارٍ حرّھا لا یطْفأ وجدِیدھا لا یبْلی وعطْشانھا لایرْوی اب دایاں

تیری پناہ لیتا ہوں آگ سے جو بجھائی نہیں جا سکتی اور اس کی تازگی ماند نہیں پڑتی اور جس کی پیاس دور نہیں ہوتی

رخسار رکھے اور کہے: إلھِی لا تقلِّبْ وجْھِی فِی النّارِ بعْد سجودِی وتعْفِیرِی لک بِغیْر

اے معبود! میرے چہرے کو آگ میں نہ الٹ پلٹ جبکہ میں نے سجدے کیے اور تیرے لیے اسے خاک پر رگڑا ہے
منّ مِنِّی علیْک بلْ لک الْمنّ علیّ پھر بایاں رخسار رکھے اور کہے:اِرْحمْ منْ أساۓ واقْترف
کہ اس میں تجھ پر میرا کوئی احسان نہیں بلکہ یہ مجھ پر تیرا احسان ہے رحم فرما اس پر جس نے بدی و نافرمانی
واسْتکان واعْترف اور پھر سجدہ میں جائے اور کہے: إنْ کنْت بِئْس الْعبْد فأنْت نِعْم الرّب
کی اور وہ بے چارہ اس کا اعتراف کرتا ہے اگر میں ایک برا بندہ ہوں پس تو یقینا اچھا پروردگار ہے تیرے بندے سے
عظم الذّنْب مِنْ عبْدِک فلْیحْسنِ الْعفْو مِنْ عِنْدِک یا کریم پھر سو بار کہے: الْعفْو الْعفْو
بڑے بڑے گناہ ہوئے ہیں تو بھی تیری طرف سے بہترین پردہ پوشی ہی ہونی چاہیئے اے مہربان معافی، معافی۔
اس کے بعدسید ابن طاوس فرماتے ہیں :اور اپنے اس روز عید کو کھیل کود اور بے کار باتوں میں نہ گزاریں کہ تجھے نہیں معلوم آیا تیرے اعمال رد ہوئے یا قبول ہوئے ہیں پس اگر تجھے ان کے قبول ہونے کی امید ہے تو اس پر تجھے بہترین طریقے سے شکر ادا کرنا چاہیئے اور اگر تجھے اعمال کے رد ہونے کا ڈر ہے تو تجھے اس پر گہرے غم میں ڈوبے رہنا چاہیئے۔

پچیسویں شوال کا دن

٢٥ شوال ١٤٨ھ امام جعفر صادق -کی تاریخ وفات ہے بعض کا قول ہے کہ حضرت کی وفات ١٥ رجب کو ہوئی۔ جب کہ آپ کو انگور میں زہر دیا گیا تھا۔
ایک روایت میں ہے کہ بوقت وفات آپ نے آنکھیں کھولیں اور فرمایا کہ میرے سب عزیزوں کو جمع کرو، جب سارے عزیز آگئے تو آپ نے ان کی طرف دیکھتے ہوئے فرمایا: میری شفاعت اس شخص کے لیے نہیں ہوگی جو نماز کو اہمیت نہ دے اور اس کی پروا نہ کرے۔